امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الاوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

المعجم الاوسط

جلد اوّل

تالیف
الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الاوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اردو ترجمہ مع تخریج

جلد اوّل

المعجم الاوسط

تالیف

الامام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ اردو بازار ○ لاہور

فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

المعجم الاوسط

جلد اول

تالیف

الامام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

بار اول	....	اگست 2015ء
پرنٹرز	....	آصف صدیق، پرنٹرز
تعداد	....	1100/-
ناشر	....	چوہدری غلام رسول۔ میاں جواد رسول میاں شہزاد رسول
قیمت	....	/= روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز

فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111

E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو

۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941 0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464

Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ

اردو بازار ○ لاہور

فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

فہرست
(بلحاظِ فقہی ترتیب)

عنوانات	حدیث نمبر
کتاب الایمان	
حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی محبت کے بغیر ایمان ہی نہیں ہے	317
جس طرح بندہ اللہ کے متعلق گمان کرتا ہے ویسے ہی اللہ رکھتا ہے	401
تکالیف برداشت کرنے والا مؤمن افضل ہے	368
اسلام لایعنی کام چھوڑنے کا حکم دیتا ہے	359
فطرت والی چیزیں	355
کسی کو کافر نہیں کہنا چاہیے	1236,2251
خاتمہ بالایمان جہنم سے آزادی ہے	574
انصار سے محبت ایمان کی نشانی ہے	998, 1115, 1317, 1443
اسلام آسان دین ہے	1006
تقدیر میں گفتگو نہیں کرنی چاہیے	1308
چار اشیاء	1560
نذر تقدیر نہیں بدل سکتی	1548
لوگ تقدیر کا انکار کریں گے	1852
مؤمن لعن طعن نہیں کرتا ہے	1814
شیطان جب کسی کے پاس آئے وہ آدمی پڑھے: میں اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لایا	1896
مؤمن خیانت نہیں کرتا ہے	275
اسلام غریبوں سے شروع ہوا غریبوں میں واپس آئے گا	1925
تقدیر پر ایمان لانے کے متعلق	1955

کتاب العلم

کتاب الحیض والنفاس

کتاب الصلوٰۃ

كتاب صلوة الفطر والاضحى

كتاب الجنائز

کتاب الشهيد

کتاب الصوم

کتاب فضائل القرآن

كتاب آداب السفر

كتاب البيوع

کتاب الجهاد

کتاب حرمت الشراب

کتاب النکاح

کتاب المریض

كتاب الدعاء

كتاب فضائل الصحابة

کتاب مناقب الامة

کتاب المواریث

کتاب الزکوٰۃ والصدقہ

کتاب الذکر

کتاب الموت

كتاب علامات الساعة والفتن

کتاب البر

كتاب اللباس

کتاب الحدود

کتاب الطلاق

کتاب متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

فہرست
(بلحاظِ حروفِ تہجی)

☆☆☆☆☆

انتساب

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو حضور ﷺ کے والدین طیبین طاہرین جناب سیّدنا ومولانا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور سیّدہ طیبہ طاہرہ عفیفہ مخدومۂ کائنات حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا اور مولا مشکل کشا شہنشاہِ ولایت کی والدہ ماجدہ سیّدہ طیبہ طاہرہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا کے نامِ نامی سے منسوب کرتا ہوں؛ جن کی خاص توجہ ومہربانی سے احقر العباد اس قابل ہوا۔

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج وسگیاں

☆☆☆☆☆

الاهداء

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو اپنے والد ماجد محترم المقام اللہ رکھا اور اپنی والدہ ماجدہ اور اپنے برادرِ اکبر محترم المقام حافظ عبدالمجید صاحب کے نامِ نامی سے ہدیہ کرتا ہوں' جن کی شفقت اور دعاؤں سے احقر کو دین پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہٗ
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج وسگیاں

☆☆☆☆☆

عرضِ ناشر

اللہ عزوجل کے فضل اور رسولِ پاک ﷺ کے فضل وکرم اور والدین کی دعاؤں کے صدقے سے ادارہ پروگریسو بکس نے بہت تھوڑے عرصہ میں کتب احادیث کے کئی تراجم منظر عام پر لائے ہیں۔ اُن میں سے مسند حمیدی' صحیح ابن خزیمہ' صحیح ابن حبان' مؤطا امام مالک' مؤطا امام محمد' شرح مسند امام اعظم کے تراجم آچکے ہیں' جن کو ہر قاری نے بڑا پسند کیا ہے۔ اس تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے اب امام طبرانی کی انتہائی مشہور کتاب ''المعجم الأوسط'' کا ترجمہ کروایا ہے۔ اس کتاب کے ترجمہ کے لیے ہم نے عالم اسلام کی عظیم دینی وروحانی درسگاہ جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ' بلال گنج کے مدرس محترم المقام علامہ مولانا غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی کی خدمات حاصل کی ہیں' جنھوں نے بڑی محنت اور سرعت کے ساتھ ترجمہ کیا ہے' اللہ عزوجل مولانا کے علم میں مزید برکت دے اور مزید دودین کی خدمت کی توفیق دے۔

ماشاء اللہ! مولانا کی ایک کتاب جو اپنے موضوع پر بے مثال ہے: ''دورِ صحابہ کے زمانہ میں ایصالِ ثواب کی مختلف صورتیں'' جو کہ علامہ ظفر الدین بہاری کی کتاب ہے' ادارہ نے اس کی تخریج کروا کے اور کچھ اضافہ کر کے شائع کیا ہے۔

آپ لوگوں کی دعاؤں کے طلبگار:
چوہدری غلام رسول
چوہدری شہباز رسول
چوہدری جواد رسول
چوہدری شہزاد رسول

☆☆☆☆☆

عرضِ مترجم

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فضل و کرم اور اس کے نیک بندوں کی خاص توجہ اور اساتذہ کرام اور والدین کی دعاؤں کے صدقے احقر العباد نے المعجم الاوسط کا ترجمہ مکمل کیا۔ یہ ترجمہ احقر نے بے پناہ مصروفیت کے ساتھ ساتھ بڑی سرعت کے ساتھ دو ماہ میں مکمل کیا ہے اس میں میرا کوئی کمال نہیں ہے بلکہ بزرگوں کی دعاؤں کا صدقہ ہے۔ احقر العباد کے اندر ایک بات ہے کہ جو کام احقر کو سپرد کیا جاتا ہے اس کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ معجم الاوسط کے ترجمہ کے دوران احقر کے دل میں خیال یہ خیال آیا کہ اس کتاب میں امام طبرانی نے اپنے شیوخ کے حوالہ سے احادیث نقل کی ہیں۔ جس سے عوام کے لیے فائدہ اُٹھانا ذرا مشکل معلوم ہوتا تھا' اس لیے عوام کی سہولت کے لیے اس کی فہرست کو فقہی انداز میں ترتیب دیا گیا ہے' جو ایک منفرد کام ہے۔

الحمدللہ! احقر کا تعلق مسلک حق اہل سنت و جماعت سے ہے' جن کے عقائد و نظریات بالکل وہی ہیں جو صحابہ کرام کے زمانہ سے لے کر آج تک رہے ہیں۔

آخر میں اُن لوگوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے احقر کی بے لوث مدد کی ہے' کیونکہ حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا ہے وہ اللہ کا کیسے شکریہ ادا کرے گا۔ اس حدیث کے پیش نظر اُن کے نام بطور تبرک ذکر کرتا ہوں:

(۱) استاذ الاساتذہ حضور شیخ الحدیث والتفسیر مفتی گل احمد خان عتیقی کا' جنہوں نے احقر کے ساتھ بہت تعاون کیا۔

(۲) اور استاذی المکرم حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ رضائے مصطفےٰ نقشبندی صاحب کا جنہوں نے احقر کے ساتھ بے حد تعاون کیا' جن کا میں شکریہ ادا نہیں کر سکتا ہوں۔

(۳) اور خصوصاً اپنے اس عظیم استاذ کا جنہوں نے راقم الحروف کو طالب علمی کے زمانہ سے تحریر کا شوق دلایا اور بے پناہ محبت کرنے والے جن کا شکریہ ادا کرنے کے لیے احقر کے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ میری مراد مفکر اسلام ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مدظلہ العالی کا' اور استاذی المکرم حضرت شیخ الحدیث مفتی اشرف بندیالوی صاحب کا' جن کی بے پناہ دعائیں احقر کے شامل حال ہیں۔

(۴) اور اپنے اس عظیم بھائی جناب حافظ عبدالمجید صاحب کا جن کی انتہائی شفقت کے ساتھ راقم کو دین پڑھنے کی سعادت

حاصل ہوئی ہے۔

(۵) اوراپنے اس عظیم محسن کا جن کے ادارے کی طرف سے یہ کتاب شائع ہورہی ہے۔ انتہائی مخلص اور محنت کرنے والے محترم المقام جناب چوہدری جواد رسول صاحب جنہوں نے دن رات ایک کر کے کتاب کو دیدہ زیب انداز میں طبع کروا کے مارکیٹ میں لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اور محترم المقام ریحان علی صاحب کا جنہوں نے بڑی محنت اور خوبصورتی کے ساتھ نہایت سرعت سے دیدہ زیب انداز میں کمپوزنگ کی۔ اللہ عزوجل اس ادارہ کو دن رات ترقی عطا فرمائے!

اعتذار

آخر میں قارئین کرام سے درخواست ہے کہ اگر کتاب میں کوئی غلطی یا ایسی بات جو قابلِ توجہ ہو اس کی اصلاح فرمائیں اور مطلع فرمائیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کا ازالہ کیا جائے۔ اللہ عزوجل ہم کا حامی و ناصر ہو۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہ

☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ذلك فضل الله يعطيه من يشاء

استاذ الاساتذہ یادگارِ اسلاف شیخ الحدیث والتفسیر

مفتی محمد گل احمد خان عتیقی صاحب' حال شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ' جامعہ ہجویریہ

سابق مدرس ومفتی جامعہ رضویہ فیصل آباد' سابق شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ

الحمد لله رب العالمين والصلوٰة والسلام علىٰ سيّد الانبياء والمرسلين خاتم النبيين رحمة للعلمين الذى كان نبيًا و آدم لَمُنجَدل فى طينةٍ وعلى آلهِ الْمُجتبىٰ وَعلىٰ اصحابه الذين هم نجوم الهدى وَبَعْدُ ۔

بعض لوگ طبعًا بہت سادہ مزاج ہوتے ہیں مگر خالق کائنات عزاسمہٗ نے انہیں فطرتِ سلیمہ سے نوازا ہوتا ہے اور ان سلیم الفطرت لوگوں میں سے بعض کو علم دین کی نعمت عظمیٰ عطا کردی جاتی ہے' چنانچہ ارشادِ نبوی ہے: ''مَنْ يُّرِدْ بِهِ اللّٰهُ خَيرًا يُفَقِهُهُ فِي الدِّيْنِ '' کہ اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے اسے دین میں فقاہت فرمادیتا ہے اور بعض سلیم الفطرت لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے قلبِ سلیم میں دینِ اسلام کی تبلیغ کی لگن' جذبہ اور شوق پیدا فرمادیتا ہے' پھر وہ اسی شوق اور لگن میں مگن ہو کر دنیا اور مافیہا سے بے نیاز ہو کر شب و روز علمِ دین کی تبلیغ میں ایسے منہمک ہو جاتے ہیں کہ نہ اپنوں کی بے حسی ان کے آڑے آتی ہے اور نہ ہی بیگانوں کا بیگانہ پن' نہ انہیں داد وتحسین کی کوئی چاہت ہوتی ہے اور نہ ہی کسی ناقد کی تنقید کی پرواہ' ہر حال میں وہ تبلیغ دین کے لیے کمربستہ رہتے ہیں اور ان کا قلم تبلیغ دین کے لیے رواں دواں رہتا ہے۔ انہی خوش قسمت اور سعادت مندوں میں سے ایک مولانا غلام دستگیر صاحب بھی ہیں جو قدیمی مشہور دینی درسگاہ جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج اور جامعہ رسولیہ سگیاں دونوں مدارس میں تدریسی خدمات سرانجام دیتے ہیں' علاوہ ازیں اپنے علاقے کی ایک مرکزی جامع مسجد کے امام اور خطیب بھی ہیں۔ منع کرنے کے باوجود میرے گھر کے چھوٹے موٹے کام سعادت سمجھ کر کرتے ہیں' گاہے بگاہے چھوٹے عزیز محمد عمیر احمد خاں کو سکول چھوڑنے کے لیے لے جاتے' علاوہ ازیں شرح ترمذی جس کا کام نہایت سست روی سے ہو رہا ہے اس کے لیے حوالہ جات اور کتب بھی مہیا کرتے ہیں' شرح ترمذی کا کام نہایت ہی سست روی سے کیوں ہو رہا ہے اس کا ذکر نہ کرنا ہی مناسب تر ہے مگر حقیقتِ حال سے آگاہ کرنا بھی ضروری ہے جسے صرف اس ایک شعر میں عرض کردیا جائے تو بہتر ہے:

صبتْ علىّ مصائب	لو صبت على الايام صرن لياليا
فالى الله المشتكى	الحمد لله على ذلك

علاوہ ازیں گوناگوں مصروفیات کے باوجود بتوفیق خالق کائنات جل جلالہٗ وعزاسمہ بوسیلہ باعثِ تخلیقِ کائنات ورحمت

کائنات ﷺ متعدد کتب کے مؤلف بھی ہیں اور کچھ کتب کی تخریج بھی کر چکے ہیں اور متعدد بڑی بڑی ضخیم کتب احادیث کے تراجم کرنے کا شرف بھی حاصل کر چکے ہیں جن میں ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ تین جلدوں میں اور المعجم الصغیر کا ترجمہ زیورِ طباعت سے مزین ہو کر منظرِ عام پر آ کر عوام وخواص میں قبولیتِ عامہ اور شرفِ پذیرائی حاصل کر چکے ہیں اور یہ دونوں کتابیں میرے مطالعہ میں بھی رہتی ہیں۔ اب ماشاء اللہ بہت جلد المعجم الاوسط کا ترجمہ کی پہلی دو جلدیں چھپ کر منظرِ عام پر آنے والی ہیں' آپ کی یہ کاوشیں' یہ جذبہ اور شوق قابلِ صد تحسین ہیں اور اصاغر واکابر سب کے لیے قابلِ رشک اور قابلِ تقلید ہیں۔

این قوت بازو بازو نیست بلکہ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُعْطِيهِ مَنْ يشاء .

جو علماءِ حق علمِ حدیث کی درس و تدریس ترجمہ و تحقیق اور اشاعت میں مصروف رہتے ہیں انہیں بارگاہِ رسالت سے بڑے بڑے اعزازات سے نوازا گیا' انہیں انبیاء کے وارث کہا گیا ہے' نیز ان کے بارے میں یہ ارشادِ نبوی ہے: (ترجمہ:) میری اُمت کے علماء' انبیاءِ بنی اسرائیل علیہم الصلوٰۃ والسلام کی طرح مشقتیں برداشت کر کے علمِ حق بلند رکھیں گے' نیز سرورِ دوعالم ﷺ نے اپنے خلفاء اور نائبین قرار دیا ہے۔ چنانچہ ایک مرتبہ آپ ﷺ اپنے فدا کار اور جاں نثار صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے جھرمٹ میں جلوہ افروز تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ خُلَفَائِي کہ اے اللہ! میرے خلفاء کی بخشش فرما! صحابہ کرام نے عرض کی: مَنْ خُلَفَائُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ کہ یارسول اللہ ﷺ! آپ کے خلفاء کون ہیں؟ تو آپ نے فرمایا: اَلَّذِيْنَ يَرْوُوْنَ اَحَادِيْثِيْ وَيُبَلِّغُوْنَهَا وَيَعْمَلُوْنَ بِهَا او کما قال علیہ السلام کہ میرے خلفاء وہ ہیں کہ جو میری احادیث بیان کرتے ہیں اور انہیں لوگوں تک پہنچاتے ہیں اور ان پر عمل کرتے ہیں۔

تو ان معلمین' مترجمین اور شارحینِ احادیث کو یہ شرف حاصل ہے کہ یہ سرورِ دوعالم ﷺ کے نائبین اور خلفاء ہیں' زہے عز وشرف۔ بہرحال مولانا کا مشن کثرت سے احادیث کی اشاعت ہے اور یہ کوئی وقت ضائع کیے بغیر حتی المقدور اس میں مصروف رہتے ہیں اور ان کے متعدد تراجم احادیث آمد دلیل آفتاب کے مصداق ہیں۔ کسی تحریر اور ترجمہ کا کمالِ حسن یہ ہے کہ وہ عام فہم' آسان تر اور كَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰى قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ کا مصداق ومظہر ہوں کہ لوگوں کی عقلوں کے مطابق ان سے بات کرو۔ اور مولانا کے جو تراجم سطحی نظروں سے میرے سامنے آئے ہیں' ان کا بھی کمالِ حسن یہی ہے کہ وہ عام فہم اور آسان تر ہیں۔ اللہ تعالیٰ بوسیلۂ سیّد الانبیاء مولانا کے علم' عمل' عمر' کوششوں اور للّٰہیت اور خلوص میں برکتیں عطا فرمائے اور ان کی کاوشوں کو ان کے لیے ان کے معاونین اور ناشرین بشمول میرے اور میری اولاد کے آخرت کی نجات وبخشش کا ذریعہ بنائے۔ آمین!

جب مولانا کا المعجم الاوسط کی دو جلدوں کی طباعت کا شروع تھا تو اسی دوران اللہ تعالیٰ نے آپ کو فرزند ارجمند مسمّی محمد حسن دستگیر سیالکوٹی کی نعمت عظمیٰ کا تحفہ عنایت فرمایا' اللہ تعالیٰ ان کی عمر دراز فرمائے اور اسے مولانا کا صحیح جانشین بنائے۔ آمین ثم آمین!

حررہٗ (المفتی) محمد گل احمد خان عتیقی

خادم الحدیث الشریف' جامعہ ہجویریہ داتا دربار لاہور

خادم التدریس والحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور

استاذ الاساتذہ ماہر علم المیراث شیخ الحدیث والتفسیر پیر طریقت
حضرت علامہ مفتی غلام محمد بندیالوی شرقپوری دام اللہ ظلہ

الحمد الله هدانا علم الحديث رواية ولمع سراج علم الحديث دراية في افئدتنا وانار مصباح الحديث في صدورنا واقر عيوننابروية حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم والصلوٰة والسلام علىٰ رسوله المختار وآله الاطهار وصحبه الاخيار .

امابعد!

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اور اشاعت وابلاغ کے دو طریق ہیں: (۱) تدریس (۲) تحریر بعض نفوس کو اللہ تعالیٰ نے ان دونوں صفتوں سے متصف فرمایا' یعنی وہ مدرس ہیں اور محرر اور مؤلف بھی ہیں۔ ذلك فضل الله يوتيه من يشاء .

مدرس اور محرر کے درمیان نسبت عموم وخصوص من وجہ کی ہے اور اس نسبت مذکورہ میں دو مادے افتراق اور ایک مادہ اجتماعی ہوا کرتا ہے۔

پہلا مادہ افتراق: مثلاً بعض لوگ مدرس تو ہیں مگر محرر نہیں ہیں۔

دوسرا مادہ افتراق: مثلاً بعض لوگ محرر تو ہیں مگر مدرس نہیں ہیں۔

مادہ اجتماعی: مثلاً بعض لوگ مدرس ہیں اور محرر بھی ہیں۔ فالحمد علیٰ ذٰلک حمداً کثیراً طیباً مبارکاً۔

فاضل جلیل عالم نبیل بدر العلمین حضرت قبلہ مولانا غلام دستگیر صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ میں مادہ اجتماعی علیٰ طریق اتم پایا جاتا ہے۔

فاضل موصوف بیک وقت بہترین مدرس ہیں اور مؤلف اور محرر بھی ہیں۔

فاضل جلیل نے اس سے پہلے المعجم الصغیر' مسند ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ بھی تحریر فرمایا جو کہ اپنی جمیع خصوصیات کی وجہ سے منظر عام پر آ گئے ہیں اور زیورِ قبولیت سے متجلی ہو چکے ہیں۔ ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء .

''المعجم الاوسط للطبرانی'' کا ترجمہ تحریر فرما رہے ہیں' انشاء اللہ اس کتاب کی پہلی دو جلدیں زیورِ طبع سے متصف ہو کر جلد ہی منظر عام پر آ رہی ہیں۔

احقر کو فاضل موصوف کا ترجمہ دیکھنے کا اتفاق ہوا' قلبی فرحت محسوس ہوئی' فاضل موصوف علم الفرائض والمواریث میں بھی

ید طولیٰ رکھتے ہیں۔

علم فرائض کے مقامات عسیرہ اور زوایا مکنونہ پر ایسے طریق متوحد اور اسلوب منفرد سے سیر حاصل بحث کرتے ہیں کہ آپ سے پڑھنے والے طالب علم آپ کی خداداد ذہانت اور فطانت اور عرق ریز محنت کو خراجِ تحسین پیش کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ انشاء اللہ العزیز ''المعجم الاوسط للطبرانی'' کا یہ عظیم شاہکار ترجمہ اسالیب فریدہ واطرزہ ساحرہ سے متحلہ اپنی عبقریت میں عالم اسلام کا پہلا ترجمہ ہوگا۔

المعجم الاوسط للطبرانی کے قراطیس جو نقوش ملمعہ اور خطوط غالیہ سے مزخرف کیے گئے ہیں۔ انشاء اللہ العزیز ناظرین کے لیے قرۃ العینین وتسکین الخواطر ثابت ہوں گے اور حضرت مترجم زید مجدہ کا یہ ترجمہ نسلِ آدم کے غیر محصور ذوات کو ظلماتِ جہل سے نکال کر لمعات اور تنورات علم پر اور صفۂ تصورات سے منصۂ تصدیقات پر فائز کر دے گا اور یہ ترجمہ شکوک کے غیاسب اور اوھام کے ظلمات کے لیے بدر الہدیٰ ثابت ہوگا اور طریق مستویٰ سے بھٹکے لوگوں کی ظلام اللیالی کے لیے سراجِ منیر ہوگا۔ اطاعت اور املال سے مصون اور محفوظ ہوگا اور اطناب اور اخلال کی معضلات سے منجی ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ مترجم موصوف کا یہ شاہکار ترجمہ عرب وعجم میں مقبول فرمائے۔

العبد الضعیف (المفتی) غلام محمد بندیالوی خویدیم العلوم
الشریعۃ النبویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام دائمًا ابدًا امدینۃ العلوم جامعہ نبویہ شرقپور شریف روڈ

☆☆☆☆☆

شیخ الحدیث والتفسیر، جانشین محقق اسلام عالم نبیل مبلغ یورپ
مفسر قرآن شارح ابن ماجہ، ابوداؤد، مسند حمیدی
قاری محمد طیب نقشبندی دام اللہ ظلہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامدًا ومصلّیًا

مکرمی مولانا غلام دستگیر طول اللہ عمرہ نے متعدد کتب حدیث کا اُردو ترجمہ کیا ہے، اس سے قبل وہ مسند ابوداؤد طیالسی اور معجم الصغیر للطبرانی کا ترجمہ کر چکے ہیں اور اب المعجم الاوسط للطبرانی کا ترجمہ کر رہے ہیں، میں نے اس ترجمہ کو چند مقامات سے پڑھا ہے، ماشاء اللہ ترجمہ میں ایک روانی ہے، ترجمہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ مترجم منہ اور مترجم الیہ دونوں زبانوں پر لکھنے والے کو عبور ہو۔ الحمد للہ! مولانا موصوف کو جہاں عربی زبان پر دسترس ہے وہاں اُردو پر بھی ان کا کنٹرول ہے اور اللہ نے کم عمری ہی میں ان کو احادیثِ نبویہ کے تراجم کا شوق دے دیا ہے اور وہ سرعت کے ساتھ پے در پے کتابوں کے تراجم لکھتے جا رہے ہیں۔ اُمید کی جاسکتی ہے کہ ان کی کوششیں اُمت مسلمہ کے علمی معیار کو بلند کرنے میں ممد ثابت ہوں گی۔ اللہ رب العزت ان کے زورِ قلم میں اضافہ فرمائے اور وہ ہمیشہ اسی طرح خدمت دین میں مصروف رہیں، آپ جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور کے قابلِ فخر فضلاء میں سے ہیں جن کے ذریعہ جامعہ کا فیض دور دور تک پہنچے گا۔ انشاء اللہ!

والسلام!

محمد طیب غفرلہٗ

ناظم جامعہ رسولیہ مانچسٹر، انگلینڈ

سرپرست جامعہ رسولیہ شیرازیہ، بلال گنج، لاہور

☆☆☆☆☆

حالات امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ

نام ونسبت' ولادت' خاندان' وطن

آپ کا نام سلیمان ہے اور کنیت ابوالقاسم ہے اور سلسلۂ نسب یوں ہے: سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر۔ آپ ۲۶۰ھ ماہِ صفر میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق قبیلہ لخم سے تھا' اس لیے آپ کو لخمی کہا جاتا تھا۔ لخم' یمن کا ایک قبیلہ ہے۔ امام طبرانی کے والد ماجد کو علم سے بڑا شغف تھا' یہی وجہ تھی کہ وہ اپنے بیٹے (یعنی امام طبرانی) کو بھی علم حاصل کرنے کی نصیحت کرتے تھے۔ ان (یعنی امام طبرانی) کا وطنِ اصلی طبریہ ہے' یہ اُردن کے قریب موجود ہے۔

مشائخ کرام

امام طبرانی نے لاتعداد محدثین کی صحبت حاصل کی' جن میں سے اکثر کے اسماءِ گرامی درج ذیل ہیں:

☆ احمد بن عبدالقاہر
☆ حسن بن سہل
☆ حفص بن عمر
☆ ابراہیم بن ابوسفیان قیسرانی
☆ ابوزرعہ دمشقی
☆ احمد بن انس
☆ بشر بن موسیٰ
☆ یحییٰ بن ایوب علاف
☆ ابوخلیفہ فضل بن حباب
☆ حسن بن عبدالاعلیٰ بوسی
☆ ادریس بن جعفر عطاء
☆ ابراہیم بن موید شیبانی۔

حدیث میں درجہ

امام طبرانی اہل علم وفضل میں نہایت اہمیت کے حامل تھے۔

ابوبکر بن علی کہتے ہیں کہ وہ بہت وسیع علم کے مالک تھے۔

حافظ ذہبی کا کہنا ہے کہ کثرتِ احادیث اور متعدد اسناد میں ان (امام طبرانی) کی ذات بہت اہمیت کی حامل تھی۔

تصانیف

امام طبرانی نے متعدد کتب تصنیف کیں' لیکن اس دور کے دوسرے مصنفین ومؤلفین کی طرح ان کی بھی متعدد کتب محفوظ نہ رہ سکیں۔ ان (امام طبرانی) کی چند تصنیف کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) کتاب الفرائض
(۲) کتاب المامون
(۳) کتاب الزہری عن انس
(۴) مسند ابی جحادہ
(۵) مسند عمارۃ بن غزیہ
(۶) احادیث بی عمرو بن العلاء
(۷) وصیۃ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ
(۸) کتاب الطہارۃ
(۹) مسند زیاد الجصاص
(۱۰) مسند زافر
(۱۱) کتاب المناسک
(۱۲) کتاب مسند شعبہ
(۱۳) فوائد معرفۃ الصحابہ
(۱۴) مسند ابی ذر رضی اللہ عنہ
(۱۵) کتاب الرد علی الجہمیۃ
(۱۶) کتاب الغسل
(۱۷) کتاب فضل العلم
(۱۸) کتاب ذم الرای
(۱۹) کتاب تفسیر الحسن
(۲۰) معرفۃ الصحابہ
(۲۱) کتاب مسند سفیان
(۲۲) کتاب السنۃ
(۲۳) حدیث حمزۃ الزیات
(۲۴) مسند ابی جحادہ
(۲۵) حدیث مسعر
(۲۶) کتاب من اسمہ عطاء
(۲۷) حدیث ابی سعد البقال
(۲۸) طرق حدیث من کذب علی
(۲۹) کتاب النوح
(۳۰) کتاب غرائب مالک
(۳۱) جزو ابان بن تغلب
(۳۲) جزء حدیث ابن ابی مطر
(۳۳) مسند الحارث العکلی
(۳۴) مسند ابن عجلان
(۳۵) کتاب الدعاء
(۳۶) کتاب من اسمہ عباد
(۳۷) المعجم الالویہ
(۳۸) کتاب الرد علی المعتزلہ
(۳۹) کتاب الجود
(۴۰) حدیث ایوب۔

وفات

امام طبرانی نے ۲۸ ذوالقعدہ ۳۶۰ھ کو انتقال فرمایا' اُس وقت آپ کی عمر سو سال کے قریب تھی۔ آپ کی قبرِ انور حضرت حمدوی رضی اللہ عنہ کے مزارِ انور کے قرب میں ہے۔

☆☆☆☆☆

امام طبرانی کا علمی مقام...... حضرت شاہ عبدالعزیز کی نظر میں

امام طبرانی کی معاجم ثلاثہ کا تعارف

ان معاجم میں سے ایک کبیر' دوسرا اوسط اور تیسرا اصغیر ہے' جاننا چاہئے کہ مسند معجم کبیر کو مرویاتِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ترتیب پر مرتب کیا گیا ہے چونکہ یہ مدنظر تھا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے مسندات کو جدا مرتب کریں' اس وجہ سے ان کی مرویات میں سے کسی روایت کو اس میں بیان نہیں کیا گیا ہے لیکن انہیں اس کا موقع نہ مل سکا' یا اگر موقع ملا تو اس کو شہر تنصیب نہیں ہوئی۔ معجم اوسط کی چھ جلدیں ہیں' ہر ایک جلد ایک ضخیم کتاب ہے اور بہ ترتیب اسماءِ شیوخ مرتب ہے۔ ان کے شیوخ کی تعداد تقریباً ایک ہزار ہے۔ اپنے ہر شیخ سے جو عجائب وغرائب سنے تھے' ان کو اس میں بیان کیا ہے۔ یہ کتاب دار قطنی کی کتاب الافراد کی مانند ہے۔ اصطلاحِ محدثین میں افراد وغرائب ان حدیثوں کو کہتے ہیں جو اپنے شیخ کے سوا اور کسی کے پاس نہ ہوں۔ طبرانی اس کتاب کی نسبت یہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ میری جان ہے۔ اور فی الواقع علم حدیث میں ان کی فضیلتِ علمی اور وسعتِ روایت کا پتہ اسی سے چلتا ہے۔ لیکن محققین اہل حدیث نے فرمایا ہے کہ اس میں منکرات بہت ہیں۔ اس کا منشاء یہ ہے کہ غرابت اسی کو مقتضی ہے اور تفرد ثقہ کا جس کو اصطلاح میں ''غریب صحیح'' بھی کہتے ہیں' ایک باب ہے۔ معجم صغیر بھی شیوخ ہی کی ترتیب پر مرتب ہے اور اس کتاب میں ان شیوخ کا بھی ذکر کیا ہے جن سے صرف ایک ایک حدیث کا استفادہ کیا۔ معجم کبیر کے آخر میں حدیث حلب المعز کے سلسلہ میں یہ حدیث بیان کی ہے۔

عبید بن غنام' ابوبکر بن ابی شیبہ' وکیع' اسحاق' عبدالرحمٰن بن زید الفائشی' بنت خباب فرماتی ہیں کہ میرے والد حضور ﷺ کی حیات میں ایک جہاد میں تشریف لے گئے۔ ان کی غیر موجودگی میں رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور ہماری بکری کا دودھ نکالا کرتے تھے۔ اس کو کٹیرے (لکڑی کا بڑا برتن) میں دوہتے تھے تو وہ بھر جاتا تھا' پھر جب خباب آئے اور وہ دوہنے لگے تو دودھ پھر اپنی اصلی مقدار پر لوٹ آیا (یعنی وہ برکت زائل ہوگئی)۔

معجم صغیر کے آخر میں فضیلت نساء کے بارے میں یہ حدیث منقول ہے:

سمانہ بنت محمد بن موسیٰ' محمد بن موسیٰ' محمد بن عقبہ السدوسی' محمد بن حمران' عطیۃ الدعاء' حکم بن حارث سلمی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص مسلمانوں کے راستے میں سے ایک بالشت زمین کو بھی دبالے گا تو قیامت کے روز ساتوں زمینوں سے اسی قدر لے کر طوق بنا کر اس کی گردن میں ڈالا جائے گا اور صلیحہ بنت فضل بن دکین فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سنا ہے کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے' مخلوق (حادث) نہیں ہے۔

طبرانی کی کنیت ابوالقاسم ہے اور نام سلیمان ہے' احمد بن ایوب بن مطیر لخمی طبرانی کے بیٹے ہیں۔ ملک شام کے شہر عکہ میں بماہ صفر ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۷۳ھ میں آپ نے طالب علمی شروع کی۔ ملک شام کے اکثر شہروں حرمین شریفین

یمن' مصر' بغداد' کوفہ' بصرہ' اصفہان' جزیرہ اور اسلام کی دیگر آباد بستیوں میں سیر وسیاحت کی۔ علی بن عبدالعزیز بغوی' بشر بن موسیٰ' ادریس عطاء' ابوزرعہ دمشقی اوران کے ہمعصروں سے حدیث شریف کی سماعت حاصل کی۔ طبرانی کے والد بزرگوار ان کو علم حدیث طلب کرنے کی بے حد ترغیب دیا کرتے تھے اور خود انہیں اپنے ہمراہ لے کر شہر بہ شہر پھرتے ہوئے استادوں کی خدمت میں پہنچاتے تھے۔ ان تینوں معجموں کے علاوہ جن کا ابھی ذکر ہوا ہے' ان کی اور بھی بہت سی تصانیف موجود ہیں۔

امام طبرانی کی کتاب الدعاء کا تعارف

اس کے شروع میں ذیل کی حدیث نقل کی ہے اور اسی کتاب سے صاحب حصن حصین نے بھی نقل کیا ہے۔

حافظ ابوالقاسم نے فرمایا: اس کتاب میں' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب دعاؤں کو جمع کیا ہے (چونکہ) میں نے بہت سے آدمیوں کو دیکھا کہ انہوں نے ایسی دعاؤں سے تمسک کیا ہے جو مقفا ہیں۔ (نیز) ایسی دعائیں جو ہر دن کے لئے وضع کی گئی ہیں اور جنہیں وراقوں یعنی واعظین وغیرہم نے بلاتحقیق جمع کر دیا ہے' حالانکہ وہ نہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہیں اور نہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور نہ ان لوگوں سے جو احسان کے ساتھ ان کے پیرو ہیں یعنی تابعین سے۔ بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تو یہ منقول ہے کہ دعا میں قافیہ بندی اور تعدی نہ کرو۔ لہٰذا مجھ کو ان اُمور نے ایک ایسی کتاب کے جمع کرنے کی جرأت دلائی کہ جس میں وہ اسانید ہوں جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہیں۔ میں نے اس کتاب کی ابتداء فضائلِ دُعا اور اس کے آداب سے کی ہے اور جس حال میں جو دُعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا کرتے تھے' اس کے لیے علیحدہ علیحدہ باب کر کے اس کتاب کو مرتب کیا اور ہر ایک دُعا کو اس کے موقع پر لکھ دیا تاکہ وہ لوگ جو اس کو سنیں یا جن کو یہ پہنچے' اس کی ترتیب کے موافق خدا کی توفیق سے استعمال کریں' جس طرح ہم نے مرتب کیا ہے۔

اس کے بعد ایک باب قائم کیا جس میں اس آیت: ''اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ'' کی تفسیر فرمائی اور اس میں ایک حدیث اس کے مناسب بیان کی' جس کا ترجمہ یہ ہے:

عبداللہ بن محمد بن سعید بن مریم' محمد بن یوسف فریابی' ح' علی بن عبدالعزیز' ابوحذیفہ' سفیان' منصور' ذر بن عبداللہ' یسیع الحضرمی' نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ عبادت دعا ہی ہے' پھر آپ نے اس کے استشہاد میں وہی آیت پڑھی جس کا ترجمۃ الباب منعقد کیا ہے' یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا اور جو لوگ میری عبادت (دعا) سے تکبر کرتے ہیں' وہ عنقریب ذلت وخواری کے ساتھ جہنم میں داخل ہوں گے۔

یہ کتاب بھی بہت ضخیم ہے' کتاب المسالک' کتاب عشرۃ النساء اور کتاب دلائل النبوۃ' یہ سب کتابیں انہیں کی تصنیف کردہ ہیں۔ تفسیر میں بھی ایک بہت بڑی کتاب تالیف فرمائی ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سی ایسی تصنیفات جو اس زمانہ میں نہیں پائی جاتی' چنانچہ حافظ ابن مندہ نے ان سب کا ذکر کیا ہے۔

علم حاصل کرنے کے لیے مشقت لازم

طبرانی نے علم حدیث کی طلب میں بہت محنت اور مشقت اُٹھائی ہے' اپنی راحت و آرام کو بالائے طاق رکھ کر تیس برس تک بوریہ پر سوتے رہے۔ استاذ ابن العمید جو مشہور و معروف وزیر اور علم عربیت و اشعار و لغت میں اپنے وقت کے سردار ہیں اور دولت دیالمہ میں کوئی وزیر اس قابلیت اور لیاقت کا نہیں گزرا ہے۔ اور صاحب بن عباد جو منجملہ وزیران دولتِ دیالمہ کے ایک وزیر ہیں' طبرانی کے شاگرد اور انہی کے تربیت یافتہ ہیں۔

اصل عزت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کی خدمت کی وجہ سے ہے

ابن العمید سے منقول ہے' وہ فرماتے ہیں: میرا خیال تھا کہ دنیا میں کوئی مرتبہ اور کوئی منصب وزارت کے برابر نہیں ہے اور مجھ کو جو لذت اور ذائقہ اس مرتبہ میں حاصل ہوا' وہ دنیا کی لذیذ چیزوں میں سے کسی چیز میں بھی نہیں پایا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ میں اس وقت مرجع خلائق تھا اور طرح طرح کے آدمی مجھ کو اپنا ملجا و ماویٰ سمجھتے تھے۔ میں اسی گمان اور خیال میں مست رہتا تھا۔ ایک دن میرے رُوبرو مشہور محدث ابوبکر جعابی اور ابوالقاسم طبرانی کے مابین مذاکرہ حدیث واقع ہوا۔ کبھی طبرانی اپنی کثرتِ محفوظات کے باعث ان پر غالب آتے تھے اور کبھی ابوبکر اپنی فطانت اور ذکاوت کے سبب سے ان پر سبقت لے جاتے تھے۔ یہی قصہ دیر تک ہوتا رہا' نوبت بانجا رسید کہ طرفین سے آوازیں بلند ہوئیں اور جوش و خروش پھیل گیا۔ ابوبکر جعابی نے کہا: ''حدثنا ابو خليفة قال حدثنا سليمانُ بن ايوبَ''۔ ابوالقاسم طبرانی نے اسی وقت کہا کہ میں ہی سلیمان بن ایوب ہوں اور ابوخلیفہ میرا ہی شاگرد ہے اور وہ مجھ سے ہی حدیث کی روایت کرتا ہے۔ پس تم کو مناسب ہے کہ خود مجھ سے اس حدیث کی سند حاصل کرو تا کہ تم کو علوِ اسناد حاصل ہو۔ ابن العمید کہتے ہیں کہ اس وقت ابوبکر جعابی شرم سے پانی پانی ہو گئے اور جو شرمندگی انہیں اس وقت حال ہوئی دُنیا میں کسی کو نہ ہوئی ہو گی۔ میں اپنے دل میں یہ کہتا تھا کہ کاش میں طبرانی ہوتا اور جو فرحت و غلبہ طبرانی کو حاصل ہوا ہے' وہ مجھ کو ہوتا۔ میں وزیر ہو کر اس قسم کے تحصیل فضائل اور اسباب جاہ سے محروم ہوں۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ ابن العمید کی اس تمنا کا سبب اس کی ریاست اور وزارت تھی' ورنہ علماءِ ربانیین کو ایسے غلبوں کے سبب سے نہ کوئی تغیر پیش آتا ہے اور نہ ان کے نفوس کو کسی قسم کی کوئی جنبش ہوتی ہے۔ لیکن ''اَلْمَرْءُ يَقِيْسُ عَلٰى نَفْسِهٖ''۔ غرض یہ ہے کہ طبرانی علم حدیث میں کامل وسعت رکھتے تھے اور کثرتِ روایت میں مستثنٰی اور ممتاز تھے۔ ابوالعباس احمد بن منصور شیرازی فرماتے ہیں کہ میں نے طبرانی سے تین لاکھ احادیث لکھی ہیں۔ زنادقہ یعنی فرقہ قرامطہ اسماعیلیہ نے جو اس زمانہ میں اہل سنت کے دشمن تھے' طبرانی پر ان کی آخر عمر میں اس وجہ سے سحر کرا دیا تھا کہ وہ احادیث سے ان کے مذہب کا رد کیا کرتے تھے' جس سے ان کی بصارتِ ظاہری جاتی رہی تھی۔ آپ نے ماہِ ذیقعدہ ۳۶۰ھ میں وفات پائی۔ جنازہ کی نماز حافظ ابونعیم اصبہانی صاحب حلیۃ الاولیاء نے پڑھائی' دو ماہ اور ایک سو سال کی عمر پائی۔

☆☆☆☆☆

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

بَابُ الْاَلِفِ

الف کا باب

مَنِ اسْمُهُ اَحْمَدُ

جس راوی کا نام احمد ہے اس کی روایات

1 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ ذِي عَصْوَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمَّتِي اُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ، لَا عَذَابَ عَلَيْهَا فِي الْآخِرَةِ، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، دُفِعَ اِلَى كُلِّ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابَيْنِ، فَيُقَالُ: يَا مُسْلِمُ، هَذَا فِدَاؤُكَ مِنَ النَّارِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اُمت' اُمت مرحومہ ہے' اس پر قیامت کے دن عذاب نہیں ہوگا' جب قیامت کا دن ہوگا تو مسلمانوں میں سے ہر آدمی کے بدلے اہل کتاب کا ایک آدمی اس کی جگہ رکھا جائے گا (یعنی جس مسلمان کو جہنم میں ڈالا جانا تھا' اس کی جگہ یہودی یا عیسائی کو ڈالا جائے گا) پس کہا جائے گا: اے مسلمان! یہ تیری جگہ جہنم سے فدیہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ، وَلَا عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ

یہ حدیث عبدالملک سے سعید بن یزید ہی روایت کرتے ہیں اور سعید بن یزید سے صرف یحییٰ بن صالح الوحاظی روایت کرتے ہیں۔

2 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا الضَّحَّاكُ بْنُ حُمْرَةَ قَالَ: نا قَتَادَةُ، اَنَّ اَبَا مِجْلَزٍ، اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِي

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ دو آدمی اونٹ کا جھگڑا لے کر نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' دونوں میں سے ہر ایک کا دعویٰ تھا کہ وہ

1- أخرجه ابوداؤد رقم الحديث: 4278' وأحمد جلد 4صفحه410-418' وعبد بن حميد فى مسنده (536- المنتخب)' والرويانى فى مسنده رقم الحديث: 505' والحاكم جلد4صفحه444 .

2- أخرجه النسائى فى القضاة جلد 8صفحه217' وابن ماجة فى الأحكام جلد2صفحه780' وأبو داؤد فى الأقضية جلد3صفحه309' والدارقطنى فى الأفراد (ق186/1-مخطوط)' والبيهقى فى السنن الكبرى جلد10صفحه257 .

بُرْدَةَ بْنِ اَبِی مُوسَی، عَنْ اَبِی مُوسَی، اَنَّ رَجُلَیْنِ، اخْتَصَمَا اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی بَعِیرٍ، ادَّعَاهُ کِلَاهُمَا اَنَّهُ لَهُ، فَجَاءَ مَعَ کُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا شَاهِدَانِ یَشْهَدَانِ اَنَّ الْبَعِیرَ لَهُ، فَقَضَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ بَیْنَهُمَا نِصْفَیْنِ

اونٹ میرا ہے' اُن میں سے ہر ایک کے پاس دو گواہ تھے' دونوں گواہی دیتے تھے کہ اونٹ اُسی کا ہے' تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دونوں کے درمیان آدھے آدھے اونٹ کا فیصلہ کر دیا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِی مِجْلَزٍ اِلَّا الضَّحَّاكُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِیرَةِ

از قتادہ از ابی مجلز' اس حدیث کو ضحاک ہی روایت کرتے ہیں' اس میں ابومغیرہ اکیلے ہیں۔

3 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِیرَةِ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَیْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عَطَاءٍ، وَعَمْرِو بْنِ دِینَارٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُنْکِحُوا النِّسَاءَ اِلَّا الْاَکْفَاءَ، وَلَا یُزَوِّجُهُنَّ اِلَّا الْاَوْلِیَاءُ، وَلَا مَهْرَ دُونَ عَشَرَةِ دَرَاهِمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کا نکاح کفو میں ہی کرو' ان کے نکاح ان کے ولی ہی کریں اور حق مہر دس درہم سے کم نہیں ہونا چاہیے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا الْحَجَّاجُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُبَشِّرُ بْنُ عُبَیْدٍ

یہ حدیث عمرو سے حجاج ہی روایت کرتے ہیں' اس کو مبشر بن عبید روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

4 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِیرَةِ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نا یَزِیدُ بْنُ خُمَیْرٍ الرَّحَبِیُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ الْمَازِنِیِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَاَنَا اَعْرِفُهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ. قَالَ: وَکَیْفَ تَعْرِفُهُمْ یَا رَسُولَ اللّٰهِ فِی کَثْرَةِ الْخَلَائِقِ؟ فَقَالَ: اَرَاَیْتَ لَوْ دَخَلْتَ صِیرَةً وَفِیهَا خَیْلٌ دُهْمٌ بُهْمٌ، وَفِیهَا

حضرت عبداللہ بن بسر المازنی رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قیامت کے دن میں اپنی اُمت کو پہچان لوں گا۔ آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! اتنی زیادہ مخلوق میں آپ اپنی اُمت کو کیسے پہچانیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے بتاؤ کہ اگر تم میں کوئی باڑ میں داخل ہو اور اس میں کچھ گھوڑے کالی پیشانی والے ہوں اور ان میں کچھ گھوڑے

3- أخرجه الدارقطنی جلد 3 صفحه 244-245' والبیهقی جلد 7 صفحه 240 . أخرجه ابو یعلٰی رقم الحدیث: 2094 . وانظر: نصب الرایة للزیلعی جلد 4 صفحه 196 .

4- أخرجه أبو عبد القاسم بن سلام فی الطهور برقم الحدیث: 30' من طریق صفوان بن عمرو به ، وسنده صحیح .

فَرَسٌ اَغَرُّ مُحَجَّلٌ، مَا كُنْتَ تَعْرِفُهُ مِنْهَا؟ قَالَ: بَلَى. قَالَ: فَإِنَّ أُمَّتِي يَوْمَئِذٍ غُرٌّ مُحَجَّلُونَ مِنَ الْوُضُوءِ

ایسے ہوں کہ اُن کی پیشانی چمکتی ہو تو کیا تم اُن میں سے اپنے گھوڑے کو پہچان نہیں لو گے! عرض کی: کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت کے وضو والے اعضاء اس دن چمک رہے ہوں گے (میں ان کی وجہ سے انہیں پہچان لوں گا)۔

5 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَخْلَفَ ابْنَ اُمِّ مَكْتُومٍ عَلَى الْمَدِينَةِ مَرَّتَيْنِ، وَكَانَ اَعْمَى يُصَلِّي بِالنَّاسِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں دو مرتبہ اپنا خلیفہ بنایا اور وہ (یعنی حضرت ابن اُم مکتوم) نابینا تھے لوگوں کو نماز پڑھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُفَيْرٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عفیر ہی روایت کرتے ہیں ابومغیرہ اسے اکیلے روایت کرتے ہیں۔

6 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: صُرِفَتِ الْجِنُّ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ، وَكَانَ اَشْرَافُ الْجِنِّ بِنَصِيبَيْنِ .

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جنوں کی جائیداد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو مرتبہ تقسیم فرمائی جنوں کے سرداروں کو دو دو حصے دیئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُفَيْرٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

قتادہ سے صرف عفیر ہی یہ حدیث روایت کرتے ہیں۔ ابومغیرہ اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

7 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

5- أخرجه البزار (469-كشف)، من طريق أبي المغيرة به . وسنده ضعيف لضعف عفير بن معدان الشديد، وقتادة مدلس وقد عنعنه . والحديث من الزوائد، وهو في مجمع البحرين في زوائد المعجمين الأوسط، والصغير للهيثمي رقم الحديث: 722 .

6- والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 3394، وانظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحه106 .

7- والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 3893، وانظر: مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 381، حيث أعله الهيثمي

الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عُفَيْرٌ قَالَ: حَدَّثَنِي قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: يَأْتِينِي جِبْرِيلُ عَلَى صُورَةِ دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ قَالَ أَنَسٌ: وَدِحْيَةُ كَانَ رَجُلًا جَسِيمًا جَمِيلًا أَبْيَضَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، إِلَّا عُفَيْرٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو الْمُغِيرَةِ

رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس حضرت دحیہ کلبی کی شکل میں آتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت دحیہ بڑے موٹے اور بہت سفید وخوبصورت تھے۔

یہ حدیث قتادہ سے عفیر ہی روایت کرتے ہیں۔ ابومغیرہ اسے اکیلے ہی روایت کرتے ہیں۔

8 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا أَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا عُرِجَ بِي، مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَهُمْ أَظْفَارٌ مِنْ نُحَاسٍ يَخْمُشُونَ وُجُوهَهُمْ وَصُدُورَهُمْ، فَقُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ لَحْمَ النَّاسِ، وَيَقَعُونَ فِي أَعْرَاضِهِمْ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ إِلَّا صَفْوَانُ. تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو الْمُغِيرَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب مجھے سیر کروائی گئی تو میں ایسی قوم کے پاس سے گزرا کہ اُن کے ناخن تانبے کے تھے وہ ان ناخنوں کے ساتھ اپنے چہرے اور سینوں کا گوشت نوچ رہے تھے میں نے کہا: اے جبریل! یہ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے بتایا: یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے تھے اور ان کی عزتوں کے درپے رہتے تھے۔

حضرت عبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر سے صرف صفوان ہی روایت کرتے ہیں ابومغیرہ اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

9 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

بعفير، وفاته تدليس قتادة .

8- اخرجه أحمد جلد 3 صفحه 224، حدثنا أبو المغيرة به . وأخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 4878، حدثنا ابن المصفى، حدثنا بقية، وأبو المغيرة، قالا: حدثنا صفوان به . وأخرجه رقم الحديث: 4879، حدثنا عيسى بن أبي عيسى السيلحيني، عن أبي المغيرة، كما قال ابن المصفى . وأخرجه ابن أبي الدنيا في ذم الغيبة رقم الحديث: 26، حدثنا أبو بكر محمد بن أبي عتاب، حدثنا عبد القدوس أبو المغيرة بنحوه .

9- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 224، وابن عدى في الكامل جلد 6 صفحه 2091، وابن عبد البر في الجامع جلد 1 صفحه 9، وحمزة السهمي في تاريخ جرجان صفحه 316، وابن الجوزى في العلل جلد 1 صفحه 68-69 من طريق حفص بن سليمان به .

عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ شِنْظِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا كَثِيرٌ، وَلَا عَنْ كَثِيرٍ اِلَّا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ

اس حدیث کو محمد سے کثیر اور کثیر سے صرف حفص بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

10 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: عَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِهِ، بِهِ وَجَعٌ، وَاَنَا مَعَهُ، فَقَبَضَ عَلَى يَدِهِ، فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى جَبْهَتِهِ، وَكَانَ يَرَى ذٰلِكَ مِنْ تَمَامِ عِيَادَةِ الْمَرِيضِ، وَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ قَالَ: نَارِي اُسَلِّطُهَا عَلَى عَبْدِي الْمُؤْمِنِ لِتَكُونَ حَظَّهُ مِنَ النَّارِ فِي الْآخِرَةِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابہ میں سے کسی ایک آدمی کی عیادت فرمائی اور میں آپ کے ساتھ تھا' آپ نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اپنا ہاتھ اس کی پیشانی پر رکھا' آپ اسے مریض کی مکمل عیادت خیال فرماتے تھے۔ اور فرمایا: بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اپنی آگ اپنے بندۂ مؤمن پر مسلط کروں گا تاکہ آخرت کی آگ کا حصہ اس کو دنیا میں مل جائے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ وَهُوَ الْاَشْعَرِيُّ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ. تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ

ابوصالح اور یہ اشعری ہیں' ان سے صرف اسماعیل بن عبیداللہ روایت کرتے ہیں' اس حدیث کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

11 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا' نبی کریم ﷺ سے

10- اخرجه البيهقي في السنن الكبرى جلد3صفحه382' وفي سنده عبد الرحم ن بن يزيد' ضعيف ـ انظر محمع البحرين رقم الحديث: 1191' ومجمع الزوائد جلد2صفحه301 والمرض والكفارات لابن أبي الدنيا برقم (19- بتحقيق مسعد السعدني) ۔

11- أخرجه أحمد جلد6صفحه326-327-426-428' ومسلم رقم الحديث: 728' وابو داؤد رقم الحديث: 1237' والنسائي جلد 3 صفحه261-262-263-264' وابن ماجة رقم الحديث: 1141' وابن خزيمة رقم الحديث:

قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا اِسْمَاعِیلُ بْنُ عَیَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ اَوْسَطَ الْبَجَلِیِّ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِی سُفْیَانَ، عَنْ اُمِّ حَبِیبَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّی فِی یَوْمٍ اثْنَتَی عَشْرَةَ رَکْعَةً، بَنَی اللّٰهُ لَهُ بَیْتًا فِی الْجَنَّةِ: اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَکْعَتَانِ بَعْدَهَا، وَرَکْعَتَانِ قَبْلَ الْعَصْرِ، وَرَکْعَتَانِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَکْعَتَانِ بَعْدَ الْعِشَاءِ، وَرَکْعَتَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ۔

روایت کرتی ہیں کہ آپ نے ارشادفرمایا: جس نے دن میں بارہ رکعت نوافل ادا کیے اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنا دے گا۔ (اس کی تفصیل یہ ہے:) چار رکعت ظہر سے پہلے دو رکعت ظہر کے بعد دو رکعت عصر سے پہلے دومغرب کے بعداور دوعشاء کے بعداور دو فجر کے فرضوں سے پہلے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ اَوْسَطَ الْبَجَلِیِّ اِلَّا اِسْمَاعِیلُ بْنُ عَیَّاشٍ " وَرَوَاهُ اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ

اس حدیث کو از ابن عجلان از ابواسحاق از اوسط البجلی صرف اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اور اس حدیث کولیث بن سعد از محمد بن عجلان از ابواسحاق از عمرو بن اوس از عنبسہ روایت کرتے ہیں۔

12 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِیرَةِ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَیْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمْ یَدَعْنَا فِی لَبْسٍ مِنْ دِینِنَا، نَهَانَا عَنِ النَّفْخِ فِی الشَّرَابِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمارے دین میں کوئی مشتبہ چیز نہ چھوڑی (جس کو بیان نہ کیا ہو) اور ہم کو پانی میں پھونکنے سے منع کیا۔

13 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

1188-1189' والدارمی رقم الحدیث: 1445 . وغیرهم' من طریق عن عنبسة به .

12- فیه مبشر تقدم بیانه فی الحدیث: 3' والحجاج مدلس وقد عنعنه' وفیه ایضًا ضعف . وأبوه لم اجده . وانظر: مجمع البحرین رقم الحدیث: 4133 ومجمع الزوائد رقم الحدیث: 8115' وقد أعله بمبشر فقط' وقال فیه: وهو ضعیف' وهذا قصور منه رحمه الله .

13- أخرجه البخاری رقم الحدیث: 6622-7147' ومسلم رقم الحدیث: 1652' والدارمی رقم الحدیث: 2351' وأبو یعلی فی المسند رقم الحدیث: 1516' وفی المفاريد رقم الحدیث: 28' وأبو عوانة جلد4 صفحه407' وأبو نعیم فی الحلیة جلد9 صفحه18-19 .

الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا أبِي قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْقَسْرِيُّ، عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إذَا حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ، فَرَأَيْتَ مَا هُوَ خَيْرٌ فَاتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ

کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تُو کسی شے پر قسم اُٹھا لے پھر اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے تو تُو اس کو اختیار کر جو بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ دیدے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ إلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ. تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَوْطِيُّ

یہ حدیث وائل بن داؤد سے صرف خالد بن یزید روایت کرتے ہیں' حوطی اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

14 - حَدَّثَنَا أحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُوسَى اللَّاحُونِيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، لَا تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَإنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إلَيْهَا، وَإنْ حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ، فَرَأَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، فَاتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! حکومت نہ مانگنا' ہاں! اگر تجھے بن مانگے حکومت دی گئی تو تیری اس پر مدد کی جائے گی اور اگر مانگنے پر دی گئی تو تجھے اس کے سپرد کر دیا جائے گا اور تُو اگر کسی کام (کے نہ کرنے) پر قسم اُٹھالے اور پھر تُو اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے تو اس کو اختیار کر جو بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ إلَّا يَزِيدُ. تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْعَزِيزِ

یہ حدیث خالد سے صرف یزید روایت کرتے ہیں' عبدالعزیز اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

15 - حَدَّثَنَا أحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ قَالَ: نا إسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ عُرْفُطَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اسی کی مثل فرمایا۔

14- أخرجه ابن عدى فى الكامل جلد7صفحه2546 من طريق عُرفطة به . وانظر: المصدر السابق .

15- انظر: السابق .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُرْفُطَةَ إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ عَبَّادٍ، وَلَا عَنِ الْوَلِيدِ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ. تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ

یہ حدیث عرفطہ سے صرف ولید بن عباد روایت کرتے ہیں اور ولید سے صرف اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں' عبدالوہاب بن ضحاک اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

16 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ، عَنْ أَرْطَاةَ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ عِنْدَ التَّكْبِيرِ لِلرُّكُوعِ، وَعِنْدَ التَّكْبِيرِ حِينَ يَهْوِي سَاجِدًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ رکوع کی تکبیر کے وقت اور جس وقت سجدے کے لیے جھکتے' اس وقت رفع یدین کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَرْطَاةَ إِلَّا الْجَرَّاحُ

یہ حدیث ارطاۃ سے جراح ہی روایت کرتے ہیں۔

فائدہ: امام ترمذی' امام ابوداؤد اور امام نسائی علیہم الرحمۃ نے اپنی اپنی کتب میں حدیث پاک بیان کی ہے کہ حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ صرف شروع کی تکبیر کہتے وقت ہاتھ اُٹھاتے تھے' اس کے علاوہ کسی اور رکن کی ادائیگی میں آپ ہاتھ نہیں اُٹھاتے تھے۔

17 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا أَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا أَبُو مَهْدِيٍّ سَعِيدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمُّ الشَّعْثَاءِ، عَنْ أُمِّ عِصْمَةَ الْعَوْصِيَةِ، امْرَأَةٌ مِنْ قَيْسٍ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعْمَلُ ذَنْبًا، إِلَّا وَقَفَ الْمَلَكُ الْمُوَكَّلُ بِإِحْصَاءِ ذُنُوبِهِ ثَلَاثَ سَاعَاتٍ، فَإِنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ مِنْ ذَنْبِهِ ذَلِكَ فِي شَيْءٍ مِنْ تِلْكَ السَّاعَاتِ، لَمْ يُوقَفْ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت اُم عصمہ العوصیہ رضی اللہ عنہا' یہ قبیلہ قیس کی ایک خاتون ہیں' فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان بھی کوئی گناہ کرتا ہے تو ایک فرشتہ وکیل بن کر تین ساعت تک اس کے گناہ شمار کرتا ہے' اگر وہ ان ساعتوں میں اللہ عزوجل سے اپنے گناہ کی معافی مانگ لے تو اس کو قیامت کے دن روکا نہیں جائے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أُمِّ عِصْمَةَ إِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث اُم عصمہ سے اس سند کے علاوہ نہیں

16- اسناده حسن: والحديث فى مجمع البحرين رقم الحديث: 791' ومجمع الزوائد جلد2صفحه102 .

17- والحديث فى مجمع البحرين رقم الحديث: 4749' ومجمع الزوائد جلد10صفحه208 .

الْإِسْنَادِ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

روایت کی گئی' ابومغیرہ اس کو روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

18 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ قَالَ: نا اَبِى قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ اَبِى وَهْبٍ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدٍ الْكَلَاعِيِّ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَسْنَدَ حَدِيثًا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ اَتَى مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما مسنداً روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو تم میں سے جمعہ پڑھنے کے لیے آئے تو اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا اَبُو وَهْبٍ، وَلَا عَنْ اَبِى وَهْبٍ اِلَّا سُوَيْدٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَوْطِيُّ

یہ حدیث مکحول سے ابو وہب ہی روایت کرتے ہیں' ابن ابی وہب سے صرف سوید روایت کرتے ہیں' حوطی اس کی روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

19 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَاصِمُ ابْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: غَدَوْتُ عَلَى صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ، فَقَالَ: مَا غَدَا بِكَ يَا زِرُّ؟ قُلْتُ: اَلْتَمِسُ الْعِلْمَ. فَقَالَ: اغْدُ عَالِمًا اَوْ مُتَعَلِّمًا، وَلَا تَعْدُوَنَّ ذٰلِكَ .فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَلْتَمِسُ عِلْمًا، اِلَّا وَضَعَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ اَجْنِحَتَهَا مِنْ رِضَاهَا بِمَا يَفْعَلُ ، قَالَ:

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال المرادی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' تو انہوں نے فرمایا: اے زر! کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: علم کی تلاش کے لیے' تو انہوں نے فرمایا: عالم یا طالب علم بن جاؤ! اس سے ہرگز نہ پھرنا' کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو بندۂ مسلمان علم کی تلاش کے لیے نکلتا ہے تو فرشتے اس کی رضا حاصل کرنے کے لیے اپنے پَر بچھاتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے آپ سے موزوں پر مسح کے متعلق پوچھا اور میں نے

18- أخرجه مالك جلد **1** صفحه **102** ومن طريقه البخارى رقم الحديث: **877**' والنسائى جلد **3** صفحه **93**' واحمد جلد **2** صفحه **64**' والدارمى جلد **1** صفحه **361**' وابو بكر المروزى فى الجمعة وفضلها رقم الحديث: **25**' والبيهقى جلد **1** صفحه **293** من طريق مالك' عن نافع به .

19- أخرجه الترمذى رقم الحديث: **96**' والنسائى رقم الحديث: **127**' وابن ماجة رقم الحديث: **478**' وابن خزيمة رقم الحديث: **193** واحمد جلد **4** صفحه **239-240**' والطيالسى رقم الحديث: **1166**' وغيرهم من طرق عن عاصم به . وسنده حسن للكلام الذى فى عاصم' فحديثه لا ينزل عن رتبة الحسن ان شاء الله .

فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَقُلْتُ: إِنِّي أَجِدُ فِي نَفْسِي مِنْ ذَلِكَ. فَقَالَ: كُنَّا إِذَا سَافَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْنَا أَنْ لَا نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَ لَيَالٍ وَأَيَّامَهُنَّ، إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، لَكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ. وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

عرض کی: میں اس کے متعلق اپنے دل میں کچھ کھٹک پاتا ہوں' تو انہوں نے فرمایا: ہم سفر میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے' آپ نے ہم کو حکم دیا کہ ہم اپنے موزے تین دن راتیں نہ اُتاریں' سوائے جنابت لاحق ہونے کے لیکن پیشاب اور پاخانہ اور سوئے کے وقت نہیں اُتارنے اور مقیم کے لیے (اس کی مدت) ایک دن اور ایک رات ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ حَفْصِ بْنِ سُلَيْمَانَ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ

حفص بن سلیمان سے اسے علی بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں۔

20 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا أَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْإِحْصَانُ إِحْصَانَانِ: إِحْصَانُ عَفَافٍ، وَإِحْصَانُ نِكَاحٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پاک دامنی دو اشیاء کے ساتھ وابستہ ہے: (۱) حرام کاموں سے بچنے کی پاک دامنی (۲) نکاح کے ساتھ پاک دامنی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث زہری سے صرف مبشر بن عبید ہی روایت کرتے ہیں۔

21 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي عَبْلَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ الْأَعْمَى، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ أَتَى ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، طَالَمَا أَضْلَلْتَ النَّاسَ. قَالَ: وَمَا ذَاكَ يَا عُرَيَّةُ؟ قَالَ:

حضرت ابن ابی ملیکہ الاعمی رضی اللہ عنہ' حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آئے' عرض کی: اے ابن عباس! آپ نے برابر لوگوں کو گمراہ کیا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے عروہ! وہ

20- أخرجه البزار (217/2-كشف) من طريق أبي المغيرة به . قلت: وهذا اسناد موضوع' والم تهم به مبشر' وقد تقدم حاله . والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 2437' وفي مجمع الزوائد جلد6صفحه263 .

21- والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 1718' وفي المجمع جلد3صفحه234' وقال الهيثمي: اسناده حسن .

الرَّجُلُ يَخْرُجُ مُحْرِمًا بِحَجٍّ اَوْ عُمْرَةٍ، فَاِذَا طَافَ، زَعَمْتَ اَنَّهُ قَدْ حَلَّ، فَقَدْ كَانَ اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ يَنْهَيَانِ عَنْ ذٰلِكَ. فَقَالَ: اَهُمَا، وَيْحَكَ، آثَرُ عِنْدَكَ اَمْ مَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ، وَمَا سَنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَصْحَابِهِ وَفِي اُمَّتِهِ؟ فَقَالَ عُرْوَةُ: هُمَا كَانَا اَعْلَمَ بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَمَا سَنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّي وَمِنْكَ. قَالَ ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ: فَخَصَمَهُ عُرْوَةُ .

224 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الصَّدَفِيُّ قَالَ: نا ضِمَامُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ وَاهِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْجُدُ فِي اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ، وَفِي: اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ''اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ'' اوراقراء باسم ربک میں سجدۂ تلاوت کیا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَاهِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا ضِمَامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ الصَّدَفِيُّ

یہ حدیث واہب بن عبداللہ سے صرف ضمام ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن یزید الصدفی اکیلے ہیں۔

225 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اُمَيَّةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُطِيعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ مَاتَ وَلَا بِيعَةَ عَلَيْهِ، مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جو اس حالت میں مرا کہ اس نے بیعت نہیں کی تھی تو وہ زمانۂ جاہلیت کی موت مرا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اُمَيَّةَ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ

یہ حدیث امیۃ بن محمد سے عطاف بن خالد ہی روایت کرتے ہیں اور اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن بکیر اکیلے ہیں۔

226 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے

224- أخرجه مسلم: المساجد جلد 1 صفحه 406، وأبو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 60 رقم الحديث: 1407، والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 462-463 رقم الحديث: 573، والنسائي: الافتتاح جلد 2 صفحه 124-125 (باب السجود في اذا السماء انشقت)، والدارمي: الصلاة جلد 1 صفحه 409 رقم الحديث: 1471 .

225- أخرجه مسلم: الامارة جلد 3 صفحه 1478، والبيهقي جلد 8 صفحه 270 رقم الحديث: 16612 .

226- والحديث أخرجه البزار بسند صحيح رقم الحديث: 20612 كشف الأستار قال الحافظ الهيثمي: فيه حمزة النصيبي: متروك . انظر: مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 289 .

مُحَمَّدُ بْنُ سُفْيَانَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ حَمْزَةَ النَّصِيبِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قُتِلَ فِي عِمِّيَّةٍ رِمِّيًا يَكُونُ بَيْنَهُمْ، بِحَجَرٍ، أَوْ عَصًا، أَوْ سَوْطٍ، فَهُوَ خَطَأٌ، عَقْلُهُ عَقْلُ خَطَإٍ. وَمَنْ قُتِلَ عَمْدًا فَهُوَ قَوَدٌ، مَنْ حَالَ دُونَهُ، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَغَضَبُهُ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو شخص اندھا دھند میں مارا جائے' اُن کے درمیان پتھر یا عصا یا کوڑے کے ساتھ جنگ ہو رہی تھی تو وہ قتل خطاء کے زمرے میں آتا ہے' اس کی دیت قتل خطاء والی دیت ہے' اور جو جان بوجھ کر قتل کیا گیا تو اس کا قصاص لیا جائے گا' جو اس کے علاوہ مارا جائے تو اس پر اللہ کی لعنت اور ناراضگی ہو' اس سے فرض اور نہ ہی نفل قبول کیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ إِلَّا حَمْزَةُ النَّصِيبِيُّ. وَرَوَاهُ غَيْرُهُ: عَنْ عَمْرٍو، عَنْ طَاوُسَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

یہ حدیث عمرو بن دینار از طاؤس از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ صرف حمزہ النصیبی ہی روایت کرتے ہیں' ان کے علاوہ از عمرو از طاؤس از حضرت ابن عباس روایت کرتے ہیں۔

227 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ بَشِيرٍ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، لَا تَدْخُلَنَّ عَلَى أَمِيرٍ، فَإِنْ غُلِبْتَ عَلَى ذَلِكَ، فَلَا تُجَاوِزْ سُنَّتِي، وَلَا تَخَافَنَّ سَيْفَهُ، وَسَيْفُهُ، أَنْ تَأْمُرَهُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَطَاعَتِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے ابوہریرہ! بادشاہ کے پاس نہ جانا' اگر تُو تجھ پر غالب آ جائے تو میری سنت سے تجاوز نہ کرنا' اس کی تلوار سے خوف نہ کھانا' اس کو اللہ کے تقویٰ اور اس کی اطاعت کا حکم دینا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث زید بن اسلم سے اُن کے بیٹے عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالمنعم بن بشیر اکیلے ہیں۔

228 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا أَبُو

حضرت عمر بن ابی سلمہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے

227- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 23415 .

228- انظر: مجمع الزوائد جلد5 صفحه 29-30 .

صَالِحٍ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ سَعْدٍ الْمُقْعَدَ، اَخْبَرَهُ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، اَنَّهُ قَرَّبَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا، فَقَالَ لِاَصْحَابِهِ: اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ، وَلْيَاْكُلْ كُلُّ امْرِءٍ مِمَّا يَلِيهِ

رسول اللہ ﷺ کے قریب کھانا کیا تو آپ ﷺ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: اللہ کا نام لو اور ہر آدمی اپنے سامنے سے کھائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن سعد سے ابواسود ہی روایت کرتے ہیں اور اسے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

229 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ بِشْرٍ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا شَبِيبُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيِّ ابْنِ سَلُولَ، وَهُوَ فِي ظِلٍّ، فَقَالَ: قَدْ غَبَّرَ عَلَيْنَا ابْنُ اَبِي كَبْشَةَ، فَقَالَ ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: وَالَّذِي اَكْرَمَكَ وَاَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ لَئِنْ شِئْتَ لَاٰتِيَنَّكَ بِرَاْسِهِ ۔ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا، وَلَكِنْ بَرَّ اَبَاكَ وَاَحْسِنْ صُحْبَتَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ عبداللہ بن ابی بن سلول کے پاس سے گزرے اور وہ سائے میں تھا اس نے کہا: ہم پر ابن ابی کبشہ کا غبار پڑا ہے تو اس کے بیٹے عبداللہ بن عبداللہ نے کہا: اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو عزت دی ہے اور آپ پر کتاب نازل فرمائی ہے اگر آپ چاہیں تو میں اپنے باپ کا سر اُتار کر آپ کے پاس لے آؤں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نہیں! لیکن تو اپنے والد سے نیکی کر اور اس سے اچھے طریقے سے پیش آ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا شَبِيبُ بْنُ سَعِيدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ بِشْرٍ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے صرف شبیب بن سعید ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں زید بن بشر اکیلے ہیں۔

230 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

229- انظر: لسان الميزان جلد2صفحه502 . والحديث أخرجه البزار (الحديث: 2708/كشف الأستار) .

230- أخرجه ابن ماجة: الفرائض جلد2صفحه918 رقم الحديث: 2749 .

مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُقَيْلِ بْنِ خَالِدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ نَافِعًا، يُحَدِّثُ. عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا كَانَ مِنْ مِيرَاثٍ قُسِمَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَهُوَ عَلَى قِسْمَتِهِ، وَمَا كَانَ مِنْ مِيرَاثٍ أَدْرَكَهُ الْإِسْلَامُ، فَهُوَ عَلَى قَسْمِ الْإِسْلَامِ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو وراثت زمانۂ جاہلیت میں تقسیم کی گئی تھی' اس کی تقسیم جاہلیت کے طریقے پر ہوگی اور جو مال اس نے حالت اسلام میں کمایا ہے اس کی تقسیم اسلام کے طریقے کے مطابق کی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا عُقَيْلٌ، وَلَا عَنْ عُقَيْلٍ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ

یہ حدیث نافع سے عقیل کے سوا اور عقیل سے ابن لہیعہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کی' محمد بن رمح اس کی روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

231 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا الْحَسَدُ فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَقَامَ بِهِ فَأَحَلَّ حَلَالَهُ وَحَرَّمَ حَرَامَهُ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَوَصَلَ مِنْهُ أَقَارِبَهُ وَرَحِمَهُ وَعَمِلَ بِطَاعَةِ اللّٰهِ فِيهِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حسد (رشک) صرف دو آدمیوں پر جائز ہے' (۱) ایک وہ آدمی جس کو اللہ عزوجل نے قرآن کا علم دیا' وہ اس کے ساتھ عمل کرتا ہے' اس کے حلال کو حلال اور حرام کو حرام جانتا ہے (۲) دوسرا وہ آدمی جس کو اللہ نے مال دیا' وہ اس کے ساتھ صلہ رحمی کرتا ہے اور اس میں اللہ کے حکم کی اطاعت کرتا ہے۔

232 - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَدْرُونَ مَنِ الْمُسْلِمُ؟ قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ. قَالُوا: فَمَنِ الْمُؤْمِنُ؟ قَالَ: مَنْ أَمِنَهُ النَّاسُ عَلَى أَنْفُسِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ. قَالُوا:

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ مسلمان کون ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتے ہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے' صحابہ کرام نے

-231 انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه111 .

-232 أخرجه البخاري: الايمان جلد 1صفحه69 رقم الحديث: 10' ومسلم: الايمان جلد 1صفحه65' وأبو داؤد: الجهاد جلد3صفحه4 رقم الحديث: 2481' والدارمي: الرقاق جلد2صفحه388 رقم الحديث: 2716' وأحمد: المسند جلد2صفحه221 رقم الحديث: 6522 .

فَمَنِ الْمُهَاجِرُ؟ قَالَ: مَنْ هَجَرَ السُّوْءَ فَاجْتَنَبَهُ

عرض کی: مؤمن کون ہے؟ فرمایا: جس سے لوگوں کے جان واموال محفوظ رہیں' صحابہ کرام نے عرض کی: مہاجر کون ہے؟ فرمایا: مہاجر وہ ہے جو بُرائی سے رُکے اور اس سے پرہیز کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مُوسَى بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ

یہ دونوں حدیثیں موسیٰ بن علی سے صرف روح بن صلاح ہی روایت کرتے ہیں۔

233 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي اَيُّوبَ قَالَ: حَدَّثَنِي زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ الْقُرَشِيُّ، اَنَّهُ كَانَ يَخْرُجُ مَعَ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هِشَامٍ اِلَى السُّوقِ لِيَشْتَرِيَ الطَّعَامَ، فَيَلْقَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ، فَيَقُولَانِ: اَشْرِكْنَا: فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ دَعَا لَكَ بِالْبَرَكَةِ

حضرت زہرہ بن معبد القرشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ اپنے دادا حضرت عبداللہ بن ہشام کے ساتھ بازار جاتے تھے تاکہ گندم خریدیں' ان کی ملاقات حضرت عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کے ساتھ ہوئی' دونوں نے عرض کی: ہم کو بھی اپنے کاروبار میں شریک کریں کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے آپ کے لیے برکت کی دعا کی ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَابْنِ الزُّبَيْرِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

234 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی

233- أخرجه البخاري: الدعوات جلد 11 صفحه 155 رقم الحديث: 6353 .

234- أخرجه البخاري: جزاء الصيد جلد 4 صفحه 79 رقم الحديث: 1854' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 973' وأبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 167 رقم الحديث: 1809' والترمذي: الحج جلد 3 صفحه 258 رقم الحديث: 928' والنسائي: الحج جلد 5 صفحه 88 (باب الحج عن الحي الذي لا يستمسك على الرجل)' وابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه 970 رقم الحديث: 2907' والدارمي: المناسك جلد 2 صفحه 61 رقم الحديث: 1831' ومالك: الموطا: الحج جلد 2 صفحه 359 رقم الحديث: 97' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 277 رقم الحديث: 1827 .

قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الْعَامِرِيُّ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ امْرَاَةً مِنْ خَثْعَمَ اسْتَفْتَتْهُ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ فَرِيضَةَ اللّٰهِ فِي الْحَجِّ عَلَى عِبَادِهِ، اَدْرَكَتْ اَبِي مُسِنًّا كَبِيرًا لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَسْتَوِيَ عَلَى الرَّاحِلَةِ، فَهَلْ يَقْضِي عَنْهُ اَنْ اَحُجَّ عَنْهُ؟ فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ

کریم ﷺ کے پاس قبیلہ خثعم سے ایک عورت آئی‘ اس نے حجۃ الوداع کے متعلق پوچھا‘ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! بے شک اللہ عزوجل نے اپنے بندوں پر حج فرض کیا ہے‘ میرے والد پر حج فرض ہوا سخت بڑھاپے میں‘ وہ سواری پر سیدھے بیٹھ نہیں سکتے ہیں‘ کیا میں اُن کی طرف سے حج ادا کروں تو وہ ادا ہو جائے گا؟ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں!

235 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا هَانِءُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: جَزَى اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا بِمَا هُوَ اَهْلُهُ، اَتْعَبَ سَبْعِينَ كَاتِبًا اَلْفَ صَبَاحٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے یہ پڑھا: ’’جَزَى اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا بِمَا هُوَ اَهْلُهُ‘‘ تو ستر لکھنے والے ایک ہزار دن تک لکھتے تھک جائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، وَلَا عَنْ جَعْفَرٍ اِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: هَانِءُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ

یہ حدیث عکرمہ سے صرف جعفر بن محمد ہی روایت کرتے ہیں اور جعفر سے صرف معاویہ بن صالح روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں ھانی بن متوکل اکیلے ہیں۔

236 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي الْحَوَارِيِّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مِسْعَرَ بْنَ كِدَامٍ، وَالْعَوَّامَ بْنَ حَوْشَبٍ،

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو بیمار ہو یا حالت سفر میں ہو تو اس کے لیے اُس عمل کا ثواب لکھا جائے گا جو عمل وہ

235- وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه166 .

236- اخرجه البخاري: الجهاد جلد6صفحه158 رقم الحديث: 2996' واحمد: المسند جلد4صفحه501 رقم الحديث: 19701' بلفظ اذا مرض العبد او سافر...... .

كِلَيْهِمَا حَدَّثَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ السَّكْسَكِيِّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَرِضَ اَوْ سَافَرَ، كَانَ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلُ مَا كَانَ يَعْمَلُ وَهُوَ صَحِيحٌ مُقِيمٌ.

حالت تندرستی میں کرتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ اَبِي الْحَوَارِيِّ

یہ حدیث مسعر سے صرف حفص بن غیاث ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں احمد بن ابی الحواری اکیلے ہیں۔

237 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ بَشِيرٍ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: طَيَّبْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي، فَطَافَ عَلَى نِسَائِهِ، ثُمَّ اَصْبَحَ مُحْرِمًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کو اپنے ہاتھ سے خوشبو لگاتی تھی' پھر آپ اپنی ازواجِ مطہرہ کے پاس جاتے' پھر صبح آپ حالت احرام میں ہوتے۔

238 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُكَيْرٍ الْغَنَوِيُّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي بُرَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ ثَلَاثٍ: عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ فَزُورُوهَا، وَلَا تَقُولُوا هُجْرًا، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُومِ الْاَضَاحِيِّ فَكُلُوا وَادَّخِرُوا، وَنَهَيْتُكُمْ اَنْ تَنْتَبِذُوا فِي الْاَوْعِيَةِ وَاشْرَبُوا فِيمَا بَدَا لَكُمْ، وَلَا تَشْرَبُوا

حضرت حماد بن ابی سلیمان' حضرت ابن بریدہ سے' وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں تم کو تین کاموں سے منع کرتا تھا: (۱) قبروں کی زیارت کرنے سے' اب زیارت کیا کرو' لیکن رویا نہ کرو (۲) اور میں تم کو قربانی کا گوشت اکٹھا کرنے سے منع کرتا تھا' پس کھاؤ اور ذخیرہ کیا کرو (۳) اور میں تم کو ان برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع کرتا تھا' اب اِن میں نبیذ بنالیا کرو اور پیا کرو اور نشہ آور

237- أخرجه البخاري: الغسل جلد1صفحه453 رقم الحديث: 270' ومسلم: الحج جلد 2صفحه849' والنسائي: المناسك جلد5صفحه109-107 (باب موضع الطيب) .

238- أخرجه مسلم: الجنائز جلد2صفحه672' وأبو داؤد: الأشربة جلد3صفحه330 رقم الحديث: 3698' وأحمد: المسند جلد5صفحه417 رقم الحديث: 23079 .

مُسْكِرًا

شے نہ پیو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُكَيْرٍ

یہ حدیث حماد بن ابی سلیمان سے صرف عبداللہ بن بکیر ہی روایت کرتے ہیں۔

239 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، اَنَّ زَوْجَهَا، طَلَّقَهَا ثَلَاثًا، فَلَمْ يَجْعَلْ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُكْنَى وَلَا نَفَقَةً

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ اُن کے شوہر نے اُن کو تین مرتبہ طلاق دی' تو نبی کریم ﷺ نے ان کے لیے گھر اور نفقہ نہیں مقرر فرمایا۔

240 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ رَبِيعَةَ بْنِ مُوسَى بْنِ سُوَيْدٍ الْجُمَحِيُّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ اَبِي الْوَلِيدِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَفْلَحَ، اَنَّ نَفَرًا، مِنَ الصَّحَابَةِ اَرْسَلُونِي اِلَى ابْنِ عُمَرَ، يَسْاَلُونَهُ عَنِ الصَّلَاةِ الْوُسْطَى؟ فَقَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ اَنَّهَا الصَّلَاةُ الَّتِي وُجِّهَ فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْقِبْلَةِ: الظُّهْرُ

حضرت عبدالرحمٰن بن افلح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام کا ایک گروہ مجھے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس لے گیا اور انہوں نے آپ سے صلوٰۃ الوسطیٰ کے متعلق پوچھا کہ وہ کون سی نماز ہے؟ آپ نے فرمایا: ہم باہم گفتگو کرتے تھے جس نماز میں رسول اللہ ﷺ کو قبلہ کی طرف پھیرا گیا تھا وہ ظہر کی نماز تھی۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَفْلَحَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ رَبِيعَةَ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن افلح' حضرت ابن عمر سے صرف اسی سند سے روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں موسیٰ بن ربیعہ اکیلے ہیں۔

239- أخرجه مسلم: الطلاق جلد 2 صفحه 1120' وأبو داؤد: الطلاق جلد 2 صفحه 295 رقم الحديث: 2288' والترمذى: الطلاق جلد 3 صفحه 475 رقم الحديث: 1180' والنسائى: الطلاق جلد 6 صفحه 116-117 (باب الرخصة فى ذلك)' وابن ماجة: الطلاق جلد 1 صفحه 656 رقم الحديث: 2036' والدارمى: الطلاق جلد 2 صفحه 218 رقم الحديث: 2274' واحمد: المسند جلد 6 صفحه 440 رقم الحديث: 27393 .

240- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 31211 .

241 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ بَشِيرٍ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نا اَبُو مَوْدُودٍ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سُلَيْمَانَ الْمَدَنِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْثِرُوا الصَّلَاةَ عَلَيَّ فِي اللَّيْلَةِ الزَّهْرَاءِ وَالْيَوْمِ الْاَزْهَرِ، فَاِنَّ صَلَاتَكُمْ تُعْرَضُ عَلَيَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جمعہ کی رات اور صبح مجھ پر کثرت سے درود پاک پڑھو' بے شک تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔

242 - وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ اِلَى الصَّلَاةِ، فَلْيَبْدَاْ فَلْيُسَوِّ مَوْضِعَ سُجُودِهِ، وَلَا يَدَعْهُ حَتَّى اِذَا اَهْوَى لِيَسْجُدَ نَفَخَ، ثُمَّ سَجَدَ. فَلْيَسْجُدْ اَحَدُكُمْ عَلَى جَمْرَةٍ خَيْرٌ مِنْ اَنْ يَسْجُدَ عَلَى نَفْخَتِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز کے لیے کھڑا ہو تو سجدہ کی جگہ برابر کر لے' وہ اس کو نہ چھوڑے حتیٰ کہ جب سجدے کے لیے جھکے گا تو پھونک مار لے گا پھر سجدہ کرے گا' تم میں کوئی کنکری پر سجدہ کرے تو اس کے لیے بہتر ہے کہ وہ پھونک مار کر سجدہ کرے۔

243 - وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّلَاةُ خَيْرُ مَوْضُوعٍ، فَمَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ يَسْتَكْثِرَ فَلْيَسْتَكْثِرْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نماز بہترین جگہ ہے' سو تم میں جو طاقت رکھے وہ زیادہ سے زیادہ جگہ پر نماز پڑھے۔

لَا تُرْوَى هَذِهِ الْاَحَادِيثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهَا: اَبُو مَوْدُودٍ

یہ ساری احادیث محمد بن کعب القرظی' حضرت ابوہریرہ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں' اسے ابومودود روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

244 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ

حضرت ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک مینڈھا

241- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه172

242- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه86 .

243- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه252 .

244- انظر: تهذيب التهذيب جلد11صفحه347 . وانظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه39-40 .

عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُعْتَمِرُ بْنُ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: ذَبَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبْشًا، ثُمَّ قَالَ: هٰذَا عَنِّي وَعَنْ اُمَّتِي

ذبح کیا' پھر فرمایا: یہ میری اور میری اُمت کی طرف سے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ

یہ حدیث عمارہ بن غزیہ سے صرف یحییٰ بن ایوب ہی روایت کرتے ہیں۔

245 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ رَبِيعَةَ بْنِ مُوسَى بْنِ سُوَيْدٍ الْجُمَحِيُّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ اَبِي الْوَلِيدِ، عَنْ يَعْقُوبَ الْحُرَقِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا لَقِيَ الْمُؤْمِنَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، وَاَخَذَ بِيَدِهِ، فَصَافَحَهُ، تَنَاثَرَتْ خَطَايَاهُمَا، كَمَا يَتَنَاثَرُ وَرَقُ الشَّجَرِ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مؤمن جب مؤمن سے ملے تو اس کو سلام کرے اور اس کا ہاتھ پکڑے' پھر مصافحہ کرے تو ان دونوں کے گناہ اس طرح جھڑتے ہیں جس طرح درخت کے پتے جھڑتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ اَبِي الْوَلِيدِ اِلَّا مُوسَى بْنُ رَبِيعَةَ

یہ حدیث ولید بن ابی الولید سے صرف موسیٰ بن ربیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

246 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ سَلَّامٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السَّكُونِيُّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ، عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: صَلَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمِ غَيْمٍ، فِي سَفَرٍ اِلَى غَيْرِ الْقِبْلَةِ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ وَسَلَّمَ، تَجَلَّتِ الشَّمْسُ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، صَلَّيْنَا اِلَى غَيْرِ الْقِبْلَةِ، فَقَالَ: قَدْ رُفِعَتْ صَلَاتُكُمْ بِحَقِّهَا اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بارش کے دن سفر میں غیر قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ رہے تھے' پس آپ نے جب نماز پڑھ لی اور سلام پھیرا تو سورج نکل آیا' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے غیر قبلہ کی طرف منہ کر نماز پڑھ لی' آپ ﷺ نے فرمایا: تمہاری نماز اللہ کی بارگاہ میں قبول ہوگئی ہے۔

246- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 1812 .

فائدہ: یادرہے یہ تعلیم اُمت کے لیے ہے کہ اگر ایسے ہو جائے تو ایسے کرلیا کرو' یہ نہیں کہ آپ بھول گئے یا آپ کو پتا نہیں تھا' اگر کوئی ایسے آپ کے متعلق گمان بھی کرے گا بلکہ جس نے دل میں بھی خیال لایا اس کے اعمال ضائع ہو جائیں گے۔

سیالکوٹی غفرلہٗ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَلَا عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا اَبُو دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ سَلَّامٍ

یہ حدیث ابراہیم بن ابی علیہ سے صرف اسماعیل بن عبداللہ اور اسماعیل سے صرف ابوداؤد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ہشام بن سلام اکیلے ہیں۔

247 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا السَّرِيُّ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا الْمُعَلَّى بْنُ الْوَلِيدِ الْقَعْقَاعِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي هَانِءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ، عَنْ عَمِّهِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ، عَنْ اَبِيهِ، وَنَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى ضَرَبَ بِالْحَقِّ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے حق عمر کی زبان اور دل پر جاری کر دیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ اِلَّا هَانِءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُعَلَّى بْنُ الْوَلِيدِ

یہ حدیث ابراہیم بن ابی عبلہ سے صرف ھانی بن عبدالرحمن ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں معلی بن الولید اکیلے ہیں۔

248 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عُقْبَةَ بْنِ اَبِي الْعَيْزَارِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ قَالَ: اَخْبَرَنِي نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا لَقِيَ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فِي النَّهَارِ مِرَارًا، فَلْيُسَلِّمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی سے دن میں کئی مرتبہ ملاقات کرے تو ہر ملاقات میں اس کو سلام کرے۔

247- أخرجه الترمذي: المناقب جلد 5 صفحه 617 رقم الحديث: 3682 هذا حديث حسن غريب' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 73 رقم الحديث: 5144 . بلفظ ان الله جعل الحق على لسان عمر وقلبه .

248- انظر: لسان الميزان جلد 1 صفحه 217 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 34 .

عَلَيْهِ

249 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ بِشْرٍ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يُنْسَاَ فِي اَجَلِهِ، وَيُوَسَّعَ عَلَيْهِ فِي رِزْقِهِ، فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ اس کی عمر لمبی ہو اور رزق کشادہ ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ صلہ رحمی اختیار کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: رِشْدِينُ

یہ حدیث ابی زبیر سے صرف عمرو بن حارث ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں رشدین اکیلے ہیں۔

250 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ بِشْرٍ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عَمْرٍو، مَوْلَى الْمُطَّلِبِ. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدِي بِحَبِيبَتَيْهِ، ثُمَّ صَبَرَ، عَوَّضْتُهُ بِهِمَا الْجَنَّةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کی دو محبوب اشیاء کے ذریعے آزماتا ہوں' پھر وہ صبر کرے تو میں ان دونوں کے بدلے اُسے جنت دوں گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُطَّلِبِ اِلَّا ابْنُ الْهَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: رِشْدِينُ

یہ حدیث مطلب سے ابن ھاد روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں رشدین اکیلے ہیں۔

251 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

249- اخرجه البخاری: الأدب جلد10صفحه429 رقم الحديث: 5986 بلفظ من أحب . ومسلم: البر جلد4 صفحه1982' وأبو داؤد: جلد2صفحه136 رقم الحديث: 1693 .

250- اخرجه البخاری: المرض جلد10صفحه120 رقم الحديث: 5653' وأحمد: المسند جلد 3صفحه177 رقم الحديث: 12476 .

251- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 7912 .

الْـمُنْعِمِ بْنُ بَشِيرٍ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نا اَبُو مَوْدُودٍ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سُلَيْمَانَ الْهُذَلِيُّ، عَنْ اَبِي صَخْرٍ حُمَيْدِ بْنِ زِيَادٍ الْخَرَّاطِ قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، يَقُولُ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبِلَالٌ يُقِيمُ لِلصُّبْحِ، فَرَاَى رَجُلًا يُصَلِّي رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، فَقَالَ لَهُ: اَصَلَاتَانِ مَعًا؟

رسول اللہ ﷺ داخل ہوئے اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ صبح کی نماز کے لیے کھڑے ہوئے' آپ ﷺ نے ایک آدمی کو دیکھا وہ فجر کی دو رکعتیں ادا کر رہا تھا' آپ ﷺ نے اس کو فرمایا: کیا دونوں نمازیں اکٹھی ہو گئیں؟

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث زید بن ثابت سے اس سند سے ہی مروی ہے' اُن سے روایت کرنے میں عبدالمنعم بن بشیر اکیلے ہیں۔

252 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيِّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الطُّفَاوِيِّ قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ لَا يُذْكَرُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بَكَى

حضرت اسحاق بن عبداللہ الطفاوی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' رسول اللہ ﷺ کا ذکر روتے ہوئے کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الطُّفَاوِيِّ اِلَّا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث اسحاق بن عبداللہ الطفاوی سے صرف عمر بن محمد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

253 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الرُّؤَاسِيُّ قَالَ: نا شِهَابُ بْنُ خِرَاشٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ جَبَلَةَ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ الْاَرْبِعَاءَ وَالْخَمِيسَ وَالْجُمُعَةَ، بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ، يُرَى ظَاهِرُهُ مِنْ بَاطِنِهِ، وَبَاطِنُهُ مِنْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے بدھ' جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھا' اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنا دے گا' جس کا اندر والا حصہ باہر سے اور باہر کا حصہ اندر سے نظر آئے گا۔

252- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 34919 .

253- انظر: لسان الميزان رقم الحديث: 16713 . وانظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه201 .

ظَاهِرِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ إِلَّا صَالِحُ بْنُ جَبَلَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: شِهَابُ بْنُ خِرَاشٍ

یہ حدیث میمون بن مہران سے صرف صالح بن جبلہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں شہاب بن خراش اکیلے ہیں۔

254 - وَعَنْ صَالِحِ بْنِ جَبَلَةَ، عَنْ أَبِي قَبِيلٍ الْمِصْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَامَ الْأَرْبِعَاءَ وَالْخَمِيسَ وَالْجُمُعَةَ، بَنَى اللَّهُ لَهُ قَصْرًا فِي الْجَنَّةِ مِنْ لُؤْلُؤٍ، وَيَاقُوتٍ، وَزَبَرْجَدٍ، وَكَتَبَ لَهُ بَرَاءَةً مِنَ النَّارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوفرماتے سنا: جس نے بدھ' جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھا' اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں محل بنا دے گا جو کہ موتیوں اور یاقوت ، زبرجد کا ہوگا اور اس کے لیے جہنم سے برأت لکھ دی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا أَبُو قَبِيلٍ الْمَعَافِرِيُّ وَاسْمُهُ حَيُّ بْنُ يُؤْمِنَ

یہ حدیث انس سے صرف ابوقبیل المعافری ہی روایت کرتے ہیں' ان کا نام حی بن یؤمن ہے۔

255 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نا عَمِّي عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نا عَمِّي أَبُو مُسْلِمٍ، قَائِدُ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: إِنْ كَانَ الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِ الْعَوَالِي لَيَدْعُو رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنِصْفِ اللَّيْلِ عَلَى خُبْزِ الشَّعِيرِ، فَيُجِيبُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اگر کوئی دیہات سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آدھی رات کے وقت جو کی روٹی پر دعوت دیتا تو آپ اس کی دعوت قبول کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا أَبُو مُسْلِمٍ، وَلَا عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ إِلَّا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث اعمش سے صرف ابومسلم اور ابومسلم سے عمرو بن عثمان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن سلیمان اکیلے ہیں۔

254- انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحہ 201 .

255- المطالب العالية لابن حجر رقم الحديث: 3856 .

256 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُلَبِّي يُلَبِّي، اِلَّا لَبَّى مَا عَنْ يَمِينِهِ وَشِمَالِهِ مِنْ حَجَرٍ وشَجَرٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو بھی تلبیہ پڑھنے والا جہاں سے گزرتا ہے اس کے دائیں اور بائیں جانب والے پتھر اور درخت بھی تلبیہ پڑھتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث معاویہ بن صالح سے صرف ابن وہب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

257 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو شخص جمعہ کی نماز کے لیے آئے تو اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرلے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ اِلَّا بَكْرُ بْنُ صَدَقَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَامِدُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث عبداللہ بن سعید بن ابی ہند سے صرف بکر بن صدقہ روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حامد بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

258 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ نَاصِحٍ قَالَ: نا الْعَلَاءُ بْنُ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو شخص جمعہ کی نماز کے لیے آئے تو اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرلے۔

256- أخرجه الترمذي في الحج جلد3صفحه180 رقم الحديث: 828 بلفظ (ما في مسلم يلبي)' وابن ماجة في المناسك جلد2صفحه974 رقم الحديث: 2921 .

257- تقدم تخريجه الحديث رقم الحديث: 108 الملزمة1 .

258- تقدم تخريجه .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ بُرْدٍ إِلَّا مُوسَى بْنُ نَاصِحٍ

یہ حدیث علاء بن برد سے صرف موسیٰ بن ناصح ہی روایت کرتے ہیں۔

259 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: ذَكَرَ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي أُوَيْسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو شخص جمعہ کی نماز کے لیے آئے تو اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرلے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ أَبِي أُوَيْسٍ إِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ

یہ حدیث ابن ابی اویس سے صرف اُن کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں احمد بن محمد بن مالک بن انس اکیلے ہیں۔

260 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُخَيِّرُوا بَيْنَ الْأَنْبِيَاءِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم انبیاء علیہم السلام کے درمیان (فضیلت بیان کرتے وقت) ترجیح نہ دو۔

261 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ، أَنْ يُصَادَ وَحْشُهَا

حضرت عبداللہ بن کعب بن مالک اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ منورہ کی دونخلستانوں کے درمیان کو حرام قرار دیا' وحشی جانور کے شکار کرنے سے۔

-259 تقدم تخريجه .

-260 اخرجه البخاري: التفسير جلد8صفحه152-153 رقم الحديث: 4638' ومسلم: الفضائل جلد4 صفحه1845' وابو داؤد: السنة جلد4صفحه216-217 رقم الحديث: 4668' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه39 رقم الحديث: 11271 .

-261 انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه307 .

262 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ كَانُوا يُصَلُّونَ قَبْلَ الْخُطْبَةِ فِي الْعِيدَيْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حضرت ابوبکر' حضرت عمر رضی اللہ عنہما عیدین میں خطبہ سے پہلے نماز پڑھتے تھے۔

263 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْوَسِيلَةَ دَرَجَةٌ عِنْدَ اللّٰهِ لَيْسَ فَوْقَهَا دَرَجَةٌ، فَسَلُوا اللّٰهَ اَنْ يُؤْتِينِيهَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: وسیلہ اللہ کے ہاں ایک درجہ ہے' اس سے اوپر کوئی درجہ نہیں ہے' اللہ تعالیٰ سے وسیلہ سے مانگو کہ وہ تمہیں دے۔

264 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعُمْرَى بِمَنْزِلَةِ الْمِيرَاثِ

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: عمریٰ میراث کی مثل ہے۔

فائدہ: عمریٰ ایک ایسا معاملہ ہے جس میں کوئی چیز کسی کی ملکیت میں اس کی یا اصل مالک کی زندگی بھر کے لیے دی جاتی ہے' موت کے بعد وہ چیز اصل مالک یا اس کے ورثہ کی طرف لوٹ آتی ہے۔

262- أخرجه البخاري: العيدين جلد 2صفحه525 رقم الحديث: 963' ومسلم: العيدين جلد 2صفحه605' والترمذي: العيدين جلد 2صفحه411 رقم الحديث: 531' وقال: هذا حديث حسن صحيح' والنسائي: العيدين جلد 3صفحه149 (باب صلاة العيدين قبل الخطبة)' وابن ماجة: الاقامة جلد 1صفحه407 رقم الحديث: 1276' واحمد: المسند جلد2صفحه18 رقم الحديث: 4601 .

263- والحديث أخرجه الامام احمد في مسند جلد3صفحه83 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه335 .

264- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد19صفحه333 رقم الحديث: 735 .

265 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ سَالِمٍ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي جُهَيْمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الصِّمَّةِ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَاَنْ يَمْكُثَ الْمَارُّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي اَرْبَعِينَ، خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ

حضرت ابوجہیم بن حارث بن صمہ الانصاری رضی اللہ عنہٗ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: نمازی کے آگے سے گزرنے والا چالیس (سال) بھی رُکا رہے تو یہ رُکنا اس سے بہتر ہے کہ وہ نمازی کے آگے سے گزرے۔

266 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِي الرِّجَالِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُمْنَعُ نَقْعُ بِئْرٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی کسی کو کنویں کا پانی لے جانے سے منع نہ کرے۔

267 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سعد، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَدِيثُ مَا تَعْرِفُونَ

حضرت علی رضی اللہ عنہٗ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: گفتگو وہ ہے جو تم پہچانتے ہو۔

265- اخرجه ابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 304 رقم الحديث: 944، والدارمي: الصلاة جلد 1 صفحه 386 رقم الحديث: 1416، وبلفظ لو يعلم المار بين يدى المصلى ماذا عليه...... . اخرجه البخارى: الصلاة جلد 1 صفحه 696 رقم الحديث: 510، ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 363، وأبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 183 رقم الحديث: 701، والترمذى: الصلاة جلد 2 صفحه 185 رقم الحديث: 336، وقال: حديث حسن صحيح، والنسائى: القبلة جلد 2 صفحه 52 (باب التشديد فى المرور بين يدى المصلى وسترته)، وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 304 رقم الحديث: 945، ومالك فى الموطأ: السفر جلد 1 صفحه 154 رقم الحديث: 34، وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 209 رقم الحديث: 17533 .

266- أخرجه ابن ماجة: الرهون جلد 2 صفحه 828 رقم الحديث: 2479، ومالك فى الموطأ: اقضية جلد 2 صفحه 745 رقم الحديث: 30، واحمد: المسند جلد 6 صفحه 125 رقم الحديث: 24865 .

267- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 138 .

268 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِى اَيُّوبَ، عَنْ اَبِى سَهْلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا ضَرَرَ وَلَا اِضْرَارٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (اسلام میں) نہ کسی کو نقصان دینا جائز ہے نہ کسی سے نقصان کا بدلہ لینا جائز ہے (نہ تکلیف دو نہ تکلیف اُٹھاؤ)۔

269 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِى اَيُّوبَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْخَطِّ؟ فَقَالَ: هُوَ اَثَارَةٌ مِنْ عِلْمٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سے خط (تحریر) کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ علم کو محفوظ کرنے کا ذریعہ ہے۔

270 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِى اَيُّوبَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِى كَثِيرٍ، مَوْلَى مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ. عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْ اَنَّ رَجُلًا قُتِلَ فِى سَبِيلِ اللّٰهِ، ثُمَّ اُحْيِىَ، ثُمَّ قُتِلَ فِى سَبِيلِ اللّٰهِ، لَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ حَتَّى يُقْضَى عَنْهُ دَيْنُهُ، لَيْسَ ثَمَّ ذَهَبٌ وَلَا فِضَّةٌ اَىْ: هِىَ الْحَسَنَاتُ وَالسَّيِّئَاتُ

حضرت محمد بن عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا: اگر کوئی آدمی اللہ کی راہ میں قتل کیا جائے' پھر زندہ کیا جائے' پھر اللہ کی راہ میں قتل کیا جائے تو پھر بھی وہ قرض ادا کیے جانے تک جنت میں داخل نہیں ہوگا' اس کیلئے سونا اور چاندی کوئی فائدہ مند نہیں ہوں گی' یہ ہی نیکیاں اور برائیاں ہیں۔

271 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ

268- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 11314 .

269- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه195 .

270- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه130-131 .

271- والحديث أخرجه الطبرانى فى الكبير جلد10صفحه19' والبزار رقم الحديث: 414 كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه83-84 .

رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ مِحْصَنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِينَ، بِمَنْزِلَةِ الصَّابِرِ فِي الْفَارِّينَ

سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ کا ذکر غافلین میں کرنے والا اس طرح ہے جیسے بھاگنے والوں میں صبر کرنے والا۔

272 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي الْعَتَّابِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ اَمِيرِ عَشَرَةٍ فَصَاعِدًا اِلَّا وَهُوَ يَاْتِي مَغْلُولٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، عَافَاهُ اللّٰهُ بِمَا شَاءَ، اَوْ عَاقَبَهُ بِمَا شَاءَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو امیر دس یا اس سے زیادہ میں خیانت کرے وہ قیامت کے دن خیانت کردہ شی لے کر آئے گا اللہ چاہے تو اُسے معاف کردے یا اس سے جو چاہے بدلہ لے لے۔

273 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ اُسَيْدِ بْنِ اَبِي اُسَيْدٍ الْبَرَّادِ الْمَدَنِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَرَكَ الْجُمُعَةَ ثَلَاثًا مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ، طَبَعَ اللّٰهُ عَلَى قَلْبِهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے بغیر عذر کے تین جمعے چھوڑ دیے اللہ عزوجل اس کے دل پر مہر لگادے گا۔

274 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: ضَحَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشٍ اَقْرَنَ، اَعْيَنَ، فَحِيلٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک سینگوں والے مینڈھے کی قربانی کی جس کی آنکھیں سیاہ تھیں۔

-273 اخرجه ابن ماجة: اقامة الصلاة جلد 1صفحه357 رقم الحديث: 1126' وفي الزوائد: اسناده صحيح ورجاله ثقات' واحمد: المسند جلد3صفحه407 رقم الحديث: 14571 .

275 - وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَغُلُّ مُؤْمِنٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مؤمن خیانت کرنے والا نہیں ہوتا۔

276 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي عَتِيقٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ، مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسواک منہ کی پاکی کا اور رب کی رضا حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي اَيُّوبَ اِلَّا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ

یہ حدیثیں سعید بن ابی ایوب سے صرف روح بن صلاح ہی روایت کرتے ہیں۔

277 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا هَانِءُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ قَالَ: نا اَبُو شُرَيْحٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ حَسَّانَ الْكَلْبِيِّ، عَنْ حُدَيْجِ بْنِ صُومِي الْحِمْيَرِيِّ، عَنْ جُنَادَةَ بْنِ اَبِي اُمَيَّةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِيمَا اَحْبَبْتُمْ وَكَرِهْتُمْ، فِي

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم پر سننا اور اطاعت کرنا لازم ہے' چاہے تم پسند کرو یا ناپسند کرو' تم تنگی میں ہو یا خوشی میں' چاہے تم پر دوسروں کو ترجیح دی جائے اور اپنے گھر والوں سے کسی معاملہ میں جھگڑا نہ کرو۔

275- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد11صفحه229 رقم الحديث: 11578 . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه342 .

276- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه187 (باب سواك الرطب واليابس للصائم)' والنسائي: الطهارة جلد 1 صفحه15 (باب الترغيب في السواك)' والدارمي: الوضوء جلد1صفحه184' وأحمد: المسند جلد6 صفحه35 رقم الحديث: 24258 .

277- اخرجه البخاري: الأحكام جلد13صفحه204 رقم الحديث: 7199-7200' ومسلم: الامارة جلد3 صفحه1470 بلفظ بايعنا رسول الله ﷺ على السمع والطاعة......' واخرجه أحمد: المسند جلد5صفحه377 رقم الحديث: 22802 بلفظ عليك السمع والطاعة في عسرك ويسرك و...... .

مَنْشَطِكُمْ ومَكْرَهِكُمْ، وَاَثَرَةٍ عَلَيْكُمْ، وَلَا تُنَازِعُوا الْاَمْرَ اَهْلَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ حَسَّانَ الْكَلْبِيِّ اِلَّا اَبُو شُرَيْحٍ

یہ حدیث سہیل بن حسان الکلبی سے ابوشریح ہی روایت کرتے ہیں۔

278 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، عَنْ اَبِي سِنَانٍ ضِرَارِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي الْهُذَيْلِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ جَهَنَّمَ لَمَّا سِيقَ اِلَيْهَا اَهْلُهَا، تَلَقَّتْهُمْ، فَلَفَحَتْهُمْ لَفْحَةً، لَمْ تَدَعْ لَحْمًا عَلَى عَظْمٍ اِلَّا اَلْقَتْهُ عَلَى الْعُرْقُوبِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جہنم جب اپنے اہل کی طرف جائے گی تو ان کو ایک لقمہ میں چبالے گی' ہڈی پر گوشت کا ایک ٹکڑا بھی نہیں چھوڑے گی مگر اس کے موٹے پٹھے کو پھینک دے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي الْهُذَيْلِ اِلَّا اَبُو سِنَانٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ

یہ حدیث عبداللہ بن ابی الہذیل سے صرف ابوسنان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن سلیمان الاصبہانی اکیلے ہیں۔

279 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ رَجُلٍ مِنَ اَهْلِ الْمَدِينَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صدقۂ فطر ایک صاع کھجور یا ایک صاع جَو سے نکالتے تھے۔

278- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه392 .

279- أخرجه البخاري: الزكاة جلد 3صفحه432 رقم الحديث: 1504' ومسلم: الزكاة جلد 2صفحه677' وأبو داؤد: الزكاة جلد2صفحه114 رقم الحديث: 1611' والترمذي: الزكاة جلد3صفحه52 رقم الحديث: 676' والنسائي: الزكاة جلد 5صفحه35 (باب فرض زكاة رمضان على المسلمين دون المعاهدين)' وابن ماجة: الزكاة جلد1صفحه584 رقم الحديث: 1826' والدارمي: الزكاة جلد1صفحه480 رقم الحديث: 1661' ومالك في الموطأ: الزكاة جلد 1صفحه284 رقم الحديث: 52' وأحمد: المسند جلد 2صفحه138 رقم الحديث: 5783 بلفظ فرض رسول الله ﷺ زكاة الفطر...... .

يُقَالُ لَهُ: دَاوُدُ بْنُ عَطَاءٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُخْرِجُ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ إِلَّا ابْنُهُ

یہ حدیث حضرت لیث بن سعد سے صرف ان کا بیٹا ہی روایت کرتا ہے۔

280 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ ثَوْبَانَ، وَابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشَّهِيدُ لَا يَجِدُ أَلَمَ الْقَتْلِ، إِلَّا كَمَا يَجِدُ أَحَدُكُمْ مَسَّ الْقَرْصَةِ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شہید قتل ہونے کی اتنی درد پاتا ہے جتنی تم میں سے کوئی چیونٹی کے کاٹنے کی تکلیف پاتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ

یہ حدیث ابوقتادہ سے صرف اسی سند سے ہی مروی ہے اسے روایت کرنے میں عیسیٰ بن حماد اکیلے ہیں۔

281 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا هَانِءُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ حُمَيْدٍ الْمَهْرِيُّ، عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَرَأَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ بُنِيَ لَهُ قَصْرٌ فِي الْجَنَّةِ، وَمَنْ قَرَأَهَا عِشْرِينَ مَرَّةً بُنِيَ لَهُ قَصْرَانِ، وَمَنْ قَرَأَهَا ثَلَاثِينَ مَرَّةً بُنِيَ لَهُ ثَلَاثٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو قل ھو اللہ احد دس مرتبہ پڑھتا ہے اس کے لیے اس کے صدقے جنت میں ایک محل بنا دیا جاتا ہے جو بیس مرتبہ پڑھتا ہے اس کے لیے دو محل بنائے جاتے ہیں جو تیس مرتبہ پڑھتا ہے اس کے لیے تین محل بنا دیے جاتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ مُتَّصِلَ

یہ حدیث زہرہ بن معبد سے متصل الاسناد مروی

یہ حدیث یحییٰ بن عتیق سے صرف حماد بن زید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں فیض بن وثیق اکیلے ہیں۔

769 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا عَنْبَسَةُ الْاَعْوَرُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، وَسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ سِتَّةَ اَعْبُدٍ لَهُ عِنْدَ الْمَوْتِ، لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُمْ، فَاَقْرَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمْ، فَاَعْتَقَ اثْنَيْنِ، وَاَرَقَّ اَرْبَعَةً

حضرت عمران بن حصین اور سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے اپنی موت کے وقت چھ غلام آزاد کر دیئے حالانکہ اس کے پاس اس کے علاوہ اور کوئی مال نہیں تھا' تو نبی کریم ﷺ نے ان کے درمیان قرعہ اندازی فرمائی اور دو کو آزاد کر دیا اور چار کو غلام ہی رکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِي رَائِطَةَ الْاَعْوَرِ الْغَنَوِيِّ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ وَلَا قَالَ اَحَدٌ مِمَّا رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ: عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ اِلَّا عَنْبَسَةُ

یہ حدیث عنبسہ بن ابی رائطہ الاعور الغنوی سے صرف عبدالوہاب الثقفی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں فیض بن وثیق اکیلے ہیں' یہ حدیث کسی ایک نے بھی از حسن از سمرہ سوائے عنبسہ کے روایت نہیں کی۔

770 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

769- أخرجه الطبراني في الكبير جلد7صفحه774 رقم الحديث: 6934 .

770- أخرجه البخاري: الأنبياء جلد6صفحه572 رقم الحديث: 3460' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1207' وأبو داؤد: البيوع جلد 3صفحه278 رقم الحديث: 3488' والدارمي: الأشربة جلد 2صفحه156 رقم الحديث: 2104' وأحمد: المسند جلد1صفحه325 رقم الحديث: 2225 .

قَالَ: نا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي عَمْرَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُودَ، حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُومُ، فَبَاعُوهَا وَاَكَلُوا اَثْمَانَهَا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ یہود پر لعنت کرے! ان پر چربی حرام کی گئی تو انہوں نے اس کو فروخت کیا اور اس کے پیسے کھائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي عَمْرَةَ اِلَّا جَرِيرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ

یہ حدیث حبیب بن ابی عمرہ سے صرف جریر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں فیض بن وثیق اکیلے ہیں۔

771 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا خَلَفٌ قَالَ: نا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى يَوْمَ التَّرْوِيَةِ بِمِنًى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ترویہ کے دن منیٰ میں ظہر وعصر کی نماز (اکٹھی) پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عَبْثَرٌ

یہ حدیث اعمش سے صرف عبثر ہی روایت کرتے ہیں۔

772 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الذِّمَارِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا ذِئْبَانِ ضَارِيَانِ جَائِعَانِ، بَاتَا فِي زَرِيبَةِ غَنَمٍ اَغْفَلَهَا اَهْلُهَا، يَفْتَرِسَانِ وَيَاْكُلَانِ بِاَسْرَعَ فِيهَا فَسَادًا مِنْ حُبِّ الْمَالِ وَالشَّرَفِ فِي دِينِ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو بھوکے بھیڑیے جن کو بکریوں کے باڑے میں چھوڑا جائے اور وہ جلدی سے کھائیں تو وہ اتنا نقصان نہیں کریں گے جتنا مال اور عزت کا بھوکا انسان' مسلمان کے دین میں نقصان کرتا ہے۔

771- اخرجه ابن ماجة: المناسك جلد2صفحه999 رقم الحديث: 3004 .

772- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه253 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ الذِّمَارِيُّ

یہ حدیث سفیان سے صرف عبدالملک الذماری ہی روایت کرتے ہیں۔

773 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ مِقْسَمٍ الضَّبِّيِّ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا، وَلَكِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيلُ اللّٰهِ وَأُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ، لِكُلِّ حَرْفٍ مِنْهَا ظَهْرٌ وَبَطْنٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو میں ابوبکر کو خلیل بناتا' لیکن تمہارے صاحب اللہ کے خلیل ہیں اور قرآن پاک سات قرأتوں میں نازل ہوا ہے اور ہر قرأت کا ایک ظاہر اور ایک باطن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُغِيرَةَ إِلَّا جَرِيرٌ

یہ حدیث مغیرہ سے صرف جریر ہی روایت کرتے ہیں۔

774 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: بُعِثَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ثَمَانِيَةِ آلَافِ نَبِيٍّ، مِنْهُمْ أَرْبَعَةُ آلَافٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کو مبعوث کیا گیا آٹھ ہزار نبیوں کے بعد' اُن آٹھ ہزار میں سے چار ہزار بنی اسرائیل کے نبی تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُهَاجِرِ بْنِ

یہ حدیث از صفوان بن سلیم از یزید الرقاشی صرف ابراہیم بن مہاجر بن مسمار ہی روایت کرتے ہیں' اسے

773- أخرجه الطبراني في الكبير جلد10صفحه129-130 رقم الحديث: 10107' وأبو يعلى جلد9 صفحه 80' أخرجه البزار جلد 3صفحه90' وابن حبان في صحيحه جلد 1صفحه146 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه155 .

774- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه213 .

مِسْمَارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ. وَرَوَاهُ زِيَادُ بْنُ سَعْدِ بْنِ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ أَنَسٍ

روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں اور زیاد بن سعد بن صفوان بن سلیم' انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔

775 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ أَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَطَاءٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ: جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ نَائِمٌ فِي التُّرَابِ، فَقَالَ: إِنَّ أَحَقَّ أَسْمَائِكَ أَبُو تُرَابٍ، أَنْتَ أَبُو تُرَابٍ

حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ تشریف لائے' اس حالت میں کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ زمین پر محوِ آرام تھے' آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے ناموں میں ابوتراب سب سے زیادہ بہتر ہے' تو ابوتراب ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ. تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث ابوطفیل سے اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن صالح اکیلے ہیں۔

776 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرٍو ذِي مُرٍّ، عَنْ عَلِيٍّ، فِي قَوْلِهِ: (الَّذِينَ بَدَّلُوا نِعْمَةَ اللَّهِ كُفْرًا وَأَحَلُّوا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ) (ابراهيم: 28) الْآيَةَ قَالَ: نَزَلَتْ فِي الْأَفْخَرَانِ مِنْ قُرَيْشٍ: بَنِي مَخْزُومٍ، وَبَنُو أُمَيَّةَ، فَأَمَّا بَنُو مَخْزُومٍ فَقَطَعَ اللَّهُ دَابِرَهُمْ يَوْمَ بَدْرٍ، وَأَمَّا بَنُو أُمَيَّةَ فَمُتِّعُوا إِلَى حِينٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اللہ عزوجل کے اس ارشاد "اَلَّذِیْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ" (ابراہیم:۲۸) کی تفسیر فرمائی کہ یہ آیت قریش میں فخر کرنے والے دو قبائل بنی مخزوم اور بنوامیہ کے متعلق نازل ہوئی' بہر حال رہے بنومخزوم تو اللہ عزوجل نے بدر کے دن ان کی جڑ ہی کاٹ دی اور جو بنوامیہ ہیں ان کو ایک زمانہ تک مہلت دی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُطَرِّفٍ إِلَّا صَالِحُ بْنُ عُمَرَ. تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث مطرف سے صالح بن عمر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سعید بن سلیمان اکیلے ہیں۔

775- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه104 .

776- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه47 .

777 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ شَطْرًا مِنْ اِمَارَتِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منیٰ میں دو رکعتیں ادا کیں اور حضرت ابوبکر وعمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم ابھی اپنے دورِ حکومت میں منیٰ میں دو دو رکعتیں ادا کرتے رہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، وَعَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے صرف ابوخالد الاحمر اور عبدہ بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

778 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ: نا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولَ اللّٰهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ مُوقِنًا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے لا الٰہ الا اللہ صدقِ دل سے پڑھ لیا' وہ جنت میں داخل ہوگیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْقَوَارِيرِيُّ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے صرف قزعہ بن سوید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں قواریری اکیلے ہیں۔

779 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ترویہ سے ایک دن پہلے فرمایا: ہم ان شاء اللہ کل خیف الایمن کے مقام پر اُتریں گے' جہاں

777- أخرجه البخاري: الحج جلد 3 صفحه 595 رقم الحديث: 1655' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 482' والنسائي: تقصير الصلاة جلد 3 صفحه 98 (باب الصلاة بمنى)' والدارمي: الصلاة جلد 1 صفحه 423 رقم الحديث: 1506 .

778- أخرجه الترمذي رقم الحديث: 3590 . وانظر: الترغيب والترهيب للمنذري جلد 2 صفحه 414 رقم الحديث: 7 . انظر: الدر المنثور للحافظ السيوطي جلد 6 صفحه 62 .

779- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 61 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 253 .

وَمُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ التَّرْوِيَةِ بِيَوْمٍ: مَنْزِلُنَا غَدًا، اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، بِالْخَيْفِ الْاَيْمَنِ، حَيْثُ اسْتَقْسَمَ الْمُشْرِكُونَ عَلَى الْكُفْرِ

مشرکین نے کفر پر قسمیں کھائی تھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ اِلَّا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ

یہ حدیث سفیان بن حسین سے صرف عباد بن عوام ہی روایت کرتے ہیں۔

780 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ الصَّفَّارُ قَالَ: سَمِعْتُ مَرْزُوقَ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامِيَّ، يُحَدِّثُ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ نَاشِءٍ يَنْشَأُ فِي الْعِبَادَةِ حَتَّى يُدْرِكَهُ الْمَوْتُ، اِلَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ اَجْرَ تِسْعَةٍ وَتِسْعِينَ صِدِّيقًا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو عبادت میں پلا بڑھا اور جس کو عبادت کرتے ہوئے موت آئی' اللہ عزوجل اُسے ننانوے صدیقوں کا ثواب عطا فرمائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا مَرْزُوقٌ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث مکحول سے صرف مرزوق ابوعبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

781 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْقَاضِي قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ حَكِيمٍ الْحَبَطِيُّ الْبَصْرِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سُلَيْكٍ الْغَطَفَانِيِّ قَالَ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، اِذْ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، فَجَلَسْتُ، فَقَالَ: هَلْ رَكَعْتَ الرَّكْعَتَيْنِ؟ قُلْتُ: لَا. قَالَ: فَارْكَعْهُمَا

حضرت سلیک الغطفانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس دوران کہ رسول اللہ ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے' اچانک میں مسجد میں آیا اور بیٹھ گیا' آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تُو نے دو رکعت ادا کی ہیں؟ میں نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: دو رکعت ادا کر۔

780- اخرجه الطبرانی فی الكبير جلد8صفحه152-153 . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه273 .

781- اخرجه مسلم: الجمعة جلد2صفحه597' وأبو داؤد: الصلاة جلد1صفحه291 رقم الحديث: 1117 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ حَكِيمٍ إِلَّا دَاوُدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْقَاضِي

یہ حدیث زکریا بن حکیم سے صرف داؤد بن منصور القاضی ہی روایت کرتے ہیں۔

782 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: يَا عَائِشَةُ، هَذَا جِبْرِيلُ يَقْرَأُ عَلَيْكِ السَّلَامَ. فَقُلْتُ: وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ، فَذَهَبْتُ تَزِيدُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِلَى هَذَا انْتَهَى السَّلَامُ. فَقَالَ: رَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے عائشہ! یہ جبریل ہیں تجھے سلام کہتے ہیں۔ میں نے عرض کی: وعلیک السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میں زیادہ کرنے لگی تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بس سلام اتنا ہی ہوتا ہے۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: "رَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ"۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ إِلَّا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ

یہ حدیث علاء بن میتب سے صرف عباد بن عوام ہی روایت کرتے ہیں۔

783 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ ابْنِ آدَمَ يَبْلَى، إِلَّا عَجْبُ الذَّنَبِ، وَفِيهِ يُرَكَّبُ الْخَلْقُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی کا سارا بدن گل سڑ کر خاک ہو جائے گا مگر ریڑھ کی ہڈی اس میں وہ قیامت کے دن سوار ہو کر آئے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث منصور بن ابی اسود سے صرف سعید بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

782- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه36-37 .

783- اخرجه مسلم: الفتن جلد4صفحه2271' وابو داؤد: سننه جلد4صفحه236 رقم الحديث: 4743' والنسائی: الجنائز جلد4صفحه88 (باب أرواح المؤمنين)' ومالك فی الموطأ: الجنائز جلد 1صفحه239 رقم الحديث: 48' وأحمد: المسند جلد2صفحه431 رقم الحديث: 8303 .

784 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا اَبُو اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى الطَّائِفِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَبِيَدِهِ كِتَابٌ، فَقَالَ: لَاُعْطِيَنَّ هَذَا الْكِتَابَ رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، قُمْ يَا عُثْمَانُ بْنَ اَبِي الْعَاصِ . فَقَامَ عُثْمَانُ بْنُ اَبِي الْعَاصِ، فَدَفَعَهُ اِلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوئے اور آپ کے ہاتھ میں کتاب تھی' آپ نے فرمایا: میں یہ کتاب اس آدمی کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوگا اور اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتے ہوں گے' اے عثمان بن ابی العاص! کھڑا ہو۔ تو حضرت عثمان بن ابی العاص کھڑے ہوئے تو آپ نے ان کو وہ کتاب عطا کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ اِلَّا اَبُو اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ

یہ حدیث مقبری سے صرف ابوامیہ بن یعلیٰ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں فیض بن وثیق اکیلے ہیں۔

785 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ قَالَ: نا اَبُو اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمْرِو بْنِ جُدْعَانَ: اِذَا اشْتَرَيْتَ نَعْلًا فَاسْتَجِدْهَا، وَاِذَا اشْتَرَيْتَ ثَوْبًا فَاسْتَجِدْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمرو بن جدعان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جب تُو جوتی خریدے تو اسے پہن کر پرانا کر اور جب تُو کپڑا خریدے تو اسے پہن کر پرانا کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ اِلَّا اَبُو اُمَيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ

یہ حدیث سعید المقبری سے صرف ابوامیہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں فیض بن وثیق اکیلے ہیں۔

786 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: نا عِيسَى بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ موزوں پر مسح کر

784- وانظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه374 .

785- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه112 .

786- أخرجه ابن ماجة: الطهارة جلد1صفحه182 رقم الحديث: 548 . وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه260 .

مَيْمُون، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْمُوقَيْنِ

رہے تھے۔

787 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَلْمُ بْنُ قَادِمٍ قَالَ: نا هَاشِمُ بْنُ عِيسَى الْبُرِّيّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا نَظَرَ وَجْهَهُ فِي الْمِرْآةِ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي سَوَّى خَلْقِي فَعَدَلَهُ، وَصَوَّرَ صُورَةَ وَجْهِي فَحَسَّنَهَا، وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب اپنا چہرہ شیشے میں دیکھتے تو آپ یہ دعا پڑھتے: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ سَوّٰى خَلْقِىْ فَعَدَلَهٗ، وَصَوَّرَ صُوْرَةَ وَجْهِىْ فَحَسَّنَهَا، وَجَعَلَنِىْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا الْحَارِثُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا عَنِ الْحَارِثِ إِلَّا هَاشِمُ بْنُ عِيسَى. تَفَرَّدَ بِهِ: سَلْمُ بْنُ قَادِمٍ

یہ حدیث زہری سے صرف حارث بن مسلم اور حارث سے صرف حاتم بن عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سلم بن قادم اکیلے ہیں۔

788 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ أَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ ابْنَةَ غَيْلَانَ، أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: إِنِّي لَا أَقْدِرُ عَلَى الطُّهْرِ، أَفَأَتْرُكُ الصَّلَاةَ؟ فَقَالَ: لَيْسَتْ تِلْكَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ غیلان کی بیٹی نبی کریم ﷺ کے پاس آئی اور عرض کی: میں پاکی پر قادر نہیں ہوں تو کیا میں نماز کو چھوڑ دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ حیض کی حالت نہیں ہے بلکہ یہ ایک رگ ہے' جب حیض کے دن ختم ہو جائیں تو خون کو صاف کر' پھر غسل کر اور نماز پڑھ۔

787- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه142 .

788- أخرجه البخاري: الحيض جلد1صفحه487 رقم الحديث: 306' ومسلم: الحيض جلد1صفحه262' وأبو داؤد: الطهارة جلد1صفحه72 رقم الحديث: 282' والترمذي: الطهارة جلد1صفحه217 رقم الحديث: 125' وابن ماجة: الطهارة جلد1صفحه203 رقم الحديث: 621' ومالك في الموطأ: الطهارة جلد1صفحه61 رقم الحديث: 104' وأحمد: المسند جلد6صفحه218 رقم الحديث: 25677 .

بِالْحَيْضَةِ، إِنَّمَا ذَلِكَ عِرْقٌ، فَإِذَا ذَهَبَ قُرْءُ الْحَيْضِ فَارْتَفِعِي عَنِ الدَّمِ، ثُمَّ اغْتَسِلِي وَصَلِّي

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، وَلَا عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ إِلَّا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث از زہری از قاسم صرف محمد بن اسحاق اور ابن اسحاق سے صرف عمرو بن ہاشم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن صالح اکیلے ہیں۔

789 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْجَنْبِيُّ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے' وہ شہید ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا حَجَّاجٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ

یہ حدیث قتادہ سے صرف حجاج ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابو مالک الجنبی اکیلے ہیں۔

790 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأَخْنَسِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قبلہ مشرق اور مغرب کے درمیان ہے۔

789- أخرجه البخاري: المظالم رقم الحديث: 2480' ومسلم: الايمان جلد 1صفحه124' والترمذي: الديات جلد 4 صفحه 29 رقم الحديث: 1419' والنسائي: تحريم الدم جلد 7صفحه105 (باب من قتل دون ماله)' واحمد: المسند جلد2صفحه295 رقم الحديث:7072 .

790- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد2صفحه173 رقم الحديث: 344' وابن ماجة: الاقامة جلد 1صفحه323 رقم الحديث: 1011' والنسائي: الصيام جلد 4صفحه137-143 (باب ذكر الاختلاف على محمد بن أبي يعقوب......) .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث عثمان بن محمد سے صرف عبداللہ بن جعفر ہی روایت کرتے ہیں۔

791 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: نا اَبُو كُرْزٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كُرْزٍ الْقُرَشِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دِيَةُ الذِّمِّيِّ دِيَةُ الْمُسْلِمِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ذمی کی دیت مسلمان کی دیت کی طرح ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا اَبُو كُرْزٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ

یہ حدیث نافع سے صرف ابوکرز ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن جعدا کیلے ہیں۔

792 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عَمْرِو بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ: (وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِنَ الْاَعْرَابِ مُنَافِقُونَ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِينَةِ مَرَدُوا عَلَى النِّفَاقِ لَا تَعْلَمُهُمْ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ سَنُعَذِّبُهُمْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّونَ اِلَى عَذَابٍ عَظِيمٍ) (التوبة: 101) قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ جُمُعَةٍ خَطِيبًا، فَقَالَ: قُمْ يَا فُلَانُ فَاخْرُجْ، فَاِنَّكَ مُنَافِقٌ، اخْرُجْ يَا فُلَانُ، فَاِنَّكَ مُنَافِقٌ، فَاَخْرَجَهُمْ بِاَسْمَائِهِمْ، فَفَضَحَهُمْ، وَلَمْ يَكُنْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ شَهِدَ تِلْكَ الْجُمُعَةَ لِحَاجَةٍ كَانَتْ لَهُ، فَلَقِيَهُمْ عُمَرُ وَهُمْ يَخْرُجُونَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَاخْتَبَاَ مِنْهُمُ اسْتِحْيَاءً اَنَّهُ لَمْ يَشْهَدِ الْجُمُعَةَ، وَظَنَّ اَنَّ النَّاسَ قَدِ انْصَرَفُوا،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِنَ الْاَعْرَابِ مُنَافِقُونَ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِينَةِ.....اِلٰی آخرہٖ '' (التوبہ:۱۰۱) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے اور فرمایا: اے فلاں! اُٹھ اور نکل جا کہ تُو منافق ہے' اے فلاں! نکل کہ تُو بھی منافق ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نام لے کر اُن کو نکالا اور اُن کو رسوا کیا' اس جمعہ کو حضرت عمر بن خطاب موجود نہیں تھے' کسی کام کے لیے گئے ہوئے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ملاقات اُس سے اس حالت میں ہوئی کہ وہ مسجد سے نکل رہے تھے' آپ اُن سے چھپے یہ حیاء کرتے ہوئے کہ وہ جمعہ میں حاضر نہیں تھے اور خیال کیا کہ لوگ فارغ ہو کر نکل رہے ہیں۔ اور وہ منافق حضرت عمر سے چھپنے لگے کہ انہوں نے گمان کیا کہ آپ کو ان کے معاملے کا علم ہو گیا'

791- اخرجه الدارقطني في كتاب الحدود والديات جلد 3 صفحه 145 ـ انظر: لسان الميزان جلد 3 صفحه 311 ـ انظر: تنزيه الشريعة المرفوعة للكناني جلد 2 صفحه 226 ـ

792- انظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 37 ـ

وَاخْتَبَئُوا هُمْ مِنْ عُمَرَ، وَظَنُّوا اَنَّهُ قَدْ عَلِمَ بِاَمْرِهِمْ، فَدَخَلَ عُمَرُ الْمَسْجِدَ، فَإِذَا النَّاسُ لَمْ يَنْصَرِفُوا. فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: اَبْشِرْ يَا عُمَرُ، فَقَدْ فَضَحَ اللّٰهُ الْمُنَافِقِينَ الْيَوْمَ، فَهَذَا الْعَذَابُ الْاَوَّلُ، وَالْعَذَابُ الثَّانِي عَذَابُ الْقَبْرِ

پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ صحابہ کرام نہیں گئے ہیں' ایک آدمی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کی: اے عمر! خوشخبری ہو! اللہ عزوجل نے منافقوں کو رسوا کیا ہے' آج یہ پہلا عذاب ہے' دوسرا عذاب اُن کو قبر میں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السُّدِّيِّ إِلَّا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ

یہ حدیث سدی سے صرف اسباط بن نصر ہی روایت کرتے ہیں۔

793 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، يُحَدِّثُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَلَفَ اَحَدُكُمْ عَلَى يَمِينٍ، فَرَاَى خَيْرًا مِنْهَا، فَلْيَاْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ، وَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِينِهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی کام پر قسم اُٹھالے پھر اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے تو اس کو اختیار کرے جو بہتر ہو اور اپنی قسم کا کفارہ دیدے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ إِلَّا مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث سلیمان التیمی سے صرف معتمر ہی روایت کرتے ہیں۔

794 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ: نَا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْكِرْمَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الْوُضُوءُ مِنْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کو وضو ڈھانپے ہوئے مٹکے سے زیادہ پسند ہے یا مطاہر سے؟ آپ نے فرمایا: مطاہر سے' بے شک اللہ کا دین ہر باطل سے الگ تھلگ آسان

793- اخرجه البخاري: كفارات الأيمان جلد11صفحه616' ومسلم: الأيمان جلد3صفحه1273' وأبو داؤد الأيمان والنذور جلد 3صفحه226 رقم الحديث: 3277' والترمذي: النذور والأيمان جلد4صفحه106 رقم الحديث: 1529' والنسائي: الايمان والنذور جلد 7صفحه10 (باب الكفارة بعد الحنث)' والدارمي: نذور جلد2صفحه244 رقم الحديث: 2346' واحمد: المسند جلد5صفحه77 رقم الحديث: 20654 .

794- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه217 .

جَرٌ جَدِيدٍ مُخَمَّرٍ اَحَبُّ اِلَيْكَ اَمْ مِنَ الْمَطَاهِرِ؟ فَقَالَ: لَا، بَلْ مِنَ الْمَطَاهِرِ، اِنَّ دِينَ اللّٰهِ الْحَنِيفِيَّةُ السَّمْحَةُ. قَالَ: وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْعَثُ اِلَى الْمَطَاهِرِ، فَيُؤْتَى بِالْمَاءِ، فَيَشْرَبُهُ، يَرْجُو بَرَكَةَ اَيْدِي الْمُسْلِمِينَ

ہے۔اور رسول اللہ ﷺ پاک پانی لینے کیلئے بھیجتے تھے تو آپ کے پاس پانی لایا جاتا' آپ اس سے نوش فرماتے' مسلمانوں کے ہاتھ برکت کی اُمید رکھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ اِلَّا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث عبدالعزیز بن ابی روّاد سے صرف حسان بن ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

795 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الرِّجَالِ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ ثَابِتٌ الْاَعْرَجُ: اَخْبَرَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَزَالُ هٰذِهِ الْاُمَّةُ بِخَيْرٍ مَا اِذَا قَالَتْ صَدَقَتْ، وَاِذَا حَكَمَتْ عَدَلَتْ، وَاِذَا اسْتُرْحِمَتْ رَحِمَتْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: یہ اُمت ہمیشہ بھلائی میں رہے گی جب تک سچی بات کرے اور جب انصاف طلب کیا جائے تو عدل کرے اور جب رحم طلب کیا جائے تو رحم کرے۔

لَمْ يَرْوِ ثَابِتٌ الْاَعْرَجُ عَنْ اَنَسٍ حَدِيثًا غَيْرَ هٰذَا، وَلَا رَوَاهُ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الرِّجَالِ

یہ حدیث حضرت انس کے علاوہ کسی سے روایت نہیں ہے اور ثابت سے صرف اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن ابی الرحال اکیلے ہیں۔

796 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يُونُسَ اَبُو مُسْلِمٍ الْمُسْتَمْلِي قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي حَيَّةَ قَالَ: حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) حکم دیا کہ میں ایک گواہ اور قسم کے ساتھ فیصلہ کروں۔

795- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه199 .

796- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه205 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَرَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنْ اَقْضِيَ بِالْيَمِينِ مَعَ الشَّاهِدِ

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ اللَّفْظَةَ فِي هَذَا الْحَدِيثِ اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَاهُ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ: اَمَرَنِي جِبْرِيلُ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي حَيَّةَ

ان الفاظ سے یہ حدیث کسی سے روایت نہیں ہے جنہوں نے جعفر بن محمد سے یہ روایت کی ہے کہ مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے حکم دیا' سوائے ابراہیم بن ابی حیہ کے۔

797 - وَاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَوْمُ الْاَرْبِعَاءِ يَوْمُ نَحْسٍ مُسْتَمِرٌّ

اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بدھ کے دن کو ہمیشہ سے نحوست والا شمار کیا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي حَيَّةَ

یہ حدیث جعفر بن محمد سے صرف ابراہیم بن ابی حیہ ہی روایت کرتے ہیں۔

798 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: نا اَبُو شَيْبَةَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ عِشْرِينَ رَكْعَةً سِوَى الْوِتْرِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ رمضان المبارک میں بیس رکعت تراویح ادا کرتے تھے وتروں کے سوا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا اَبُو شَيْبَةَ وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حکم سے صرف ابوشیبہ ہی روایت کرتے ہیں' حضرت ابن عباس سے یہ حدیث اسی سند سے مروی ہے۔

799 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے بطن

798- اخرجه البيهقي في الكبرى جلد 2صفحه496' وابن عدي في الكامل جلد 1صفحه240 . وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه175 .

799- اخرجه البخاري: الأيمان والنذور جلد 11صفحه579 رقم الحديث: 6688' ومسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1612' والترمذي: المناقب جلد5صفحه595' ومالك في الموطأ: صفة النبي جلد 2صفحه927 رقم الحديث:19 .

اَسْلَمَ الْعَدَوِیُّ قَالَ: نا یَزِیدُ بْنُ اَبِی مَنْصُورٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: رَاَی اَبُو طَلْحَةَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَاصِبًا بَطْنَهُ بِحَجَرٍ مِنَ الْجُوعِ، فَقَالَ: یَا اُمَّ سُلَیْمٍ، اِنِّی رَاَیْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَاصِبًا بَطْنَهُ بِحَجَرٍ مِنَ الْجُوعِ، فَاتَّخِذِی لَهُ طَعَامًا، فَاتَّخَذَتْ قُرْصًا مِثْلَ الْقَطَاةِ، فَدَعَا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْقُرْصَ، ثُمَّ اَتَتْ اُمُّ سُلَیْمٍ بِعُكَّةٍ، فَعَصَرَتْهَا مِثْلَ النَّوَاةِ مِنَ السَّمْنِ، وَاَدَمَ بِهَا الْقُرْصَ، ثُمَّ دَعَا فِیهِ بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ قَالَ: ادْعُ اَهْلَ الْمَسْجِدِ فَدَعَاهُمْ، فَاَكَلَ مِنْ ذٰلِكَ الْقُرْصِ سَبْعُونَ رَجُلًا، ثُمَّ اَكَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ فِی الْبَیْتِ، ثُمَّ بَعَثَ اِلَی اَزْوَاجِهِ مِنْ ذٰلِكَ، وَبَقِیَ اَكْثَرُ مَا كَانَ

اطہر پر بھوک کی وجہ سے پتھر بندھا ہوا دیکھا۔ انہوں نے کہا: اے اُم سلیم! میں نے رسول اللہ ﷺ کو بھوک کی وجہ سے پتھر باندھے ہوئے دیکھا ہے تو آپ ﷺ کے لیے کھانا تیار کر۔ پس حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے قطاہ کی طرح روٹی بنائی' پھر نبی کریم ﷺ کو دعوت دی گئی تو رسول اللہ ﷺ نے روٹی پکڑی' پھر حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا گھی کی ایک کپی لائیں تو آپ ﷺ نے اس سے روٹی پر نچوڑا اور اس کو روٹی پر مل دیا' پھر آپ نے برکت کی دعا کی' پھر فرمایا: مسجد والوں کو بلاؤ' ان کو بلایا گیا تو ستر آدمیوں نے وہ روٹی کھائی' پھر رسول اللہ ﷺ نے کھائی اور گھر والوں نے بھی کھائی' پھر آپ نے اپنی ازواج کی طرف بھی بھیجا اور باقی کھانا اس سے زیادہ تھا جو پہلے تھا۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ یَزِیدَ بْنِ اَبِی مَنْصُورٍ اِلَّا سَهْلُ بْنُ اَسْلَمَ

یہ حدیث یزید بن ابی منصور سے صرف سہل بن اسلم ہی روایت کرتے ہیں۔

800 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی الْحُلْوَانِیُّ قَالَ: نا عَتِیقُ بْنُ یَعْقُوبَ الزُّبَیْرِیُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِیهِ، وَعَنْ عَمِّهِ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ بَدَاَ بِـ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِیمِ) (الفاتحة: 1)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز شروع کرتے تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع کرتے تھے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ اِلَّا ابْنُ

یہ حدیث عبید اللہ سے صرف عبدالرحمٰن کے بھائی

800- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحہ112 .

اَخِيهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ

کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عتیق بن یعقوب اکیلے ہیں۔

801 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْخَصِيبِ بْنِ جَحْدَرٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَجُلًا، شَكَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُوءَ الْحِفْظِ، فَقَالَ: اسْتَعِنْ بِيَمِينِكَ عَلَى حِفْظِكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے کمزور حافظہ کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا: اپنے حافظہ کے لیے دائیں طرف سے مدد طلب کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي صَالِحٍ اِلَّا الْخَصِيبُ بْنُ جَحْدَرٍ

یہ حدیث ابوصالح سے صرف خصیب بن جحدر ہی روایت کرتے ہیں۔

802 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدُّولَابِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى قَبْرٍ بَعْدَ مَا دُفِنَ بِلَيْلَتَيْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ایک قبر پر نمازِ جنازہ پڑھی جبکہ اس کو دفن کیے ہوئے دو راتیں گزر چکی تھیں۔

لَمْ يَقُلْ اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَاهُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ: بِلَيْلَتَيْنِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ

جنہوں نے شیبانی سے روایت کیا' ان میں سے کسی نے بھی دو راتوں کا ذکر نہیں ہے' سوائے اسماعیل بن زکریا کے' اسے روایت کرنے میں محمد بن صباح اکیلے ہیں۔

803 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مَعْنُ بْنُ عِيسَى الْقَزَّازُ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ مال سرسبز و میٹھا ہے' جس نے اس کو حق سے لیا (یعنی حلال طریقے سے کمایا) اس

801- اخرجه الترمذی: العلم جلد5صفحه39 رقم الحديث: 2666 .

802- اخرجه البخاری: الجنائز جلد3صفحه246 رقم الحديث: 1340' ومسلم: الجنائز جلد2صفحه658 .

803- اخرجه البخاری: الجهاد جلد 6صفحه57 رقم الحديث: 2842' ومسلم: الزكاة جلد2صفحه728' واحمد: المسند جلد3صفحه111 رقم الحديث: 11871 .

اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ اَخَذَ بِحَقِّهِ فَنِعْمَ الْمَعُونَةُ هُوَ

نے اچھے طریقے سے لیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ اِلَّا مَعْنُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث حضرت مالک بن انس سے صرف معن بن عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

804 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ، حَاضَتْ بَعْدَمَا اَفَاضَتْ، فَاَمَرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَنْفِرَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا کو عرفات سے واپسی پر حیض آنا شروع ہو گیا تو نبی کریم ﷺ نے اُن کو وہاں سے نکلنے کا حکم دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ

یہ حدیث قتادہ سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں عباد بن عوام اکیلے ہیں۔

805 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا ابْنُ مَنْظُورٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي شُهُودِ الْعَتَمَةِ لَيْلَةَ الْاَرْبِعَاءِ، لَاَتَوْهَا وَلَوْ حَبْوًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ بدھ کی نمازِ عشاء میں شرکت کا ثواب کیا رکھا گیا ہے تو وہ ضرور گھٹنوں کے بل گھسٹتے ہوئے آئیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا زَكَرِيَّا بْنُ مَنْظُورٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ

اسے ہشام بن عروہ سے صرف زکریا بن منظور ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں عتیق بن یعقوب اکیلے ہیں۔

806 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ

حضرت قیس بن حازم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

804- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه284 .

805- اخرجه أحمد: المسند جلد6صفحه89 رقم الحديث:24560 . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه43 .

806- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه158-159 .

قَالَ: نـا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا الْمُنْذِرُ بْنُ زِيَادٍ الطَّائِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: حَضَرْتُ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ، أَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ إِنَّ هَذَا يُرِيدُ أَنْ يَأْخُذَ مَالِي كُلَّهُ فَيَجْتَاحُهُ، فَقَالَ لَهُ أَبُو بَكْرٍ: مَا تَقُولُ؟ قَالَ: نَعَمْ. فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنَّمَا لَكَ مِنْ مَالِهِ مَا يَكْفِيكَ، فَقَالَ: يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ، أَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنْتَ وَمَالُكَ لِأَبِيكَ؟ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: ارْضَ بِمَا رَضِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اُس نے عرض کی: اے رسول اللہ کے خلیفہ! یہ (آدمی) میرا سارا مال لینا چاہتا ہے' اس کو منع کریں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کو فرمایا: تم کیا کہتے ہو؟ اس نے عرض کی: ہاں! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کو فرمایا: تیرے لیے بطورِ کفایت مال لینا ہی بہتر ہے۔ اس نے عرض کی: اے رسول اللہ کے خلیفہ! کیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نہیں کہ تُو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو اُس پر راضی ہو جا جو اللہ عزوجل نے تیرے لیے پسند کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا الْمُنْذِرُ بْنُ زِيَادٍ

یہ حدیث اسماعیل بن ابی خالد سے صرف منذر بن زیاد ہی روایت کرتے ہیں۔

807 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ قَالَ: نا أَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا سَافَرَ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ حَتَّى يَرْجِعَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب سفر کر رہے ہوتے تو آپ واپسی تک قصر نماز (آدھی نماز) پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا أَبُو سَعِيدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ فُضَيْلٍ

یہ حدیث شعبہ سے صرف ابوسعید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوعبیدہ بن فضیل اکیلے ہیں۔

808 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ،

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے

807- اخرجه ابن أبي شيبة ففي مصنفه جلد2صفحه447 .

عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ كُلُّكُمْ، اِلَّا مَنْ اَبَى وشَرَدَ عَلَى اللّٰهِ شِرَادَ الْبَعِيرِ ، قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَنْ اَبَى اَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ؟ فَقَالَ: مَنْ اَطَاعَنِي دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ عَصَانِي دَخَلَ النَّارَ

قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! تم سارے جنت میں داخل ہو گے' مگر جس نے میرا انکار کیا اور جو اللہ کے حکم سے باہر ہو گیا ہے' اونٹ بھاگ جاتا ہے۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! کون ہے جو جنت میں داخل نہیں ہو گا' وہ انکاری کون ہے؟ فرمایا: جس نے میری اطاعت کی وہ جنت میں داخل ہوا اور جس نے میری نافرمانی کی وہ جہنم میں داخل ہوا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اِلَّا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ

یہ حدیث علاء بن میتب سے صرف خلف بن خلیفہ ہی روایت کرتے ہیں۔

809 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدُّولَابِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنَ الْحَقِّ عَلَى الْمُسْلِمِينَ الْغُسْلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَاَنْ يَتَطَيَّبَ الرَّجُلُ مِنْ طِيبِ اَهْلِهِ . قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَنْ لَمْ يَجِدْ طِيبًا؟ قَالَ: فَالْمَاءُ طِيبٌ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسلمانوں پر جمعہ کے دن غسل کرنا ضروری ہے اور یہ کہ آدمی گھر سے خوشبو لگا کر آئے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جو خوشبو نہ پائے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: تو پانی ہی خوشبو ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْبَرَاءِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَزِيدُ بْنُ اَبِي زِيَادٍ

یہ حدیث حضرت براء سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں یزید بن ابی زیادا کیلے ہیں۔

810 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ،

حضرت محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے اپنے والد سے عرض کی: رسول اللہ ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے زیادہ بہتر کون ہے؟ تو انہوں

809- اخرجه أحمد في المسند جلد4صفحه346 رقم الحديث: 18516 .

810- اخرجه البخاري في فضائل الصحابة جلد7صفحه24 رقم الحديث: 3671 .

وَالْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو، وَجَامِعِ بْنِ اَبِی رَاشِدٍ، وَمُحَمَّدِ بْنِ قَیْسٍ الْاَسَدِیِّ، وَاَبِی حَصِینٍ، عَنِ الْمُنْذِرِ الثَّوْرِیِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِیَّةِ قَالَ: قُلْتُ لِاَبِی: اَیُّ النَّاسِ خَیْرٌ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: اَبُو بَكْرٍ . قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ عُمَرُ"

نے فرمایا: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میں نے عرض کی: اس کے بعد کون؟ فرمایا: پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، وَالْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو، وَمُحَمَّدِ بْنِ قَیْسٍ، وَاَبِی حَصِینٍ اِلَّا مَنْصُورُ بْنُ دِینَارٍ، وَلَا عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا سَعِیدُ بْنُ سَالِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ یُونُسَ

یہ حدیث از اعمش از حسن بن عمرو اور محمد بن قیس' ابی حصین سے صرف منصور ہی روایت کرتے ہیں اور منصور سے صرف سعید بن سالم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں احمد بن یونس اکیلے ہیں۔

811 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی الْحُلْوَانِیُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِیمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَیْرِیُّ قَالَ: نا اَنَسُ بْنُ عِیَاضٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیزِ اللَّیْثِیِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُنْدَعِیِّ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ابْسُطْ ثَوْبَكَ ، فَبَسَطْتُهُ، فَحَدَّثَنِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَامَّةَ النَّهَارِ، ثُمَّ تَفَلَ فِی ثَوْبِی، ثُمَّ ضَمَمْتُ ثَوْبِی اِلَی بَطْنِی، فَمَا نَسِیتُ شَیْئًا بَعْدُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنا کپڑا بچھاؤ! سو میں نے کپڑا بچھایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے دن کے وقت بیان کیا' پھر آپ نے میرے کپڑے میں تھتکارا' پھر میں نے وہ کپڑا اپنے پیٹ سے چمٹالیا' اس کے بعد میں کوئی شی نہیں بھولا ہوں۔

لَمْ یَرْوِ عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُنْدَعِیُّ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ حَدِیثًا غَیْرَ هَذَا، وَتَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ

عمرو بن عبداللہ الجندعی' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس کے سوا کوئی روایت نہیں کرتے' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

812 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی الْحُلْوَانِیُّ

حضرت ابراہیم بن جریر رضی اللہ عنہ اپنے والد سے

811- انظر: مجمع الزوائد للحافظ الهیثمی جلد9صفحه365 .

812- انظر: مجمع الزوائد للحافظ الهیثمی جلد4صفحه49 .

قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، اَنَّهُ سَمِعَ اِبْرَاهِيمَ بْنَ جَرِيرٍ، يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ رَاَى حَيَّةً فَلَمْ يَقْتُلْهَا خَوْفًا مِنْهَا فَلَيْسَ مِنِّي

اور وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے سانپ دیکھا اور اس کو ڈر کی وجہ سے مارا نہیں تو اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَرِيرٍ اِلَّا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ

یہ حدیث ابراہیم بن جریر سے صرف داؤد بن عبدالجبار ہی روایت کرتے ہیں۔

813 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ اَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ قُطْبَةَ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَرْفَجَةَ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَجْرَ، ثُمَّ قَالَ: وُزِنَ اَصْحَابِي اللَّيْلَةَ، فَوُزِنَ اَبُو بَكْرٍ فَوَزَنَ، ثُمَّ وُزِنَ عُمَرُ فَوَزَنَ، ثُمَّ وُزِنَ عُثْمَانُ فَوَزَنَ

حضرت عرفجہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں فجر کی نماز پڑھائی' پھر آپ نے فرمایا: میرے صحابہ کا آج رات وزن کیا گیا' اس کے بعد ابوبکر کا وزن کیا گیا تو وہ بھاری ہو گیا' پھر عمر کا وزن کیا گیا تو وہ بھی بھاری ہو گیا' پھر عثمان کا وزن کیا گیا تو وہ بھی بھاری ہو گیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَرْفَجَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ اَبِي الْمُسَاوِرِ

یہ حدیث عرفجہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں عبدالاعلیٰ بن ابی المساور اکیلے ہیں۔

814 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، وَحُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: كُنْتُ رَدِيفَ اَبِي طَلْحَةَ، وَاِنَّ رُكْبَتَهُ تَمَسُّ رُكْبَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوطلحہ کے پیچھے سوار تھا' حضرت ابوطلحہ کے گھٹنے رسول اللہ ﷺ کے گھٹنوں کو چھو رہے تھے' آپ نے حج اور عمرہ کا احرام باندھا ہوا تھا۔

813- انظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي جلد9صفحه62 .

814- أخرجه البخاري: الجهاد جلد 6صفحه153 رقم الحديث: 2986' ومسلم في النكاح جلد 2صفحه1943 رقم الحديث: 1428' والنسائي في النكاح جلد 6صفحه107' واحمد: المسند جلد 3صفحه331 رقم الحديث: 13869 .

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَکَانَا یَصْرُخَانِ بِھِمَا جَمِیعًا، بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَۃِ

لَمْ یَرْوِ ھَذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَیُّوبَ، عَنْ حُمَیْدِ بْنِ ھِلَالٍ اِلَّا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث ایوب' حمید بن ھلال سے صرف عبیداللہ بن عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

815 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی الْحُلْوَانِیُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِیلُ بْنُ قَیْسٍ، عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیدٍ، عَنْ اَبِی الْحُبَابِ سَعِیدِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ: سَمِعَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَوْتًا ھَالَہُ، فَاَتَاہُ جِبْرِیلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَا ھَذَا الصَّوْتُ یَا جِبْرِیلُ؟ فَقَالَ: ھَذِہِ صَخْرَۃٌ ھَوَتْ مِنْ شَفِیرِ جَھَنَّمَ، مِنْ سَبْعِینَ عَامًا، فَھَذَا حِینَ بَلَغَتْ قَعْرَھَا، فَاَحَبَّ اللّٰہُ اَنْ یُسْمِعَکَ صَوْتَھَا، فَمَا رُئِیَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَلِکَ الْیَوْمِ ضَاحِکًا مِلْءَ فِیہِ، حَتَّی قَبَضَہُ اللّٰہُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک پتھر کے گرنے کی آواز سنی' اس کے بعد حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی بارگاہ میں آئے' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے جبریل! یہ کیسی آواز ہے؟ عرض کی: یہ ایک پتھر جہنم کے کنوئیں کے اندر ستر سال پہلے گرایا گیا تھا سو آج وہ اس کی آخری حد تک پہنچا ہے' اللہ عزوجل نے آپ کو وہ آواز سنانا پسند کی' تو رسول اللہ ﷺ کو اس کے بعد آپ کے وصال مبارک تک کبھی کھل کر مسکراتے ہوئے نہیں دیکھا گیا۔

816 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی الْحُلْوَانِیُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِیلُ بْنُ قَیْسٍ، عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیدٍ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ، عَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ فَلَا صَلَاۃَ اِلَّا رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب فجر طلوع ہو جائے تو فجر کی دو سنتوں کے علاوہ اور کوئی (نفل) نماز جائز نہیں۔

لَمْ یَرْوِ ھَذَیْنِ الْحَدِیثَیْنِ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیدٍ اِلَّا

یہ دونوں حدیثیں یحییٰ بن سعید سے صرف اسماعیل

815- انظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي جلد10صفحه392 .

816- انظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي جلد2صفحه122 .

اِسْمَاعِيلُ بْنُ قَيْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ

بن قیس ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں احمد بن عبدالصمد اکیلے ہیں۔

817 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ، يَذْكُرُ عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِخْرَاجِ بَنِي النَّضِيرِ مِنَ الْمَدِينَةِ، اَتَاهُ اُنَاسٌ مِنْهُمْ، فَقَالُوا: اِنَّ لَنَا دُيُونًا لَمْ تَحِلَّ، فَقَالَ: ضَعُوا وَتَعَجَّلُوا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے مدینہ منورہ سے بنونضیر کو نکالنے کا حکم دیا تو آپ کے پاس اُن میں سے کچھ لوگ آئے' اُنہوں نے عرض کی: ہمارے قرض ہیں جو آپ کے لیے حلال نہیں ہیں' آپ نے فرمایا: ان کو رکھو اور جلدی سے نکل جاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث عکرمہ سے صرف علی بن محمد بن طلحہ بن یزید بن رکانہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے والے مسلم بن خالد اکیلے ہیں۔

818 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ: نا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ عَلَى مُسَافِرٍ جُمُعَةٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسافر پر جمعہ نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ

یہ حدیث نافع سے صرف اُن کے بیٹے عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوبکر حنفی اکیلے ہیں۔

819 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

817- انظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي جلد4صفحه133 .

818- وأخرجه الدارقطني: سننه جلد2صفحه4 .

819- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2صفحه298-299 رقم الحديث: 435' وابن ماجة: اقامة الصلاة جلد 1 صفحه437 رقم الحديث:1374 .

قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي خَثْعَمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى بَعْدَ الْمَغْرِبِ سِتَّ رَكْعَاتٍ، لَمْ يَتَكَلَّمْ بَيْنَهُنَّ بِشَيْءٍ، عُدِلْنَ لَهُ عِبَادَةَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً

اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے مغرب کے بعد چھ رکعت نفل ادا کیے اور ان کے درمیان کوئی گفتگو نہیں کی تو اس کو بارہ سال کی عبادت کا ثواب دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ

یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے صرف عمر بن عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں زید بن حباب اکیلے ہیں۔

820 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ: نا فُرَاتُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِهِ: (وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِينَ) (التحريم: 4) قَالَ: نَزَلَتْ فِي اَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ

حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم' اللہ عزوجل کے اس ارشاد کی تفسیر ''وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِينَ'' میں فرماتے ہیں کہ اس سے حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما مراد ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ اِلَّا فُرَاتُ بْنُ السَّائِبِ

یہ حدیث میمون بن مہران سے صرف فرات بن سائب ہی روایت کرتے ہیں۔

821 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي هَوْذَةَ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ قَرْثَعٍ الضَّبِّيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سَلْمَانُ، اَتَدْرِي مَا

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے سلمان! تم جانتے ہو کہ جمعہ کیا ہے؟ یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا' میں نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول ہی زیادہ جانتے ہیں! آپ نے فرمایا: اس دن تمہارے ماں باپ آدم کو جمع کیا گیا تھا' پھر فرمایا: لیکن میں تم کو جمعہ کے متعلق بتاتا ہوں کہ جو جمعہ

820- انظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي جلد9صفحه55 .

821- اخرجه احمد: المسند جلد3صفحه100 رقم الحديث: 11774 .

الْجُمُعَةُ؟ ، ثَلاثَ مَرَّاتٍ، قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ. قَالَ: جُمِعَ اَبُوكُمْ آدَمُ ۔ ثُمَّ قَالَ: لٰكِنْ اَنَا اُحَدِّثُكُمْ عَنِ الْجُمُعَةِ: مَنْ اَتَى الْجُمُعَةَ، فَتَطَهَّرَ كَمَا اُمِرَ، ثُمَّ مَشَى اِلَى الْمَسْجِدِ، فَاَنْصَتَ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْ صَلَاتِهِ، كَانَتْ كَفَّارَةٌ لِمَا قَبْلَهَا مِنَ الْجُمَعِ

کے لیے آئے وہ پاکی حاصل کرے، جس طرح حکم ہے پھر مسجد کی طرف چلے اور اپنی نماز سے فارغ ہونے تک خاموش رہے تو اس کے گزشتہ جمعوں کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، وَجَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ

یہ حدیث منصور سے صرف عمرو بن ابی قیس اور جریر بن عبدالحمید ہی روایت کرتے ہیں۔

822 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَوْدِيُّ قَالَ: نا اَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ الْاَجْلَحُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ قَالَ: جَائَنَا كِتَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ مَوْتِهِ بِشَهْرٍ: اَلَا تَنْتَفِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بِاِهَابٍ وَلَا عَصَبٍ

حضرت عبداللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آپ کے وصال سے ایک ماہ پہلے خط آیا' اس میں یہ تھا کہ خبردار! تم مردار کی کھال اور پٹھوں سے نفع نہ اُٹھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ

یہ حدیث اشعث سے صرف عبداللہ بن ادریس ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عمرو بن محمد الناقد اکیلے ہیں۔

823 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمٍ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَقِيلِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِكُلِّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شے کا کوڑا کچرا ہوتا ہے' مسجد کا کوڑا بھی ہے: ''لَا وَاللّٰهِ' وَبَلٰى وَاللّٰهِ''۔

822- اخرجه أبو داؤد فى اللباس جلد4صفحه66 رقم الحديث: 4127' وابن ماجة فى اللباس جلد2صفحه1194 رقم الحديث: 3613 .

823- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه27 .

شَیْءٍ قُمَامَةً، وقُمَامَةُ الْمَسْجِدِ: لَا وَاللّٰهِ، وَبَلَی وَاللّٰهِ

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ الزُّهْرِیِّ اِلَّا عَقِیلٌ، وَلَا عَنْ عَقِیلٍ اِلَّا رِشْدِینُ

یہ حدیث زہری سے صرف عقیل اور عقیل سے صرف رشدین ہی روایت کرتے ہیں۔

824 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی الْحُلْوَانِیُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِیمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِیُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَی التَّیْمِیُّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِصَبِیٍّ، فَبَالَ عَلَیْهِ، فَنَضَحَهُ، وَاُتِیَ بِجَارِیَةٍ، فَبَالَتْ عَلَیْهِ، فَغَسَلَهُ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک بچہ لایا گیا' اس بچے نے آپ پر پیشاب کیا تو آپ نے اس پر پانی بہا دیا' اور آپ کی بارگاہ میں بچی لائی گئی تو اس نے آپ پر پیشاب کیا تو آپ نے اس کو دھویا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیهِ عَنْ جَدِّهِ اِلَّا اُسَامَةُ بْنُ زَیْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَی

یہ حدیث عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود صرف حضرت اسامہ بن زید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن موسیٰ اکیلے ہیں۔

825 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی الْحُلْوَانِیُّ قَالَ: نا الْحُسَیْنُ بْنُ اِدْرِیسَ قَالَ: نا سُلَیْمَانُ بْنُ اَبِی هَوْذَةَ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِی قَیْسٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: یُوشِكُ اَنْ یَقْرَاَ الْقُرْآنَ قَوْمٌ یَشْرَبُونَهُ كَشُرْبِهِمُ الْمَاءَ، لَا یُجَاوِزُ تَرَاقِیَهُمْ ، ثُمَّ وَضَعَ یَدَهُ عَلَی حَلْقِهِ، فَقَالَ: لَا یُجَاوِزُ هَاهُنَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہٗ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قریب ہے کہ ایسے لوگ قرآن پڑھیں گے کہ وہ اس کو پئیں گے جس طرح پانی پیا جاتا ہے' اُن کے حلق سے قرآن نیچے نہیں اُترے گا' پھر آپ نے اپنا ہاتھ اپنے حلق پر رکھا' فرمایا: یہاں سے نیچے نہیں اُترے گا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ اَبِی قَیْسٍ

یہ حدیث عطاء بن سائب سے صرف عمرو بن ابی قیس ہی روایت کرتے ہیں۔

824- انظر: مجمع الزوائد للحافظ الهیثمی جلد 1 صفحه 288 .

825- انظر: مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 235 .

826 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا مِهْرَانُ بْنُ اَبِى عُمَرَ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا فِى حَجَّتِهَا: اَجْرُكِ عَلَى قَدْرِ نَفَقَتِكِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے (مجھے) حج کے موقع پر فرمایا: ثواب تکلیف اُٹھانے کے مطابق ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا مِهْرَانُ

یہ حدیث سفیان سے صرف مہران ہی روایت کرتے ہیں۔

827 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا جَابِرُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ رِفَاعَةَ قَالَ: حَدَّثَنِى نُعَيْمُ بْنُ اَبِى هِنْدٍ الْاَشْجَعِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِى الْحَارِثُ الْاَعْوَرُ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ عَلِيِّ بْنِ اَبِى طَالِبٍ، اِذْ جَاءَ ابْنُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: مَرْحَبًا بِكَ يَا ابْنَ اَخِى، اِلَيَّ هَاهُنَا، فَاَقْعَدَهُ مَعَهُ، ثُمَّ قَالَ: اَمَا وَاللّٰهِ اِنِّى لَاَرْجُو اَنْ اَكُونَ اَنَا وَاَبُوكَ مِمَّنْ قَالَ اللّٰهُ: (وَنَزَعْنَا مَا فِى صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ) (الاعراف: 43) الْآيَةَ.

حضرت حارث اعور الہمدانی فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے پاس تھا کہ اچانک حضرت ابن طلحہ بن عبید اللہ آپ کے پاس آئے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے! تجھے یہاں میرے پاس آنے پر خوش آمدید! پس آپ نے اُنہیں اپنے پاس بٹھا لیا' پھر فرمایا: اللہ کی قسم! میں اُمید کرتا ہوں کہ میرے اور تیرے والد کے متعلق اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ "ہم ان کے سینوں سے کینہ نکال دیں گے" (الاعراف:۴۳)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نُعَيْمِ بْنِ اَبِى هِنْدٍ اِلَّا جَابِرُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ رِفَاعَةَ

یہ حدیث نعیم بن ابی ھند سے صرف جابر بن یزید بن رفاعہ روایت کرتے ہیں۔

828 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ قَالَ: نَا حَرَمِيُّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے لیے تین برتنوں میں کپڑے میں ڈھانپ

826- أخرجه البخارى فى العمرة جلد 3 صفحه 714 رقم الحديث: 1787، وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 49 رقم الحديث: 24214، والدارقطنى فى سننه جلد 2 صفحه 286 .

827- انظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمى جلد 9 صفحه 152 .

828- أخرجه الحاكم فى المستدرك جلد 4 صفحه 141 .

بْنُ عُمَارَةَ قَالَ: نَا الْحَرِيشُ بْنُ الْخِرِّيتِ، اَخُو الزُّبَيْرِ بْنِ الْخِرِّيتِ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنَّا نَضَعُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةَ آنِيَةٍ مُخَمَّرَةٍ: وَاحِدٌ لِوَضُوئِهِ، وَوَاحِدٌ لِسِوَاكِهِ، وَوَاحِدٌ لِشَرَابِهِ

کر رکھتی تھیں' ایک میں آپ کے وضو کے لیے پانی' ایک میں آپ کی مسواک اور ایک میں آپ کے پینے کا پانی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ اِلَّا الْحَرِيشُ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَرَمِيٌّ

یہ حدیث ابن ابی ملیکہ سے صرف حریش ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں حرمی اکیلے ہیں۔

829 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مَعْنٍ قَالَ: نَا اَبِي، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ حَصِينِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ: اسْتَدَانَتْ مَيْمُونَةُ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ مِائَةِ دِرْهَمٍ، فَقَالَ لَهَا اَهْلُهَا: اَتَسْتَدِينِينَ وَلَيْسَ عِنْدَكِ مَا تَقْضِي؟ فَقَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ ادَّانَ دَيْنًا وَهُوَ يُحَدِّثُ نَفْسَهُ بِقَضَائِهِ اَعَانَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ.

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ فرماتے ہیں کہ زوجۂ نبی کریم ﷺ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے تین سو درہم قرض لیے' ان کے گھر والوں نے ان کو کہا: کیا آپ قرض لیتی ہیں حالانکہ آپ قرض ادا کرنے کی طاقت نہیں رکھتیں۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جو اپنے دل سے قرض ادا کرنے کی خواہش رکھے اللہ اس کی ادائیگی میں اس کی مدد کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُبَيْدَةَ، وَجَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ

یہ حدیث اعمش سے صرف محمد بن ابی عبیدہ اور جریر بن عبدالحمید ہی روایت کرتے ہیں۔

830 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ

حضرت کعب الاحبار فرماتے ہیں کہ میں نے

829- اخرجه النسائي في البيوع جلد 7 صفحه 277 (باب التسهيل) . اخرجه ابن ماجة في الصدقات جلد 2 صفحه 805 رقم الحديث: 2408' والبيهقي في الكبرى جلد 5 صفحه 580 رقم الحديث: 10957' وابن حبان: موارد الظمآن رقم الحديث: 1157 .

830- اخرجه ابن جرير الطبري في تفسيره كما ذكره في الدر المنثور جلد 2 صفحه 258 .

قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: اَخْبَرَنِي رَجَاءُ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ اَبُو الْمِقْدَامِ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، عَنْ كَعْبِ الْاَحْبَارِ قَالَ: قُلْتُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: اِنِّي لَاَعْرِفُ قَوْمًا لَوْ نَزَلَتْ عَلَيْهِمْ هَذِهِ الْآيَةُ لَنَظَرُوا اِلَى يَوْمٍ نَزَلَتْ فِيهِ، فَاتَّخَذُوهُ عِيدًا، فَقَالَ عُمَرُ: اَيَّةُ آيَةٍ؟ فَقَالَ: (الْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ) (المائدة: 3) اِلَى آخِرِ الْآيَةِ. فَقَالَ عُمَرُ: اِنِّي لَاَعْرِفُ فِي اَيِّ يَوْمٍ اُنْزِلَتْ: (الْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ) (المائدة: 3) يَوْمَ جُمُعَةٍ، يَوْمَ عَرَفَةَ، وَهُمَا لَنَا عِيدَانِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے عرض کی کہ میں اپنی قوم کو پہچانتا ہوں وہ اس دن کو دیکھیں جس دن یہ آیت اُتری تو وہ اس دن کو عید بنالیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ کون سی آیت ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: ''اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ'' (المائدہ:۳)۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں جانتا ہوں کہ جس دن یہ آیت اُتری ہے یہ عرفہ کے دن بروزِ جمعہ اُتری ہے اور یہ دونوں دن ہمارے لیے عید ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ قَبِيصَةَ اِلَّا عُبَادَةُ بْنُ نُسَيٍّ، وَلَا عَنْ عُبَادَةَ اِلَّا رَجَاءٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ

یہ حدیث اسحاق بن قبیصہ سے عباد بن نسی سے روایت کرتے ہیں اور عبادہ سے صرف رجاء ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں زید بن حباب اکیلے ہیں۔

831 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الذِّمَارِيُّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بُزْرَجَ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ رُمَّانَةَ قَالَ: قَالَ وَبَرُ بْنُ عِيسَى الْخُزَاعِيُّ: قَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا بَنَيْتَ مَسْجِدَ صَنْعَاءَ، فَاجْعَلْهُ عَنْ يَمِينِ جَبَلٍ، يُقَالُ لَهُ: ضِينَ

حضرت وبر بن عیسیٰ الخزاعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تُو صنعاء کی مسجد بنائے تو اس کو پہاڑ کے دائیں جانب رکھنا اس کو ضین کہا جائے گا۔

لَا يَرْوِي هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَبَرِ بْنِ عِيسَى اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمَلِكِ الذِّمَارِيُّ

یہ حدیث وبر بن عیسیٰ سے صرف اسی سند سے مروی ہے اسے روایت کرنے میں عبدالملک الذماری اکیلے

831- انظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي جلد2 صفحه15 .

ہیں۔

832 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ مُوسَى الْخُتَّلِيُّ قَالَ: نا حَازِمُ بْنُ جَبَلَةَ، عَنْ اَبِي سِنَانٍ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي الْهُذَيْلِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ: مَنْ فَضَّلَ عَلَى اَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ فَقَدْ اَزْرَى عَلَى الْمُهَاجِرِينَ، وَالْاَنْصَارِ، وَاثْنَا عَشَرَ اَلْفًا مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر پر کسی ایک کو بھی اصحابِ رسول ﷺ میں سے فضیلت دی' اس نے مہاجرین و انصار اور بارہ ہزار اصحابِ محمد ﷺ پر زیادتی کی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي سِنَانٍ اِلَّا حَازِمُ بْنُ جَبَلَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَمَّارٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابوسنان سے صرف حازم بن جبلہ ہی روایت کرتے ہیں' حضرت عمار سے یہ اسی سند سے روایت ہے۔

833 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مُوسَى، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عُرَاةً، حُفَاةً ۔ فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاسَوْآتَاهُ، يَنْظُرُ بَعْضُنَا اِلَى بَعْضٍ؟ فَقَالَ: شُغِلَ النَّاسُ ۔ قُلْتُ: مَا شَغَلَهُمْ؟ قَالَ: نَشْرُ الصُّحُفِ، فِيهَا مَثَاقِيلُ الذَّرِّ، وَمَثَاقِيلُ الْخَرْدَلِ

حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: لوگوں کو قیامت کے دن ننگے بدن اور ننگے پاؤں اُٹھایا جائے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ ایک دوسرے کی شرمگاہ نہ دیکھیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس دن لوگوں کو اپنی اپنی پڑی ہوگی' عرض کی: یارسول اللہ! اس سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: اس دن ان کے صحیفے کھولے جائیں گے اور اس میں ان کا ذرّہ برابر عمل بھی لکھا ہوگا اور رائی کے دانے کے برابر عمل بھی لکھا ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث حضرت اُمِ سلمہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں سعید بن سلیمان اکیلے ہیں۔

832- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحہ56-57 .

834 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ بُكَيْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ الْبَصْرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَلْقَمَةُ بْنُ سُفْيَانَ الثَّقَفِيُّ قَالَ: كُنْتُ فِي الْوَفْدِ الَّذِينَ وَفَدُوا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ بِلَالٌ يَاْتِينَا بِفِطْرِنَا فِي رَمَضَانَ، وَنَحْنُ مُسْفِرُونَ، فَنَقُولُ: اَيْ بِلَالُ، اَفْطَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا جِئْتُ مِنْ عِنْدِهِ حَتَّى اَفْطَرَ، فَيَضَعُ يَدَهُ، فَيَاْكُلُ وَنَاْكُلُ، وَيَاْتِينَا بِسُحُورِنَا، وَاِنَّهُ لَيَكْشِفُ سِجْفَ الْقُبَّةِ لِنُبْصِرَ طَعَامَنَا

حضرت علقمہ بن سفیان ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس وفد میں شریک تھا جو وفد رسول اللہ ﷺ کے پاس گیا تھا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ ہمارے پاس رمضان میں افطاری لے کر آتے' اس حال میں کہ دن روشن ہوتا' ہم کہتے: اے بلال! رسول اللہ ﷺ نے روزہ افطار کرلیا ہے؟ وہ کہتے: ہاں! اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میں آپ ﷺ کے پاس سے اس حالت میں آیا ہوں کہ آپ نے روزہ افطار کرلیا تھا' سوانہوں نے اپنے ہاتھ سے کھانا شروع کیا تو ہم نے بھی کھانا شروع کر دیا' پھر وہ ہمارے پاس سحری لے کر آئے اس حالت میں ہم اپنے کھانے کو دیکھ رہے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلْقَمَةَ الثَّقَفِيِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث علقمہ ثقفی سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں ابراہیم بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

835 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قُدَامَةَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ الْجُمَحِيِّ، قَالَ: حَضَرْتُ الْحَجَّاجَ بْنَ يُوسُفَ يَضْرِبُ الْعَبَّاسَ بْنَ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ فِي اَمْرِ ابْنِ الزُّبَيْرِ، فَطَلَعَ اَبُوهُ سَهْلٌ فِي اِزَارٍ وَرِدَاءٍ، فَصَاحَ بِالْحَجَّاجِ: اَلَا تَحْفَظُ فِينَا وَصِيَّةَ رَسُولِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ:

حضرت قدامہ بن ابراہیم بن محمد بن حاطب جمحی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حجاج بن یوسف کے پاس تھا اور وہ عباس بن سہل بن الساعدی کو مار رہا تھا' حضرت ابن زبیر کے معاملے میں' تو ان کے باپ سہل ایک تہبند اور چادر میں آئے اور حجاج کے سامنے چیخ ماری' کہا: ہمارے معاملے میں رسول اللہ ﷺ کی وصیت تجھے یاد نہیں ہے؟ اس نے کہا: تمہارے معاملے میں رسول اللہ

834- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه155' واخرجه ايضًا البزار (كشف الأستار) جلد1صفحه466 .

835- اخرجه ايضًا الطبراني في الكبير جلد6صفحه255 رقم الحديث: 6028 . وانظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي جلد10صفحه39 .

وَمَا اَوْصَى رَسُولُ اللّٰهِ فِيكُمْ؟ قَالَ: اَوْصَى: اَنْ يُحْسَنَ اِلَى مُحْسِنِ الْاَنْصَارِ، وَيُعْفَى عَنْ مُسِيئِهِمْ فَاَرْسَلَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قُدَامَةَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُصْعَبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ مُصْعَبٌ

ﷺ کی کون سی وصیت ہے؟ فرمایا: آپ نے وصیت فرمائی کہ انصار کے محسن کے ساتھ نیکی کرنا اور ان کی برائیوں کو معاف کر دینا تو حجاج نے ان کو چھوڑ دیا۔

یہ حدیث قدامہ بن ابراہیم سے صرف عبداللہ بن مصعب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ان کے بیٹے مصعب اکیلے ہیں۔

836 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَيْرُ الْمَجَالِسِ اَوْسَعُهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بہترین مجالس وہ ہیں جو وسیع ہوتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ اِلَّا مُصْعَبُ بْنُ ثَابِتٍ

یہ حدیث عبداللہ بن ابی طلحہ سے صرف مصعب بن ثابت ہی روایت کرتے ہیں۔

837 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا اَبِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ عَلَى مَنْ تَحْرُمُ النَّارُ غَدًا؟ عَلَى كُلِّ هَيِّنٍ لَيِّنٍ سَهْلٍ قَرِيبٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی چیز کے متعلق نہ بتاؤں کہ جس سے کل (قیامت کے دن) جہنم کی آگ حرام ہو جائے؟ فرمایا: ہر نرمی و آسانی کرنے والے اور قریب کرنے والے پر (جہنم کی آگ حرام ہو جائے گی)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُصْعَبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے صرف عبداللہ بن مصعب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں

836- اخرجه ايضًا البزار (كشف الأستار) جلد2صفحه423' والحاكم جلد4صفحه269 . وانظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي جلد8صفحه62 .

837- اخرجه ايضًا ابو يعلى جلد3صفحه379 . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه78 .

ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

838 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الدَّرَاوَرْدِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا تَوَضَّاَ اَحَدُكُمْ لِلصَّلَاةِ، فَلَا يُشَبِّكْ بَيْنَ اَصَابِعِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز کے لیے وضو کرے تو وہ اپنی انگلیوں کے درمیان تشبیک نہ کرے (یعنی انگلیوں میں انگلیاں نہ ڈالے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ. وَرَوَاهُ النَّاسُ: عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہ حدیث محمد بن عجلان از والد خود از حضرت ابوہریرہ روایت کرتے ہیں اور اسے روایت کرنے میں الدراوردی اکیلے ہیں۔ دیگر محدثین نے از ابن عجلان از سعید مقبری از حضرت کعب بن عجرہ از نبی کریم ﷺ روایت کرتے ہیں۔

839 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا ابْنٌ لِمُنْذِرٍ: عُبَيْدُ اللّٰهِ، وَمُحَمَّدٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَحَبَّ اَنْ تَسُرَّهُ صَحِيفَتُهُ، فَلْيُكْثِرْ فِيهَا مِنَ الِاسْتِغْفَارِ

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ اس کے صحیفے اسے خوش کریں تو اس کو چاہیے کہ وہ کثرت سے استغفار کیا کرے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الزُّبَيْرِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ

یہ حدیث حضرت زبیر سے صرف اسی سند سے مروی ہے اسے روایت کرنے میں عتیق بن یعقوب اکیلے ہیں۔

840 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

838- اخرجه أيضًا ابن خزيمة فى صحيحه جلد1صفحه226' والحاكم فى المستدرك جلد1صفحه206 .

839- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه211 .

840- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه84 .

قَالَ: نا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَشْرَبُ فِي ثَلَاثَةِ اَنْفَاسٍ، اِذَا اَدْنَى الْإِنَاءَ اِلَى فِيهِ سَمَّى اللّٰهَ، فَاِذَا اَخَّرَهُ حَمِدَ اللّٰهَ، يَفْعَلُ بِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

رسول اللہ ﷺ پانی پیتے وقت تین سانس لیتے تھے جب برتن کو منہ کے قریب کرتے تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے اور جب منہ سے ہٹاتے تو الحمد للہ پڑھتے آپ ایسا تین مرتبہ کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ

یہ حدیث ابن عجلان سے صرف الدراوردی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں عتیق بن یعقوب اکیلے ہیں۔

841 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ، وَعَمِّهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، اَنَّ ابْنَ عُمَرَ، كَانَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ يَبْدَاُ بِـ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ) (الفاتحة: 1) فِي اُمِّ الْقُرْآنِ، وَفِي السُّورَةِ الَّتِي تَلِيهَا، وَيَذْكُرُ اَنَّهُ سَمِعَ ذٰلِكَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب نماز شروع کرتے تو الحمد سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے اور الحمد للہ پڑھنے کے بعد سورت ملانے سے پہلے بسم اللہ پڑھتے اور ذکر کرتے کہ انہوں نے یہ رسول اللہ ﷺ سے ایسے ہی سنا ہے۔

842 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَلِّمُ اَظْفَارَهُ، وَيَقُصُّ شَارِبَهُ، يَوْمَ الْجُمُعَةِ، قَبْلَ اَنْ يَرُوحَ اِلَى الصَّلَاةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جمعہ کی نماز کی طرف جانے سے پہلے اپنے ناخن اور اپنی مونچھیں کٹواتے تھے۔

841- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحہ112 .

842- اخرجه أيضًا البزار: كشف الأستار جلد1صفحہ299 . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحہ173 .

843 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ لَيُضِيءُ لِلَّذِينَ يَتَخَلَّلُونَ اِلَى الْمَسَاجِدِ فِي الظُّلَمِ بِنُورٍ سَاطِعٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو لوگ اندھیروں میں مسجدوں کی طرف جاتے ہیں اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان کو نور کے ساتھ روشن رکھے گا۔

844 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا جَاءَهُمُ الْمَطَرُ، فَسَالَتِ الْمَيَازِيبُ قَالَ: لَا مَحْلَ عَلَيْكُمُ الْعَامَ، اَيِ: الْجَدْبُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی عادت تھی کہ جب بارش آتی تو پرنالے بہہ پڑتے تو آپ فرماتے: تم پر اس سال خشک سالی نہیں ہوگی یعنی قحط سالی۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنِ الْاَغَرِّ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ قُدَامَةَ، تَفَرَّدَ بِهَا: عَتِيقٌ

یہ تمام احادیث اغر سے صرف ابراہیم بن قدامہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں عتیق اکیلے ہیں۔

845 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُؤَمَّلٍ الْمَخْزُومِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَيْصِنٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَحِمَ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِينَ. قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَالْمُقَصِّرِينَ. فَقَالَ: رَحِمَ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِينَ. قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَالْمُقَصِّرِينَ. قَالَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ اُن پر رحم فرمائے جو بال منڈواتے ہیں ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! جو بال کٹواتے ہیں (ان کے لیے بھی)؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ ان پر رحم فرمائے جو بال منڈواتے ہیں لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! جو بال کٹواتے ہیں (ان کے لیے بھی)؟ آپ ﷺ نے تیسری یا چوتھی مرتبہ فرمایا: اور

843- انظر: مجمع الزوائد جلد2 صفحه33 .

844- انظر: مجمع الزوائد جلد2 صفحه219 .

845- انظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه265 .

فِي الثَّالِثَةِ أَوْ فِي الرَّابِعَةِ: وَالْمُقَصِّرِينَ

بال کٹوانے والوں پر بھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُؤَمَّلِ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث عبداللہ بن مؤمل سے صرف سعید بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

846 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُؤَمَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي ذُبَابٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ابوہریرہ! ولیمہ کرو اگرچہ ایک بکری ہی کے ساتھ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي ذُبَابٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن ابی ذباب سے صرف عبداللہ بن مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔

847 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُؤَمَّلِ قَالَ: نا حُمَيْدٌ، مَوْلَى عَفْرَاءَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: قَدِمَ عَلَيْنَا أَبُو ذَرٍّ، فَأَخَذَ بِحَلْقَةِ بَابِ الْكَعْبَةِ، فَنَادَى بِصَوْتِهِ الْأَعْلَى، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا صَلَاةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّى تَغْرُبَ الشَّمْسُ، وَلَا صَلَاةَ بَعْدَ الْفَجْرِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، إِلَّا بِمَكَّةَ، إِلَّا بِمَكَّةَ.

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ تشریف لائے' انہوں نے کعبہ کے دروازے کو پکڑا اور بلند آواز سے آواز دی: اے لوگو! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ عصر کے بعد سورج کے غروب ہونے تک کوئی نماز نہیں ہے اور فجر کے طلوع ہونے کے بعد کوئی نماز نہیں مگر مکہ میں مگر مکہ میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا حُمَيْدٌ مَوْلَى عَفْرَاءَ، وَهُوَ حُمَيْدُ بْنُ قَيْسٍ الْأَعْرَجُ،

یہ حدیث قیس بن سعید سے صرف حمید مولیٰ عفراء ہی روایت کرتے ہیں' یہ حمید بن قیس اعرج ہیں' اسے

846- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه54 .

847- اخرجه ايضًا أحمد: المسند جلد 5صفحه165' وابن خزيمة في صحيحه جلد 4صفحه226' والدارقطني: سننه جلد 2صفحه265' والبيهقي الكبرى جلد2صفحه461 . وانظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي جلد 2 صفحه231 .

تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ الْمَخْزُومِيُّ

روایت کرنے میں عبداللہ بن مؤمل المخزومی اکیلے ہیں۔

848 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُؤَمَّلِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَيِّدِ الْعِلْمَ قُلْتُ: وَمَا تَقْيِيدُهُ؟ قَالَ: الْكِتَابُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علم قید کرو! میں نے عرض کی: علم قید کرنے کا کیا مطلب ہے؟ فرمایا: لکھنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ

یہ حدیث عطاء سے صرف عبداللہ بن مؤمل روایت کرتے ہیں۔

849 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُؤَمَّلِ قَالَ: نا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آبِ زم زم جس مقصد کے لیے پیا جاتا ہے وہ حاصل ہو جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف عبداللہ بن مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔

850 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ مَيْمُونٍ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ الْقُرَظِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخُلُقُ الْحَسَنُ يُذِيبُ الْخَطَايَا كَمَا يُذِيبُ الْمَاءُ الْجَلِيدَ، وَالْخُلُقُ السُّوءُ يُفْسِدُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اچھے اخلاق گناہوں کو اس طرح مٹا دیتے ہیں جس طرح پانی میل کو صاف کر دیتا ہے اور بُرے اخلاق اس طرح نیکیوں کو ضائع کر دیتے ہیں جس طرح سرکہ شہد کو ضائع کر دیتا ہے۔

848- اخرجه ايضًا الحاكم في المستدرك جلد 1 صفحه 106 . وانظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي جلد 1 صفحه 155 .

849- اخرجه ابن ماجة في المناسك جلد 2 صفحه 1018' واحمد: المسند جلد 3 صفحه 437 رقم الحديث: 14861 .

850- اخرجه ايضًا الطبراني في الكبير جلد 10 صفحه 388 . وانظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي جلد 8 صفحه 27 .

الْعَمَلَ كَمَا يُفْسِدُ الْخَلُّ الْعَسَلَ

851 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ مَيْمُونٍ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ، يَذْكُرُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا ذِئْبَانِ ضَارِيَانِ بَاتَا فِي غَنَمٍ، بِاَفْسَدَ لَهَا مِنْ حُبِّ ابْنِ آدَمَ الشَّرَفِ وَالْمَالِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو بھوکے بھیڑیے بکریوں کے ریوڑ میں اتنا نقصان نہیں کرتے جتنا عزت اور مال کا بھوکا انسان دین کا نقصان کرتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: عِيسَى بْنُ مَيْمُونٍ

یہ دونوں حدیثیں حضرت ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہیں اور ان دونوں سے روایت کرنے میں عیسیٰ بن میمون اکیلے ہیں۔

852 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُجَبَّرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اَمَامَكُمْ حَوْضًا كَمَا بَيْنَ جَرْبَاءَ وَاَذْرُحَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارے آگے اتنا لمبا حوض ہو گا جتنا جرباء اور اذرح کے درمیان فاصلہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ مُجَبَّرٍ اِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث ابن مجبر سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

853 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُجَبَّرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ سَعِيدِ

حضرت جمیل الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: اپنی سواریاں تین مسجدوں کی طرف چلاؤ: مسجد حرام' مسجد نبوی اور بیت

-851 انظر: الحافظ الهيثمی' مجمع الزوائد جلد10صفحه253 .

-852 اخرجه البخاری فی الرقاق جلد11صفحه472 رقم الحديث: 6577' ومسلم فی الفضائل جلد4صفحه1797 رقم الحديث: 2299 .

-853 اخرجه النسائی: الجمعة جلد3صفحه93 (ذكر الساعة التی يستجاب فيها الدعاء يوم الجمعة)' ومالك فی الموطا جلد1صفحه108 رقم الحديث: 16' واحمد: المسند جلد3صفحه114 رقم الحديث: 11889 .

الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، عَنْ حُمَیْلٍ الْغِفَارِیِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: لَا تُضْرَبُ الْمَطَایَا اِلَّا اِلَی ثَلَاثِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِی هَذَا، وَمَسْجِدِ بَیْتِ الْمَقْدِسِ

المقدس۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ زَیْدٍ، عَنِ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اِلَّا ابْنُ مُجَبَّرٍ . وَرَوَاهُ رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ وَغَیْرُهُ: عَنْ زَیْدٍ، عَنْ سَعِیدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ اَبِی بَصْرَةَ حُمَیْلِ بْنِ بَصْرَةَ

یہ حدیث از زید از مقبری از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ صرف ابن مجبر ہی روایت کرتے ہیں۔ روح بن قاسم وغیرہ نے از زید از سعید المقبری از ابی بصرہ حمیل بن بصرہ روایت کی ہے۔

854 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِیدٌ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ سُفْیَانَ بْنِ حُسَیْنٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ شَرِیكٍ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِیَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا سَقَی امْرَاَتَهُ الْمَاءَ اُجِرَ . قَالَ: فَقُمْتُ اِلَیْهَا، فَسَقَیْتُهَا مِنَ الْمَاءِ، وَاَخْبَرْتُهَا مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی جب اپنی بیوی کو پانی پلائے تو اس کو ثواب ملے گا۔ راویٔ حدیث فرماتے ہیں: میں اپنی بیوی کے پاس گیا اور میں نے اس کو پانی پلایا اور میں نے اس کو بتایا جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ سُفْیَانَ اِلَّا عَبَّادٌ

یہ حدیث سفیان سے صرف عباد ہی روایت کرتے ہیں۔

855 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِیدٌ، عَنْ عَبَّادٍ، عَنْ حُصَیْنٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عَدِیٍّ، اَنَّهُ کَانَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآیَةُ: (ثُمَّ لَمْ یَاْتُوا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ) (النور: 4) ، فَقُلْتُ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَتَّی

حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے جب یہ آیت نازل ہوئی: ''ثُمَّ لَمْ یَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ'' (النور:۴)۔ تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حتیٰ کہ وہ چار گواہ لائے ہیں حالانکہ وہ خائب و خاسر تو اپنی ضرورت پوری کر چکا ہو

854- واخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد 18 صفحه 258' واحمد: المسند جلد 4 صفحه 128 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 122 .

855- انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 15-16 .

يَأْتُوا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ؟ قَدْ قَضَى الْخَائِبُ حَاجَتَهُ. قَالَ: فَمَا قَامَ حَتَّى جَاءَ ابْنُ عَمِّهِ، أَخِي أَبِيهِ وَامْرَأَتُهُ مَعَهُ تَحْمِلُ صَبِيًّا، وَهِيَ تَقُولُ: هُوَ مِنْكَ، وَهُوَ يَقُولُ: لَيْسَ مِنِّي، فَأُنْزِلَتْ آيَةُ اللِّعَانِ. قَالَ: فَأَنَا أَوَّلُ مَنْ تَكَلَّمَ بِهِ، وَأَوَّلُ مَنِ ابْتُلِيَ بِهِ"

گا۔ فرمایا: وہ کھڑے نہیں ہوئے تھے یہاں تک کہ اس کا چچازاد اپنے باپ کے بھائی اور اس کی بیوی کو لے کر آیا' وہ اپنے ساتھ بچہ بھی اُٹھائے ہوئے تھے' وہ عورت کہہ رہی تھی کہ یہ بچہ اس کا ہے' اور وہ کہہ رہا تھا: یہ میرا نہیں ہے' تو اس کے بعد لعان والی آیت نازل ہوئی۔ (حضرت عاصم) فرماتے ہیں کہ میں نے ہی سب سے پہلے اس کے متعلق گفتگو کی تھی اور میں ہی سب سے پہلے اس میں مبتلا ہوا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ إِلَّا الشَّعْبِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَصِينٌ

یہ حدیث عاصم بن عدی سے صرف شعبی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حصین اکیلے ہیں۔

856 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هُشَيْمٍ، عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ: انا أَبُو جَعْفَرٍ الْأَشْجَعِيُّ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ، فَأَخَذَتْنِي وَحْشَةٌ مِنَ اللَّيْلِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَكِ؟ فَقُلْتُ: إِنِّي فِي هَذَا الْمَكَانِ فِي لَيْلَةٍ ظَلْمَاءَ، فَأَخَافُ عَلَيْكَ. فَقَالَ: كَلَّا، إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَبْعَثُ لَنَا رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، يَكْلَؤُنَا بَقِيَّةَ لَيْلَتِنَا. قَالَتْ: فَبَيْنَا أَنَا كَذَلِكَ إِذْ رَأَيْتُ سَوَادًا قَدْ أَقْبَلَ نَحْوَنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هَذَا؟ فَقَالَ: أَنَا سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ، جِئْتُ أَكْلَؤُكَ بَقِيَّةَ لَيْلَتِكَ هَذِهِ، فَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ، فَنَامَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک سفر میں تھے کہ مجھے رات کے اندھیرے سے خوف آیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تجھے کیا ہوا ہے؟ یا میں نے عرض کی: اس جگہ رات سخت اندھیری ہے' میں آپ پر خوف کھاتی ہوں' آپ ﷺ نے فرمایا: ہرگز نہیں! بے شک اللہ عزوجل ہمارے لیے ایک آدمی بھیجے گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کا رسول اُس سے محبت کرتے ہیں' جو ہماری باقی رات حفاظت کرے گا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم اسی حالت میں تھے کہ اچانک میں نے ایک سایہ دیکھا جو ہماری طرف آ رہا تھا' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ اُس نے عرض کی: میں سعد بن مالک ہوں' میں اس لیے آیا ہوں کہ آپ کا آج کی باقی رات خیال رکھوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے اپنا سر

مبارک رکھا اور سو گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ اِلَّا الْعَوَّامُ

یہ حدیث ابی جعفر سے صرف عوام ہی روایت کرتے ہیں۔

857 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ الْقَاعِدِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ صَلَاةِ الْقَائِمِ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود از نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کو کھڑے ہو کر نماز پڑھنے والے سے آدھا ثواب ملتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا سُفْيَانُ

یہ حدیث عمرو سے صرف سفیان ہی روایت کرتے ہیں۔

858 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي هَوْذَةَ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي الْمُهَاجِرِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي ذُبَابٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ وَلَدُ الزِّنَا الْجَنَّةَ وَلَا شَيْءٌ مِنْ نَسْلِهِ اِلَى سَبْعَةِ آبَاءٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ولد الزنا جنت میں داخل نہیں ہوگا اور اُس کی سات نسلیں بھی جنت میں داخل نہیں ہوں گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا عَمْرٌو

یہ حدیث ابراہیم سے صرف عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

859 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ قَالَ:

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

857- أخرجه النسائي في ليل جلد 3 صفحه 182 (باب فضل صلاة القائم......الخ) وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 270 رقم الحديث: 6897 .

858- انظر: مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 260 .

859- أخرجه مسلم في الصلاة جلد 1 صفحه 322 رقم الحديث: 431' والنسائي في السهو جلد 3 صفحه 52 (باب موضع اليدين عند السلام) .

نا سُلَيْمَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: دَخَلْتُ اَنَا وَاَبِي، عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى بِنَا، فَلَمَّا سَلَّمَ اَوْمَا النَّاسُ بِاَيْدِيهِمْ يَمِينًا وَشِمَالًا، فَاَبْصَرَهُمْ، فَقَالَ: مَا شَانُكُمْ تُقَلِّبُونَ اَيْدِيَكُمْ يَمِينًا وَشِمَالًا كَاَنَّهَا اَذْنَابُ الْخَيْلِ الشُّمُسُ؟ اِذَا سَلَّمَ اَحَدُكُمْ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى مَنْ عَلَى يَمِينِهِ، وَعَلَى مَنْ يَسَارِهِ. فَلَمَّا صَلَّوْا مَعَهُ اَيْضًا لَمْ يَفْعَلُوا ذٰلِكَ قَالَ: وَجَلَسْنَا مَعَهُ، فَقَالَ: لَا يَزَالُ الْاِسْلَامُ ظَاهِرًا حَتّٰى يَكُونَ اثْنَا عَشَرَ اَمِيرًا اَوْ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُرَاتٍ اِلَّا عَمْرٌو

میں اور میرے والد رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے، آپ نے ہم کو نماز پڑھائی، جب آپ نے سلام پھیرا تو لوگ اپنے ہاتھ سے دائیں اور بائیں اشارہ کرنے لگے، آپ نے اُن کو دیکھا تو فرمایا: تم کو کیا ہوا کہ تم اپنے ہاتھ دائیں بائیں جانب پلٹ رہے ہو گویا کہ گھوڑا اپنی دُم ہلاتا ہے؟ جب تم میں سے کوئی سلام پھیرے تو اپنی دائیں اور بائیں جانب سلام پھیرے، پس جو بھی اس کے ساتھ نماز میں ہو وہ بھی ایسا نہ کریں، فرمایا: اور ہم آپ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے، آپ نے فرمایا: اسلام ہمیشہ غالب ہی رہے گا یہاں تک کہ بارہ امیر یا خلیفے مقرر نہ ہو جائیں، وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

یہ حدیث فرات سے صرف عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

860 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ قَالَ: نا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ غَنَّامٍ، عَنْ بَعْضِ، اُمَّهَاتِهِ، عَنْ اُمِّ فَرْوَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا اَوْ قَالَ: لِاَوَّلِ وَقْتِهَا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا قَزَعَةُ

حضرت اُمِ فروہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: نماز کو وقت پر ادا کرنا، یا یہ فرمایا کہ اوّل وقت پر ادا کرنا، اللہ عزوجل کے ہاں پسندیدہ اعمال میں سے ہے۔

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف قزعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

861 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: کئی لوگ ایسے ہیں کہ اُن

860- اخرجه أحمد فی المسند جلد6 صفحه405 رقم الحديث: 27171 .

861- انظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه67 .

التَّيْمِيُّ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ جَدِّهِ أَنَسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رُبَّ أَشْعَثَ أَغْبَرَ ذِي طِمْرَيْنِ، مُصَفَّحٍ عَنْ أَبْوَابِ النَّاسِ، لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ

کے بال اُٹھے ہوئے گردآلود ہوتے ہیں اور لوگوں کے دروازوں سے دور کیے جاتے ہیں' لیکن اگر وہ اللہ پر قسم اُٹھالیں تو اللہ عزوجل اُن کی قسم پوری کر دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَفْصٍ إِلَّا أُسَامَةَ

یہ حدیث حفص سے صرف اسامہ ہی روایت کرتے ہیں۔

862 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ: نا ابْنَا الْمُنْذِرِ: عَبْدُ اللّٰهِ، وَمُحَمَّدٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ فِي الْمَسْجِدِ لَبُقْعَةً قَبْلَ هَذِهِ الْأُسْطُوَانَةِ، لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا صَلَّوْا فِيهَا إِلَّا أَنْ يُطَيَّرَ لَهُمْ فِيهَا قُرْعَةٌ، وَعِنْدَهَا جَمَاعَةٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، وَأَبْنَاءِ الْمُهَاجِرِينَ، فَقَالُوا: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، وَأَيْنَ هِيَ؟ فَاسْتَعْجَمَتْ عَلَيْهِمْ، فَمَكَثُوا عِنْدَهَا سَاعَةً، ثُمَّ خَرَجُوا، وَثَبَتَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ. فَقَالُوا: إِنَّهَا سَتُخْبِرُهُ بِذَلِكَ الْمَكَانِ، فَارْمَقُوهُ فِي الْمَسْجِدِ حَتَّى يَنْظُرُوا حَيْثُ يُصَلِّي، فَخَرَجَ بَعْدَ سَاعَةٍ، فَصَلَّى عِنْدَ الْأُسْطُوَانَةِ الَّتِي صَلَّى إِلَيْهَا ابْنُهُ عَامِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَقِيلَ لَهَا: أُسْطُوَانَةُ الْقُرْعَةِ. قَالَ عَتِيقٌ: وَهِيَ الْأُسْطُوَانَةُ الَّتِي وَاسِطَةٌ بَيْنَ الْقَبْرِ وَالْمِنْبَرِ، عَنْ يَمِينِهَا إِلَى الْمِنْبَرِ أُسْطُوَانَتَيْنِ، وَبَيْنَهَا وَبَيْنَ الْمِنْبَرِ أُسْطُوَانَتَيْنِ، وَبَيْنَهَا وَبَيْنَ الرَّحْبَةِ أُسْطُوَانَتَيْنِ، وَهِيَ وَاسِطَةٌ بَيْنَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس مسجد میں اس ستون سے پہلے ایک جگہ ہے' اگر لوگ اس میں نماز کی فضیلت جان لیں تو اس میں نماز پڑھنے کے لیے قرعہ ڈالیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس صحابہ کی ایک جماعت اور مہاجرین کے بیٹے تھے' انہوں نے عرض کی: اے اُم المؤمنین! وہ جگہ کہاں ہے؟ آپ اس جگہ کی طرف گئیں' پس لوگ اس جگہ کے پاس تھوڑی دیر ٹھہرے' پھر نکلے اور حضرت عبداللہ بن زبیر ٹھہرے رہے' انہوں نے کہا: آپ اس جگہ کے متعلق عنقریب انہیں بتائیں گی' وہ ٹکٹکی باندھے دیکھتے رہے تاکہ دیکھیں کہ کہاں نماز پڑھی ہے' آپ ایک گھڑی کے بعد نکلے اور اس ستون کے پاس نماز پڑھی' جس جگہ پر ابن عامر بن عبداللہ بن زبیر نے پڑھی تھی اور آپ سے عرض کی گئی: یہ قرعہ ستون کا ہے۔ عتیق فرماتے ہیں: وہ ستون آپ ﷺ کی قبر اور منبر کے درمیان ہے اور منبر کی دائیں جانب جو دو ستون ہیں اور دو ستونوں کے درمیان منبر ہے' منبر اور صحن کے درمیان دو

862- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحہ12-13 .

ذَلِكَ، وَهِيَ تُسَمَّى: أُسْطُوَانَةُ الْقُرْعَةِ۔

ستون ہیں' اور یہ اس کے درمیان واسطہ ہیں' اس ستون کا نام القرعہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا ابْنَا الْمُنْذِرِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ

یہ حدیث ہشام سے صرف اُن کے بیٹے منذر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عتیق بن یعقوب اکیلے ہیں۔

863 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْإِيمَانُ فِي أَهْلِ الْحِجَازِ، وَالْقَسْوَةُ وَالْغِلْظَةُ فِي رَبِيعَةَ وَمُضَرَ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایمان حجاز والوں میں ہے اور سختی و تنگ دلی قبیلہ ربیعہ اور مضر میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي بَكْرٍ إِلَّا أَحْمَدُ

یہ حدیث ابوبکرہ سے صرف احمد ہی روایت کرتے ہیں۔

864 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا أَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ وَالْعَشَاءُ، فَابْدَئُوا بِالْعَشَاءِ

حضرت ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب نماز کا وقت ہو جائے اور کھانا بھی حاضر ہو تو پہلے کھانا کھالو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَلَمَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَيُّوبُ

یہ حدیث سلمہ سے اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ایوب اکیلے ہیں۔

865 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: انا أَبُو عَقِيلٍ قَالَ: انا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سات اعمال ہیں' دو عمل نجات دینے والے ہیں' دو عمل ان دونوں کے مثل ہیں' اور ایک عمل کے

863- اخرجه مسلم في الايمان جلد1 صفحه73' واحمد في المسند جلد3 صفحه407 رقم الحديث: 14570 .

864- اخرجه احمد: المسند جلد4 صفحه59-54 .

865- انظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه24 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْاَعْمَالُ سَبْعَةٌ: عَمَلَانِ مُنْجِيَانِ، وعَمَلَانِ بِاَمْثَالِهِمَا، وَعَمَلٌ بِعَشَرَةِ اَمْثَالِهِ، وَعَمَلٌ بِسَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ، وَعَمَلٌ لَا لَا يَعْلَمُ ثَوَابَ عَامِلِهِ اِلَّا اللّٰهُ. فَاَمَّا الْمُنْجِيَانِ: فَمَنْ لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَعْبُدُهُ مُخْلِصًا لَا يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، وَمَنْ لَقِيَ اللّٰهَ يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ، وَمَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً جُزِيَ بِهَا، وَمَنْ اَرَادَ اَنْ يَعْمَلَ حَسَنَةً، فَلَمْ يَعْمَلْهَا جُزِيَ مِثْلَهَا، وَمَنْ عَمِلَ حَسَنَةً جُزِيَ عَشْرًا، وَمَنْ اَنْفَقَ مَالَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ضُعِفَتْ لَهُ نَفَقَةُ الدِّرْهَمِ بِسَبْعِمِائَةٍ، وَالدِّينَارُ بِسَبْعِمِائَةٍ، وَالصِّيَامُ لَا يَعْلَمُ ثَوَابَ عَامِلِهِ اِلَّا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

ساتھ دس نیکیاں ملتی ہیں' اور ایک عمل کے ساتھ سات سو نیکیاں ملتی ہیں اور ایک عمل ایسا ہے کہ اس پر عمل کرنے والے کا ثواب اللہ ہی جانتا ہے' بہرحال جو دو عمل نجات دینے والے ہیں' وہ یہ ہیں کہ جو اللہ عزوجل سے اس حالت میں ملاقات کرے کہ وہ اس کی عبادت خلوصِ نیت سے کرتا ہو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا ہو تو اس کے لیے جنت واجب ہوگئی' اور جو اللہ سے اس حالت میں ملاقات کرے کہ اس نے اللہ کے ساتھ ذرہ بھی شرک کیا تو اس کے لیے جہنم واجب ہوگئی اور جس نے کوئی بُرا عمل کیا تو اس کی جزاء اسے اس کے برابر ہی ملے گی اور جس نے نیکی کا ارادہ کیا لیکن عمل نہیں کیا تو اس کو اس کی مثل نیکی ملے گی اور جس نے نیکی کر لی تو اس کو دس نیکیاں ملیں گی اور جس نے اللہ کی راہ میں مال خرچ کیا تو اس کو سات سو درہم خرچ کرنے کا ثواب ملے گا اور سات سو دینار اور روزے رکھنے والے کا ثواب اللہ عزوجل ہی جانتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو عَقِيلٍ

یہ حدیث عبداللہ بن دینار سے صرف عمر بن محمد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوعقیل اکیلے ہیں۔

866 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا يُونُسُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: اَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مِنْهَالٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ نَجِيحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَرْقَمَ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ہر اُمت کا ایک امین ہوتا ہے اور اس اُمت کا امین ابوعبیدہ بن جراح ہیں۔

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِينًا، وَاَمِينُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُمَرَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث از حضرت عبداللہ از حضرت عمر سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں محمد بن اسحاق اکیلے ہیں۔

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے بال بہت زیادہ ہیں' میں اپنے سر پر مینڈھیاں باندھتی ہوں' میں غسل جنابت اور غسل حیض کس طرح کروں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: تُو اپنے سر پر اپنے ہاتھ کے ساتھ پانی کے تین چلّو ڈال۔

967 - وَبِهِ: قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سِيرِينَ يُحَدِّثُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ وَّلَا عَذَابٍ، لَا يَكْتَوُونَ، وَلَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَتَطَيَّرُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اُمت سے ستر ہزار لوگ بغیر حساب و کتاب اور عذاب کے جنت میں جائیں گے' وہ لوگ نہ داغ لگاتے ہوں گے نہ (شرکیہ کلمات کے ساتھ) دَم کرواتے ہوں' نہ وہ فال نکالتے ہوں گے اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہوں گے۔

968 - وَبِهِ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَرْأَةُ كَالضِّلَعِ، إِنْ أَقَمْتَهَا كَسَرْتَهَا، وَإِنْ تَرَكْتَهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا عَلَى عِوَجٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: عورت ٹیڑھی پسلی کی طرح ہے' اگر تو اس کو سیدھا کرنے کی کوشش کرے گا تو وہ ٹوٹ جائے گی اور اگر اسے چھوڑ دے گا تو اس کے ٹیڑھے ہونے کے باوجود اس سے نفع اُٹھا۔

969 - وَعَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَتَى جِبْرِيلُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام' نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں

-966 أخرجه النسائى فى الطهارة جلد 1 صفحه 108 (باب ذكر ترك المرأة نقض ضفر رأسها عند اغتسالها من الجنابة)' وأحمد فى المسند جلد 6 صفحه 347 رقم الحديث: 26733 .

-967 أخرجه البخارى فى الطب جلد 10 صفحه 163 رقم الحديث: 5705' ومسلم فى الايمان جلد 1 صفحه 198' وأحمد فى المسند جلد 4 صفحه 533 رقم الحديث: 19936 .

-968 أخرجه البزار جلد 2 صفحه 183-184' وللامام أحمد فى مسنده رقم الحديث: 27916 .

-969 أخرجه الحاكم فى المستدرك فى الدعاء جلد 1 صفحه 522 .

وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكَ أَنْ تَدْعُوَ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ، فَإِنَّهُ مُعْطِيكَ إِحْدَاهُنَّ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ تَعْجِيلَ عَافِيَتِكَ، وَصَبْرًا عَلَى بَلِيَّتِكَ، وَخُرُوجًا مِنَ الدُّنْيَا إِلَى رَحْمَتِكَ

آئے، عرض کی: اللہ عزوجل آپ کو حکم دیتے ہیں کہ ان کلمات سے دعا کریں، بے شک وہ آپ کو ان میں سے ایک عطا کرے گا (وہ دعا یہ ہے:) ''اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ تَعْجِيلَ عَافِيَتِكَ، وَصَبْرًا عَلَى بَلِيَّتِكَ، وَخُرُوجًا مِنَ الدُّنْيَا إِلَى رَحْمَتِكَ''۔

970 - وَبِهِ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَلِّمُ فِي الصَّلَاةِ تَسْلِيمَةً عَنْ يَمِينِهِ

اسی سند سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اپنی نماز میں دائیں جانب سلام پھیرتے تھے (یعنی ابتداء دائیں جانب سے کرتے تھے)۔

971 - وَبِهِ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَمُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، طَلَّقَ امْرَأَتَهُ، حَائِضًا، تَطْلِيقَةً وَاحِدَةً عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ؟ فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرَاجِعَهَا، ثُمَّ يُمْسِكَهَا حَتَّى تَطْهُرَ، ثُمَّ تَحِيضَ عِنْدَهُ حَيْضَةً أُخْرَى، ثُمَّ يُمْسِكَهَا حَتَّى تَطْهُرَ، فَإِنْ أَرَادَ أَنْ يُطَلِّقَ فَلْيُطَلِّقْهَا

حضرت نافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں اپنی بیوی کو حالت حیض میں ایک طلاق دی، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ وہ رجوع کرے پھر اس کو طہر تک روکے رکھے، پھر جب اس کو دوسرا حیض آئے تو پھر اس کو روکے رکھے یہاں تک کہ اسے طہر آ جائے، پھر اگر وہ طلاق دینے کا ارادہ رکھتا ہے تو وہ اس کو جماع کرنے سے پہلے طلاق دے، یہ اس کی

970- اخرجه الترمذی فی الصلاة جلد 2صفحه90 رقم الحديث: 296، والحاكم فی المستدرك فی الصلاة جلد 1 صفحه230، والدارقطنی فی الصلاة جلد1صفحه358 رقم الحديث: 7 .

971- اخرجه البخاری فی الطلاق جلد 9صفحه258 رقم الحديث: 5251، ومسلم فی الطلاق جلد 2صفحه1093 رقم الحديث: 1471، وأبو داؤد فی الطلاق جلد 2صفحه261 رقم الحديث: 2179، والنسائی فی الطلاق جلد 6صفحه112 (باب وقت الطلاق للعدة التی أمر الله عزوجل أن تطلق لها النساء)، والترمذی فی الطلاق جلد 3صفحه470 رقم الحديث: 1176، وابن ماجة فی الطلاق جلد 1صفحه651 رقم الحديث: 2019، والدارمی فی الطلاق جلد 2صفحه213 رقم الحديث: 2263، ومالك فی الموطأ جلد 2صفحه576 رقم الحديث: 53، وأحمد فی المسند جلد2صفحه87 رقم الحديث: 5298 .

قَبْلَ اَنْ يُجَامِعَهَا، فَإِنَّ تِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِي اَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهَا

عدت ہو جائے گی جس کا اللہ عزوجل نے حکم دیا ہے۔

972 - وَبِهِ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ رَزَقَهُ اللّٰهُ امْرَاَةً صَالِحَةً، فَقَدْ اَعَانَهُ اللّٰهُ عَلَى شَطْرِ دِينِهِ، فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ فِي الشَّطْرِ الثَّانِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کو اللہ عزوجل نیک بیوی دے اس کی اللہ تعالیٰ نے آدھے دین پر مدد کی' پس وہ باقی آدھے دین کے معاملہ میں اللہ سے ڈرے۔

973 - وَبِهِ: نَا زُهَيْرٌ قَالَ: اَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلَى عَمَّتِهَا وَلَا عَلَى خَالَتِهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عورت اور اس کی پھوپھی اور عورت اور اس کی خالہ کو ایک نکاح میں جمع نہ کیا جائے۔

974 - وَبِهِ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اُمَّتِي اُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ، جَعَلَ اللّٰهُ عَذَابَهَا بِاَيْدِيهَا، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، دَفَعَ اللّٰهُ اِلَى كُلِّ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ الْاَدْيَانِ، فَكَانَ

حضرت ابو بردہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اُمت' اُمت مرحومہ ہے' اللہ تعالیٰ نے اس کا عذاب اس کے ہاتھوں میں رکھا ہے' پس جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ مسلمانوں میں سے ہر آدمی کے بدلے دوسرے دین والوں کا ایک آدمی اس کی جگہ رکھا جائے گا' پس یہ اس کی جگہ جہنم سے

972- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه275 .

973- أخرجه البخاري في النكاح جلد9صفحه64 رقم الحديث: 5110' ومسلم في النكاح جلد 2صفحه1029' وأبو داؤد في النكاح جلد 2صفحه231 رقم الحديث: 2065' والترمذي في النكاح جلد 3صفحه424 رقم الحديث: 1126' والنسائي في النكاح جلد 6صفحه79 (باب الجمع بين المرأة وعمتها)' وابن ماجة في النكاح جلد 1صفحه621 رقم الحديث: 1929' والدارمي في النكاح جلد 2صفحه183 رقم الحديث: 2179' وأحمد في المسند جلد2صفحه307 رقم الحديث: 7152 .

974- أخرجه أبو داؤد في الفتن جلد 4صفحه103 رقم الحديث: 4278' وأحمد في المسند جلد 4صفحه498 رقم الحديث: 19680 .

فِدَائُهُ مِنَ النَّارِ

فدیہ ہوگا۔

975 - وَبِهِ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ جُوَيْرِيَةَ زَوْجِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهَا قَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اَرَدْتُ اَنْ اُعْتِقَ هٰذَا الْغُلَامَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ اَعْطِهِ بَعْضَ خَالَاتِكِ اللَّوَاتِي فِي الْاَعْرَابِ، يَرْعَى عَلَيْهِنَّ، فَاِنَّهُ اَعْظَمُ لِاَجْرِكِ

حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا زوجہ رسول اللہ ﷺ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں نے اس غلام کو آزاد کرنے کا ارادہ کیا ہے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بلکہ تم اپنی اس خالہ کو دیدو جو دیہات میں رہتی ہے کیونکہ اس میں تیرے لیے زیادہ ثواب ہے۔

976 - وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَقُصُّ عَلَى النَّاسِ اِلَّا اَمِيرٌ اَوْ مَاْمُورٌ اَوْ مُرَائِي

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر بادشاہ کے علاوہ یا جو (بادشاہ) کی طرف سے مقرر ہو یا ریا کاری کرنے والے کے سوا پر واقعات بیان نہ کرو۔

977 - وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ هَرَمِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاقِفِيِّ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْخَطْمِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ، لَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِي اَعْجَازِهِنَّ

حضرت خزیمہ بن ثابت خطمی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ اللہ تعالیٰ حق بات کہنے سے حیاء نہیں کرتا اور وہ حق بات یہ ہے کہ عورتوں کی دُبر میں وطی نہ کرو۔

978 - وَبِهِ: نَا زُهَيْرٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ

975- اخرجه البزار (1881- كشف الأستار) من حديث مجاهد عن جويرية به .

976- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه193 .

977- اخرجه ابن ماجة فی النكاح جلد 1صفحه619 رقم الحديث: 1924' والدارمی فی الطهارة جلد 1صفحه277 رقم الحديث: 1144' واحمد فی المسند جلد5صفحه253 رقم الحديث: 21913 .

978- اخرجه البخاری فی النكاح جلد 9صفحه109 رقم الحديث: 5146' وابو داؤد فی الأدب جلد 4صفحه303

ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ قَوْمًا، جَائُوا اِلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَطَبُوا . فَعَجِبَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِهِمْ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُولُوا بِقَوْلِكُمْ، فَاِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا، وَتَشْقِيقُ الْكَلَامِ مِنَ الشَّيْطَانِ

کچھ لوگ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آئے انہوں نے خطبہ دیا تو لوگوں کو ان کا کلام بڑا پسند آیا' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم بھی انہی کی طرز پر بات کرو' بے شک کچھ بیان جادو ہوتے ہیں' اور گفتگو میں شوخی شیطان کی طرف سے ہے۔

979 - وَبِهِ: عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَی مَنْ جَرَّ اِزَارَهُ بَطَرًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: اللہ اس کی طرف نظر رحمت نہیں کرتا جو اپنا تہبند (تکبر سے) لٹکاتا ہے۔

980 - وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُوسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلَی عَمَّتِهَا وَلَا عَلَی خَالَتِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عورت کو اس کی پھوپھی اور اس کی خالہ پر ایک نکاح میں جمع نہ کرو۔

981 - وَبِهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ اسْمًا، مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جس نے ان کو یاد کرلیا وہ جنت میں داخل ہوگیا۔

982 - وَبِهِ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُوسَی

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ

رقم الحديث: 5007' والترمذی فی البر جلد 4صفحه376 رقم الحديث: 2028' ومالك فی الموطأ جلد 2 صفحه986 رقم الحديث: 7' واحمد فی المسند جلد2صفحه23 رقم الحديث: 4650 .

979- أخرجه مسلم فی اللباس جلد 3صفحه1651 رقم الحديث: 2085' والترمذی فی اللباس جلد 4صفحه223 رقم الحديث: 1730' ومالك فی الموطأ جلد 2صفحه914 رقم الحديث: 11' وأحمد فی المسند جلد 2 صفحه14 رقم الحديث: 4566 .

980- تقدم تخريجه .

981- أخرجه البخاری فی التوحيد جلد13صفحه389 رقم الحديث: 7392' والترمذی فی الدعوات جلد 4 صفحه530 رقم الحديث: 3506' وأحمد فی المسند جلد2صفحه345 رقم الحديث: 7519 .

982- اخرجه البزار جلد2صفحه165 كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه266 .

بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ تُنْكَحَ الْمَرْاَةُ عَلَى عَمَّتِهَا وَعَلَى خَالَتِهَا وَعَنْ لِبْسَتَيْنِ: عَنِ الصَّمَّاءِ، وَعَنْ اَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ فِي ثَوْبٍ لَيْسَ عَلَى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْءٌ، وَعَنْ صَوْمِ يَوْمِ الْاَضْحَى وَيَوْمِ الْفِطْرِ، وَعَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَبَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّى تَغْرُبَ الشَّمْسُ

رسول اللہ ﷺ نے عورت پر اس کی پھوپھی اور اس کی خالہ کو ایک نکاح میں جمع کرنے سے منع فرمایا اور دو کپڑے پہننے سے منع فرمایا: (۱) صرف ایک کپڑے سے اپنے آپ کو لپیٹ لینا (۲) اور ایسا کپڑا پہننا کہ اس کی شرمگاہ پر کوئی بھی چیز نہ ہو اور عید الضحیٰ اور عید الفطر کے دن روزے رکھنے سے منع کیا اور صبح کی نماز کے بعد سورج کے طلوع ہونے تک اور عصر کے بعد سورج کے غروب ہونے تک نماز (نفل) پڑھنے سے منع کیا۔

983 - وَبِهِ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا جَاءَ اَحَدُكُمْ اِلَى الصَّلَاةِ فَلْيَاْتِ وَعَلَيْهِ السَّكِينَةُ، فَمَا اَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا، وَمَا فَاتَكُمْ فَاَتِمُّوا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز کے لیے آئے تو اس حالت میں آئے کہ اس پر سکون ہو' جو تم پاؤ وہ پڑھ لو اور جو رہ جائے اسے پورا کر لو۔

984 - وَبِهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْمَرْاَةَ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ، وَالرَّجُلُ يَلْبَسُ لِبْسَةَ الْمَرْاَةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایسی عورت پر لعنت ہو جو مردوں کا لباس پہنتی ہے اور ایسے مرد پر لعنت ہو جو عورتوں کا لباس پہنتا ہے۔

985 - وَبِهِ: عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے

983- اخرجه البخاری فی الجمعة جلد 2 صفحه 453 رقم الحديث: 908' ومسلم فی المساجد جلد 1 صفحه 420 رقم الحديث: 602' وابو داؤد فی الصلاة جلد 1 صفحه 153 رقم الحديث: 572' والترمذی فی الصلاة جلد 2 صفحه 148 رقم الحديث: 327' والنسائی فی الامامة جلد 2 صفحه 88 (باب السعی الی الصلاة)' وابن ماجة فی المساجد جلد 1 صفحه 255 رقم الحديث: 775' ومالك فی الموطا جلد 1 صفحه 68 رقم الحديث: 4' واحمد فی المسند جلد 2 صفحه 317 رقم الحديث: 7249۔

984- اخرجه ابو داؤد فی اللباس جلد 4 صفحه 59 رقم الحديث: 4098' واحمد فی المسند جلد 2 صفحه 4355 رقم الحديث: 8329۔

985- اخرجه الترمذی فی الجنائز جلد 3 صفحه 309 رقم الحديث: 993' وابو داؤد فی الجنائز جلد 3 صفحه 197

وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا فَلْيَغْتَسِلْ، وَمَنْ حَمَلَهُ، فَلْيَتَوَضَّأْ

کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو میت کو غسل دے وہ غسل کرے اور جو میت کو اُٹھائے وہ وضو کرے۔

986 - وَبِهِ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْحَدِيثَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اسی کی مثل فرمایا۔

987 - وَبِهِ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ كَعْبَ الْاَحْبَارِ، يَقُولُ: لَمَّا كَلَّمَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مُوسَى بِالْاَلْسِنَةِ قَبْلَ لِسَانِهِ، طَفِقَ مُوسَى يَقُولُ: اَيْ رَبِّ، لَا اَفْقَهُ هَذَا . حَتَّى كَلَّمَهُ آخِرَ الْاَلْسِنَةِ قَبْلَ لِسَانِهِ، فَقَالَ: اَيْ رَبِّ، فَهَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ يُشْبِهُ كَلَامَكَ؟ قَالَ: لَا قَالَ: وَاَقْرَبُ خَلْقِي شَبَهًا بِكَلَامِي اَشَدُّ مَا يُسْمَعُ مِنَ الصَّوَاعِقِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ جب اللہ عزوجل نے موسیٰ علیہ السلام سے کلام کیا' آپ کی زبان کے علاوہ کسی اور زبان میں تو موسیٰ علیہ السلام عرض کرنے لگے: اے میرے رب! میں یہ نہیں سمجھا' یہاں تک کہ دوسری زبان میں کلام کیا' پھر عرض کی: اے میرے رب! کیا تیری مخلوق میں کوئی ایسی شے ہے جو تیرے کلام کے مشابہ ہے؟ فرمایا: نہیں! فرمایا: میری مخلوق میں سے میرے کلام سے زیادہ قریب تو وہ جوسخت آواز ہے جو بجلی کے کڑکنے سے بھی زیادہ شدید ہے۔

988 - وَبِهِ: نَا زُهَيْرٌ، وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْتَزِعُ الْعِلْمَ مِنَ النَّاسِ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنْهُمْ، وَلَكِنْ يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ، حَتَّى اِذَا لَمْ يُبْقِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل لوگوں سے علم نہیں اُٹھائے گا لیکن علم علماء کے اُٹھنے کے ساتھ اُٹھ جائے گا' یہاں تک کہ جب علماء نہیں ہوں گے تو لوگ جاہلوں کو اپنا سردار بنالیں گے' ان سے مسئلے پوچھیں گے'

رقم الحديث: 3161' واحمد فی المسند جلد2صفحه365 رقم الحديث: 7707 .

988- اخرجه البخاری فی العلم جلد 1صفحه234 رقم الحديث: 100' ومسلم فی العلم جلد 4صفحه2058 رقم الحديث: 2673' والترمذی فی العلم جلد 5صفحه31 رقم الحديث: 2652' وابن ماجة فی المقدمة جلد 1 صفحه 20 رقم الحديث: 52' والدارمی فی المقدمة جلد 1صفحه89 رقم الحديث: 239' واحمد فی المسند جلد2صفحه220 رقم الحديث: 6518 .

عَالِمًا، اتَّخَذَ النَّاسُ رُئُوسًا جُهَّالًا، فَسُئِلُوا فَأَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ، فَضَلُّوا وَأَضَلُّوا

وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے، وہ خود بھی گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے۔

989 - وَبِهِ: نَا زُهَيْرٌ، عَنِ ابْنِ جَرِيرٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ مُغَلِّسٍ، عَنْ أَبِي نَجِيحٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَ مُوسِرًا لِأَنْ يَنْكِحَ، ثُمَّ لَمْ يَنْكِحْ، فَلَيْسَ مِنِّي

حضرت ابو نجیح رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو نکاح کرنے کی گنجائش رکھتا ہو پھر وہ نکاح نہ کرے، تو اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔

990 - وَبِهِ: نَا زُهَيْرٌ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مَخْلَدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى الرَّجُلِ يَأْتِي امْرَأَتَهُ فِي دُبُرِهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل اُس مرد کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا جو اپنی عورت کی دُبر میں وطی کرے۔

991 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرٌو قَالَ: نَا صَدَقَةُ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: جَعَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الرَّحْمَةَ مِائَةَ جُزْءٍ، فَأَمْسَكَ عِنْدَهُ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ جُزْءًا، وَأَنْزَلَ فِي الْأَرْضِ جُزْءًا وَاحِدًا، فَمِنْ ذَلِكَ الْجُزْءِ يَتَرَاحَمُ الْخَلْقُ، حَتَّى تَرْفَعَ الْفَرَسُ حَافِرَهَا عَنْ وَلَدِهَا خَشْيَةَ أَنْ تُصِيبَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کے سو حصے بنائے ہیں اور ننانوے حصے اپنے پاس روک لیے ہیں، اور ایک حصہ دنیا میں بھیجا ہے، اسی رحمت کے حصے سے مخلوق آپس میں پیار کرتی ہے یہاں تک کہ گھوڑا اپنا کُھر اپنے بچے سے اُٹھا لیتا ہے کہ کہیں اس کو تکلیف نہ پہنچے۔

989- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد7صفحه78 . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه254-255 .

990- أخرجه ابن ماجة في النكاح جلد1صفحه619 رقم الحديث: 1923' وأحمد في المسند جلد2صفحه458 رقم الحديث: 855 .

991- أخرجه البخاري في الأدب جلد10صفحه446 رقم الحديث: 6000' ومسلم في التوبة جلد 4صفحه2108 رقم الحديث: 2752' والترمذي في الدعوات جلد 5صفحه549 رقم الحديث: 3541' وابن ماجة في الزهد جلد 2صفحه1435 رقم الحديث: 4293' والدارمي في الرقائق جلد2صفحه413 رقم الحديث: 2785' وأحمد في المسند جلد2صفحه446 رقم الحديث: 8436 .

992 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ قَالَ: نَا فُضَيْلُ عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: خَيْرُ هَذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا اَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس اُمت میں اس کے نبی کے بعد بہتر ابوبکر ہیں پھر عمر ہیں۔

993 - وَبِهِ: عَنِ الْهَيْثَمِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ مِخْرَاقٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے ہمارے ساتھ دھوکہ کیا اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

994 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْهَيْثَمُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَّ عَنْ نَفْسِهِ بَعْدَ مَا بُعِثَ نَبِيًّا

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے اپنا عقیقہ اپنے اعلانِ نبوت کے بعد کیا۔

995 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْهَيْثَمُ قَالَ: نَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَاَمْزَحُ، وَلَا اَقُولُ اِلَّا حَقًّا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُبَارَكٍ اِلَّا الْهَيْثَمُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں مزاح کرتا ہوں اور میں حق بات ہی کرتا ہوں۔

اس حدیث کو مبارک سے صرف ہیثم نے ہی روایت کیا ہے۔

996 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْهَيْثَمُ قَالَ: نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! میری اُمت کے صبح کے کاموں میں برکت عطا فرما!

992- انظر: الجرح والتعديل جلد7صفحه71 .

993- أخرجه البزار رقم الحديث:7412 . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه62 .

994- انظر: الجرح والتعديل جلد7صفحه71 . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه82 .

995- أخرجه الطبراني في الصغير رقم الحديث:712 . انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه82 .

996- انظر: مجمع الزوائدجلد4صفحه65 .

لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا

997 - حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ بِمِصْرَ . . . قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا خَلِيفَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جوشخص (نماز) جمعہ کے لیے آئے اس کو چاہیے کہ وہ غسل کر لے۔

998 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ قَالَ: نَا مَنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ابْتَغُوا الْيَتَامَى فِي اَمْوَالِهِمْ، لَا تَاْكُلُهَا الزَّكَاةُ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: یتیموں کا رزق ان کے مالوں میں تلاش کرو' تم اُن کی زکوٰۃ نہ کھاؤ۔

999 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ: نَا فُضَيْلٌ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ صَفْوَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحَبَّ الْاَنْصَارَ، فَبِحُبِّي اَحَبَّهُمْ، وَمَنْ اَبْغَضَ الْاَنْصَارَ فَبِبُغْضِي اَبْغَضَهُمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے انصار سے محبت کی اُس نے ان سے میری وجہ سے م حبت کی اور جس نے انصار سے بغض رکھا تو اُس نے اُن سے میری وجہ سے بغض رکھا۔

1000 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحْرِزُ بْنُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

997- اخرجه البخاری فی الجمعة جلد 2صفحه415 رقم الحديث: 877' ومسلم فی الجمعة جلد 2صفحه579' والنسائی فی الجمعة جلد 3صفحه76 (باب الأمر بالغسل يوم الجمعة)' والدارمی فی الصلاة جلد 1صفحه433 رقم الحديث:1536' ومالك فی الموطا جلد1صفحه102 رقم الحديث:5 .

998- اخرجه الدارقطنی فی الزكاة جلد 2صفحه110 رقم الحديث: 2 (بلفظ احفظوا اليتامى.....الخ) . وانظر: نصب الراية جلد2صفحه333 . وانظر: تلخيص الحبير جلد2صفحه166 (بلفظ: من ولی يتيمًا فليتجر .....الخ) .

999- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه42 .

1000- اخرجه الطبرانی فی الكبير جلد 10صفحه78 رقم الحديث: 9985' والبزار جلد1صفحه424 . وانظر:

عَوْفٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ ذَكْوَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ أَبِيهِ، وَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَجَّلَ مِنَ الْعَبَّاسِ صَدَقَةَ عَامَيْنِ فِي عَامٍ

اللہ ﷺ نے فرمایا: چچا باپ کے قائم مقام ہوتا ہے' بے شک نبی کریم ﷺ نے حضرت عباس سے دو سال کی زکوٰۃ ایک سال میں لی۔

1001 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ حُصَيْنٍ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: الْعِلْمُ ثَلَاثَةٌ: كِتَابٌ نَاطِقٌ، وَسُنَّةٌ مَاضِيَةٌ، وَلَا أَدْرِي

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ علم تین طرح کے ہیں: کتاب ناطق' گزشتہ طریقہ (تیسرا) میں نہیں جانتا۔

1002 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيٌّ قَالَ: نَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَرُّوا آبَائَكُمْ تَبَرُّكُمْ أَبْنَاؤُكُمْ، وَعِفُّوا تَعِفُّ نِسَاؤُكُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اپنے ماں باپ سے نیکی کرو' تمہاری اولاد تم سے نیکی کرو گے' تم خود پاک دامن رہو' تمہاری عورتیں بھی پاک دامن رہیں گی۔

1003 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بَكْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ قَالَ: حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ إِذَا لَمْ يَلْقَ الْعَدُوَّ مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ، أَخَّرَ حَتَّى تَهُبَّ الرِّيَاحُ، وَيَكُونَ عِنْدَ مَوَاقِيتِ الصَّلَاةِ، وَكَانَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ بِكَ أَصُولُ، وَبِكَ أَحُولُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب دشمن سے دن کے پہلے حصے میں نہ لڑتے' تو اس لڑائی کو مؤخر کر دیتے یہاں تک کہ ہوا چل پڑتی اور آپ نماز کے وقتوں میں یہ دعا کرتے: ''اَللّٰهُمَّ بِكَ أَصُولُ، وَبِكَ أَحُولُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ''۔

مجمع الزوائد جلد3صفحه82 .

1001- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه175 .

1002- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه141 .

1003- أخرجه الطبراني في الكبير جلد11صفحه349 رقم الحديث: 11980 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه329 .

1004 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی عُمَرَ الْعَدَنِیُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنِ مِسْعَرٍ، عَنِ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللّٰهِ لَاَغْزُوَنَّ قُرَيْشًا، ثُمَّ قَالَ: اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ قَالَ: وَاللّٰهِ لَاَغْزُوَنَّ قُرَيْشًا، ثُمَّ قَالَ: اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ قَالَ: وَاللّٰهِ لَاَغْزُوَنَّ قُرَيْشًا، ثُمَّ قَالَ: اِنْ شَاءَ اللّٰهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں قریش سے ضرور جہاد کروں گا' پھر فرمایا: انشاء اللہ! پھر فرمایا: اللہ کی قسم! میں قریش سے ضرور جہاد کروں گا' پھر فرمایا: انشاء اللہ! پھر فرمایا: اللہ کی قسم! میں قریش سے ضرور جہاد کروں گا' پھر فرمایا: ان شاء اللہ!

1005 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ الْعُقَيْلِیُّ قَالَ: نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ اَسْلَمَ بْنِ اَبِی الذَّمَالِی، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا مُسَاعَاةَ فِی الْاِسْلَامِ، وَمَنْ سَاعَى فِی الْجَاهِلِيَّةِ فَقَدْ اَلْحَقْتُهُ بِعَصَبَتِهِ، وَمَنِ ادَّعَى وَلَدًا مِنْ غَيْرِ رِشْدَةٍ، فَلَا يَرِثُ وَلَا يُورَثُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لونڈیوں سے کسب کرانا' ان سے خرچہ کمانا' جس نے دوسرے کی لونڈی سے زنا کیا' اس سے اولاد ہوئی' اس کو اس کے عصبات سے دیا جائے' جس نے ایسے بچے کا دعویٰ کیا جو اس کی طرف سے نہیں ہے تو وہ اس کا وارث نہیں ہوگا' اور یہ اس کا وارث نہیں ہو گا۔

1006 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عِمْرَانَ الرَّازِیُّ قَالَ: نَا اَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَیُّ الْاِسْلَامِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: حَنِيفِيَّةٌ سَمْحَةٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ عرض کی گئی: یارسول اللہ! کون سا اسلام افضل ہے؟ فرمایا: ہر باطل سے الگ آسان۔

1007 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

1004- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحہ185 .

1005- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحہ227 .

1006- أخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد1صفحہ236 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحہ65 .

1007- أخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد1صفحہ270-271 . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحہ290 .

حُمَيْدٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی لَبِيدٍ، عَنْ اَبِی مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَيْسَ لِلنِّسَاءِ فِی عَقْدِ النِّكَاحِ شَیْءٌ، جَعَلَتْ مَيْمُونَةُ اَمْرَهَا اِلَی اُمِّ الْفَضْلِ، فَجَعَلَتْهُ اِلَی الْعَبَّاسِ، فَاَنْكَحَهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عورتوں کے لیے نکاح میں کچھ بھی نہیں ہے۔ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے اپنا معاملہ اُم فضل رضی اللہ عنہا کے سپرد کیا تو انہوں نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو دے دیا' سو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ان کا نکاح کر دیا۔

1008 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِیٌّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی سَجْدَةِ سُورَةِ ص: سَجَدَهَا دَاوُدُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوْبَةً، وَنَسْجُدُهَا شُكْرًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سورۂ صٓ میں سجدہ کیا اور فرمایا: حضرت داؤد علیہ السلام نے اس کا توبہ کا سجدہ کیا تھا' اور ہم شکر کا سجدہ کر رہے ہیں۔

1009 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا هُرَيْمُ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو الْمُهَلَّبِ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ: نَا عَلِیُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَعْدَانَ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ قَبْلَ كُلِّ اَحَدٍ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ بَعْدَ كُلِّ اَحَدٍ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَی كُلِّ حَالٍ، اُعْطِیَ مِنَ الْاَجْرِ كَعِبَادَةِ مَنْ عَبَدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے یہ پڑھا: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ قَبْلَ كُلِّ اَحَدٍ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ بَعْدَ كُلِّ اَحَدٍ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ'' تو اس کو اللہ تعالیٰ عبادت کرنے والے کی مثل ثواب عطا کرے گا۔

1010 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِیِّ، مِنْ بَنِی سَامَةَ بْنِ لُؤَیٍّ مِنْ قُرَيْشٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کو کوئی پریشانی کا معاملہ پیش آتا تو آپ یہ پڑھتے: ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ،

1008- اخرجه الطبرانی فی الكبير جلد12صفحه34 رقم الحديث:12386 .

1009- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه100 .

1010- اخرجه البخاری فی الدعوات جلد11صفحه149 رقم الحديث: 6345' ومسلم: الذكر جلد 4صفحه2092 رقم الحديث:2730' واحمد فی مسنده جلد1صفحه441 رقم الحديث:3146 .

الْحَارِثِ، عَنْ اَبِی الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا حَزَبَهُ الْاَمْرُ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ذُو الْعَرْشِ الْكَرِيمِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ، وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ذُو الْعَرْشِ الْكَرِيمِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ، وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ''۔

1011 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدٌ قَالَ: نَا مُوسَى قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو مُوسَى الصَّفَّارُ . قَالَ: سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، اَوْ سُئِلَ: اَیُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ؟ فَقَالَ: سُئِلَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: الْمَاءُ ، فَقُلْتُ: يَا نَبِیَّ اللّٰهِ، اَیُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: الْمَاءُ، اَلَا تَرَى اَهْلَ النَّارِ اِذَا اسْتَغَاثُوا بِاَهْلِ الْجَنَّةِ، قَالُوا: (اَفِيضُوا عَلَيْنَا مِنَ الْمَاءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ) (الاعراف: 50)

حضرت ابوموسیٰ الصفار فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا یا آپ سے پوچھا گیا کہ کون سا صدقہ افضل ہے؟ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی کریم ﷺ سے پوچھا گیا کہ کون سا صدقہ افضل ہے؟ تو آپ نے فرمایا: پانی' میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! کون سا صدقہ افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پانی! کیا تم دیکھتے نہیں کہ اہل جہنم جب جنت والوں سے مدد مانگیں گے تو وہ عرض کریں گے کہ ''ہم پر پانی ڈالو یا جو اللہ نے تم کو رزق دیا ہے'' (الاعراف:۵۰)۔

1012 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْمَازِنِیُّ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي سُلَيْمَانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَمْسَكَ بِرِكَابِ اَخِيهِ الْمُسْلِمِ، لَا يَرْجُوهُ وَلَا يَخَافُهُ، غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے مسلمان بھائی کی سواری روکی' اس نے اس سے اُمید بھی نہ رکھی اور نہ اس سے ڈرا' تو اللہ تعالیٰ اس کو بخش دے گا۔

1013 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ

حضرت سلیمان بن علی بن عبد اللہ ابن عباس از

1011- انظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه134 .

1012- انظر: مجمع الزوائد جلد8 صفحه20 .

1013- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 1 صفحه348 رقم الحديث: 10680 . انظر: مجمع الزوائد جلد4

عُمَرَ الْمَازِنِیُّ قَالَ: نَا حَجَّاجُ بْنُ حَرْبٍ الشَّقَرِیُّ قَالَ: نَا سُلَیْمَانُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اشْتَرُوا الرَّقِیقَ، وَاِیَّاکُمْ وَالزَّنْجَ، فَاِنَّهُمْ قَصِیرَةٌ اَعْمَارُهُمْ، قَلِیلَةٌ اَرْزَاقُهُمْ

والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: غلام خریدو اور حبشیوں سے بچو کیونکہ ان کی عمریں تھوڑی ہوتی ہیں اور رزق بھی تھوڑا ہوتا ہے۔

1014 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا حَفْصٌ قَالَ: نَا مُرَجَّی بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ حُسَیْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَیْدَةَ، عَنْ بُشَیْرِ بْنِ کَعْبٍ الْعَدَوِیِّ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَیِّدُ الِاسْتِغْفَارِ اَنْ تَقُولَ: اللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّی لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، خَلَقْتَنِی وَاَنَا عَبْدُکَ، وَاَنَا عَلٰی عَهْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَعُوذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، وَاَبُوءُ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ، وَاَبُوءُ بِذَنْبِی، فَاغْفِرْ لِی، فَاِنَّهُ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ، فَاِنَّ مَنْ قَالَهَا بَعْدَ مَا یُمْسِی، فَمَاتَ مِنْ لَیْلَتِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَاِنْ قَالَهَا بَعْدَمَا یُصْبِحُ مِنْ نَوْمِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سیّد الاستغفار یہ ہے کہ کہے: ''اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّی لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، خَلَقْتَنِی وَاَنَا عَبْدُکَ، وَاَنَا عَلٰی عَهْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَعُوذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، وَاَبُوءُ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ، وَاَبُوءُ بِذَنْبِی، فَاغْفِرْ لِی، فَاِنَّهُ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ'' تو بلاشبہ جس نے اس کو شام کے بعد پڑھا اور وہ اسی رات کو فوت ہو گیا تو وہ جنت میں داخل ہوگا اور جس نے اسے صبح کے وقت نیند کے بعد پڑھا تو وہ جنت میں داخل ہو گیا۔

1015 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، وَرَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْمُقْرِءُ، قَالَا: نَا قَزَعَةُ بْنُ سُوَیْدٍ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مر جائے تو اس کی آنکھیں بند کر دیا کرو' کیونکہ آنکھ روح کا

صفحہ 238 .

1014- أخرجه البخاري في الدعوات جلد 11 صفحه 134 رقم الحديث: 6323' والترمذي في الدعوات جلد 5 صفحه 467 رقم الحديث: 3393' والنسائي في الاستعاذة جلد 8 صفحه 246 (باب الاستعاذة من شر ما صنع ...... الخ)' وأحمد في المسند جلد 4 صفحه 151 رقم الحديث: 17115 .

1015- أخرجه ابن ماجة في الجنائز جلد 1 صفحه 467 رقم الحديث: 1455' وأحمد في المسند جلد 4 صفحه 155 رقم الحديث: 17141 .

مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا حَضَرْتُمْ مَوْتَاكُمْ فَاغْمِضُوا الْبَصَرَ، فَإِنَّ الْبَصَرَ يَتْبَعُ الرُّوحَ، وَقُولُوا خَيْرًا، فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُؤَمِّنُ عَلَى مَا قَالَ اَهْلُ الْبَيْتِ

پیچھا کرتی ہے اور اس کے متعلق اچھے الفاظ کہو کیونکہ فرشتے اس پر آمین کہتے ہیں' جو اس کے گھر والے اس کے متعلق کہتے ہیں۔

1016 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ النَّصِيبِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْعَطَّارُ الْحِمْصِيُّ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ بَكْرٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلْتُ بَيْنَ قَمِيصِهِ وَجِلْدِهِ، فَقَبَّلْتُ مِنْهُ مَوْضِعَ الْخَاتَمِ، فَقُلْتُ: مَا الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ؟ قَالَ: الْمِلْحُ قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: الْمَاءُ وَالنَّارُ

حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' پس میں نے اپنا منہ آپ کی قمیص اور آپ کی جلد کے درمیان داخل کیا اور میں نے آپ کی مہر نبوت کا بوسہ لیا اور میں نے عرض کی: کون سی شے ہے جو لوگوں سے روکنی جائز نہیں؟ فرمایا: نمک' کہا کہ میں نے عرض کی: پھر اس کے بعد کس چیز سے منع نہ کیا جائے: فرمایا: پانی اور آگ۔

1017 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: التُّؤَدَةُ وَالِاقْتِصَادُ وَالسَّمْتُ الْحَسَنُ جُزْءٌ مِنْ اَرْبَعَةٍ وَعِشْرِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ

حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رجوع اور میانہ روی اچھی چال چلن' نبوت کے چوبیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے۔

1018 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو مَعْمَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا اَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَابٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد کے دروازوں میں ایک دروازہ کے متعلق فرمایا کہ اگر ہم اس کو عورتوں کے لیے چھوڑ دیں (تو بہتر ہے)۔ حضرت نافع فرماتے ہیں کہ پھر حضرت ابن

1016- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحہ127-128 .

1017- اخرجه الترمذی فی البر جلد4صفحہ366 رقم الحدیث: 2010 .

1018- اخرجه ابو داؤد فی الصلاة جلد1صفحہ123 رقم الحدیث: 462 .

مِنْ اَبْوَابِ الْمَسْجِدِ: لَوْ تَرَكْنَا هَذَا الْبَابَ لِلنِّسَاءِ .
قَالَ نَافِعٌ: فَلَمْ يَدْخُلْ مِنْهُ ابْنُ عُمَرَ حَتَّى مَاتَ

عمر اس دروازہ سے وصال تک داخل نہیں ہوئے۔

1019 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سُهَيْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا عَطَاءُ بْنُ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كُنْتُ فِيمَنْ تَعَجَّلَ فِي ثَقَلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ جَمْعٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے مزدلفہ کی رات سامان اور عورتوں کے ساتھ روانہ کر دیا تھا۔

1020 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ وَفِيهَا سِتُّ سَوَارٍ، فَدَعَا عِنْدَ كُلِّ سَارِيَةٍ، وَلَمْ يُصَلِّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ خانہ کعبہ میں داخل ہوئے' اس وقت خانہ کعبہ میں چھ ستون تھے' آپ نے ہر ستون کے پاس دعا کی اور نماز نہیں پڑھی۔

1021 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ سُلَيْمٍ الصَّوَّافُ قَالَ: حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ اَبُو صَخْرٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا هَذَا الدُّعَاءَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّورَةَ مِنَ الْقُرْآنِ: اَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہم کو یہ دعا اس طرح سکھاتے تھے جس طرح قرآن کی سورت سکھاتے تھے: "اَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ"۔

1019- أخرجه ابن عدى فى الكامل للضعفاء .

1020- أخرجه مسلم فى الحج جلد **2** صفحه **968** رقم الحديث: **1331**' وأحمد فى المسند جلد **1** صفحه **312** رقم الحديث: **2131** .

1021- أخرجه مسلم فى المساجد جلد **1** صفحه **413** رقم الحديث: **590**' وأبو داؤد فى الصلاة جلد **2** صفحه **92** رقم الحديث: **1542**' والترمذى فى الدعوات رقم الحديث: **3494**' وابن ماجة فى الدعاء جلد **2** صفحه **1262** رقم الحديث: **3840**' ومالك فى الموطأ جلد **1** صفحه **251** رقم الحديث: **33**' وأحمد فى المسند جلد **6** صفحه **224** رقم الحديث: **25704** .

الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ

1022 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ قَتَادَةَ، حَدَّثَهُ، اَنَّ اَبَا الطُّفَيْلِ الْبَكْرِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُولُ: لَمْ اَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُ غَيْرَ الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَّيْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رکن یمانیین کے علاوہ کسی رکن کو رسول اللہ ﷺ کو استلام کرتے نہیں دیکھا۔

1023 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا وَهْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبُنَانِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْقَنَّادُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرٍو الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقَطْعُ فِي رُبْعِ دِينَارٍ فَصَاعِدًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چار دینار یا اس سے زیادہ کی چوری پر ہاتھ کاٹنا ہے۔

1024 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ عِيسَى قَالَ: نَا طَرِيفُ بْنُ زَيْدٍ الْحَرَّانِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اسلام میں بڑھاپا پایا' وہ بزرگی قیامت کے دن اس کے لیے نور ہوگی۔

1022- اخرجه البخاري في الحج جلد 3 صفحه 553 رقم الحديث: 1609 (بلفظ عبد الله بن عمر)' ومسلم في الحج جلد 2 صفحه 925 رقم الحديث: 1269' والترمذي في الحج جلد 3 صفحه 204 رقم الحديث: 858 .

1023- اخرجه البخاري في الحدود جلد 12 صفحه 99 رقم الحديث: 6790' ومسلم في الحدود جلد 3 صفحه 1312 رقم الحديث: 1684' وابو داؤد في الحدود جلد 4 صفحه 133 رقم الحديث: 4383' والنسائي في قطع السارق جلد 8 صفحه 70 (باب ذكر الاختلاف على الزهري)' وابن ماجة في الحدود جلد 2 صفحه 862 رقم الحديث: 2585' ومالك في الموطا جلد 2 صفحه 832 رقم الحديث: 24' واحمد في المسند جلد 6 صفحه 116 رقم الحديث: 24779 .

1024- اخرجه العقيلي في الضعفاء الكبير جلد 2 صفحه 230 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 161-162 .

صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْإِسْلَامِ كَانَتْ لَهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

1025 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا حَبِيبٌ كَاتِبُ مَالِكٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ابْنُ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَفِظَنِي فِي اَصْحَابِي وَرَدَ عَلَيَّ حَوْضِي، وَمَنْ لَمْ يَحْفَظْنِي فِي اَصْحَابِي لَمْ يَرَنِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَّا مِنْ بَعِيدٍ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے میرے صحابہ کے متعلق خوش عقیدہ رکھا' وہ میرے حوض پر آئے گا اور جس نے میرے صحابہ کے متعلق اچھا عقیدہ نہ رکھا تو وہ قیامت کے دن مجھے دور سے ہی دیکھے گا۔

1026 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا ثَوْبَانُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عُرْوَةَ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا اِذَا اسْتَفْتَحْنَا الصَّلَاةَ اَنْ نَقُولَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وَتَعَالَى جَدُّكَ، وَلَا اِلَهَ غَيْرُكَ . وَكَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَفْعَلُ ذَلِكَ . وَكَانَ عُمَرُ يُعَلِّمُنَا وَيَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہم کو سکھاتے تھے کہ جب ہم نماز شروع کریں گے تو یہ پڑھیں: "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وَتَعَالَى جَدُّكَ، وَلَا اِلَهَ غَيْرُكَ"۔ اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی ایسا ہی کرتے تھے' اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہم کو ایسے ہی سکھاتے تھے اور فرماتے تھے کہ انہیں رسول اللہ ﷺ نے ایسے ہی پڑھایا ہے۔

1027 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنے اصحاب میں سے کسی کو الوداع کرتے تو یہ

1025- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه19-20 .

1026- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه109 .

1027- اخرجه الترمذی فی الدعوات جلد5صفحه499 رقم الحديث: 3442 (بلفظ أستودع الله دينك وأمانتك الخ)' وابن ماجة فی الجهاد جلد2صفحه943 رقم الحديث: 2826' وأبو داؤد فی الجهاد جلد3صفحه34 رقم الحديث: 2600' وأحمد فی المسند جلد2صفحه11 رقم الحديث: 4523 .

اِسْمَاعِيلَ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَدَّعَ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِهِ قَالَ: زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوَى، وَغَفَرَ لَكَ ذَنْبَكَ، وَلَقَّاكَ الْخَيْرَ حَيْثُ وَجَّهْتَ

دعا دیتے تھے: ''زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوَى، وَغَفَرَ لَكَ ذَنْبَكَ، وَلَقَّاكَ الْخَيْرَ حَيْثُ وَجَّهْتَ''۔

1028 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بَكْرِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ قَالَ: نَا اَبُو رَوْحٍ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: قَالَ سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ: اَلَا اُحَدِّثُكَ حَدِيثًا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِرَارًا، وَمِنْ اَبِي بَكْرٍ مِرَارًا، وَمِنْ عُمَرَ مِرَارًا؟ قُلْتُ: بَلَى قَالَ: مَنْ قَالَ اِذَا اَصْبَحَ وَاِذَا اَمْسَى: اللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَنِي، وَاَنْتَ تَهْدِينِي، وَاَنْتَ تُطْعِمُنِي، وَاَنْتَ تَسْقِينِي، وَاَنْتَ تُمِيتُنِي، وَاَنْتَ تُحْيِينِي، لَمْ يَسْاَلْ شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ . قَالَ: فَلَقِيتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ، فَقُلْتُ: اَلَا اُحَدِّثُكَ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ مِرَارًا، وَمِنْ اَبِي بَكْرٍ مِرَارًا، وَمِنْ عُمَرَ مِرَارًا؟ قَالَ: بَلَى، فَحَدَّثْتُهُ بِهَذَا الْحَدِيثِ، فَقَالَ: بِاَبِي وَاُمِّي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتُ كَانَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ اَعْطَاهُنَّ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَكَانَ يَدْعُو بِهِنَّ فِي كُلِّ يَوْمٍ سَبْعَ مِرَارٍ، فَلَا يَسْاَلُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کیا میں تم کو ایسی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما سے کئی مرتبہ سنی ہے؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! فرمایا: جس نے صبح و شام یہ کلمات پڑھ لیے: ''اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَنِي، وَاَنْتَ تَهْدِينِي، وَاَنْتَ تُطْعِمُنِي، وَاَنْتَ تَسْقِينِي، وَاَنْتَ تُمِيتُنِي، وَاَنْتَ تُحْيِينِي '' اور اللہ سے کوئی بھی شے مانگی تو اللہ عزوجل اس کو وہ شے عطا کرے گا۔ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے ملا' میں نے عرض کی: کیا میں آپ کو ایسی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما سے کئی مرتبہ سنی ہے؟ انہوں نے فرمایا: کیوں نہیں! میں نے اُن کو یہ حدیث سنائی تو حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے ماں باپ حضور پر فدا ہوں! یہ کلمات اللہ عزوجل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو عطا کیے تھے' آپ ان کلمات کے ساتھ ہر دن سات مرتبہ دعا کرتے تھے' آپ اللہ عزوجل سے جو بھی شے مانگتے تھے تو اللہ عزوجل اُن کو عطا کرتا تھا۔

1029 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ قُتَيْبَةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ

1028- انظر: مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**121** .

1029- انظر: الكامل لابن عدی جلد**5**صفحه**1850**' لسان الميزان جلد**4**صفحه**250** .

الرِّفَاعِيُّ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تُنُصِّلَ اِلَيْهِ فَلَمْ يَقْبَلْ لَمْ يَرِدْ عَلَيَّ الْحَوْضَ

ﷺ نے فرمایا: جس نے ان کی طرف تیر سونتا' اس کی کوئی شی قبول نہیں کی جائے گی اور وہ میرے حوض پر بھی نہیں آئے گا۔

1030 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيدِ الرَّقَّامُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ قَالَ: نَا مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اَبْصَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ يُلَقِّحُونَ النَّخْلَ، فَقَالَ: مَا لِلنَّاسِ؟ قَالَ: يُلَقِّحُونَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: لَا لِقَاحَ اَوْ مَا اَرَى اللِّقَاحَ بِشَيْءٍ قَالَ: فَتَرَكُوا اللِّقَاحَ، فَجَاءَ تَمْرُ النَّاسِ شِيصًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَنَا بِزَرَّاعٍ وَّلَا صَاحِبِ نَخْلٍ، لَقِّحُوا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام کو دیکھا کہ کھجوروں کو پیوند لگا رہے تھے' آپ نے فرمایا: لوگ کیا کر رہے ہیں؟ عرض کی: یارسول اللہ! پیوندکاری کر رہے ہیں' فرمایا: پیوندکاری نہ کرو' یا یہ فرمایا کہ میں پیوندکاری میں کوئی شی نہیں دیکھتا ہوں۔ تو صحابہ کرام نے پیوندکاری کرنی چھوڑ دی اور لوگ آپ کے پاس آئے اور عرض کی: پھل کم لگا ہے' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں کھیتی بھی نہیں کرتا ہوں نہ میں کھجوریں لگاتا ہوں' پیوندکاری کرلیا کرو۔

1031 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دِينَارًا تُنْفِقُهُ عَلَى نَفْسِكَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَدِينَارًا تُنْفِقُهُ عَلَى فَرَسِكَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَدِينَارًا تُنْفِقُهُ عَلَى اَهْلِكَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ . فَاَفْضَلُهَا الدِّينَارُ الَّذِي تُنْفِقُهُ عَلَى اَهْلِكَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ایک دینار وہ ہے جو تُو اپنی جان پر اللہ کی راہ میں خرچ کرے اور ایک دینار وہ ہے جو تُو اپنے گھوڑے پر اللہ کی راہ میں خرچ کرے اور ایک دینار وہ ہے جو تُو اپنے گھر والوں پر اللہ کی راہ میں خرچ کرے' ان میں سے افضل دینار وہ ہے جو تُو اپنے گھر والوں پر خرچ کرے۔

1032 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابی عطیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مالک بن

1031- اخرجه مسلم في الزكاة جلد2صفحه691 رقم الحديث: 994' والترمذي في البر جلد 4صفحه344 رقم الحديث: 1966' وابن ماجة في الجهاد جلد2صفحه922 رقم الحديث: 2760 .

1032- اخرجه ابو داؤد في الصلاة جلد 1صفحه159 رقم الحديث: 596' والترمذي في الصلاة جلد2صفحه187 رقم الحديث: 356' واحمد في المسند جلد3صفحه533 رقم الحديث: 15609 .

عَوْنٍ الزِّيَادِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي بُدَيْلُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ اَبِي عَطِيَّةَ قَالَ: زَارَنَا مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ، فَقُلْنَا: لَوْ صَلَّيْتَ بِنَا، قَالَ لَنَا: لِيُصَلِّي اِمَامُكُمْ، وَسَاُخْبِرُكُمْ بِمَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا زَارَ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلَا يَؤُمَّنَّهُ، وَلٰكِنْ يَؤُمُّهُمْ بَعْضُهُمْ

حویرث رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے' ہم نے عرض کی کہ آپ ہم کو نماز پڑھائیں! انہوں نے کہا: تمہارا امام امامت کروا کر نماز پڑھائے' اب میں تم کو بتاتا ہوں جو میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو کوئی تم میں سے اپنے بھائی کی زیارت کرے تو وہ امامت نہ کروائے لیکن اُن میں سے ہی کوئی امامت کروائیں۔

1194 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو هُرَيْرَةَ مُحَمَّدُ بْنُ فِرَاسٍ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نَا اَبُو قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، اَنَّ اَبَا اُسَيْدٍ، صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ امْرَاَةً، فَدَعَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عُرْسِهِ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابواسید رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ کے صحابی نے ایک عورت سے شادی کی اور اس نے اپنی شادی کی نبی کریم ﷺ کو دعوت دی تو حضرت ابواسید کی بیوی حالت عروس (دلہن) میں ہم پر کھڑی ہوگئی اور ہمیں نبیذ پلائی جو اس نے رات کو بنائی تھی۔

1192- اخرجه البخاری: الصوم جلد4صفحه176 رقم الحديث:1927' ومسلم: الصيام جلد2صفحه777 .

1193- اخرجه البخاری: الصوم جلد4صفحه287 رقم الحديث:2003' ومسلم: الصيام جلد2صفحه795 .

1194- اخرجه البخاری فی النكاح جلد19صفحه251' ومسلم رقم الحديث:2006 .

فَكَانَتِ امْرَأَتُهُ تَقُومُ عَلَيْنَا، وَهِيَ الْعَرُوسُ، فَتَسْقِينَا نَبِيذَ التَّمْرِ، قَدِ انْتَبَذَتْهُ مِنَ اللَّيْلِ وَصَفَّتْهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِلَّا أَبُو قُتَيْبَةَ

یہ حدیث عبدالرحمٰن سے صرف ابوقتیبہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1195 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ جَرِيرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْفِرْدَوْسِيُّ قَالَ: نَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّمَا رَجُلٍ أَتَاهُ ابْنُ عَمِّهِ فَسَأَلَهُ مِنْ فَضْلِهِ، فَمَنَعَهُ، مَنَعَهُ اللَّهُ فَضْلَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. وَمَنْ مَنَعَ مَاءً لِيَمْنَعَ بِهِ فَضْلَ الْكَلَإِ مَنَعَهُ اللَّهُ فَضْلَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عمرو بن شعیب از والدخود از جدخود روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کسی آدمی کا چچازاد اُس کے پاس آئے اور وہ اس سے زیادہ مال مانگے تو وہ اس کو منع کرے تو اللہ عزوجل بھی قیامت کے دن اس کو زیادہ سے منع کرے گا‘ اور جو پانی سے منع کرتا ہے کہ اس سے زیادہ گھاس نہ اُگے تو قیامت کے دن اللہ عزوجل بھی اس کو اپنا فضل نہیں عطا کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا جَرِيرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ

یہ حدیث اعمش سے صرف جریر ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں محمد بن حسن اکیلے ہیں۔

1196 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ السَّمْتِيُّ قَالَ: نَا أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ طَاوُسٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ طَاوُسًا يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلْحِقُوا الْمَالَ بِالْفَرَائِضِ، فَمَا تَرَكَتْ فَلِأَوْلَى ذَكَرٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مال اصحابِ فرائض کو دو‘ جو بچ جائے وہ اُس کے مردوں کو دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ إِلَّا يُوسُفُ

یہ حدیث زیادہ سے صرف یوسف ہی روایت کرتے ہیں۔

1195- اخرجه في الصغير جلد1صفحه37 . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه128 .

1196- اخرجه البخاري: الفرائض جلد12صفحه12 رقم الحديث:6732‘ ومسلم: الفرائض جلد3صفحه1233 .

1197 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا خَالِدٌ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي زِيَادٌ، عَنْ عُتْبَةَ الْكُوفِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمُ الْقَمْلَةَ فِي الْمَسْجِدِ فَلْيَدْفِنْهَا، اَوْ لِيُمِطْهَا عَنْهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جُوں مسجد میں پائے تو وہ اس کو دفن کر دے یا اس جگہ سے ہٹا دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ زِيَادٍ اِلَّا يُوسُفُ، تَفَرَّدَ بِهِمَا ابْنُهُ عَنْهُ

یہ دونوں حدیثیں سے زیاد سے صرف یوسف ہی روایت کرتے ہیں' ان دونوں کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

1198 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ جُمَيْعٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ مَرَّ بِقَوْمٍ قَدْ نَصَبُوا دَجَاجَةً يَرْمُونَهَا، فَاخْتَلَعَهَا، وَقَالَ: مَنِ اتَّخَذَ شَيْئًا فِيهِ الرُّوحُ غَرَضًا لَمْ يَمُتْ مِنَ الدُّنْيَا حَتّٰى تُصِيبَهُ قَارِعَةٌ

حضرت نافع رضی اللہ عنہ' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ وہ ایک قوم کے پاس سے گزرے تو انہوں نے ایک مرغی باندھی ہوئی تھی اور اسے وہ نشان لگا رہے تھے' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس مرغی کو کھول دیا اور فرمایا: جس نے روح والی اشیاء کو مارا' وہ مارنے والا نہیں مرے گا یہاں تک کہ اس کو بھی وہی زخم لگے گا۔

لَمْ يَرْوِ سِمَاكٌ عَنْ نَافِعٍ غَيْرَ هٰذَا

یہ حدیث از سماک' نافع سے اس کے سوا روایت نہیں کرتے ہیں۔

1199 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ عُبَيْدٍ الدَّارِسِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الْعَتَكِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مال دار کے گناہ سے تجاوز کرو' بے شک اللہ عزوجل اس کی تنگی کے وقت اس کو اپنے

1197- اخرجه البزار رقم الحديث: 2911 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 2312 .

1198- اخرجه مسلم: الصيد والذبائح جلد 3 صفحه 1550' والنسائي: الضحايا جلد 7 صفحه 209-210 (باب النهي عن المجثمة)' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 118 رقم الحديث: 5589 .

1199- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 28516 .

عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَجَاوَزُوا لِلسَّخِيِّ عَنْ ذَنْبِهِ، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَأْخُذُ بِيَدِهِ عِنْدَ عَثْرَتِهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِشْرٌ

1200 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَ: نَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ عِيسَى قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَتْ عَلَيَّ امْرَأَةٌ فَأَتَيْتُهَا بِطَعَامٍ، فَقَالَتْ: إِنِّي صَائِمَةٌ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمِنْ قَضَاءِ رَمَضَانَ؟ قَالَتْ: لَا قَالَ: فَأَفْطِرِي، وَاقْضِي مَكَانَهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرَةَ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَّا أَبُو عُبَيْدَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ

1201 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِينٍ الْيَمَامِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ يَحْيَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: حَدَّثَنِي قُرَّةُ بْنُ دَخِيلِ بْنِ عِيسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ شَيْبَانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِيهِ يَزِيدَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ شَيْبَانَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا لَهُ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ فِي عَلِيِّ بْنِ شَيْبَانَ، وَبَارِكْ عَلَى عَلِيٍّ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ إِلَّا بِهٰذَا

دست قدرت سے پکڑے گا۔

یہ حدیث اعمش سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بشرا کیلے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے پاس ایک عورت آئی تو میں اس کے پاس کھانا لے کر آئی' اس نے عرض کی: میں روزے کی حالت میں ہوں' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا رمضان کی قضاء کر رہی ہو؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تو افطار کر اور اس کے بدلے قضاء کر لینا۔

یہ حدیث عمرہ سے صرف عبداللہ بن ابی بکر اور عبداللہ سے صرف ابوعبیدہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یعقوب اکیلے ہیں۔

حضرت علی بن یزید اپنے والد یزید بن علی سے اور وہ اپنے والد علی بن شیبان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کے لیے دعا کی' عرض کی: اے اللہ! علی بن شیبان کے لیے برکت دے اور علی کو برکت دے۔

یہ حدیث علی سے صرف اسی اسناد سے مروی ہے'

1200- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 20413 .

1201- انظر: مجمع الزوائد جلد9 صفحه 411 .

الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِينٍ

اسے روایت کرنے میں محمد بن مسکین اکیلے ہیں۔

1202 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبِي قَالَ: نَا أَبُو زَيْدٍ الْهَرَوِيُّ سَعِيدُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا أَبُو زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث شعبہ سے صرف ابوزید ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں عبیداللہ اکیلے ہیں۔

1203 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ قَالَ: نَا أَبُو الرَّبِيعِ السَّمَّانُ أَشْعَثُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ النَّاسَ يَكْثُرُونَ، وَإِنَّ أَصْحَابِي يَقِلُّونَ، فَلَا تَسُبُّوهُمْ، فَمَنْ سَبَّهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ ،

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگ زیادہ ہوں گے اور میرے صحابی تھوڑے ہوں گے اُن کو گالی نہ دینا کیونکہ جو اُن کو گالی دے گا اُس پر اللہ کی لعنت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو إِلَّا أَبُو الرَّبِيعِ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَطِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ أَبِي الرَّبِيعِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث عمرو سے صرف ابوربیع اور محمد بن فضل بن عطیہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں ابوربیع عبداللہ بن معاویہ اکیلے ہیں۔

1204 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ نَصْرِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُقَالُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تصویر بنانے والوں سے کہا جائے کہ جو تم نے پیدا کیا ہے (یعنی جو تصویر بنائی ہے) اُسے زندہ کرو۔

1202- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه149 .

1203- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه24 .

1204- اخرجه البخاري: التوحيد جلد13صفحه537 رقم الحديث: 7558' ومسلم: اللباس جلد3صفحه1669 .

لِلْمُصَوِّرِينَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: اَحْيُوا مَا خَلَقْتُمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ اِلَّا عِمْرَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث علی بن ثابت انصاری سے صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن بلال اکیلے ہیں۔

1205 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا هَانِءُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى قَبْرٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ایک قبر پر دعا فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا هَانِءٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ جَرِيرٍ

یہ حدیث اعمش سے صرف ھانی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبیداللہ بن جریر اکیلے ہیں۔

1206 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلُولِيُّ قَالَ: نَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي حَمْزَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: رکاز (معدنیات) میں پانچواں حصہ ہے۔

1207 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ اَسَدٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْكُوفِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اُمِّهِ، وَعَنْ اُخْتِهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: اَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ اُخْتِي نَذَرَتْ اَنْ تَمْشِيَ اِلَى الْبَيْتِ فَقَالَ: مُرْ اُخْتَكَ اَنْ تَرْكَبَ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ غَنِيٌّ عَنْ تَعْذِيبِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: میری بہن نے نذر مانی ہے کہ وہ پیدل چل کر بیت اللہ کا حج کرے گی' تو آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی بہن کو سوار ہونے کا حکم دو' بے شک اللہ عزوجل اس بات سے بے پروا ہے کہ تیری بہن اپنے آپ کو عذاب دے۔ اس

1205- اخرجه البخاری: الجنائز جلد3صفحه243 رقم الحديث: 1336' ومسلم: الجنائز جلد2صفحه658 .

1206- اخرجه الطبرانی فی الكبير جلد10صفحه106 رقم الحديث: 1039 .

1207- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه192 .

أُخْتِكَ نَفْسَهَا . فَقَالَ الرَّجُلُ: عَلَى أُمِّي حَجٌّ، أَحُجُّ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ

آدمی نے عرض کی: میری ماں کے اوپر حج فرض ہے تو کیا میں اُس کی طرف سے حج کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث اسماعیل بن ابی خالد سے صرف محمد بن کثیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1208 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ أَسَدٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْكُوفِيُّ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: شُغِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَيْءٍ مِّنْ أَمْرِ الْمُشْرِكِينَ، فَلَمْ يُصَلِّ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ، فَلَمَّا فَرَغَ صَلَّاهُنَّ بَعْدُ، الْأَوَّلَ فَالْأَوَّلَ، وَذَلِكَ قَبْلَ أَنْ تَنْزِلَ صَلَاةُ الْخَوْفِ ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ مشرکین مکہ کے خلاف غزوۂ خندق میں مشغول رہے' آپ نے ظہر وعصر اور مغرب وعشاء نہیں پڑھیں' جب آپ فارغ ہوئے تو ان نمازوں کے ادا کرنے میں مشغول ہوئے تو پہلی نماز ادا کرنے کے بعد دوسری نماز شروع کی' یہ نمازِ خوف کا حکم نازل ہونے سے پہلے کا واقعہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِلَّا لَيْثٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث عبدالرحمٰن سے صرف لیث ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن کثیر اکیلے ہیں۔

1209 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ نُعَيْمٍ السَّوَّاقُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ ظَبْيَانَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ: اهْجُ الْمُشْرِكِينَ وَجِبْرِيلُ مَعَكَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے فرمایا: مشرکین کی ہجو کرو' جبریل تمہارے ساتھ ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث سفیان سے صرف عبداللہ بن جعفر ہی

1208- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه7 .

1209- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه380 .

روایت کرتے ہیں۔

1210 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْجَهْمِ السِّمَّرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَارُ قَالَ: نَا عَوْفُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو غَسَّانَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ: رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ طَافَ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّمَا تُكْرَهُ الصَّلَاةُ عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، لِاَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ

حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو صبح کی نماز کے بعد طواف کرتے ہوئے دیکھا' پھر آپ نے دو رکعت نماز ادا کی' پھر فرمایا: بلاشبہ نماز طلوعِ شمس کے وقت مکروہ ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهٖ: عَوْفٌ

یہ حدیث عمرو سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عوف اکیلے ہیں۔

1211 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو الْجَوْزَاءِ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ آدَمَ بْنِ عَلِيٍّ . اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُبَاعُ الثَّمَرَةُ حَتّٰى تُونِعَ

حضرت آدم بن علی رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پھل کو پکنے سے پہلے مت فروخت کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا اَبُو دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهٖ: اَبُو الْجَوْزَاءِ

یہ حدیث شعبہ سے صرف ابوداؤد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوالجوزاء اکیلے ہیں۔

1212 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو الْجَوْزَاءِ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ قَالَ: نَا اَبُو حُرَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدْخُلُ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اُمت سے ستر ہزار لوگ بغیر حساب و کتاب کے جنت میں جائیں گے' وہ لوگ ایسے ہوں گے جو نہ داغ لگواتے (شرکیہ کلمات

1210- أخرجه الطبراني في الكبير جلد12صفحه454 رقم الحديث: 13648 .

1212- أخرجه البخاري: الطب جلد 10صفحه163-164 رقم الحديث: 5705' ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه198 .

الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ، لَا يَكْتَوُونَ، وَلَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَتَطَيَّرُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ

سے) دَم کراتے ہوں گے اور نہ ہی بدفال لیتے ہوں گے اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي حُرَّةَ إِلَّا أَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو الْجَوْزَاءِ

یہ حدیث ابوحرہ سے صرف ابوعلی الحنفی عبیداللہ بن عبدالمجید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوالجوزاء اکیلے ہیں۔

1213 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ الْمُقَوِّمُ قَالَ: نَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ قَائِمًا وَقَاعِدًا، وَيُصَلِّي مُنْتَعِلًا وَحَافِيًا، وَيَنْصَرِفُ مِنَ الصَّلَاةِ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر پانی پیتے ہوئے دیکھا اور ننگے پاؤں اور نعلین مبارک پہن کر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا اور نماز میں دائیں اور بائیں جانب چہرۂ مبارک پھیرتے ہوئے دیکھا۔

1214 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ صُدْرَانَ السَّلِيمِيُّ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: خَيَّرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَائَهُ، فَلَمْ يَكُنْ طَلَاقًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی ازواج کو اختیار دیا تھا' طلاق نہیں دی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَشْعَثَ إِلَّا خَالِدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدٌ

یہ حدیث اشعث سے صرف خالد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد اکیلے ہیں۔

1215 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

1213- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 5812 .

1214- أخرجه البخارى: الطلاق جلد9صفحه280 رقم الحديث: 5262-5263' ومسلم: الطلاق جلد 2 صفحه1104 .

1215- أخرجه البخارى: الطلاق جلد9صفحه407 رقم الحديث: 5353' ومسلم: الزهد والرقائق جلد 4

صُدْرَانَ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: السَّاعِي عَلَى الْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِينِ كَالْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، أَوْ كَالْقَائِمِ لَيْلَهُ، الصَّائِمِ نَهَارَهُ . وَكَافِلُ الْيَتِيمِ لَهُ أَوْ لِغَيْرِهِ، إِذَا اتَّقَى اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ، أَنَا وَهُوَ فِي الْجَنَّةِ كَهَاتَيْنِ يَعْنِي: إِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةَ وَالْوُسْطَى

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا الْفَضْلُ

اللہ ﷺ نے فرمایا: بیوہ اور مسکین کی کفالت کرنے والا اس مجاہد کی طرح ہے جو اللہ کی راہ میں لڑ رہا ہے اور اس آدمی کی طرح ہے جو رات کو تہجد پڑھتا ہے اور دن کو روزے رکھتا ہے۔ اور یتیم یا اس کے علاوہ کی کفالت کرنا بشرطیکہ وہ اللہ عزوجل سے ڈرنے والا ہو تو وہ اور میں جنت میں اس طرح ہوں گے یعنی آپ نے اپنی شہادت والی اور درمیانی انگلی کو ملایا۔

یہ حدیث اسماعیل سے صرف فضل ہی روایت کرتے ہیں۔

1216 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ حَفْصٍ التُّومَنِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطُّفَاوِيُّ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ فِي هَذِهِ الْآيَةِ: (خُذِ الْعَفْوَ) (الاعراف: 199) قَالَ: أَمَرَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ نَبِيَّهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَأْخُذَ الْعَفْوَ مِنْ أَخْلَاقِ النَّاسِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا الطُّفَاوِيُّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اس آیت ''خُذِ الْعَفْوَ'' (الاعراف:۱۹۹) کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ہے کہ اللہ عزوجل اپنے نبی ﷺ کو لوگوں کے افعال پر ان کو معاف کرنے کا حکم دیتا ہے۔

یہ حدیث ہشام اپنے والد سے اور وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں اور ہشام سے طفاوی ہی روایت کرتے ہیں۔

1217 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ قَالَ: نَا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ الْعَرْزَمِيُّ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: حج مبرور کا بدلہ صرف جنت ہے۔

صفحہ2287' واحمد: المسند جلد2صفحہ497 رقم الحدیث: 8903 .

1216- اخرجه الحاكم: المستدرك جلد1صفحہ124 . انظر: الدر المنثور جلد3صفحہ153 .

1217- اخرجه البخاری: العمرة جلد3صفحہ698 رقم الحدیث: 1773' ومسلم: الحج جلد2صفحہ983 .

وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَجَّةِ الْمَبْرُورَةُ لَيْسَ لَهَا جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ إِلَّا الْعَرْزَمِيُّ، وَلَا عَنِ الْعَرْزَمِيِّ إِلَّا أَبُو بَكْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَزْهَرُ

یہ حدیث سماک سے صرف عرزمی اور عرزمی سے صرف ابوبکر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ازھر اکیلے ہیں۔

1218 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ أَسْأَلُهُ عَنِ الرَّضَاعِ؟ فَكَانَ فِي كِتَابِهِ أَنَّ أَبَا الشَّعْثَاءِ الْمُحَارِبِيَّ حَدَّثَهُ، أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُحَرِّمُ الْخَطْفَةُ وَلَا الْخَطْفَتَانِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک گھونٹ اور دو گھونٹ (کسی عورت کا دودھ پینے) سے (رضاعت کی) حرمت ثابت نہیں ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

1219 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ: نَا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْبَكَّائِيُّ قَالَ: نَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَعَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى وَبِيصِ الطِّيبِ فِي مَفْرِقِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ گویا میں اب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بالوں میں مانگ کا منظر دیکھ رہی ہوں جو آپ نے حالت احرام میں اپنے بالوں میں نکالی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ إِلَّا زِيَادٌ

یہ حدیث ازاعمش از ابراہیم از علقمہ روایت کرنے میں زیاد اکیلے ہیں۔

1218- أخرجه النسائي: النكاح جلد 6 صفحه 83-84 (باب القدر الذي يحرم من الرضاعة)' والبيهقي في الكبرى جلد 7 صفحه 754 رقم الحديث: 15641 .

1219- أخرجه البخاري: الحج جلد 3 صفحه 463 رقم الحديث: 1538' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 847 .

1220 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ذَهَبَ بَصَرُهُ فِي الدُّنْيَا، جَعَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِنْ كَانَ صَالِحًا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کی دنیا میں آنکھ چلی جائے اور وہ نیک ہو تو اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن اُسے نور بنادے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا بِشْرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْاَنْصَارِيُّ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف بشر بن ابراہیم انصاری ہی روایت کرتے ہیں۔

1221 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رُسْتُمٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ سَالِمٍ الْاَفْطَسِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤَذِّنُ الْمُحْتَسِبُ كَالشَّهِيدِ الْمُتَشَحِّطِ فِي دَمِهِ، يَتَمَنَّى عَلَى اللّٰهِ مَا يَشْتَهِي بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ثواب کی نیت سے اذان دینے والا اس شہید کی طرح ہے جو خون میں لت پت ہو' اذان اور اقامت کے درمیان اللہ سے جو چاہے تمنا کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ اِلَّا قَيْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث سالم سے صرف قیس ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابراہیم اکیلے ہیں۔

1222 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ خَالِدٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْاُمَوِيُّ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: روزہ اور عید چاند دیکھ کر کرو' اگر تم پر بادلوں کی وجہ سے مہینہ کا اندازہ لگانا مشکل ہو تو تیس کی

1220- انظر: المجروحين جلد 1 صفحه 262. اخرجه ابن عدى في الكامل جلد 2 صفحه 446. انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 313.

1221- انظر: لسان الميزان جلد 1 صفحه 56. وانظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 330.

1222- اخرجه البخارى: الصوم جلد 4 صفحه 143 رقم الحديث: 1909' ومسلم: الصيام جلد 2 صفحه 762.

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ، وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ، فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمُ الشَّهْرُ فَكَمِّلُوا الْعِدَّةَ ثَلَاثِينَ

گنتی مکمل کرلو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَجَّاجٍ إِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث حجاج سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

1223 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَبْسِيُّ الْكُوفِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَفَقَةُ الرَّجُلِ عَلَى عِيَالِهِ صَدَقَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی کا اپنی اولاد پر خرچ کرنا صدقہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ إِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث عبدالمؤمن سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

1224 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو حَاتِمٍ السِّجِسْتَانِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي الْحَوَاجِبِ الْكُوفِيُّ قَالَ: كُنْتُ آخِذًا بِيَدِ الْأَعْمَشِ، فَقَالَ: قَرَأْتُ الْقُرْآنَ عَلَى يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، ثَلَاثِينَ مَرَّةً كُلُّ ذَلِكَ أَقْرَأُ: (وَالرِّجْزَ) (المدثر: 5)، وَكَذَلِكَ قَرَأَ يَحْيَى عَلَى عَلْقَمَةَ، وَعَلْقَمَةُ عَلَى ابْنِ مَسْعُودٍ، وَابْنُ مَسْعُودٍ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت یحییٰ بن زکریا بن ابوالحواجب الکوفی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت اعمش کا ہاتھ پکڑا تو انہوں نے فرمایا: میں نے یحییٰ بن وثاب سے قرآن پاک تیس مرتبہ پڑھا' وہ ہر مرتبہ ''وَالرِّجْزَ'' (المدثر: ۵) پڑھتے۔ اسی طرح یحییٰ نے علقمہ سے اور علقمہ نے حضرت ابن مسعود سے اور حضرت ابن مسعود نے نبی کریم ﷺ پر پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا ابْنُ أَبِي الْحَوَاجِبِ

یہ حدیث اعمش سے صرف ابن ابی حواجب ہی روایت کرتے ہیں۔

1225 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَزْهَرُ بْنُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ

1224- أخرجه مسلم في الزكاة جلد2صفحه692' وأحمد: المسند جلد2صفحه622 رقم الحديث: 10131.

1225- أخرجه الدارمي: الجهاد جلد 2صفحه264 رقم الحديث: 2392' وأحمد: المسند جلد 3صفحه424

جَمِيلٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو بَحْرٍ الْبَكْرَاوِيُّ قَالَ: نَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفْضَلُ الْجِهَادِ مَنْ عُقِرَ جَوَادُهُ، وَاُهْرِيقَ دَمُهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قُرَّةَ اِلَّا اَبُو بَحْرٍ

ﷺ نے فرمایا: افضل جہاد وہ ہے جس کی سواری کی کونچیں کاٹ دی جائیں اور جس کا خون بہادیا جائے۔

یہ حدیث قرہ سے صرف ابوبحر ہی روایت کرتے ہیں۔

1226 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا مُعْتَمِرٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور رسول اللہ ﷺ ایک ہی برتن میں غسل کرتے تھے۔

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف معتمر ہی روایت کرتے ہیں۔

1227 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو يَزِيدَ عَمْرُو بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَنَفِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كَفَّارَةُ الْمَجْلِسِ: اَنْ يَقُولَ الْعَبْدُ بَعْدَ اَنْ يَقُومَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا عُبَيْدٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: مجلس کا کفارہ مجلس سے کھڑے ہونے کے بعد بندے کا یہ پڑھنا ہے: ''سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ''۔

یہ حدیث عطاء سے صرف عبید اور نضر بن کثیر ہی

رقم الحديث: **14739** .

1226- اخرجه البخاری: اللباس جلد**10**صفحه**400** رقم الحديث: **5956**' ومسلم: الحيض جلد**1**صفحه**255** .

1227- اخرجه الطبرانی جلد**10**صفحه**203** رقم الحديث: **10333** . وانظر: مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**143** .

وَالنَّضْرُ بْنُ كَثِيرٍ

1228 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ صُدْرَانَ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَجُلًا جَاءَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، فَسَأَلَهُ عَنْ شَيْءٍ، فَقَالَ لَهُ زَيْدٌ: عَلَيْكَ بِأَبِي هُرَيْرَةَ فَإِنِّي بَيْنَمَا أَنَا وَأَبُو هُرَيْرَةَ وَفُلَانٌ ذَاتَ يَوْمٍ فِي الْمَسْجِدِ، نَدْعُو وَنَذْكُرُ رَبَّنَا عَزَّ وَجَلَّ، إِذْ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى جَلَسَ إِلَيْنَا، فَسَكَتْنَا، فَقَالَ: عُودُوا لِلَّذِي كُنْتُمْ فِيهِ. قَالَ زَيْدٌ: فَدَعَوْتُ أَنَا وَصَاحِبِي قَبْلَ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤَمِّنُ عَلَى دُعَائِنَا، ثُمَّ دَعَا أَبُو هُرَيْرَةَ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِثْلَ مَا سَأَلَكَ صَاحِبَايَ، وَأَسْأَلُكَ عِلْمًا لَا يُنْسَى. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمِينَ فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللهِ، نَحْنُ نَسْأَلُ اللهَ عِلْمًا لَا يُنْسَى. فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَبَقَكُمَا بِهَا الْغُلَامُ الدَّوْسِيُّ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا الْفَضْلُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

1229 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

روایت کرتے ہیں۔

حضرت محمد بن قیس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے آپ سے کسی شے کے متعلق پوچھا' اس کو حضرت زید نے فرمایا: تم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ! کیونکہ میں اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور فلاں ایک دن مسجد میں تھے' ہم دعا اور اپنے رب عزوجل کا ذکر کر رہے تھے کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف فرما ہوئے حتیٰ کہ ہمارے پاس بیٹھ گئے تو ہم خاموش ہوگئے تو آپ نے فرمایا: دوبارہ کرو جو تم کر رہے تھے۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اور میرے ساتھی ابوہریرہ سے پہلے دعا کرنے لگے اور نبی کریم ﷺ ہماری دعا پر آمین کہنے لگے' پھر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے دعا کی: اے اللہ! میں تجھ سے اپنے دونوں دوستوں والی ہی دعا کرتا ہوں اور تجھ سے ایسا علم مانگتا ہوں جو بھولنے والا نہ ہو۔ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: آمین! ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے اللہ سے ایسا علم مانگا ہے جو نہ بھولے' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ لڑکا تم دونوں پر سبقت لے گیا ہے۔

یہ حدیث اسماعیل سے صرف فضل ہی روایت کرتے ہیں اور حضرت زید بن ثابت سے یہ حدیث اسی اسناد سے مروی ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ

1228- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 36419 .

1229- انظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه 247 .

حَرْبٍ النَّشَائِيُّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا اَبُوْ مَرْوَانَ يَحْيَى بْنُ اَبِي زَكَرِيَّا الْغَسَّانِيُّ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلَى بَعِيرٍ يَوْمَ الْفَتْحِ، مَعَهُ الْمِحْجَنُ، يَسْتَلِمُ بِهِ الرُّكْنَ، كَرَاهِيَةَ اَنْ يُضْرَبَ النَّاسُ عَنْهُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فتح مکہ کے دن اونٹ پر سوار تھے آپ کے پاس ایک چھڑی تھی، آپ اس کے ساتھ حجر اسود کا استلام کرتے تھے اس بات کو ناپسند کرتے ہوئے کہ لوگوں کو اس سے مارا نہ جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا يَحْيَى وَعَبْدُ الْعَزِيزِ الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث ہشام سے صرف یحییٰ اور عبدالعزیز الدراوردی ہی روایت کرتے ہیں۔

1230 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ قَالَ: نَا يَحْيَى، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَيِّرُوا الشَّيْبَ وَلَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ وَالنَّصَارَى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بڑھاپے کو تبدیل کرو اور یہود و نصاری کی پیروی نہ کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

1231 - وَبِهِ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزْنِي الزَّانِي حِينَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَسْرِقُ السَّارِقُ حِينَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِينَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: زانی جس وقت زنا کرتا ہے وہ مؤمن نہیں رہتا اور چور جس وقت چوری کرتا ہے وہ مؤمن نہیں رہتا اور شرابی جس وقت شراب پیتا ہے تو اُس وقت وہ مؤمن نہیں ہوتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

1232 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ عُمَرَ بْنِ

حضرت قیس بن ابی غرزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے تاجروں کے گروہ! تم

1230- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه163 .

1231- أخرجه الامام أحمد في مسنده رقم الحديث: **13911** . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **10311** .

1232- اخرجه أحمد: المسند جلد 4صفحه9 رقم الحديث: **16144** . والطبراني في الكبير جلد 18صفحه356 رقم الحديث: **912** .

سَلِيطٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي حَمْزَةَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي غَرَزَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ اِنَّكُمْ تَحْضُرُونَ بَيَّاعَكُمْ بِلَغْوٍ وَّاَيْمَانٍ، فَشُوبُوهَا بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّدَقَةِ

خرید وفروخت کرتے وقت لغویات اور قسمیں اُٹھاتے ہوتو اس کے حل کے لیے کوئی شے صدقہ دیا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ الْاَعْوَرِ مَيْمُونٍ اِلَّا حَمَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ

یہ حدیث ابوحمزہ الاعور میمون سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

1233 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى قَالَ: نَا زَائِدَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا يَوْمٌ لَّطَوَّلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ حَتّٰى يَبْعَثَ رَجُلًا مِنْ اَهْلِي، يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمِي، وَاسْمُ اَبِيهِ اسْمَ اَبِي، يَمْلَاُ الْاَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا، كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَجَوْرًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دنیا کا ایک دن باقی رہے گا تو اللہ عزوجل اس دن کو لمبا کرے گا یہاں تک کہ میرے خاندان سے ایک آدمی بھیجے گا جس کا نام میرے نام کے موافق ہوگا' اُس کے والد کا نام میرے والد کے نام کے موافق ہوگا' وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جس طرح کہ زمین ظلم اور زیادتی سے بھری ہوئی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَائِدَةَ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث زائدہ سے صرف عبیداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1234 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھے خواب میں دیکھا تو بے شک اس نے مجھے ہی خواب میں دیکھا' بے

1233- اخرجه أبوداؤد: الهدى جلد4صفحه104 رقم الحديث: 4282' والطبرانى فى الكبير جلد10صفحه135 رقم الحديث: 10224 . وابن حبان فى موارد الظمآن رقم الحديث: 1878 .

1234- اخرجه الترمذى: الرؤيا جلد4صفحه535 رقم الحديث: 2276' وابن ماجة: الرؤيا جلد 2صفحه1284 رقم الحديث: 3900' واحمد: المسند جلد1صفحه488-489 رقم الحديث: 3558 .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَآنِي فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِي، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ بِي

شک شیطان میری صورت اختیار نہیں کرسکتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَجَّاجِ إِلَّا مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث حجاج سے صرف معتمر ہی روایت کرتے ہیں۔

1235 - حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَزْوَانَ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصًا دَخَلَ الْجَنَّةَ. قِيلَ: وَمَا إِخْلَاصُهَا؟ قَالَ: أَنْ تَحْجُزَهُ عَنْ مَحَارِمِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے لا الٰہ الا اللہ خلوص نیت سے پڑھا تو وہ جنت میں داخل ہوگا' عرض کی گئی: اس کا اخلاص کیا ہے؟ فرمایا: یہ کہ تُو اللہ عزوجل کی حرام کردہ چیزوں کو چھوڑ دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن عبدالرحمن اکیلے ہیں۔

1236 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو الرَّدَّادِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ قَالَ: نَا أَبُو زُرْعَةَ وَهْبُ اللّٰهِ بْنُ رَاشِدٍ قَالَ: نَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ: يَا كَافِرُ، فَقَدْ وَجَبَ الْكُفْرُ عَلَى أَحَدِهِمَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب ایک آدمی دوسرے آدمی کو کہتا ہے کہ اے کافر! تو ان میں سے ایک پر کفر واجب ہوگیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَيْوَةَ إِلَّا وَهْبُ اللّٰهِ

یہ حدیث حیوہ سے صرف وہب اللہ ہی روایت

1235- أخرجه الطبراني في الكبير جلد5صفحه197 . وانظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه21 .

1236- أخرجه البخاري: الأدب جلد10صفحه531 رقم الحديث:6104' ومسلم: الايمان جلد1صفحه79 .

کرتے ہیں۔

1237 - وَبِهِ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، عَنْ خَيْرِ بْنِ نُعَيْمٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ ثَمَنِ السِّنَّوْرِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بلی کی قیمت لینے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَيْوَةَ اِلَّا وَهْبُ اللّٰهِ

یہ حدیث حیوہ سے صرف وہب اللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1238 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ بَكْرٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمِّي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلَى اُمَّتِي لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ مَعَ كُلِّ وُضُوءٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر مجھے اپنی اُمت پر مشقت کا خوف نہ ہوتا تو میں اُن کو ہر وضو کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ سے صرف اسی اسناد کے ساتھ مروی ہے اسے روایت کرنے میں محمد بن اسحاق اکیلے ہیں۔

1239 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا اَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ: نَا عُبَيْدُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے مغرب کی امامت کے دوران یہ آیت پڑھی:

1237- أخرجه أبوداؤد: البيوع جلد 3 صفحه 276 رقم الحديث: 3479 والترمذي: البيوع جلد 3 صفحه 568 رقم الحديث: 1279 والنسائي: البيوع جلد 7 صفحه 272 (باب ما استثنى) بلفظ: نهى عن ثمن الكلب والسنور . وابن ماجة: التجارات جلد 2 صفحه 731 رقم الحديث: 2161 وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 428 رقم الحديث: 14779 .

1238- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 22411 .

1239- أخرجه الطبراني في الصغير رقم الحديث: 4511 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 12112 .

اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّهُمْ فِی الْمَغْرِبِ بِالَّذِيْنَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ

''بِالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا اَبُو مُعَاوِيَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں حسین اکیلے ہیں۔

1240 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ قَالَ: نَا يَحْيَی بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نَا مَحْبُوبُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ: نَا مَيْمُونُ بْنُ عَجْلَانَ الثَّقَفِیُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ الْمَخْزُومِیِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْعَبْدَ يَلْتَمِسُ مَرْضَاةَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَلَا يَزَالُ كَذٰلِكَ . فَيَقُولُ اللّٰهُ: يَا جِبْرِيلُ، اِنَّ عَبْدِی فُلَانًا يَلْتَمِسُ اَنْ يُرْضِيَنِی، فَرِضَائِی عَلَيْهِ . قَالَ: فَيَقُولُ جِبْرِيلُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَی فُلَانٍ، وَتَقُولُ حَمَلَةُ الْعَرْشِ، وَيَقُولُ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، حَتّٰی يَقُولَهُ اَهْلُ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ، ثُمَّ يَهْبِطُ اِلَی الْاَرْضِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهِیَ الْآيَةُ الَّتِی اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فِی كِتَابِهِ: (اِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمَنُ وُدًّا) (مريم: 96) ، وَاِنَّ الْعَبْدَ لَيَلْتَمِسُ سَخَطَ اللّٰهِ، فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا جِبْرِيلُ، اِنَّ فُلَانًا يُسْخِطُنِی . اَلَا وَاِنَّ غَضَبِی عَلَيْهِ، فَيَقُولُ جِبْرِيلُ: غَضَبُ اللّٰهِ عَلَی فُلَانٍ، وَيَقُولُ حَمَلَةُ الْعَرْشِ،

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بندہ اللہ کی رضا تلاش کرتا ہے اور اس حالت میں مسلسل رہتا ہے' اللہ عزوجل فرماتا ہے: اے جبریل! میرا فلاں بندہ میری رضا حاصل کرنا چاہتا ہے' سو میں اس سے راضی ہوں۔ فرمایا کہ حضرت جبریل علیہ السلام فرماتے ہیں: فلاں پر اللہ کی رحمت ہو! اور عرش اُٹھانے والا کہتا ہے اور وہ بھی یہی کہتے جو ان کے ساتھ ملے ہوئے ہیں' یہاں تک کہ ساتوں آسمان والے کہتے ہیں' پھر وہ زمین کی طرف اترتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ آیت ہے جو اللہ عزوجل نے اپنی کتاب میں اس حوالہ سے تم پر نازل فرمائی ہے: ''بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور اچھے عمل کیے عنقریب اُن کی محبت ایمان والوں کے دلوں میں ڈال دے گا'' اور ایک بندہ اللہ کی ناراضگی تلاش کرتا ہے' اللہ عزوجل اس کے متعلق فرماتا ہے: اے جبریل! میں فلاں سے ناراض ہوں' خبردار! اور اس پر میرا غضب ہے۔ حضرت جبریل علیہ السلام فرماتے ہیں: فلاں پر اللہ کا غضب ہے' اور عرش اُٹھانے والا بھی یہی کہتا ہے اور جو

1240- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه275 .

وَيَقُولُ مَنْ دُونَهُمْ، حَتَّى يَقُولَهُ اَهْلُ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ، ثُمَّ يَهْبِطُ اِلَى الْاَرْضِ

ان کے علاوہ (فرشتے ہیں) وہ بھی کہتے ہیں' یہاں تک کہ ساتوں آسمان والے کہتے ہیں' پھر وہ زمین کی طرف اترتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ ثَوْبَانَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَيْمُونٌ

یہ حدیث ثوبان سے صرف اسی اسناد سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں میمون اکیلے ہیں۔

1241 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ بِثَلَاثٍ، يَقْرَاُ فِي الْاُولَى: اَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ، وَاِنَّا اَنْزَلْنَاهُ، وَاِذَا زُلْزِلَتْ، وَيَقْرَاُ فِي الثَّانِيَةِ بِالْعَصْرِ، وَاِنَّا اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ، وَاِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَتَبَّتْ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تین رکعت وتر ادا کرتے تھے' وتر کی پہلی رکعت میں الهاكم التكاثر اور انا انزلناه اور اذا زلزلت الارض پڑھتے تھے اور دوسری رکعت میں والعصر اور انا اعطيناك الكوثر اور اذا جاء نصر الله پڑھتے تھے اور تیسری رکعت میں قل يا ايها الكافرون اور تبت يد ابی لهب اور قل هو الله احد پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا يَزِيدُ وَيُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ، عَنْ يَزِيدَ وَيُونُسَ بْنِ بُكَيْرٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف یزید اور یونس بن ابی اسحاق ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں یعقوب از یزید اور یونس بن بکیر از یونس بن ابواسحاق اکیلے ہیں۔

1242 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: نَا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ قَالَ: نَا

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے اس ارشاد "وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِنَ الْعَذَابِ الْاَدْنَى دُونَ

1241- اخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 323 رقم الحديث: 460' واحمد: المسند جلد 1 صفحه 111 رقم الحديث: 681 .

1242- اخرجه مسلم: صفات المنافقين جلد 4 صفحه 2157' واحمد: المسند جلد 5 صفحه 154 رقم الحديث: 21231' والبيهقي: شعب الايمان جلد 7 صفحه 155 رقم الحديث: 9821 . وانظر: الدر المنثور جلد 5 صفحه 178 .

شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَزْرَةَ، عَنِ الْحَسَنِ الْعُرَنِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: (وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِنَ الْعَذَابِ الْاَدْنَى دُونَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ) (السجدة: 21) قَالَ: مُصِيبَاتُ الدُّنْيَا قَالَ: وَالدُّخَانُ قَدْ مَضَى

الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ ''(السجدہ:۲۱) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس سے مراد دنیا کی مصیبتیں ہیں اور دھواں (کا عذاب) گزر چکا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا بَدَلٌ

یہ حدیث شعبہ سے صرف بدل ہی روایت کرتے ہیں۔

1243 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ قَالَ: نَا بَكْرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَبَّانَ قَالَ: نَا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالزَّكَاةِ ثَلَاثَ مِرَارٍ وَقَالَ: مَا تَعُدُّونَ الشَّهِيدَ فِيكُمْ؟ قَالُوا: الَّذِي يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ . قَالَ: اِنَّ شُهَدَاءَ اُمَّتِي اِذًا لَقَلِيلٌ، الْقَتْلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ شَهَادَةٌ، وَالطَّاعُونُ شَهَادَةٌ، وَالنُّفَسَاءُ شَهَادَةٌ، وَالْحَرْقُ شَهَادَةٌ، وَالْغَرَقُ شَهَادَةٌ، وَالسُّلُّ شَهَادَةٌ، وَالْبَطْنُ شَهَادَةٌ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تین مرتبہ زکوٰۃ لے کر آیا' آپ نے فرمایا: تم اپنے میں شہید کس کو شمار کرتے ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اُسے جو اللہ کی راہ میں شہید ہو' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس طرح تو میری اُمت میں شہید بہت کم ہوں گے' جو اللہ کی راہ میں قتل ہوا وہ شہید ہے اور طاعون کی بیماری میں مرنے والا شہید ہے' زچگی کے دوران مرنے والی عورت شہید ہے' جل کر مرنے والا شہید ہے' ڈوب کر مرنے والا شہید ہے' پھیپھڑوں کی بیماری میں مبتلا ہو کر مرنے والا شہید ہے' پیٹ کی بیماری میں مرنے والا شہید ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا مِنْدَلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَكْرٌ

یہ حدیث عاصم سے صرف مندل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بکرا کیلے ہیں۔

1244 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْجَارُودِيُّ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک حلقہ میں موجود تھا'

1243- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه304 .

1244- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 30218 .

مِهْرَانَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ اَهْلِ الشَّامِ، يَعْنِي: الْوَلِيدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُرَشِيَّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ قَالَ: اِنِّي لَشَاهِدٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَلْقَةٍ، وَفِي يَدِهِ حَصًى، فَسَبَّحْنَ فِي يَدِهِ، وَفِينَا اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ، فَسَمِعَ تَسْبِيحَهُنَّ مَنْ فِي الْحَلْقَةِ، ثُمَّ دَفَعَهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اَبِي بَكْرٍ، فَسَبَّحْنَ مَعَ اَبِي بَكْرٍ، سَمِعَ تَسْبِيحَهُنَّ مَنْ فِي الْحَلْقَةِ، ثُمَّ دَفَعَهُنَّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَبَّحْنَ فِي يَدِهِ، ثُمَّ دَفَعَهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى عُمَرَ، فَسَبَّحْنَ فِي يَدِهِ، وَسَمِعَ تَسْبِيحَهُنَّ مَنْ فِي الْحَلْقَةِ، ثُمَّ دَفَعَهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، فَسَبَّحْنَ فِي يَدِهِ، ثُمَّ دَفَعَهُنَّ اِلَيْنَا، فَلَمْ يُسَبِّحْنَ مَعَ اَحَدٍ مِنَّا .

آپ کے دست مبارک میں کنکریاں تھیں' انہوں نے آپ کے دست مبارک میں سبحان اللہ پڑھا' ہم میں حضرت ابوبکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم موجود تھے' اس حلقہ میں موجود تمام لوگوں نے وہ تسبیحات سنیں' پھر نبی کریم ﷺ نے وہ کنکریاں حضرت ابوبکر کو دیں' ان کنکریوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں سبحان اللہ پڑھا' جو لوگ حلقہ میں موجود تھے اُن سب نے وہ تسبیحات سنیں' پھر وہ کنکریاں نبی کریم ﷺ کو انہوں نے واپس کیں تو انہوں نے آپ کے مبارک ہاتھ میں تسبیح پڑھی' پھر انہیں نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیں تو اُن کے ہاتھ میں بھی کنکریوں نے تسبیحات پڑھیں' اُن تسبیحات کو حلقہ میں موجود تمام لوگوں نے سنا' پھر نبی کریم ﷺ نے کنکریاں حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو دیں تو ان کنکریوں نے ان کے ہاتھ میں بھی تسبیحات پڑھیں' پھر آپ نے وہ کنکریاں ہم کو دیں تو ہم میں سے کسی نے بھی وہ تسبیحات نہ سنیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ اِلَّا حُمَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْجَارُودِيُّ عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث داؤد سے صرف حمید ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں الجارودی از والد خود اکیلے ہیں۔

1245 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو حَاتِمٍ السِّجِسْتَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو جَابِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ: اِنَّ مِمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اِنَّ اللّٰهَ لَيَبْتَلِي الْعَبْدَ وَهُوَ يُحِبُّ، لِيَسْمَعَ تَضَرُّعَهُ

حضرت عمرو بن مرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو اللہ عزوجل کی جانب سے آزمائش نازل ہوتی ہے تو اُس کا مقصد بندہ کو آزمانا ہوتا ہے' اللہ عزوجل آزمائش میں ڈال کر یہ پسند کرتا ہے کہ وہ اپنے بندے کا رونا سنے۔

1245- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 29812 .

1246 - وَبِهِ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ، اِلَّا اَبُو جَابِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو حَاتِمٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

یہ حدیث شعبہ سے صرف ابوجابر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوحاتم اکیلے ہیں۔

یہ حدیث قاسم سے صرف عبیدہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن عمر اکیلے ہیں۔

1296 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا غَيْلَانُ بْنُ جَامِعٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ مُضَرِّسٍ الطَّائِيُّ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت عروہ بن مضرس الطائی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ کے اردگرد لوگوں کا مجمع تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جبل طی سے آیا ہوں' میں نے اپنی جان اور سواری کو تکلیف میں مبتلا کیا ہے' اللہ کی قسم! میں نے کسی پہاڑ کو

1296- اخرجه ابو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 203 رقم الحديث: 1950' والنسائي: الحج جلد 5 صفحه 213 (باب فيمن لم يدرك صلاة الصبح مع الامام بالمزدلفة)' وابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه 1004 رقم الحديث: 3016' واحمد: المسند جلد 4 صفحه 321 رقم الحديث: 18330 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِجَمْعٍ، وَالنَّاسُ حَوْلَهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اَتَيْتُ مِنْ جَبَلِ طَيِّءٍ، وَاِنِّي قَدْ آذَيْتُ نَفْسِي وَرَاحِلَتِي، فَلَا وَاللّٰهِ، مَا تَرَكْتُ حَبْلًا اِلَّا وَقَفْتُ عَلَيْهِ. فَهَلْ لِي مِنْ حَجٍّ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَدْرَكَ مَعَنَا صَلَاةَ الْغَدَاةِ بِجَمْعٍ، وَقَدْ اَفَاضَ قَبْلَ ذٰلِكَ مِنْ عَرَفَاتٍ لَيْلًا اَوْ نَهَارًا، فَقَدْ قَضَى تَفَثَهُ، وَتَمَّ حَجُّهُ

نہیں چھوڑا مگر اس کے پاس ٹھہرا ہوں تو کیا میرا حج ہو گیا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز مزدلفہ میں ہمارے ساتھ پڑھی ہے اور وہ عرفات سے پہلے رات یا دن کو لوٹ آیا ہے' اس کی پریشانی ختم ہو گی اور تو اس کا حج مکمل ہو گیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ غَيْلَانَ اِلَّا يَعْلَى، وَلَا عَنْ يَعْلَى اِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيٌّ

یہ حدیث غیلان سے صرف یعلیٰ اور یعلیٰ سے اُن کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی اکیلے ہیں۔

1297 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوبَ الصَّرِيفِينِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اُرَاهُ رَفَعَهُ قَالَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: اِنِّي صَرُورَةٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں کوئی ہرگز صرورہ نہ کہے (یعنی یہ نہ کہے کہ میں نے نکاح نہیں کیا)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ مَرْفُوعًا اِلَّا مُعَاوِيَةُ

یہ حدیث سفیان سے مرفوعاً صرف معاویہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1298 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خُبَيْقٍ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نَا اَبُو عَلِيٍّ الْمُقْرِءُ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ قَالَ: قُلْتُ لِلْاَعْمَشِ: اِنَّهُمْ يُنْكِرُونَ عَلَيْنَا قِرَائَةَ حَرْفَيْنِ: (مَا اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيِّ) وَحَرْفٌ آخَرُ. قَالَ: اَخْبِرْهُمْ اَنِّي قَرَاْتُ عَلَى الْاَعْمَشِ، وَاَنَّ الْاَعْمَشَ قَرَاَ عَلَى يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، وَاَنَّ يَحْيَى،

حضرت حمزہ الزیات فرماتے ہیں کہ میں نے اعمش سے کہا: لوگ ہم پر دو قراأتوں کے پڑھنے کا انکار کرتے ہیں: ''مَا اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيِّ'' اور دوسری قرأت۔ اُن کو بتایا کہ میں نے اعمش پر پڑھا' انہوں نے یحییٰ بن وثاب پر پڑھا اور یحییٰ نے علقمہ پر پڑھا اور علقمہ نے حضرت عبداللہ پر پڑھا اور حضرت عبداللہ نے رسول اللہ ﷺ

1297- اخرجه الدارقطني: سننه جلد 2 صفحه 293 رقم الحديث: 256' والبيهقي: الكبرى جلد 5 صفحه 270 رقم الحديث: 9770' وبلفظ: لا صرورة في الاسلام . أخرجه أبوداؤد: الحج جلد 2 صفحه 145 رقم الحديث: 1729' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 405 رقم الحديث: 2848 .

قَرَاَهُ عَلَى عَلْقَمَةَ، وَاَنَّ عَلْقَمَةَ، قَرَاَ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ، وَاَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ، قَرَاَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ، فَمَنْ عِنْدَهُ مِثْلُ هٰذَا الْإِسْنَادِ عَلَيْهِ يَاْتُونَ

سے پڑھا' پس جس کے پاس اس طرح کی سند ہے' وہ لائے۔

1299 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُدَيْرٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَرَاَيْتُهُ قَضَى حَاجَتَهُ، ثُمَّ رَجَعَ فَتَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلا' میں نے آپ کو قضاء حاجت کرتے ہوئے دیکھا' پھر آپ واپس آئے تو آپ نے وضو کیا اور اپنے موزوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُدَيْرٍ

یہ حدیث از حماد از ابراہیم' اسود سے صرف عبداللہ بن حدیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1300 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو زَائِدَةَ زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِي زَائِدَةَ قَالَ: نَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ اَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، اَنَّ اَبَا مُوسَى، دَخَلَ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ يَعُودُهُ، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: اَزَائِرًا جِئْتَنَا يَا اَبَا مُوسَى اَمْ عَائِدًا لِابْنِ اَخِيكَ؟ قَالَ: لَا بَلْ جِئْتُ عَائِدًا . فَقَالَ عَلِيٌّ: اَمَا اِنِّي سَمِعْتُهُ، يَعْنِي: النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ عَادَ مَرِيضًا خَاضَ فِي الرَّحْمَةِ، فَاِذَا جَلَسَ غَمَرَتْهُ

حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ' حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی عیادت کے لیے گئے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان (حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے) فرمایا: اے ابوموسیٰ! کیا ہماری زیارت کے لیے آئے ہو؟ یا اپنے بھائی کے بیٹے کی عیادت کے لیے آئے ہو؟ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلکہ میں آپ کے پاس عیادت کے لیے آیا ہوں' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا: جو مریض کی عیادت کرتا ہے' جب وہ اس کے پاس بیٹھا رہتا ہے تو اللہ کی رحمت میں غوطہ زن رہتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَيَّانَ اِلَّا الْمُحَارِبِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو زَائِدَةَ

یہ حدیث ابی حیان سے صرف محاربی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوزائدہ اکیلے ہیں۔

1299- أخرجه البخاري: الوضوء جلد1صفحه367 رقم الحديث:203' ومسلم: الطهارة جلد1صفحه228-229 .

1301 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَعْلَبَكِّيُّ قَالَ: نَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُونَ وَمِائَةُ صَفٍّ، اُمَّتِي مِنْهَا ثَمَانُونَ صَفًّا، وَسَائِرُ الْاُمَمِ اَرْبَعُونَ صَفًّا

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جنت میں ایک سو بیس صفیں ہوں گی' اُن میں سے اسّی صفیں میری اُمت کی ہوں گی اور باقی چالیس صفیں دوسری ساری اُمتوں کی ہوں گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ اِلَّا زُهَيْرٌ تَفَرَّدَ بِهِ: سُوَيْدٌ

یہ حدیث عبداللہ بن ابی بردہ سے صرف زہیر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سوید اکیلے ہیں۔

1302 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرُّهَاوِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَقَامَ الْمُؤَذِّنُ وَهُوَ يَاْكُلُ لَمْ يَقُمْ حَتَّى يَفْرُغَ مِنْ طَعَامِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی عادت تھی کہ جب آپ کھانا کھا رہے ہوتے تو مؤذن اقامت پڑھتا تو آپ کھانا سے فارغ ہو کرنماز پڑھانے کیلئے اُٹھتے تھے۔

1303 - وَبِهِ: قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَيْنَا الْمَدِينَةَ، كَحُبِّنَا مَكَّةَ اَوْ اَشَدَّ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي صَاعِنَا، وَفِي مُدِّنَا، وَانْقُلْ حُمَّاهَا اِلَى الْجُحْفَةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہی فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! ہمارے دلوں میں مدینہ کی محبت ڈال جس طرح تُو نے مکہ کی محبت ہمارے دلوں میں ڈالی ہے' یا اُس سے بھی زیادہ (مدینہ کی محبت) ڈال' اے اللہ! ہمارے صاع اور مُد میں برکت دے اور اس کے بخار کو جحفہ کی طرف منتقل کر دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا مُعَاوِيَةُ

یہ دونوں حدیثیں سفیان سے صرف معاویہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1301- انظر: لسان الميزان جلد3صفحه363' وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه406 .

1303- أخرجه البخاري: مناقب الأنصار جلد 7صفحه308 رقم الحديث: 3926' ومسلم: الحج جلد2 صفحه1003 .

1304 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الصَّبَّاحِ مَوْلَى الْحُسَيْنِ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلُولِيُّ قَالَ: نَا هُرَيْمُ بْنُ سُفْيَانَ، وجَعْفَرُ بْنُ زِيَادٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَءاً سَمِعَ مِنَّا حَدِيثًا، فَاَدَّاهُ كَمَا سَمِعَهُ، فَرُبَّ مُبَلَّغٍ اَوْعَى مِنْ سَامِعٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل اس کو خوش رکھے جو ہم سے حدیث سنے اور اس کو آگے پہنچا دے جس طرح اس نے سنی تھی' بسا اوقات جس کو بات پہنچائی جارہی ہو وہ سنانے والے سے زیادہ یاد کرنے والا ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هُرَيْمٍ، وَجَعْفَرٍ اِلَّا اِسْحَاقُ

یہ حدیث ھریم سے اور جعفر سے صرف اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

1305 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ: نَا حَرَمِيُّ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: نَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عِسْلِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنِ السَّلِيلِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا طَلَعَ النَّجْمُ صَبَاحًا قَطُّ، وَبِقَوْمٍ عَاهَةٌ اِلَّا رُفِعَتْ عَنْهُمْ لَمْ يَدْخُلْ اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِسْلٍ بَيْنَ عِسْلٍ، وَعَطَاءِ السَّلِيلِ اِلَّا وُهَيْبٌ، وَلَا عَنْ وُهَيْبٍ وَلَا حَرَمِيٍّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْجَرَّاحُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی بھی ستارہ صبح کے وقت طلوع نہیں ہوتا ہے مگر وہ عاھہ کی قوم کے ساتھ بلند ہوتا ہے۔ اُن سے کسی ایک نے بھی اس حدیث کو عسل سے روایت نہیں کیا اور عسل اور عطاء السلیل کے درمیان وہیب ہی ہیں اور وہیب سے صرف حرمی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں جراح اکیلے ہیں۔

1306 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے نماز

1304- اخرجه الترمذي: العلم جلد 5 صفحه 34 رقم الحديث: 2657' وابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 85 رقم الحديث: 232' واحمد: المسند جلد 1 صفحه 566 رقم الحديث: 4156 .

1305- اخرجه الامام احمد في مسنده جلد 2 صفحه 341 .

1306- اخرجه ابن ماجة: اقامة الصلاة جلد 1 صفحه 274 رقم الحديث: 839 .

سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِي كُلِّ صَلَاةٍ قِرَائَةٌ: فَاتِحَةُ الْكِتَابِ وَمَا تَيَسَّرَ، وَمَنْ لَمْ يَقْرَاْ فَهِيَ خِدَاجٌ

میں سورۂ فاتحہ اور اس کے ساتھ کوئی آسان سورت نہ پڑھی تو اس کی نماز ناقص ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ بِهَذَا اللَّفْظِ اِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي صَفْوَانَ

یہ حدیث سعید سے انہی الفاظ سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن ابی صفوان اکیلے ہیں۔

فائدہ: احناف کے نزدیک مسئلہ کی صورت یہ ہے کہ نماز میں مطلقاً قرأت فرض ہے' سورت یا سورۂ فاتحہ کا پڑھنا واجب ہے' چاہے اکیلا ہو یا امام کے ساتھ ہو لیکن جب امام قرأت کر رہا ہو تو چاہے ظہر یا عصر یا مغرب وعشاء ہو اس صورت میں کسی طرح بھی امام کے پیچھے مقتدی کیلئے قرأت کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ حضور ﷺ کا ارشاد ہے: امام کی قرأت ہی مقتدی کی قرأت ہے۔ علمائے احناف کا یہی مذہب ہے۔ هذا ما عندي والعلم عند الله ورسوله!

1307 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمْرَانَ قَالَ: نَا اَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُثْلَةِ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مثلہ کرنے سے منع فرمایا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث اشعث سے صرف عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1308 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا هِلَالُ بْنُ بِشْرٍ الْمَازِنِيُّ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ سَلَمَةَ الْاَعْرَجُ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، وَمَطَرٍ الْوَرَّاقِ، وَدَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، وَعَامِرٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ،

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ کی طرف نکلے' اس حالت میں کہ وہ تقدیر اور کسی آیت کے متعلق جھگڑ رہے تھے' آپ کے چہرے سے ایسا

1307- أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد**3** صفحه**53** رقم الحديث: **2667**' والدارمي: الزكاة جلد**1** صفحه**478** رقم الحديث: **1656**' واحمد: المسند جلد**4** صفحه**523** رقم الحديث: **19869** .

1308- اخرجه احمد: المسند جلد**2** صفحه**263** رقم الحديث: **6857** .

عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اَصْحَابِهِ، وَهُمْ يَتَنَازَعُونَ فِي الْقَدَرِ، يَنْزِعُ هٰذَا بِآيَةٍ، وَيَنْزِعُ هٰذَا بِآيَةٍ، فَكَاَنَّمَا فُقِئَ فِي وَجْهِهِ حَبُّ الرُّمَّانِ، فَقَالَ: اَبِهٰذَا اُمِرْتُمْ: اَنْ تَضْرِبُوا كِتَابَ اللّٰهِ بَعْضَهُ بِبَعْضٍ؟ انْظُرُوا الَّذِي اُمِرْتُمْ بِهِ، فَاتَّبِعُوهُ، وَالَّذِي نُهِيتُمْ عَنْهُ فَاجْتَنِبُوهُ

معلوم ہوتا تھا گویا کہ آپ کے چہرے پر انار نچوڑا گیا ہے (غصہ کی سرخی کی وجہ سے)' آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں اس کا حکم دیا گیا ہے کہ تم کتاب کے ایک حصے کو دوسرے حصے سے ٹکراؤ؟ تم اس کا خیال کرو جس کا تم کو حکم دیا گیا اور اس کی اتباع کرو' اور جس سے تم کو منع کیا گیا اس سے باز رہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا حَمَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: جَعْفَرُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث قتادہ سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں جعفر بن سلمہ اکیلے ہیں۔

1309 - حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ قَالَ: نَا بِسْطَامُ بْنُ الْفَضْلِ، اَخُو عَارِمٍ قَالَ: نَا عَارِمٌ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوشِكُ مَنْ عَاشَ مِنْكُمْ اَنْ يَرَى عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ اِمَامًا حَكَمًا، فَتُوضَعُ الْجِزْيَةُ، وَيُكْسَرُ الصَّلِيبُ، وَيُقْتَلُ الْخِنْزِيرُ، وَتَضَعُ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالقاسم ﷺ نے فرمایا: شاید کہ تم سے کوئی زندہ رہے اور وہ عیسیٰ بن مریم کو دیکھے' امام انصاف کرنے والا' آپ جزیہ لیں گے اور صلیب کو توڑیں گے اور خنزیر کو قتل کریں گے' اور جنگ نے اپنا بوجھ اوزار رکھ دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا حَمَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِسْطَامٌ

یہ حدیث ابن عون سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بسطام اکیلے ہیں۔

1310 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ النَّسَائِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ

حضرت ربعی بن حراش رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ پر بے ہوشی طاری ہوئی تو آپ کی زوجہ بنت ابی دومہ رو پڑیں' حضرت ابوموسیٰ

1309- اخرجه البخاري: البيوع جلد4صفحه483 رقم الحديث: 2222' ومسلم: الايمان جلد1صفحه135' واخرجه ايضًا البخاري: الأنبياء جلد6صفحه566 رقم الحديث: 3448 .

1310- اخرجه مسلم: الايمان جلد1صفحه100-101' والنسائي: الجنائز جلد4صفحه18 (باب الحلق)' وابن ماجة: الجنائز جلد1صفحه505 رقم الحديث: 1586 .

بْـنِ حِـرَاشٍ، اَنَّ اَبَـا مُوسَى الْاَشْعَرِيَّ، اُغْمِيَ عَلَيْهِ، فَبَـكَتْ عَلَيْهِ ابْنَةُ اَبِي دُومَةَ امْرَاَتُهُ، فَاَفَاقَ، فَقَالَ: اَنَا اَبْرَاُ مِمَّنْ بَرِءَ مِنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِمَّنْ حَلَقَ، اَوْ سَلَقَ، اَوْ خَرَقَ

رضی اللہ عنہ کوافاقہ ہوا تو فرمانے لگے: تو میں ان سے بَری ہوں جن سے رسول اللہ ﷺ بَری ہیں' جس نے بال منڈائے یا گریبان پھاڑا یا چیرا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا عَبْدُ الصَّمَدِ

یہ حدیث شعبہ سے صرف عبدالصمد ہی روایت کرتے ہیں۔

1311 - حَـدَّثَـنَـا اَحْـمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ ثَـابِـتٍ الْـجَـحْـدَرِيُّ قَالَ: نَا عُمَيْرُ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْـحَـنَفِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ صَالِحِ بْـنِ اَبِي عَـرِيبٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْـنِ مَـرْوَانَ، اَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ الـلّٰـهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّكَ لَنْ تَقْرَاَ سُورَةً اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا اَبْلَغَ مِنْ: قُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ لَا تَدَعَهَا فَافْعَلْ

حضرت عبدالعزیز بن مروان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے سنا' انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اگر تو طاقت رکھتا ہے تو اللہ کے ہاں زیادہ محبوب اور زیادہ بلیغ سورت قل اعوذ برب الفلق کو نہ چھوڑ' اگر تُو اس کو نہ چھوڑ سکے تو ضرور ایسا کر (یعنی پڑھنا)۔

1312 - وَبِـهِ: حَـدَّثَـنَـا عَـبْـدُ الْحَمِيدِ، عَنْ دَاوُدَ بْـنِ عَـامِـرِ بْـنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ الـنَّـبِـيَّ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَـلَـيْـهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا سَمِعْتُمْ بِالطَّاعُونِ بِاَرْضٍ، فَلَا تَدْخُلُوا عَلَيْهِ، وَاِذَا وَقَعَ وَاَنْتُمْ بِهَا، فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ

حضرت داؤد بن عامر بن سعد از والدخود از جدخود روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم کو بتا دیا جائے کہ طاعون کسی شہر میں آیا ہوا ہے تو تم اس شہر میں نہ جاؤ' اور اگر کسی جگہ آیا ہو اور تم وہاں موجود ہو تو تم اس سے بھاگنا نہیں۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ اِلَّا عُمَيْرٌ

یہ دونوں حدیثیں عبدالحمید سے صرف عمیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1313 - حَـدَّثَـنَـا اَحْمَدُ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

1311- أخرجه الطبراني في الكبير جلد17صفحه346 .

1312- أخرجه البخاري: الطب جلد10صفحه189 رقم الحديث: 5728' ومسلم: السلام جلد4صفحه1738 .

1313- أخرجه البخاري: الأحكام جلد13صفحه132 رقم الحديث: 7147' ومسلم: الأيمان جلد3صفحه1273 .

عمرو الرَّبَالِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو بَحْرٍ الْبَكْرَاوِيُّ قَالَ: نَا عَوْفٌ قَالَ: نَا الْحَسَنُ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسْاَلِ الْإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِنْ سَاَلْتَهَا فَاُوتِيتَهَا وُكِلْتَ اِلَى نَفْسِكَ، وَاِنْ اُعْطِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ اُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَاِذَا حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ، فَرَاَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَاْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ

کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حکومت کا سوال نہ کرنا کیونکہ اگر تجھے مانگنے سے دی گئی تو وہ تیرے سپرد کی جائے گی اور اگر بغیر مانگے دی گئی تو تیری اس پر مدد کی جائے گی۔ اور جب تُو کسی کام کے نہ کرنے پر قسم اُٹھائے پھر اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے تو اس کو اختیار کر جو بہتر ہو اور اپنی قسم کا کفارہ دے دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْفٍ اِلَّا اَبُو بَحْرٍ

یہ حدیث عوف سے صرف ابوبحر ہی روایت کرتے ہیں۔

1314 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ: نَا عُمَارَةُ الْمِعْوَلِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ لَحْمًا فِي يَوْمٍ مَرَّتَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن میں دومرتبہ گوشت کھایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَارَةَ اِلَّا سَلْمٌ

یہ حدیث عمارہ سے صرف سلم ہی روایت کرتے ہیں۔

1315 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ الْاَحْمَرُ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ مَنْصُورٍ السَّلُولِيِّ، عَنْ جَعْفَرٍ الْاَحْمَرِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا، وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا' آپ یہ دعا کر رہے تھے: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا' وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا '' اے اللہ! میں تجھ سے علمِ نافع کا سوال اور قبول ہونے والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ اِلَّا

یہ حدیث محمد بن سوقہ سے صرف جعفر اور جعفر سے

1315- انظر: لمعجم الصغير جلد1صفحہ544 . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحہ185 .

جَعْفَرٌ، وَلَا عَنْ جَعْفَرٍ اِلَّا اِسْحَاقُ . تَفَرَّدَ بِهِ: حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ

صرف اسحاق ہی روایت کرتے ہیں' اسے اپنے والد سے روایت کرنے میں حسین بن علی اکیلے ہیں۔

1316 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ اَبُو الصَّبَّاحِ الْهَدَادِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيدَ الْخَطْمِيَّ يَقُولُ: حَدَّثَنَا الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، وَكَانَ غَيْرَ كَذُوبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا صَلَّى بِهِمْ، فَقَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ ، لَمْ يَرْفَعُوا رُئُوسَهُمْ مِنَ الرُّكُوعِ قِيَامًا حَتّٰى يَرَوْهُ سَاجِدًا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں اور وہ جھوٹے نہیں ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب اُن کو نماز پڑھاتے تو سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تھے' صحابہ کرام رکوع سے سیدھا اپنے سروں کو نہیں اُٹھاتے تھے یہاں تک کہ آپ کو سجدہ میں حالت میں دیکھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ

یہ حدیث از شعبہ از حکم صرف محمد بن عرعرہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن لیث اکیلے ہیں۔

1317 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يُحِبُّ الْاَنْصَارَ اِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلَا يُبْغِضُهُمْ اِلَّا مُنَافِقٌ

حضرت ابواسحاق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: انصار سے محبت مؤمن ہی کرے گا اور ان سے بغض منافق ہی رکھے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ وَالْمَشْهُورُ مِنْ حَدِيثِ شُعْبَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ

یہ حدیث از شعبہ از ابواسحاق صرف محمد بن عرعرہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن لیث اکیلے ہیں۔ اور یہ حدیث شعبہ کی مشہور ہے کہ جو وہ حضرت عدی بن ثابت سے روایت کرتے ہیں۔

1316- اخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه212 رقم الحديث: 690' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه345 .

1317- اخرجه البخاري: مناقب الأنصار جلد 7صفحه141 رقم الحديث: 3783' ومسلم: الايمان جلد 1صفحه85' وأحمد: المسند جلد4صفحه347 رقم الحديث: 18528 .

1318 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الزِّيَادِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوَلَاءُ لُحْمَةٌ مِنَ النَّسَبِ لَا يُبَاعُ، وَلَا يُوهَبُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ولاء نسب کی طرح گوشت ہے‘ اس کو فروخت اور ہبہ نہیں کیا جاسکتا ہے۔

1319 - وَبِهِ: قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ، وَعَنْ هِبَتِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ولاء کی بیع اور اس کے ہبہ کرنے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا يَحْيَى

یہ دونوں حدیثیں اسماعیل سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

1320 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا هِلَالُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ هَاشِمٍ الْبَزَّازُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ بُرْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ دَفَعَ غَضَبَهُ دَفَعَ اللهُ عَنْهُ عَذَابَهُ، وَمَنْ حَفِظَ لِسَانَهُ سَتَرَ اللهُ عَوْرَتَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنا غصہ دور کیا‘ اللہ عزوجل اس سے عذاب دور کرے گا‘ اور جس نے اپنی زبان کی حفاظت کی‘ اللہ عزوجل اس کے عیب پر پردہ ڈالے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا خَالِدٌ، وَلَا عَنْ خَالِدٍ إِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ تَفَرَّدَ بِهِ: هِلَالٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف خالد اور خالد سے صرف عبدالسلام ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں ہلال اکیلے ہیں۔

1321 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ حَرْبٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے رفع حاجت کے دوران

1318- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد10صفحه494 رقم الحديث: 21433‘ والحاكم: المستدرك جلد4 صفحه341‘ وجامع المسانيد للخوارزمي جلد2صفحه173 .

1319- أخرجه البخاري: الفرائض جلد12صفحه43 رقم الحديث: 6756‘ ومسلم: العتق جلد2صفحه1145 .

1320- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 7318 .

1321- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 20911 .

عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِى كَثِيرٍ، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ، وَلَمْ يَسْتَدْبِرْهَا فِى الْغَائِطِ كُتِبَ لَهُ حَسَنَةٌ، وَمُحِىَ عَنْهُ سَيِّئَةٌ

قبلہ کی جانب منہ یا پیٹھ نہیں کی تو اس کے لیے اللہ عزوجل ایک نیکی لکھ دے گا اور اس کا ایک گناہ معاف کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا حُسَيْنٌ، وَلَا عَنْ حُسَيْنٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ، وَلَا عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف حسین اور حسین سے صرف ابراہیم اور ابراہیم سے قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں احمد بن حرب اکیلے ہیں۔

1322 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُرْجُرَائِىُّ قَالَ: نَا وَكِيعٌ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ الْمَخْزُومِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: بِتُّ عِنْدَ خَالَتِى مَيْمُونَةَ، فَقَامَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ اللَّيْلِ، فَتَوَضَّاَ، ثُمَّ صَلَّى ثَمَانِ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ اَوْتَرَ بِثَلَاثٍ، ثُمَّ اضْطَجَعَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رات اپنی خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گزاری' تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کو اُٹھے اور آپ نے وضو کیا' پھر آٹھ رکعت نفل ادا کیے' پھر تین رکعت وتر ادا کیے' پھر لیٹ گئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا وَكِيعٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ

یہ حدیث مسعر سے صرف وکیع ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حسین اکیلے ہیں۔

1323 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِىُّ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِىُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِى ثَابِتٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سُئِلَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ عَلَى النِّسَاءِ جِهَادٌ؟ فَقَالَ: جِهَادُهُنَّ الْحَجُّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کیا عورتوں پر جہاد فرض ہے؟ تو آپ نے فرمایا: عورتوں کا جہاد حج ہے۔

1322- أخرجه البخارى: التوحيد جلد **13** صفحه **448** رقم الحديث: **7452**' ومسلم: المسافرين جلد **1** صفحه **528**' بلفظ: ثم قام فتوضأ واستن ثم صلى احدى عشرة ركعة .

1323- أخرجه البخارى: الجهاد جلد **6** صفحه **89** رقم الحديث: **2875**' وأخرجه أيضًا البخارى: الجهاد جلد **6** صفحه **89** رقم الحديث: **2876** .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا ابْنُ فُضَيْلٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيٌّ

یہ حدیث اعمش سے صرف ابن فضیل ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں علی اکیلے ہیں۔

1324 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ الرَّافِقِيُّ قَالَ: نَا أَبُو الْجَوَّابِ قَالَ: حَدَّثَنِي قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، وَحَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: سَمِعْتُ الرَّبِيعَ بْنَ سَبْرَةَ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: لَمَّا فَتَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ قَالَ النَّاسُ: تَمَتَّعُوا . فَخَرَجْتُ أَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِي مَعَهُ بُرْدَةٌ، وَمَعِي بُرْدَةٌ . فَخَطَبْنَا امْرَأَةً بِمَكَّةَ، وَبُرْدَتُهُ أَجْوَدُ مِنْ بُرْدَتِي، وَأَنَا أَجْمَلُ مِنْهُ وَأَشَبُّ، فَقَالَتْ: بُرْدَةٌ كَبُرْدَةٍ، وَرَجُلٌ أَجْمَلُ مِنْ رَجُلٍ . فَتَزَوَّجْتُ بِهَا، وَدَخَلْتُ بِهَا، فَرَجَعْتُ، فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَقَالَ: إِنِّي كُنْتُ أَحْلَلْتُ لَكُمُ الْمُتْعَةَ، وَإِنَّ جِبْرِيلَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَانِي وَأَخْبَرَنِي أَنَّهَا حَرَامٌ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَمَنْ كَانَ دَخَلَ مِنْكُمْ بِامْرَأَةٍ فَلَا يَعُودَنَّ إِلَيْهَا، وَلَا تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا

حضرت عبدالعزیز بن عمر بن عبدالعزیز فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ربیع بن سبرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ مکرمہ فتح کیا تو لوگوں نے کہا: تم فائدہ اُٹھاؤ! (یعنی متعہ کرو) پس میں اور میرا چچازاد نکلے میرے اور اُن کے پاس چادر تھی سو ہم کو مکہ مکرمہ میں ایک عورت نے نکاح کا پیغام دیا اور میرے چچازاد کی چادر میری چادر سے زیادہ خوبصورت تھی اور میں اس سے زیادہ خوبصورت اور نوجوان تھا اس عورت نے کہا: اس کی چادر اُس کی چادر کی طرح ہے اور یہ آدمی اُس آدمی سے زیادہ خوبصورت ہے سو میں نے اس سے شادی کی اور اس سے دخول کیا۔ پھر میں واپس آیا تو دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ ارشاد فرما رہے ہیں آپ نے فرمایا: میں نے تمہارے لیے متعہ حلال کیا تھا میرے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور انہوں نے مجھے بتایا کہ اب یہ (متعہ) قیامت تک حرام ہے جو تم میں سے کسی عورت کے پاس گیا تو اس کی طرف لوٹ کر نہ جائے اور نہ تم ان سے کوئی شے لو جو تم نے ان کو دی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ إِلَّا أَبُو الْجَوَّابِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ

یہ حدیث حمزہ الزیات سے صرف ابوالجواب ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں محمد بن غالب اکیلے ہیں۔

1325 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدٌ قَالَ:

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ روایت کرتے

1325- أخرجه احمد: المسند جلد4صفحه346 رقم الحديث: 18515 .

نَا حَفْصٌ قَالَ: نَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِى زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِى لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَ يَدَيْهِ حِينَ افْتَتَحَ الصَّلَاةَ

ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب نماز شروع کرتے تو اپنے دونوں ہاتھ اُٹھاتے تھے (یعنی رفع یدین صرف شروع نماز میں کرتے تھے)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمْزَةَ اِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهٖ: مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث حمزہ سے صرف حفص ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں محمد بن حرب اکیلے ہیں۔

1326 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: طُهُورُ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ اِذَا وَلَغَ فِيهِ الْكَلْبُ اَنْ يَغْسِلَهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ، اُولَاهُنَّ بِالتُّرَابِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تمہارے کسی برتن میں کتا منہ مارے تو اس برتن کو وہ سات مرتبہ پانی سے دھوئے اور پہلی مرتبہ مٹی سے مانجھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ، تَفَرَّدَ بِهٖ: بُنْدَارٌ

یہ حدیث یونس سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں بندار اکیلے ہیں۔

1327 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِى الْمَضَاءِ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُفْيَانَ اَبُو مُحَمَّدٍ الثَّقَفِيُّ، ثِقَةٌ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ اَبِى بَكْرِ بْنِ عُمَرَ بْنِ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اَبُو ضَمْرَةَ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ: لَمَّا طُعِنَ عُمَرُ، قِيلَ لَهُ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ: اعْهَدْ، فَاِنَّهُ لَوْ جَائَكَ رَاعِي غَنَمِكَ وَقَدْ تَرَكَهَا سَائِبَةً، قُلْتَ: تَرَكْتَ غَنَمِي بِغَيْرِ رَاعٍ؟ فَكَيْفَ بِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى

حضرت سعید بن المسیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نیزہ مارا گیا تو آپ سے عرض کی گئی: اے امیر المؤمنین! آپ وعدہ کریں کہ اگر آپ کے پاس کوئی بکریاں چرانے والا آئے اور اسے سایہ میں چھوڑے تو میں کہوں گا: تو میری بکری بغیر چرنے کے چھوڑ کر آیا ہے؟ تو پھر اُمت محمد ﷺ کا کیا ہوگا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اگر میں خلیفہ مقرر نہ کروں تو مجھ سے بہتر نے بھی مقرر نہیں کیا ہے' یعنی نبی کریم ﷺ نے' اور اگر میں مقرر کروں تو مجھ سے بہتر

1326- اخرجه مسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 234' وابو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 18 رقم الحديث: 71' والترمذي: الطهارة جلد 1 صفحه 151 رقم الحديث: 91 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ عُمَرُ: اِنْ اَتْرُكْ فَقَدْ تَرَكَ خَيْرٌ مِنِّي، يَعْنِي: النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِنْ اَعْهَدْ فَقَدْ عَهِدَ خَيْرٌ مِنِّي، يَعْنِي: اَبَا بَكْرٍ، ثُمَّ قَالَ: الشُّورَى اِلَى هَؤُلَاءِ السِّتَّةِ الَّذِينَ مَاتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَنْهُمْ رَاضٍ: عُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ، وَطَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، وَسَعْدٌ

یعنی حضرت ابوبکر نے مقرر کیا ہے پھر مجلس شوریٰ سے فرمایا: ان چھ آدمیوں سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے وصال تک بہت زیادہ راضی تھے: حضرت عثمان علی المرتضیٰ طلحہ زبیر عبدالرحمٰن اور سعد رضی اللہ عنہم۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا عَاصِمُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، وَلَا عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُفْيَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث مالک سے صرف عاصم بن ابی بکر اور عاصم سے عبداللہ بن سفیان ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں علی بن محمد اکیلے ہیں۔

1328 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَيَّوَيْهِ الْجَرْجَرَائِيُّ اَبُو اِسْحَاقَ، ثِقَةٌ مَاْمُونٌ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حِبِّي قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ الْجَزَرِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ زَيْدٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمُتَحَابُّونَ فِي اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِي ظِلِّ اللّٰهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهُ، عَلَى مَنَابِرَ مِنْ نُورٍ، يَفْزَعُ النَّاسُ وَلَا يَفْزَعُونَ، اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِاَهْلِ الْاَرْضِ عَذَابًا ذَكَرَهُمْ، فَصَرَفَ الْعَذَابَ عَنْهُمْ بِذِكْرِهِ اِيَّاهُمْ

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: اللہ کے لیے آپس میں محبت کرنے والے اللہ کی رحمت کے سایہ میں ہوں گے جس دن اس کے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا اور وہ نور کے منبروں پر ہوں گے لوگ پریشان ہوں گے اور وہ پریشان نہیں ہوں گے جب اللہ عزوجل زمین والوں کا عذاب دینے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ ذکر کرتے ہیں تو اللہ عزوجل ان کے ذکر کرنے سے اُن سے عذاب دور کر دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَكِيمٍ اِلَّا يَحْيَى، وَلَا عَنْ يَحْيَى اِلَّا عَلِيٌّ، تَفَرَّدَ بِهِ: حِبِّي

یہ حدیث حکیم سے صرف یحییٰ اور یحییٰ سے صرف علی ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں حبی اکیلے ہیں۔

1329 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ بُنْدَارٌ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبِي الْوَزِيرِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیماری تم سے زیادہ تھی تمہارے لیے ہلاکت اُن سے

1328- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه280 .

قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ صَحَارٍ، ومِخْنَفِ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: يَحِلُّ بِكُمْ ثَقَلٌ مِنْ ثَقَلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَيْلٌ لَكُمْ مِنْهُمْ، وَوَيْلٌ لَكُمْ عَلَيْهِمْ

اورتمہارے لیے ہلاکت اُن پر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا ابْنُهُ عُمَرُ. وَلَا عَنْ عُمَرَ اِلَّا سُفْيَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي الْوَزِيرِ

یہ حدیث سعید سے صرف اُن کے بیٹے عمر اور عمر سے سفیان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن ابی الوزیر اکیلے ہیں۔

1330 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي سُوَيْدٍ قَالَ: نَا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: الَّتِي تُسَمُّونَ سُورَةَ التَّوْبَةِ هِيَ سُورَةُ الْعَذَابِ، وَمَا تَقْرَئُونَ مِنْهَا مِمَّا كُنَّا نَقْرَاُ اِلَّا رُبُعَهَا

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم سورۂ توبہ جس کا نام تم سورۂ عذاب رکھتے ہو' تم میں سے جو اس کو پڑھتا ہے جس طرح ہم پڑھتے تھے تو (وہ قرآن پاک کا) چوتھائی حصہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ، وَلَا عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا النُّعْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي سُوَيْدٍ

یہ حدیث عمر بن سعید سے صرف ابراہیم اور ابراہیم سے صرف نعمان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن ابی سوید اکیلے ہیں۔

1331 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عَطَاءِ بْنِ مُقَدَّمٍ قَالَ: نَا عَمِّي الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى يَقْبِضُ الْاَرْضَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِشِمَالِهِ،

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل قیامت کے دن زمین کو بائیں دست قدرت سے اور آسمانوں کو دائیں دست قدرت سے پکڑے گا' پھر فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں۔

1330- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه31 .

1331- أخرجه البخاري: التوحيد جلد13صفحه404 رقم الحديث:7412 .

وَتَكُونُ السَّمَاوَاتُ بِيَمِينِهِ، ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا الْمَلِكُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1332 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمٌ قَالَ: نَا عَمِّي الْقَاسِمُ قَالَ: نَا الْحَكَمُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَفَّسَ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الْمُسْلِمِ فِي الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الْآخِرَةِ، وَمَنْ سَتَرَ عَوْرَةَ مُسْلِمٍ سَتَرَ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَاللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو کسی مسلمان کی دنیا میں مشکل دور کرتا ہے تو اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کی مشکل آسان کرے گا اور جو کسی مسلمان کے عیب پر پردہ ڈالتا ہے تو اللہ عزوجل اس کے عیبوں پر دنیا و آخرت میں پردہ ڈالے گا' اور اللہ عزوجل اس آدمی کی مدد کرتا ہے جو اپنے بھائی کی مدد کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ إِلَّا الْحَكَمُ

یہ حدیث از اعمش از حکم صرف حکم ہی روایت کرتے ہیں۔

1333 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمٌ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ أَبُو ذَرٍّ فِي غُنَيْمَةٍ لَهُ بِالْمَدِينَةِ، فَلَمَّا جَاءَ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَبَا ذَرٍّ فَسَكَتَ، فَرَدَّهَا عَلَيْهِ، فَسَكَتَ، فَقَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ، ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ قَالَ: إِنِّي جُنُبٌ، فَدَعَا لَهُ الْجَارِيَةَ بِمَاءٍ، فَجَاءَتْهُ، فَاسْتَتَرَ بِرَاحِلَتِهِ وَاغْتَسَلَ ثُمَّ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ میں مالِ غنیمت پر مقرر تھے' جب وہ آئے تو نبی کریم ﷺ نے ان کو فرمایا: اے ابوذر! حضرت ابوذر خاموش رہے' آپ ﷺ نے دوبارہ بلایا تو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ خاموش رہے' آپ نے فرمایا: اے ابوذر! تیری ماں تجھ پر روئے! (حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے) عرض کی: میں حالت جنابت میں تھا' پس انہوں (حضرت ابوذر) نے اپنی

1332- اخرجه مسلم: الذكر والدعاء جلد 4صفحه2074' والترمذي: البر جلد 4صفحه326 رقم الحديث: 1930' وأحمد: المسند جلد2صفحه337-338 رقم الحديث: 7445 .

1333- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه34 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُجْزِئُكَ الصَّعِيدُ وَلَوْ لَمْ تَجِدِ الْمَاءَ عِشْرِينَ سَنَةً، فَإِذَا وَجَدْتَهُ فَأَمِسَّهُ جِلْدَكَ

لونڈی سے پانی منگوایا' وہ پانی لے کر آئی تو انہوں نے اپنی سواری سے پردہ کیا اور غسل کیا پھر نبی کریم ﷺ کے پاس آئے' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اگر تو پانی بیس سال تک بھی نہ پاتے تو تیرے لیے مٹی ہی کافی تھی' پھر جب پانی ملتا تو اس کو استعمال کر لیتا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدٍ إِلَّا هِشَامٌ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث محمد سے صرف ہشام اور ہشام سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1334 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمٌ قَالَ: نَا عَمِّي الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: خَيَّرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاخْتَرْنَاهُ، فَلَمْ يَكُنْ طَلَاقًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اختیار دیا تو ہم نے آپ ہی کو اختیار کیا وہ اختیار طلاق نہیں تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث ابوحمزہ سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1335 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمٌ قَالَ: نَا عَمِّي الْقَاسِمُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ أَبِي السَّرِيِّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَتَيْتَ الصَّلَاةَ فَأْتِهَا بِوَقَارٍ وَسَكِينَةٍ، فَصَلِّ مَا أَدْرَكْتَ، وَاقْضِ مَا فَاتَكَ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب کوئی نماز کے لیے آئے تو وہ وقار اور سکون کے ساتھ آئے' اسے جو رکعت مل جائے وہ پڑھ لے اور جو رہ جائے اس کو بعد میں پڑھ لے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث ہشام سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1334- اخرجه البخاری: الطلاق جلد9صفحه280 رقم الحديث:5262' ومسلم: الطلاق جلد2 صفحه1104 .

1335- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه34 .

1336 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَمُرَةَ الْاَحْمَسِيُّ قَالَ: نَا اَبُو عَاصِمٍ الثَّقَفِيُّ الرَّبِيعُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ سَعِيدِ بْنِ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اُمِّ هَانِءٍ ابْنَةِ اَبِي طَالِبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يَجْمَعُ الْاَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي صَعِيدٍ وَّاحِدٍ، ثُمَّ يُنَادِي مُنَادٍ مِّنْ تَحْتِ الْعَرْشِ: يَا اَهْلَ التَّوْحِيدِ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ عَفَا عَنْكُمْ، فَيَقُومُ النَّاسُ فَيَتَعَلَّقُ بَعْضُهُمْ بِبَعْضٍ فِي ظُلَامَاتِ الدُّنْيَا، ثُمَّ يُنَادِي مُنَادٍ: يَا اَهْلَ التَّوْحِيدِ، لِيَعْفُ بَعْضُكُمْ عَنْ بَعْضٍ، وَعَلَيَّ الثَّوَابُ

حضرت اُم ھانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل اوّلین و آخرین لوگوں کو قیامت کے دن ایک جگہ اکٹھا کرے گا پھر عرش کے نیچے سے ایک آواز دینے والا آواز دے گا: اے اہل توحید! بے شک اللہ عزوجل نے تم کو معاف کیا ہے' اس کے بعد لوگ کھڑے ہوں گے' ایک دوسرے سے دنیا کے اندھیروں کے متعلق قائم کریں گے' پھر ایک آواز دینے والا آواز دے گا: اے اہل توحید! تم ایک دوسرے کو ثواب لینے کے بدلے معاف کردو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ هَانِءٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو عَاصِمٍ الثَّقَفِيُّ الْكُوفِيُّ

یہ حدیث حضرت اُم ھانی سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابوعاصم الثقفی الکوفی اکیلے ہیں۔

1337 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْمَدِينِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ مَيْمُونٍ التَّبَّانُ الْمُقْرِءُ قَالَ: قَالَ لِي هَارُونُ بْنُ الْمُسَيَّبِ: بِقِرَاءَةِ مَنْ تَقْرَاُ؟ فَقُلْتُ: بِقِرَاءَةِ نَافِعٍ قَالَ: فَعَلَى مَنْ قَرَاَ نَافِعٌ؟ فَقُلْتُ: اَخْبَرَنَا نَافِعٌ، اَنَّهُ قَرَاَ عَلَى الْاَعْرَجِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُرْمُزَ، وَاَنَّ الْاَعْرَجَ قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى اَبِي هُرَيْرَةَ، وَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: قَرَاْتُ عَلَى اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَّقَالَ اُبَيٌّ: عَرَضْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقُرْآنَ، فَقَالَ: اَمَرَنِي جِبْرِيلُ اَنْ اَعْرِضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ

حضرت عبید بن میمون التبان المقری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ہارون بن مسیّب نے کہا کہ تم نے قرأت کس سے پڑھی ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے حضرت نافع سے پڑھی ہے' انہوں نے فرمایا: حضرت نافع نے کس سے پڑھی ہے؟ میں نے بتایا: مجھے حضرت نافع نے بتایا کہ انہوں نے حضرت اعرج عبدالرحمٰن بن ھرمز سے اور حضرت اعرج نے فرمایا کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور حضرت ابوہریرہ نے فرمایا کہ میں نے حضرت ابی بن کعب سے پڑھی اور ابی نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو قرآن سنایا تو آپ نے

1336- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه358-359 .

فرمایا کہ مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے حکم دیا کہ میں تجھے قرآن سناؤں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا عُبَيْدٌ

یہ حدیث حضرت نافع سے صرف عبید ہی روایت کرتے ہیں۔

1338 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْمَضَاءِ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ هَارُونَ الزَّيْنَبِيُّ قَالَ: نَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنِ امْرِءٍ يَكُونُ لَهُ صَلَاةٌ بِلَيْلٍ، فَيَغْلِبُهُ عَلَيْهَا نَوْمٌ إِلَّا كَتَبَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ أَجْرَ صَلَاتِهِ، وَكَانَ نَوْمُهُ ذَلِكَ عَلَيْهِ صَدَقَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو بندہ رات کو نماز پڑھتا ہے پس اس پر نیند غالب آ جاتی ہے تو اللہ عزوجل اس کے لیے اس نماز کا ثواب لکھ دے گا اور اس کی نیند اس کے لیے صدقہ ہو جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ إِلَّا مُسْلِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيٌّ

یہ حدیث زیاد سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی اکیلے ہیں۔

1339 - وَبِهِ: عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُولُ: مَا سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَقَالَ: لَا

حضرت محمد بن منکدر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ سے کسی شے کا سوال کیا گیا تو آپ نے ''نہیں'' نہیں فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ إِلَّا مُسْلِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيٌّ

یہ حدیث زیاد سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی اکیلے ہیں۔

1340 - وَبِهِ: عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرٍو

حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1338- اخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 35 رقم الحديث: 114' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 201 رقم الحديث: 25517 .

1339- اخرجه مسلم: الفضائل جلد 4 صفحه 1805 .

1340- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 8816 .

بْنِ دِينَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: أُسِرَ الْعَبَّاسُ يَوْمَ بَدْرٍ، فَلَمْ يُوجَدْ لَهُ قَمِيصٌ يَقْدِرُ عَلَيْهِ

میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کوفرماتے سنا کہ حضرت عباس کو بدر کے دن قیدی بنایا گیا تو وہ قمیص پر بھی قادر نہیں تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ إِلَّا مُسْلِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث زیاد سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن ہارون اکیلے ہیں۔

1341 - وَبِهِ: عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ قَالَ: كُنْتُ يَوْمَ حَكَمَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فِي بَنِي قُرَيْظَةَ غُلَامًا لَمْ يَجْرِ عَلَيَّ الْمُوسَى، فَلَمْ يُحْكُمْ عَلَيَّ

حضرت عطیہ قرظی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس دن موجود تھا جس دن حضرت سعد بن معاذ نے بنی قریظہ میں غلام کا فیصلہ کیا' نہ اُسترا مجھ پر چلا اور نہ میرے خلاف فیصلہ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ إِلَّا مُسْلِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث زیاد سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن ہارون اکیلے ہیں۔

1342 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا الْهَيْثَمُ بْنُ مَرْوَانَ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ سُمَيْعٍ قَالَ: حَدَّثَنِي رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَنْزِلَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ فِي الْأَرْضِ حَكَمًا عَدْلًا، وَقَاضِيًا مُقْسِطًا، فَيَكْسِرَ الصَّلِيبَ، وَيَقْتُلَ الْخِنْزِيرَ وَالْقِرْدَ، وَتُوضَعُ الْجِزْيَةُ، وَتَكُونُ السَّجْدَةُ كُلُّهَا وَاحِدَةً لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اُتریں گے' آپ عدل کرنے والے حکمران اور انصاف کرنے والے قاضی ہوں گے' وہ صلیب کو توڑیں گے اور خنزیر اور بندر کو قتل کریں گے اور جزیہ مقرر کریں گے اور تمام لوگ ایک ہی اللہ کو جو تمام کائنات کو پالنے والا ہے' اس کو سجدہ کریں گے۔

1343 - وَبِهِ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بول و براز کرتے

1342- أخرجه البخاري: احاديث الأنبياء جلد 6 صفحه 566 رقم الحديث: 3448' ومسلم: الأيمان جلد 1 صفحه 135-136 .

1343- أخرجه البخاري: الصلاة جلد 1 صفحه 594 رقم الحديث: 394' ومسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 224 .

اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ وَلَا تَسْتَدْبِرُوهَا بِغَائِطٍ وَّلَا بَوْلٍ، وَشَرِّقُوا اَوْ غَرِّبُوا

وقت قبلہ کی جانب منہ اور پیٹھ نہ کرو بلکہ مشرق اور مغرب کی طرف کرو (کیونکہ مدینہ منورہ میں قبلہ جنوب وشمال کی طرف ہے' یہ حکم وہاں کے لوگوں کے لیے ہے' ہمارے لیے حکم یہ ہے کہ بیت الخلاء جنوب وشمال کی طرف سمت کر کے بنائیں' مشرق ومغرب کی طرف نہیں تاکہ منہ اور پیٹھ قبلہ کی طرف نہ ہو)۔

1344 - وَبِهِ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَّلَا صُورَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہٗ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جس گھر میں کتا اور تصویر ہو' اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں داخل ہوتے۔

1345 - وَبِهِ: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ضُمُّوا اِلَيْكُمْ فَوَاشِيَكُمْ وَاَنْفُسَكُمْ حِينَ تَجِبُ الشَّمْسُ اِلَى اَنْ تَذْهَبَ فَحْمَةُ الْعِشَاءِ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَخْرُجُ مِنْ ذٰلِكَ الْحِينِ، وَغَلِّقُوا اَبْوَابَكُمْ، وَاَطْفِئُوا مَصَابِيحَكُمْ، فَاِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ عَلَى اَهْلِ الْبَيْتِ، وَخَمِّرُوا آنِيَتَكُمْ، وَلَوْ اَنْ يَعْرِضَ اَحَدُكُمْ عَلَى اِنَائِهِ بِعُودٍ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا، وَلَا يَكْشِفُ غِطَاءً

حضرت جابر رضی اللہ عنہٗ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اپنے مویشی اور اپنے آپ کو سورج کے غروب ہونے کے وقت اندھیرا پھیلنے تک اکٹھے کرلیا کرو' بے شک شیطان اس وقت نکلتے ہیں اور اپنے دروازے بند کرلیا کرو اور اپنے چراغ بجھا لیا کرو' چوہے اس (سے چھت میں لے جاکر) گھر والوں کو جلا دیتے ہیں اور اپنے برتن ڈھانپ لیا کرو' اگرچہ لکڑی ہی اپنے برتنوں پر لمبائی میں کیونکہ شیطان بند دروازے کو اور ڈھانپے ہوئے (برتن کو) نہیں کھولتا ہے۔

1346 - وَبِهِ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَمْشِيَنَّ اَحَدُكُمْ فِي نَعْلٍ وَّاحِدَةٍ، وَلَا يَاْكُلْ بِشِمَالِهِ، وَلَا يَسْتَلْقِي وَيَضَعُ اِحْدَى رِجْلَيْهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہی نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی ایک جوتا پہن کر نہ چلے اور نہ بائیں ہاتھ سے کھائے اور

1344- اخرجه البخاري: بدء الخلق جلد6صفحه359 رقم الحديث:3225' ومسلم: اللباس جلد3صفحه1665 .

1345- اخرجه مسلم: الأشربة جلد3صفحه1594 .

1346- اخرجه مسلم: اللباس جلد3صفحه1662' واحمد: المسند جلد3صفحه365 رقم الحديث:14188 .

عَلَى الْأُخْرَى، وَلَا يَشْتَمِلُ الصَّمَّاءَ

نہ ایک پاؤں دوسرے پاؤں پر رکھ کر لیٹے اور نہ ہی ایک چادر میں لپٹے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ رَوْحٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى

یہ احادیث روح سے صرف محمد بن عیسٰی ہی روایت کرتے ہیں۔

1347 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ الْأَوْدِيُّ قَالَ: نَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ الْبَجَلِيِّ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيِّ، فِي قَوْلِهِ: (يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ) (ابراهيم: 27) قَالَ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ إِذَا مَاتَ أُجْلِسَ عَلَى قَبْرِهِ، فَيُقَالُ لَهُ: مَنْ رَبُّكَ؟ فَيَقُولُ: اللَّهُ رَبِّي . فَيُقَالُ لَهُ: مَنْ نَبِيُّكَ؟ فَيَقُولُ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ . فَيُرَدِّدُهُ عَلَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے اس ارشاد: یُثَبِّتُ اللّٰہُ الَّذِیْنَ آمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِی الْحَیَاۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْآخِرَۃِ ''اللہ عزوجل ایمان والوں کو قولِ ثابت کے ساتھ دنیا و آخرت میں ثابت قدم رکھے گا'' کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ مؤمن جب دنیا سے جاتا ہے تو اس کو قبر میں بٹھایا جاتا ہے اور اس کو کہا جاتا ہے کہ تیرا رب کون ہے؟ وہ عرض کرتا ہے: میرا رب اللہ ہے' پھر اس کو کہا جاتا ہے: تیرا نبی کون ہے؟ وہ عرض کرتا ہے: محمد بن عبداللہ' اس سے یہ سوال تین مرتبہ ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا يُوسُفُ، وَلَا عَنْ يُوسُفَ إِلَّا ابْنُهُ إِبْرَاهِيمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: شُرَيْحٌ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف یوسف اور یوسف سے اُن کے بیٹے ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں شریح اکیلے ہیں۔

1348 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ الصَّبَّاحِ قَالَ: نَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَقْبَلَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَقَالَ: هَذَانِ سَيِّدَا كُهُولِ أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، خَلَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس تھا کہ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں تشریف لائے تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ دونوں جنتی بوڑھوں کے سردار ہیں سوائے انبیاء و رسولوں کے' اے علی! ان دونوں کو نہ بتانا۔

1347- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه47 .

1348- أخرجه الترمذي: المناقب جلد5صفحه611؛وابن ماجة: المقدمة جلد1صفحه36 رقم الحديث:95 .

النَّبِیَّ وَالْمُرْسَلِینَ ۔ لَا تُخْبِرْهُمَا یَا عَلِیُّ

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ فُضَیْلٍ اِلَّا عُبَیْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث فضیل سے صرف عبید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں احمد بن عثمان اکیلے ہیں۔

1349 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِیمٍ قَالَ: نَا عَلِیُّ بْنُ ثَابِتٍ الدَّهَّانُ قَالَ: نَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ اَبِی زِیَادٍ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ یُحَنَّسَ اَبِی الْحَسَنِ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ زَیْدٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَمَلَ حَسَنًا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّی اُحِبُّهُ، فَاَحِبَّهُ، وَاُحِبُّ مَنْ اَحَبَّهُ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو اُٹھایا ہوا تھا' آپ نے فرمایا: اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں' تو بھی اس سے محبت کر اور جو اس سے محبت کرے تو اس سے بھی محبت کر۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا عَلِیٌّ

یہ حدیث منصور سے صرف علی ہی روایت کرتے ہیں۔

1350 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِیمٍ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: نَا اِسْرَائِیلُ، عَنْ اَبِی یَحْیَى الْقَتَّاتِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: مَرَّ عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ عَلَیْهِ ثَوْبَانِ اَحْمَرَانِ فَسَلَّمَ، فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیْهِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے پاس سے ایک آدمی گزرا' اس نے دو سرخ رنگ کے کپڑے زیب تن کیے ہوئے تھے' اس نے آپ ﷺ کو سلام کیا' تو آپ نے اس کے سلام کا جواب نہیں دیا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی یَحْیَى اِلَّا اِسْرَائِیلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ

یہ حدیث ابو یحییٰ سے صرف اسرائیل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

1351 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

1349- انظر: التهذیب جلد7صفحه247-248' اخرجه الطبرانی فی الکبیر رقم الحدیث: 351' والبزار جلد3 صفحه229 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحدیث: 17919 .

1350- اخرجه ابوداؤد: اللباس جلد4صفحه52 رقم الحدیث: 4069' والترمذی: الأدب جلد5صفحه116 رقم الحدیث: 2807 .

1351- انظر: لسان المیزان جلد4صفحه249 . انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه111 .

عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْاَزْرَقُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْقَاسِمِ الْكِنْدِيِّ، عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ عِرْفَانَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخِذًا بِيَدِ عَلِيٍّ، فَقَالَ: هَذَا وَلِيِّي، وَاَنَا وَلِيُّهُ

نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے اور آپ نے فرمایا: یہ میرا ولی ہے اور میں اس کا ولی ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي وَائِلٍ اِلَّا الْمُعَلَّى

یہ حدیث ابووائل سے صرف معلی ہی روایت کرتے ہیں۔

1352 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَلْمِ بْنِ اَبِي الذَّيَّالِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، وَالْحَكَمِ بْنِ عَمْرٍو الْغِفَارِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا طَاعَةَ لِاَحَدٍ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت عمران بن حصین اور حکم بن عمرو الغفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَلْمٍ اِلَّا مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث مسلم سے صرف معتمر ہی روایت کرتے ہیں۔

1353 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ: نَا زُرَارَةُ بْنُ اَبِي الْحَلَالِ الْعَتَكِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ وَمَعَنَا حَادٍ يُقَالُ لَهُ: اَنْجَشَةُ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَنْجَشَةُ رُوَيْدَكَ سَوْقًا بِالْقَوَارِيرِ

حضرت زرارہ بن ابوالحلال العتکی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے اور ہمارے ساتھ ایک حدی خوان بھی تھے جن کو انجشہ کہا جاتا تھا' اس کو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے انجشہ! شیشوں کے چلانے میں آہستگی کر (یعنی حضرت انجشہ بڑے خوش آواز تھے' یہ سریلی آواز میں اشعار وغیرہ پڑھتے تھے تو ان کی آواز پر اونٹ بھی مست ہو جاتے تھے

1352- اخرجه الامام فى مسنده جلد4صفحه426 . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه229 .

1353- اخرجه البخارى: الأدب جلد10صفحه554 رقم الحديث: 6149' ومسلم: الفضائل جلد4صفحه1811 .

اور دوڑنا شروع کر دیتے' اس پر آپ نے فرمایا: انہیں آہستہ چلاؤ کہ اونٹوں پر عورتیں سوار ہیں' گر نہ جائیں)۔

1354 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ: نَا زُرَارَةُ بْنُ اَبِی الْحَلَالِ الْعَتَکِیُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: رَاَيْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ يَدَيْهِ مَرَقَةٌ فِيهَا دُبَّاءٌ، فَجَعَلَ يَتَتَبَّعُهُ يَاْكُلُهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ زُرَارَةَ اِلَّا رَوْحٌ

حضرت زرارہ بن ابی حلال العتکی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ کے آگے شوربہ پڑا ہوا ہے اور اس میں کدو ہے' اور آپ اس کو تلاش کر کر کے کھا رہے تھے۔

یہ دونوں حدیثیں زرارہ سے صرف روح ہی روایت کرتے ہیں۔

1355 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ: نَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ شَبِيبِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ فِی الْخَمْرِ عَشَرَةً: عَاصِرَهَا وَمُعْتَصِرَهَا، وَبَائِعَهَا، وَمُبْتَاعَهَا، وَحَامِلَهَا، وَالْمَحْمُولَةَ اِلَيْهِ، وَشَارِبَهَا، وَسَاقِيَهَا، وَآكِلَ ثَمَنِهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے شراب کے معاملہ میں دس افراد پر لعنت کی: نچوڑنے والے پر' نچوڑنے والے کی مدد کرنے والے پر' اس کو فروخت کرنے اور خریدنے والے پر' اسے اُٹھانے اور اُٹھوانے والے پر' اور پینے اور پلانے والے پر اور اس کی کمائی کھانے والے پر۔

1356 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ الْفُحْشُ وَالتَّفَحُّشُ، وَقَطِيعَةُ الْاَرْحَامِ، وَتَخْوِينُ الْاَمِينِ، وَائْتِمَانُ الْخَائِنِ

اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کی نشانیاں یہ ہیں کہ فحش بات کہنے والے اور فحش کام کرنے والے ہوں گے' رشتے داریاں توڑی جائیں گی' امانت دار خائن ہوگا' اور خائن امانت دار ہوگا۔

1357 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس بندے پر اللہ

1354- أخرجه البخاری: الأطعمة جلد10صفحه474 رقم الحديث: 5437' ومسلم: الأشربة جلد3صفحه1615 .

1355- أخرجه الترمذی: البيوع جلد3صفحه580 رقم الحديث: 1295' وابن ماجة: الأشربة جلد2صفحه1122 رقم الحديث: 3381 .

1356- أخرجه البزار جلد4صفحه149 'وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 28717 .

1357- أخرجه ابن ماجة: الأدب جلد2صفحه1250 رقم الحديث: 3805 .

وَسَلَّمَ: مَا اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَى عَبْدٍ نِعْمَةً، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، اِلَّا كَانَ الَّذِي اَعْطَى خَيْرًا مِنَ الَّذِي اَخَذَ

عزوجل انعام فرمائے تو وہ یہ دعا پڑھے: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ'' تو اللہ عزوجل نے جو نعمت اس سے لی ہے اس سے بھی بہتر اسے عطا کرے گا۔

1358 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَمَى رَمْيَةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قَصَّرَ اَوْ بَلَغَ، كَانَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِ اَرْبَعَةِ اَنَاسِيَّ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ اَعْتَقَهُمْ

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کی راہ میں تیر چلایا' وہ تیر راستے میں رہا یا منزل پہ پہنچ گیا تو اس کے لیے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد سے چار غلام آزاد کرنے کا ثواب ہوگا۔

1359 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَاحَ رَوْحَةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ كَانَ لَهُ مِثْلُ مَا اَصَابَهُ مِنَ الْغُبَارِ لَهُ مِسْكٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایک شام اللہ کی راہ میں گزاری' اس کو جو گرد پہنچی وہ اس کے لیے قیامت کے دن مشک کی خوشبو ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ شَبِيبٍ اِلَّا اَبُو عَاصِمٍ

یہ احادیث شبیب سے صرف ابوعاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

1360 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نَا رَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ الْحَارِثِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ كَتَبَ كِتَابًا قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ بِاَلْفَيْ عَامٍ، فَهُوَ عِنْدَهُ عَلَى الْعَرْشِ، اَنْزَلَ مِنْ ذٰلِكَ الْكِتَابِ آيَتَيْنِ خَتَمَ بِهِمَا سُورَةَ الْبَقَرَةِ، وَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَلِجُ بَيْتًا قُرِئَتْ فِيهِ ثَلَاثَ لَيَالٍ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے اپنی کتاب اپنے پاس عرش پر زمین و آسمان کے پیدا کرنے سے دو ہزار سال پہلے لکھی ہوئی تھی' وہ اس کے پاس عرش پر ہے' اس میں سے اللہ عزوجل نے اپنی کتاب میں سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں نازل فرمائیں' بے شک شیطان اس گھر میں داخل نہیں ہوتا ہے جس گھر میں تین راتیں یہ پڑھی جاتی ہیں۔

1358- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه273 .

1359- اخرجه ابن ماجة: الجهاد جلد2صفحه927 رقم الحديث: 2775 .

1360- اخرجه الترمذي: فضائل القرآن جلد5صفحه159 رقم الحديث: 2882' وأحمد: المسند جلد 4صفحه336 رقم الحديث: 18444 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا عَبَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: رَيْحَانُ

یہ حدیث ایوب سے صرف عباد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ریحان اکیلے ہیں۔

1361 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا مُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ، عَنْ عَلِيٍّ، فِي قَوْلِهِ: (إِنَّمَا أَنْتَ مُنْذِرٌ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ) (الرعد: 7)، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُنْذِرُ وَالْهَادِ: رَجُلٌ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ.

حضرت علی رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد ''اِنَّمَا اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ''(الرعد:۷) کے متعلق فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: منذر اورھاد' بنی ہاشم کے آدمی تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السُّدِّيِّ إِلَّا الْمُطَّلِبُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ

یہ حدیث سدی سے صرف مطلب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عثمان اکیلے ہیں۔

1362 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ قَالَ: نَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ رَافِعٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَارِقٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ لَقِيطِ بْنِ عَامِرٍ، أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوُضُوءِ؟ فَقَالَ: إِذَا كُنْتَ صَائِمًا فَاسْتَنْثِرْ رُوَيْدًا

حضرت لقیط بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے وضو کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: اگر تو روزہ کی حالت میں ہو تو ناک میں پانی ڈالنے میں احتیاط کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَارِقٍ إِلَّا بِشْرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَفْوَانُ

یہ حدیث محمد بن طارق سے صرف بشر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں صفوان اکیلے ہیں۔

1363 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَزَّةَ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ:

حضرت نافع رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ وہ جب وضو کرتے

1361- اخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه261 . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه44 .

1362- اخرجه أبو داؤد: الصوم جلد 2صفحه318 رقم الحديث: 2366' والترمذي: الصوم جلد3صفحه146 رقم الحديث: 78' والنسائي: الطهارة جلد 1صفحه57 (باب المبالغة في الاستنشاق)' وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 142 رقم الحديث: 407' واحمد: المسند جلد 4صفحه42 رقم الحديث: 16390' وابن حبان في موارد الظمآن رقم الحديث: 159 .

1363- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 23811 .

نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا تَوَضَّأَ خَلَّلَ لِحْيَتَهُ وَأَصَابِعَ رِجْلَيْهِ، وَيَزْعُمُ أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ

تو اپنی داڑھی اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرتے اور وہ گمان کرتے کہ نبی کریم ﷺ بھی ایسا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمر سے صرف مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔

1364 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو عُبَيْدِ اللّٰهِ أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: نَا عَمِّي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، أَطَاعَ بِهَا قَلْبُهُ، وَذَلَّ بِهَا لِسَانُهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى النَّارِ

حضرت سعید بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا: جس نے لا الہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ اپنے دل کی حضوری اور زبان کے ساتھ پڑھا اور اشہد ان محمداً رسول اللہ پڑھا تو اللہ عزوجل اس پر جہنم کی آگ حرام کردے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدٍ إِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث زید سے اُن کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں اُسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

1365 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ الْوَلِيدِ أَبُو طَالِبٍ الْهَرَوِيُّ قَالَ: نَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ يُؤَخِّرُونَ الصَّلَاةَ عَنْ مَوَاقِيتِهَا، فَإِنْ أَدْرَكْتُمْ ذٰلِكَ فَصَلُّوا الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عنقریب ایسے امراء آئیں گے جو نماز کو وقت سے مؤخر کر کے پڑھیں گے اگر تم اُن کا زمانہ پاؤ تو وقت پر نماز پڑھ لینا اور اُن کے ساتھ بھی پڑھ لینا وہ نفل ہو جائے گی۔

1364- انظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه24 .

1365- أخرجه مسلم: المساجد جلد1 صفحه378 .

وَاجْعَلُوا صَلَاتَكُمْ مَعَهُمْ سُبْحَةً

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ إِلَّا أَبُو بَكْرٍ

یہ حدیث عبدالعزیز سے صرف ابوبکر ہی روایت کرتے ہیں۔

1366 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا طَاهِرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ نِزَارٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ دَعَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ، كُلُّهُمْ يَدْعُوهُ إِلَى مَا عِنْدَهُ: يَا عَبْدَ اللَّهِ هَذَا خَيْرٌ، وَمَنْ دَفَنَ ثَلَاثَةً مِنْ وَلَدِهِ، مِنْ صُلْبِهِ أَدْخَلَهُ اللَّهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو میاں بیوی اپنے مال سے اللہ کی راہ میں خرچ کریں' اُن کو جنت کا دربان پکارے گا: سارے اپنے پاس بلائیں گے' جو اُن کے پاس ہوگا' اے اللہ کے بندے! یہ بہتر ہے' اور جس نے اپنے تین صلبی بیٹے دفن کیے تو اللہ عزوجل اپنے فضل و رحمت کی وجہ سے ان کو جنت میں داخل کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَامِرٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدٌ

یہ حدیث عامر سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں خالد اکیلے ہیں۔

1367 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ دَنُوقَا قَالَ: نَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحِجَازِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعُمَرِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ مُرُوا بِالْمَعْرُوفِ، وَانْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ قَبْلَ أَنْ تَدْعُوا اللَّهَ فَلَا يَسْتَجِيبُ لَكُمْ، وَقَبْلَ أَنْ تَسْتَغْفِرُوهُ فَلَا يَغْفِرُ لَكُمْ. إِنَّ الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! نیکی کا حکم دو اور بُرائی سے منع کرو' اس سے پہلے کہ تم اللہ سے دعا کرو اور تمہاری دعائیں قبول نہ ہوں' اور اس سے پہلے کہ تم بخشش مانگو اور وہ تم کو معاف نہ کرے' بے شک نیکی کا حکم دینے اور بُرائی سے منع کرنے سے موت قریب نہیں آتی ہے' بے شک یہود و نصاریٰ کے علماء نے جب نیکی کا حکم دینا اور بُرائی سے منع کرنا

1366- أخرجه النسائي جلد 6 صفحه 39 (باب فضل النفقة في سبيل الله تعالى)' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 183 رقم الحديث: 21416.

1367- انظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 269.

الْمُنْكَرِ لَا يُقَرِّبُ اَجَلًا، وَاِنَّ الْاَحْبَارَ مِنَ الْيَهُودِ، وَالرُّهْبَانَ مِنَ النَّصَارَى لَمَّا تَرَكُوا الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ عَلَى لِسَانِ اَنْبِيَائِهِمْ، ثُمَّ عَمَّهُمُ الْبَلَاءُ

چھوڑ دیا تو ان پر اللہ کی جانب سے ان کے انبیاء علیہم السلام کی زبان سے لعنت کی گئی پھر اُن پر عام آزمائشیں نازل ہوئیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعُمَرِيِّ الْعَابِدِ اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْجَحْدَرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ دَنُوقَا

یہ حدیث عبداللہ بن عبدالعزیز العمری سے صرف اسحاق بن ابراہیم الجحدری ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن دنوقا اکیلے ہیں۔

1368 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ اَبُو يَحْيَى صَاعِقَةُ قَالَ: نَا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَبَّاسِ الشِّبَامِيُّ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ قَالَ: كَانَ اَبِي قَدْ تَرَكَ الصَّلَاةَ مَعَنَا . فَقُلْتُ لَهُ: مَا لَكَ يَا اَبَةِ تَرَكْتَ الصَّلَاةَ مَعَنَا؟ قَالَ: لِاَنَّكُمْ تُخِفُّونَ، قُلْتُ: فَاَيْنَ قَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِيكُمُ الضَّعِيفَ وَالْكَبِيرَ وَذَا الْحَاجَةِ؟ . فَقَالَ: قَدْ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ ذٰلِكَ . وَكَانَ يَمْكُثُ فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ

حضرت ابراہیم تیمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے ہمارے ساتھ نماز پڑھنا چھوڑ دیا تو میں نے ان سے عرض کی: اے میرے اباجان! آپ نے ہمارے ساتھ نماز پڑھنا کیوں چھوڑا ہے؟ وہ فرمانے لگے: کیونکہ تم مختصر نماز پڑھتے ہو میں نے کہا: نبی کریم ﷺ کا قول کہاں ہے کہ تمہارے پیچھے کمزور' بزرگ' ضرورت مند بھی ہوتے ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ کو فرماتے ایسے ہی سنا ہے اور وہ رکوع وسجود میں دیر کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ اِلَّا عَبْدُ الْجَبَّارِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو اَحْمَدَ

یہ حدیث عمار الدھنی سے صرف عبدالجبار ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابواحمد اکیلے ہیں۔

1369 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى، اَنَّ النَّبِيَّ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے میری قرأت سنی تو آپ نے فرمایا: اسے اللہ عزوجل نے حضرت داؤد علیہ السلام کے مزامیر عطا کیے

1368- اخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 10507 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 7612 .

1369- اخرجه البخاري: فضائل القرآن جلد 8 صفحه 710 رقم الحديث: 5048' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 546 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ قِرَائَةَ اَبِي مُوسَى، فَقَالَ: لَقَدْ اُعْطِيَ هَذَا مِزْمَارًا مِنْ مَزَامِيرِ آلِ دَاوُدَ

ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ وَرَوَاهُ النَّاسُ: عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث از مالک بن مغول از ابو بردہ صرف محمد بن فضیل ہی روایت کرتے ہیں' لوگوں نے مالک بن مغول سے' انہوں نے ابن بریدہ' انہوں نے اپنے والد سے روایت کی۔

1370 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَمَّالُ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِي ص

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو سورۂ ص میں سجدہ کرتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمٍ اِلَّا يَعْقُوبُ

یہ حدیث سلیم سے صرف یعقوب ہی روایت کرتے ہیں۔

1371 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ: (اَقِمِ الصَّلَاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ) (الاسراء: 78) قَالَ: حِينَ تَزُولُ الشَّمْسُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''اَقِمِ الصَّلَاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ'' (الاسراء: ۷۸) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ہے: جس وقت سورج ڈھل جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا عُثْمَانُ

یہ حدیث شعبہ سے صرف عثمان ہی روایت کرتے ہیں۔

1372 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

1370- اخرجه البخاري: أحاديث الأنبياء جلد 6 صفحه 526 رقم الحديث: 3422' وأبو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 60 رقم الحديث: 1409' والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 469 رقم الحديث: 577' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 467 رقم الحديث: 3386 .

1371- انظر: الدر المنثور جلد 4 صفحه 195 .

1372- اخرجه ابو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 345 رقم الحديث: 5173' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 485

الْوَلِيدِ بْنِ اَبِی خَيْرَةَ قَالَ: نَا اَبِی، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا دَخَلَ الْبَصَرُ فَلا اِذْنَ

اللہ ﷺ نے فرمایا: جب آنکھ دیکھ لے تو اس (جھانکنے والے) کے لیے کوئی اجازت نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَثِيرٍ اِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ

یہ حدیث کثیر سے صرف ولید ہی روایت کرتے ہیں اُسے روایت کرنے میں اُن کے بیٹے اکیلے ہیں۔

1373 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خِرَاشٍ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِی اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِی سَلَمَةَ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّی فِی ثَوْبٍ وَّاحِدٍ مُتَوَشِّحًا بِهِ

حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو ایک ہی کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا اللَّيْثُ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف لیث اور محمد بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

1374 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَمَّالُ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْحَسَنِ اَبُو مَالِكٍ الصَّفِّيُّ قَالَ: نَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ بِلَحْيِ جَمَلٍ، وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے پچھنا لگوایا' یعنی جمل میں (ایک جگہ کا نام ہے جو مکہ اور مدینہ کے درمیان ہے) اس حالت میں کہ آپ روزہ سے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا بِشْرٌ ،

یہ حدیث ابن جریج سے صرف بشر ہی روایت

رقم الحديث: **8807** .

1373- اخرجه مسلم: الصلاة جلد **1** صفحه **368**' وابن ماجة: اقامة الصلاة جلد **1** صفحه **333** رقم الحديث: **1049**' وأحمد: المسند جلد **3** صفحه **35** رقم الحديث: **16342** .

1374- اخرجه النسائي في الكبرى جلد **2** صفحه **233** رقم الحديث: **3216** .

قَالَ اَبُو بَكْرِ بْنُ صَدَقَةَ: وَهُوَ اَخُو حُسَيْنِ بْنِ الْحَسَنِ صَاحِبِ ابْنِ عَوْنٍ . قَالَ اَبُو بَكْرِ بْنُ صَدَقَةَ: وَاِنَّمَا سُمِّيَ الصَّفِّيَّ لِلُزُومِهِ الصَّفَّ الْاَوَّلَ فِي مَسْجِدِ الْبَصْرَةِ خَمْسِينَ سَنَةً

کرتے ہیں۔ ابوبکر بن صدقہ یہ حسین بن حسن کے بھائی ہیں ابن عون کے ساتھی۔ ابوبکر بن صدقہ نے کہا: اس کا نام صفی بھی ہے کیونکہ انہوں نے پچاس سال بصرہ کی مسجد میں پہلی صف میں ہمیشہ نماز پڑھی ہے۔

1375 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ قَالَ: نَا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، وَسُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ سَجَدَ فِي: اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اذا السماء انشقت میں سجدہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا بَدَلٌ

یہ حدیث شعبہ سے صرف بدل ہی روایت کرتے ہیں۔

1376 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كُنَّا اِذَا نَزَلْنَا مَنْزِلًا سَبَّحْنَا حَتّٰى نَحِلَّ الرِّحَالَ قَالَ شُعْبَةُ: تَسْبِيحًا بِاللِّسَانِ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ جب ہم اُترتے تھے تو ہم سبحان اللہ کہتے تھے یہاں تک کہ کجاوہ اُتارتے ہوئے بھی شعبہ نے کہا: زبان سے سبحان اللہ کہتے تھے۔

1377 - وَبِهِ: حَدَّثَنِي قَتَادَةُ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا لَمْ يَرْتَحِلْ مِنْهُ حَتّٰى يُصَلِّيَ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی جگہ اُترتے تو آپ اس جگہ سے ظہر کی نماز پڑھے

1375- اخرجه مسلم: المساجد جلد **1** صفحه **406**، وأبو داؤد: الصلاة رقم الحديث: **1407**، والنسائي: الافتتاح جلد **2** صفحه **124** (باب السجود في ﴿اذا السماء انشقت﴾) .

1376- انظر: مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **136** .

1377- اخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **2** صفحه **4** رقم الحديث: **1205**، والنسائي: المواقيت جلد **1** صفحه **199** (باب تعجيل الظهر في السفر)، واحمد: المسند جلد **3** صفحه **148** رقم الحديث: **12211** .

الظُّهْرَ

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا بَقِيَّةُ

بغیر نہیں جاتے تھے۔

یہ دونوں حدیثیں شعبہ سے صرف بقیہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1378 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَزَّةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ خُنَيْسٍ قَالَ: نَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: غَدَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَرَفَةَ مِنْ مِنًى، فَلَمَّا انْبَعَثَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ، وَعَلَيْهَا قَطِيفَةٌ قَدِ اشْتُرِيَتْ بِأَرْبَعَةِ دَرَاهِمَ قَالَ: اللَّهُمَّ اجْعَلْهَا حَجَّةً مَبْرُورَةً، لَا رِيَاءَ فِيهَا، وَلَا سُمْعَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منیٰ سے عرفات آئے' جب آپ سواری پر سوار ہوئے تو آپ پر چادر تھی جس کو آپ نے چار درہم میں خریدا تھا' آپ نے فرمایا: اے اللہ! اس کو حج مبرور (قبول) بنادے'اس میں ریاکاری اور دکھاوا نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ .تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ أَبِي بَزَّةَ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف محمد بن یزید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن ابی بزہ اکیلے ہیں۔

1379 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ: نَا بَكْرُ بْنُ يَحْيَى بْنُ زَبَّانَ قَالَ: نَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ، وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ، أَوْ لَيُسَلَّطَنَّ عَلَيْكُمْ شِرَارُكُمْ، ثُمَّ يَدْعُو خِيَارُكُمْ فَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم ضرور نیکی کا حکم دو اور برائی سے منع کرو' ورنہ تم پر تمہارے شرارتی لوگ مسلط کیے جائیں گے' پھر تمہارے نیک لوگ دعا کریں گے تو ان کی دعا قبول نہیں ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ إِلَّا حِبَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَكْرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَبَّانَ

یہ حدیث ابن عجلان سے صرف حبان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بکر بن یحییٰ بن زبان اکیلے ہیں۔

1378- انظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه224 .

1379- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 26917 .

1380 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ قَالَ: نَا جَمِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَتَكِيُّ قَالَ: نَا اَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: عَطَسَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَانِ: شَرِيفٌ وَّوَضِيعٌ، فَشَمَّتَ الْوَضِيعَ وَلَمْ يُشَمِّتِ الشَّرِيفَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، شَمَّتَّ هٰذَا وَلَمْ تُشَمِّتْنِي؟ فَقَالَ: اِنَّ هٰذَا ذَكَرَ اللّٰهَ فَذَكَرَهُ، وَاَنْتَ نَسِيتَ اللّٰهَ فَنَسِيَكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمیوں نے نبی کریم ﷺ کے پاس چھینک ماری' ان میں سے ایک شریف تھا اور ایک شرارتی شخص تھا' آپ نے شرارتی کا جواب دیا اور شریف کا جواب نہ دیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے اس کا جواب دیا اور میرا جواب نہیں دیا' آپ ﷺ نے فرمایا: اس نے اللہ کا ذکر کیا تھا تو میں نے اس کو یاد کیا' تم اللہ کو بھولے تو میں تمہیں بھول گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ اِلَّا اَبُو هَمَّامٍ

یہ حدیث ابن عجلان سے ابوھمام ہی روایت کرتے ہیں۔

1381 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو السَّكُونِيُّ قَالَ: نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ رُسْتُمٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُؤْوِي الضَّالَّةَ اِلَّا ضَالٌّ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: گم شدہ چیز کو لے کر اپنے پاس رکھنے والا خود ہی گمراہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَوْحٍ اِلَّا صَفْوَانُ بْنُ رُسْتُمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَقِيَّةُ

یہ حدیث روح سے صرف صفوان بن رستم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

1380- أخرجه الامام أحمد فى مسنده رقم الحديث: 32812 ، انظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 61 .

1381- أخرجه ابو داؤد: اللقطة جلد 2 صفحه 143 رقم الحديث: 1720 ' وابن ماجة: اللقطة جلد 2 صفحه 836 رقم الحديث: 2503 ' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 439-440 رقم الحديث: 19207 ' والطبرانى فى الكبير جلد 2 صفحه 330 رقم الحديث: 2376-2378 .

1382 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا نَصْرُ بْنُ مُهَاجِرٍ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ: نَا مِسْعَرٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ . فَقَالَ: ذَاكَ اَبِي اِبْرَاهِيمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اے خیرالبریہ! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خیرالبریہ تو ابراہیم علیہ السلام ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ الْمُهَاجِرِ

یہ حدیث مسعر سے صرف عمر بن عبید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن مہاجر اکیلے ہیں۔

1383 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الْجَوَّابِ الْاَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كُلِّ ذِي نَابٍ مِنَ السَّبُعِ، وَكُلِّ ذِي مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر پھاڑنے والے درندے اور ہر اُچکنے والے پرندے (کو کھانے) سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا اَبُو الْجَوَّابِ

یہ حدیث سفیان سے صرف ابوالجواب ہی روایت کرتے ہیں۔

1384 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابوعبیدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

1382- اخرجه أبو داؤد: السنة جلد4صفحه217 رقم الحديث: 4672' وأحمد: المسند جلد3صفحه226 رقم الحديث: 12913 .

1383- اخرجه مسلم: الصيد جلد 3صفحه1534' وأبو داؤد: الأطعمة جلد 3صفحه354 رقم الحديث: 3803' والنسائي: الصيد جلد7صفحه182 (باب اباحة اكل لحوم الدجاج)' وأحمد: المسند جلد 1صفحه321 رقم الحديث: 2196 .

1384- أخرجه الطبراني في الصغير رقم الحديث: 1111' والكبير جلد10صفحه183' والحاكم جلد4صفحه248 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 19018 .

غَالِبٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ السَّكَنِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، وقَيْسٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْحَمْ مَنْ فِي الْاَرْضِ يَرْحَمْكَ مَنْ فِي السَّمَاءِ

کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم زمین والوں پر رحم کرو' آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث شعبہ سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

1385 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: الم تَنْزِيلُ وهَلْ اَتَى عَلَى الْاِنْسَانِ، وَفِي صَلَاةِ الْجُمُعَةِ: سُورَةَ الْجُمُعَةِ، وَاِذَا جَائَكَ الْمُنَافِقُونَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جمعہ کے دن صبح کی نماز میں الم تنزیل اور ھل اتی علی الانسان پڑھتے تھے اور جمعہ کی نماز میں سورۂ جمعہ اور اذا جاء ك المنافقون پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ

یہ حدیث از شعبہ از حکم صرف محمد بن یزید ہی روایت کرتے ہیں اور اسے روایت کرنے میں محمد بن حسان اکیلے ہیں۔

1386 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ فَرَجِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے انصار کے ایک آدمی کا نماز جنازہ پڑھایا' میں نے آپ ﷺ سے سنا' آپ دعا فرما رہے تھے: اے اللہ! اس کو بخش دے اور اس پر رحم کر اور

1385- أخرجه مسلم: الجمعة جلد 2 صفحه 599' وأبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 280 رقم الحديث: 1075' والنسائي: الجمعة جلد 3 صفحه 91' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 298 رقم الحديث: 1998 .

1386- أخرجه مسلم: الجنائز جلد 2 صفحه 662' والنسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 59 (باب الدعاء)' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 27 رقم الحديث: 24030 .

عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ، وَاَكْرِمْ نُزُلَهُ قَالَ يَزِيدُ: فَقَدِمَ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ اِلَى بَغْدَادَ، فَسَمِعْنَاهُ مِنْهُ

اس کی اچھی مہمان نوازی کر! یزید فرماتے ہیں کہ اسماعیل بن عیاش بغداد سے آئے تو ہم نے ان سے یہ حدیث سنی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث شعبہ سے صرف یزید بن ہارون ہی روایت کرتے ہیں۔

1387 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا سَلْمُ بْنُ سَلَّامٍ اَبُو الْمُسَيَّبِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ قَالَ: اَخْبَرَنِي سُهَيْلُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ، وَصَالِحُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِمَا، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ اِذَا اَمْسَى: اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، لَمْ يَضُرَّهُ شَيْءٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے شام کے وقت "اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ" پڑھا تو اس کو کوئی شی نقصان نہیں دے گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ اِلَّا سَلْمٌ

یہ حدیث از شعبہ از صالح بن ابی صالح صرف سلم ہی روایت کرتے ہیں۔

1388 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّكَنِ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَرْحَبِيُّ قَالَ: نَا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُفِّنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ، لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَّلَا عِمَامَةٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا' ان میں قمیص اور عمامہ نہیں تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى اِلَّا الْمُطَّلِبُ، وَلَا عَنِ الْمُطَّلِبِ اِلَّا يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ:

یہ حدیث عبداللہ بن عیسیٰ سے صرف مطلب ہی روایت کرتے ہیں اور مطلب سے صرف یحییٰ ہی روایت

1387- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه123 .

1388- اخرجه البخاري: الجنائز جلد3صفحه167 رقم الحديث: 1272' ومسلم: الجنائز جلد2صفحه649 .

مُحَمَّدُ بْنُ السَّكَنِ

کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن سکن اکیلے ہیں۔

1389 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ قَالَ: نَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَخُو اَبِی حَرَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ وَهْبٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اَنَّهُ اَفْرَغَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِدَاوَةٍ، وَقَدْ قَضَى حَاجَتَهُ، فَتَوَضَّاَ، فَغَسَلَ وَجْهَهُ، وَذَهَبَ يُخْرِجُ يَدَيْهِ مِنَ الْجُبَّةِ، فَاِذَا هِيَ ضَيِّقَةُ الْكُمَّيْنِ . فَاَخْرَجَهُمَا مِنْ اَسْفَلِ الْجُبَّةِ، فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ . ثُمَّ اَتَيْنَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ وَّقَدْ صَلَّى رَكْعَةً، فَصَلَّيْنَا مَعَهُ رَكْعَةً، وَقَضَيْنَا الرَّكْعَةَ الَّتِي فَاتَتْنَا

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے لیے پانی کا برتن لے کر آئے' آپ ﷺ نے قضاء حاجت فرمائی تو آپ نے وضو کیا اور اپنے چہرے کو دھویا اور اپنے ہاتھوں کو جبہ سے نکالنے لگے تو اس کی آستین تنگ تھی تو آپ نے جبہ کے نیچے سے دونوں ہاتھوں کو نکالا' تو آپ نے وضو کیا اور اپنے موزوں پر مسح کیا۔ پھر ہم آئے تو حضرت عبدالرحمن بن عوف ایک رکعت پڑھا چکے تھے' سو ہم نے اُن کے پیچھے ایک رکعت پڑھی اور ایک رکعت جو رہ گئی تھی اس کو ہم نے الگ سے پڑھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا اَبُو دَاوُدَ

یہ حدیث سعید بن عبدالرحمن سے صرف ابوداؤد ہی روایت کرتے ہیں۔

1390 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ تَسْنِيمٍ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ: نَا اَبُو الْفَضْلِ كَثِيرُ بْنُ يَسَارٍ قَالَ: نَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِتَمْرٍ رَيَّانٍ، فَقَالَ: اَنَّى لَكُمْ هَذَا؟ فَقَالُوا: كَانَ عِنْدَنَا تَمْرُ بَعْلٍ، فَبِعْنَا صَاعَيْنِ بِصَاعٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُدُّوهُ عَلَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس ریان کھجوریں لائی گئیں' تو آپ نے فرمایا: یہ کہاں سے لائے ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے دو صاع کھجوریں دے کر یہ ایک صاع کھجوریں لی ہیں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ اس کے مالک کو واپس دے دو' اس کو یہ ہی کھجوریں فروخت کرو' پھر اس (کے جو پیسے ملیں' اس) کے بدلے

1389- اخرجه مسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 230' وأبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 36 رقم الحديث: 149' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 303 رقم الحديث: 18186 .

1390- انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 116 .

صَاحِبِهِ، فَبِيعُوهُ بِعَيْنٍ، ثُمَّ ابْتَاعُوا التَّمْرَ

کھجوریں خریدو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا كَثِيرٌ اَبُو الْفَضْلِ . تَفَرَّدَ بِهِ: رَوْحٌ

یہ حدیث ثابت سے صرف کثیر ابوالفضل ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں روح اکیلے ہیں۔

1391 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجَرْجَرَائِيُّ قَالَ: نَا وَكِيعٌ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ فَيَّاضٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: نُهِينَا اَنْ نَدْخُلَ، عَلَى الْمُغِيبَاتِ اِلَّا بِإِذْنِ اَزْوَاجِهِنَّ

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں اجنبی لوگوں کی بیویوں کے پاس ان کے خاوندوں کی اجازت کے بغیر گھروں میں داخل ہونے سے منع کیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا وَكِيعٌ

یہ حدیث مسعر سے صرف وکیع ہی روایت کرتے ہیں۔

1392 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو حُمَيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ سِنَانٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: نَا اَبُو زِيَادٍ يَعْنِي: اِسْمَاعِيلَ بْنَ زَكَرِيَّا، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِهِ: (فَسَوْفَ يَاْتِي اللَّهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ) (المائدة: 54) قَالَ: هَؤُلَاءِ قَوْمٌ مِنَ الْيَمَنِ، ثُمَّ مِنْ كِنْدَةَ، ثُمَّ مِنَ السَّكُونِ، ثُمَّ مِنْ تُجِيبَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے اس آیت کریمہ: فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ ۔ ''عنقریب اللہ عزوجل ایسی قوم کو لائے گا جو اس سے محبت کریں گے اللہ ان سے محبت کرے گا'' (المائدہ:۵۴) کی تفسیر پوچھی گئی: تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ لوگ یمن سے پھر کندہ سے پھر سکون سے پھر تجیب سے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ الْاَسَدِيِّ اِلَّا اَبُو زِيَادٍ، وَلَا عَنْ اَبِي زِيَادٍ اِلَّا مُعَاوِيَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو حُمَيْدٍ

یہ حدیث محمد بن قیس الاسدی سے صرف ابوزیاد ہی روایت کرتے ہیں اور ابوزیاد سے صرف معاویہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں ابوحمید اکیلے ہیں۔

1392- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **1917** .

1393 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ بَكَّارٍ الْبَاهِلِيُّ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ ابْنَ اَبِي قُحَافَةَ خَلِيلًا.

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا الْفَضْلُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو ابن ابی قحافہ کو خلیل بناتا۔

یہ حدیث اشعث سے صرف فضل ہی روایت کرتے ہیں۔

1394 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خِدَاشٍ قَالَ: نَا اَبِي، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ يُونُسَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ قَالَ: خَطَبَنَا يَزِيدُ بْنُ الْمُهَلَّبِ بِطَبَرِسْتَانَ، فَقَالَ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اسْتَلْحَقَ قَوْمٌ رَجُلًا اِلَّا وَرِثَهُمْ قَالَ الْهَيْثَمُ: فَحَدَّثْتُ بِهِ عِيسَى بْنَ مُوسَى الْهَاشِمِيَّ، فَقَالَ رَجُلٌ فِي الْمَجْلِسِ: لَوْ كَانَ هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ غَيْرِ يَزِيدَ . فَقَالَ عِيسَى بْنُ مُوسَى: كَانَ يَزِيدُ اَشْرَفَ مِنْ اَنْ يَكْذِبَ فِي الْحَدِيثِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی قوم کا آدمی ہلاک نہیں ہوتا مگر اس کے وارث بھی ہوتے ہیں۔ ہیثم فرماتے ہیں: مجھے یہ حدیث عیسیٰ بن موسیٰ الہاشمی نے بیان کی، تو مجلس میں سے ایک آدمی نے کہا: کاش یہ حدیث یزید کے علاوہ کسی اور سے روایت ہوتی، تو عیسیٰ بن موسیٰ نے فرمایا: یزید زیادہ لائق ہے کہ اس حدیث میں جھٹلایا جائے۔

1395 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ قُرَّةَ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: اَبُو كَعْبٍ صَاحِبُ الْحَرِيرِ قَالَ: سَاَلْتُ النَّضْرَ بْنَ اَنَسٍ، فَقُلْتُ: حَدِّثْنِي بِحَدِيثٍ، يَنْفَعُنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ، فَقَالَ: نَعَمْ،

حضرت کعب ریشم والے فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت نضر بن انس سے پوچھا، میں نے عرض کی: مجھے کوئی حدیث بیان کریں جس سے اللہ عزوجل مجھے نفع دے! تو حضرت نضر نے فرمایا: ٹھیک ہے! میں تم کو ایسی

1393- أخرجه مسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1855، وابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 36 رقم الحديث: 93، وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 530 رقم الحديث: 3877 .

1394- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 23014 .

1395- انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 373 .

أُحَدِّثُكَ بِحَدِيثٍ كُتِبَ إِلَيْنَا فِيهِ مِنَ الْمَدِينَةِ . فَقَالَ أَنَسٌ: احْفَظُوا هَذَا فَإِنَّهُ مِنْ كَنْزِ الْحَدِيثِ . قَالَ: غَزَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَارَ ذَلِكَ الْيَوْمَ إِلَى اللَّيْلِ . فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلُ نَزَلَ وَعَسْكَرَ النَّاسُ حَوْلَهُ، وَنَامَ هُوَ وَأَبُو طَلْحَةَ زَوْجُ أُمِّ أَنَسٍ، وَفُلَانٌ وَفُلَانٌ، أَرْبَعَةٌ، فَتَوَسَّدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَ رَاحِلَتِهِ . ثُمَّ نَامَ وَنَامَ الْأَرْبَعَةُ إِلَى جَنْبِهِ، فَلَمَّا ذَهَبَ عَتَمَةٌ مِنَ اللَّيْلِ رَفَعُوا رُءُوسَهُمْ، فَلَمْ يَجِدُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ رَاحِلَتِهِ، فَذَهَبُوا يَلْتَمِسُونَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يَلْقَوْهُ مُقْبِلًا، فَقَالُوا: جَعَلَنَا اللّٰهُ فِدَاكَ، أَيْنَ كُنْتَ؟ فَإِنَّا فَزِعْنَا لَكَ إِذْ لَمْ نَرَكَ . فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْتُ نَائِمًا حَيْثُ رَأَيْتُمْ، فَسَمِعْتُ فِي نَوْمِي دَوِيًّا كَدَوِيِّ الرَّحَا، أَوْ هَزِيزًا كَهَزِيزِ الرَّحَا، فَفَزِعْتُ فِي مَنَامِي، فَوَثَبْتُ، فَمَضَيْتُ، فَاسْتَقْبَلَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ بَعَثَنِي إِلَيْكَ السَّاعَةَ لِأُخَيِّرَكَ، فَاخْتَرْ: إِمَّا أَنْ يَدْخُلَ نِصْفُ أُمَّتِكَ الْجَنَّةَ، وَإِمَّا الشَّفَاعَةُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ . فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ لِأُمَّتِي . فَقَالَ النَّفَرُ الْأَرْبَعُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اجْعَلْنَا مِمَّنْ تَشْفَعُ لَهُمْ، فَقَالَ: وَجَبَتْ لَكُمْ ، ثُمَّ أَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْأَرْبَعَةُ، حَتَّى اسْتَقْبَلَهُ عَشَرَةٌ، فَقَالُوا: أَيْنَ نَبِيُّنَا نَبِيُّ الرَّحْمَةِ؟ قَالَ: فَحَدَّثَهُمْ بِالَّذِي حَدَّثَ الْقَوْمَ، فَقَالُوا: جَعَلَنَا اللّٰهُ فِدَاكَ، اجْعَلْنَا مِمَّنْ تَشْفَعُ لَهُمْ

حدیث بیان کرتا ہوں جو ہمارے لیے لکھی گئی تھی مدینہ سے۔حضرت انس نے فرمایا: اس کو یاد کرو کیونکہ یہ حدیث کا خزانہ ہے۔فرمایا کہ نبی کریم ﷺ نے جہاد کیا' آپ ایک دن رات تک چلتے رہے جب رات ہوئی تو آپ نیچے اُترے سواری سے اور لوگوں نے آپ کو اردگرد سے گھیر لیا کہ وہ اور ابوطلحہ حضرت انس کی والدہ کے شوہر اور فلاں اور فلاں چار افراد سو گئے تو نبی کریم اپنی سواری کے کجاوے کو تکیہ بنا کر سو گئے اور چاروں آپ کے پاس سو گئے۔ جب آدھی رات گزر گئی تو انہوں نے اپنے سر اُٹھائے تو نبی کریم ﷺ کو اپنی سواری کے پاس نہیں پایا' پس وہ گئے نبی کریم ﷺ کو تلاش کرنے کے لیے یہاں تک کہ آپ کو آتے ہوئے دیکھا' انہوں نے عرض کی: ہم کو اللہ آپ پر قربان کرے! آپ کہاں تھے؟ ہم آپ کی وجہ سے پریشان ہوئے' جب ہم نے آپ کو نہیں دیکھا۔تو اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: میں سویا ہوا تھا کہ میں نے تم کو دیکھا تو میں نے اپنی نیند میں چکی چلنے کی آواز سنی یا میں نے چکی کی آواز کی طرح آواز سنی' میں اپنی نیند میں پریشان ہوا' میں اُٹھا' پس میں چلا تو جبریل میرے آگے آ گئے' حضرت جبریل نے عرض کی: اے محمد (ﷺ)! بے شک اللہ عزوجل نے مجھے آپ کی طرف بھیجا ہے اس وقت تاکہ میں آپ کو اختیار دوں' آپ پسند کریں آدھی اُمت جنت میں لے جانے کی یا قیامت کے دن شفاعت کی۔تو میں نے اپنی اُمت کی شفاعت کو اختیار کیا۔ان چار حضرات نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! ہم

يَوْمَ الْقِيَامَةِ . فَقَالَ: وَجَبَتْ لَكُمْ ، فَجَائُوا جَمِيعًا إِلَى عُظْمِ النَّاسِ، فَنَادَوْا فِي النَّاسِ: هَذَا نَبِيُّنَا نَبِيُّ الرَّحْمَةِ، فَحَدَّثَهُمْ بِالَّذِي حَدَّثَ الْقَوْمَ، فَنَادَوْا بِأَجْمَعِهِمْ: أَنْ جَعَلَنَا اللَّهُ فِدَاكَ، اجْعَلْنَا مِمَّنْ تَشْفَعُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ . فَنَادَى ثَلَاثًا: إِنِّي أُشْهِدُ اللَّهَ وَأُشْهِدُ مَنْ سَمِعَ أَنَّ شَفَاعَتِي لِمَنْ يَمُوتُ لَا يُشْرِكُ بِاللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ شَيْئًا

کو بھی اُن میں شامل کریں جن کی آپ نے شفاعت کرنی ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہارے لیے شفاعت واجب ہو گئی' پھر نبی کریم ﷺ چلے اور چاروں بھی چلے یہاں تک کہ دس افراد آ گئے تھے' انہوں نے کہا: ہمارے نبیٔ رحمت کہاں تھے؟ آپ نے ان کو بھی بتایا جو انہوں نے قوم کو بتایا تھا' انہوں نے عرض کی: اللہ ہم کو آپ پر قربان کرے! ہم کو اُن میں شمار کریں جن کی آپ نے شفاعت کرنی ہے۔ آپ نے فرمایا: تمہارے لیے واجب ہو گئی۔ پس ہم لوگوں کے گروہ کی طرف آئے' انہوں نے لوگوں کو بتایا کہ یہ ہمارے نبیٔ رحمت ہیں' ان کو بتایا جو قوم کو بتایا تھا' ان تمام نے عرض کی: اللہ ہم کو آپ پر قربان کرے! ہم کو ان میں شامل کریں جن کی آپ نے شفاعت کرنی ہے قیامت کے دن۔ آپ نے تین دفعہ آواز دی: میں اللہ کو گواہ بناتا ہوں اور اس کو بھی جس نے سنا' میری شفاعت اس کے لیے ہے جو اس حالت میں مرے' اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو گئی بشرطیکہ اس نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک نہ کیا ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أُبَيِّ كَعْبٍ إِلَّا قُرَّةُ بْنُ حَبِيبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ قُرَّةَ

یہ حدیث ابی کعب سے صرف قرہ بن حبیب روایت کرتے ہیں' علی بن قرہ اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

1396 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ أَبُو عَتَّابٍ الدَّلَّالُ قَالَ: نَا سَعَّادُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ عِلَاقَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: میری اُمت کی ہلاکت طعن اور طاعون کے ذریعے ہو گی' صحابہ کرام نے عرض کی: طعن کے متعلق تو ہم جانتے ہیں' لیکن

مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: فَنَاءُ اُمَّتِي بِالطَّعْنِ وَالطَّاعُونِ، فَقَالُوا: اَمَّا الطَّعْنُ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ، فَمَا الطَّاعُونُ؟ قَالَ: طَعْنُ اَعْدَائِكُمْ مِنَ الْجِنِّ، وَفِي كُلٍّ شَهَادَةٌ

طاعون کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہارے دشمن جنوں کی نظر' دونوں میں مرنے والے شہید ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعَّادٍ اِلَّا اَبُو عَتَّابٍ

یہ حدیث سعاد سے صرف ابوعتاب ہی روایت کرتے ہیں۔

1397 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ قَالَ: فِي كِيسِي هَذَا حَدِيثٌ، لَوْ حَدَّثْتُكُمُوهُ لَرَجَمْتُمُونِي، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ لَا اَبْلُغَنَّ رَاْسَ السِّتِّينَ. قَالُوا: وَمَا رَاْسُ السِّتِّينَ؟ قَالَ: اِمَارَةُ الصِّبْيَانِ، وَبَيْعُ الْحُكْمِ، وَكَثْرَةُ الشُّرَطِ، وَالشَّهَادَةُ بِالْمَعْرِفَةِ، وَيَتَّخِذُونَ الْاَمَانَةَ غَنِيمَةً، وَالصَّدَقَةَ مَغْرَمًا، وَنَشْوٌ يَتَّخِذُونَ الْقُرْآنَ مَزَامِيرَ قَالَ حَمَّادٌ: وَاَظُنُّهُ قَالَ: وَالتَّهَاوُنُ بِالدَّمِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میری اس جیب میں ایک حدیث ہے' اگر میں تمہیں یہ حدیث بیان کروں تو تم مجھے رجم کرو' پھر عرض کی: اے اللہ! مجھے ساٹھ ہجری کے سرے تک نہ پہنچانا' لوگوں نے عرض کی: ساٹھ ہجری میں کیا ہوگا؟ فرمایا: بچوں کی حکومت' حکمرانوں میں رشوت' پولیس کا کثرت سے ہونا' پہچان کی گواہی اور امانت کو غنیمت اور زکوٰۃ کو قرض سمجھا جائے گا' قرآن گانے کی طرز پر پڑھا جائے گا۔ حماد فرماتے ہیں کہ میرا گمان ہے' یعنی خون خون کے ساتھ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا حَمَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: رَوْحٌ

یہ حدیث علی بن زید سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں روح اکیلے ہیں۔

1398 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: نَا اَبُو عَبَّادٍ يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ قَالَ: نَا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَقَدْ اُعْطِيتُ مِنْهُ شَيْئًا مَا اَعْلَمُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ بے شک مجھے ایک شی دی گئی ہے' میں نہیں جانتا ہوں کہ وہ کسی کو بھی دی گئی ہے سوائے رسول اللہ ﷺ کو' یعنی جماع (کی قوت)۔

1397- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه202 .

1398- أخرجه الطبراني في الكبير جلد12صفحه410 رقم الحديث: 13512 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 29614 .

اَحَدًا اُعْطِيَهُ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي: الْجِمَاعَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ السَّرِيِّ اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث سری سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

1399 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَمْرِو بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ: نَا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: مَا كُنْتُ اَرَى اَنَّ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدُ الدُّنْيَا، حَتّٰى نَزَلَتْ فِيْنَا يَوْمَ اُحُدٍ: (مِنْكُمْ مَنْ يُرِيْدُ الدُّنْيَا، وَمِنْكُمْ مَنْ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ) (آل عمران: 152)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نہیں دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ میں سے کوئی دنیا چاہتا ہو یہاں تک کہ اُحد کے دن ہمارے متعلق یہ آیت نازل ہوئی: مِنْكُمْ مَنْ يُرِيْدُ الدُّنْيَا، وَمِنْكُمْ مَنْ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۔ ''تم میں سے کچھ لوگ دنیا چاہتے ہیں اور تم میں سے کچھ آخرت چاہتے ہیں'' (آل عمران:۱۵۲)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ السُّدِّيِّ اِلَّا اَسْبَاطٌ

یہ حدیث السدی سے صرف اسباط ہی روایت کرتے ہیں۔

1400 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي فَرْوَةَ، عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ كَثِيْرٍ

یہ حدیث شعبہ سے یحییٰ بن کثیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1401 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ

1399- انظر: لسان الميزان جلد2صفحه307 . وانظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه331 .

1400- أخرجه ابن ماجة: الحدود جلد2صفحه861 رقم الحديث: 2581 .

1401- أخرجه البخاري: الديات جلد12صفحه194 رقم الحديث: 6862' واحمد: المسند جلد 2صفحه128 رقم الحديث: 5683 .

اَحْمَدَ بْنِ شَبُّوَيْهِ الْمَرْوَزِیُّ قَالَ: نَا اَبِیْ قَالَ: نَا اَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْكِنَانِیُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِیُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزَالُ الْمَرْءُ فِی فُسْحَةٍ مِّنْ دِينِهِ مَا لَمْ يُصِبْ دَمًا حَرَامًا

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: آدمی ہمیشہ اپنے دین میں کشادہ رہتا ہے جب تک وہ حرام خون نہ بہائے۔

1402 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتَى عَرَّافًا لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ اَرْبَعِينَ لَيْلَةً

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جونجومی کے پاس آئے تو اس کی چالیس راتیں نماز قبول نہیں ہوگی۔

1403 - وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْمُزْدَلِفَةِ صَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِاِقَامَةٍ

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا الدَّرَاوَرْدِیُّ، تَفَرَّدَ بِهَا: اَبُو غَسَّانَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مزدلفہ کی رات مغرب وعشاء کی نماز ایک اقامت کے ساتھ پڑھی۔

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف الدراوردی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوغسان اکیلے ہیں۔

1404 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِدْرِيسُ بْنُ يُونُسَ الْحَرَّانِیُّ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَاحَ اِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جمعہ کے لیے آئے تو اُسے چاہیے کہ غسل کرے۔

1402- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه121 .

1403- اخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه938' وأحمد: المسند جلد2صفحه213 رقم الحديث: 6479 .

1404- أخرجه البخاری: الجمعة جلد 2صفحه315 رقم الحديث: 877' ومسلم: الجمعة جلد 2صفحه579' والنسائی: الجمعة جلد2صفحه76 (باب الأمر بالغسل يوم الجمعة) .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا زَيْدٌ، وَلَا عَنْ زَيْدٍ إِلَّا مُؤَمَّلٌ تَفَرَّدَ بِهِ: إِدْرِيسُ

یہ حدیث مسعر سے صرف زید اور زید سے صرف مؤمل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ادریس اکیلے ہیں۔

1405 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ الْمُعَافَى بْنِ عِمْرَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ خَاتَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِضَّةٍ، فَصُّهُ مِنْهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور اس میں نگینہ بھی تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا الْمُعَافَى، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ

یہ حدیث سفیان سے صرف معافی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

1406 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي مُرَّةَ، عَنْ فَاخِتَةَ أُمِّ هَانِءٍ، أَنَّهَا أَجَارَتْ رَجُلَيْنِ، فَأَرَادَ عَلِيٌّ قَتْلَهُمَا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أَجَرْنَا مَنْ أَجَارَتْ أُمُّ هَانِءٍ

حضرت فاختہ اُم ھانی رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ میں نے دو آدمیوں کو پناہ دی تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان دونوں کو قتل کرنے کا ارادہ کیا' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہم اس کو پناہ دیتے ہیں جسے اُم ھانی نے پناہ دی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا الْقَاسِمُ

یہ حدیث سفیان سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں۔

1407 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

1405- أخرجه البخاري: اللباس جلد 10 صفحه 334 رقم الحديث: 5870' وابو داؤد: الخاتم جلد 4 صفحه 86 رقم الحديث: 4217' والترمذي: اللباس جلد 4 صفحه 227 رقم الحديث: 1740' والنسائي: الزينة جلد 8 صفحه 150-151 (باب صفة خاتم النبي ﷺ).

1406- أخرجه البخاري: الصلاة جلد 1 صفحه 559 رقم الحديث: 357' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 498.

1407- تقدم تخريجه.

مُسْلِمِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: نَا زَائِدَةُ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ مِخْوَلٍ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي صَلَاةِ الْجُمُعَةِ بِسُورَةِ الْجُمُعَةِ، وَإِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ

رسول اللہ ﷺ جمعہ کی نماز میں سورۃ الجمعہ اور اذا جاءك المنافقون پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُغِيرَةَ إِلَّا زَائِدَةُ، وَلَا عَنْ زَائِدَةَ إِلَّا يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث مغیرہ سے صرف زائدہ اور زائدہ سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن مسلم اکیلے ہیں۔

1408 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُولُ: أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مُسْنِدًا ظَهْرَهُ إِلَى خَشَبَةٍ، فَلَمَّا كَثُرَ النَّاسُ قَالَ: ابْنُوا لِي مِنْبَرًا فَبَنَوْا لَهُ مِنْبَرًا، إِنَّمَا كَانَ عَتَبَتَيْنِ، فَلَمَّا تَحَوَّلَ مِنَ الْخَشَبَةِ إِلَى الْمِنْبَرِ حَنَّتِ الْخَشَبَةُ . قَالَ أَنَسٌ: فَسَمِعْتُ الْخَشَبَةَ وَاللّٰهِ حَنَّتْ حَنِينَ النَّاقَةِ الْوَالِهَةِ، حَتَّى نَزَلَ إِلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمِنْبَرِ، فَاحْتَضَنَهَا، فَسَكَنَتْ فَقَالَ الْحَسَنُ: يَا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُسْلِمِينَ، الْخَشَبَةُ تَحِنُّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَوْقًا إِلَيْهِ، لِمَكَانِهِ إِلَيْهَا، أَفَلَيْسَ الرِّجَالُ الَّذِينَ يَرْجُونَ لِقَائَهُ أَحَقُّ أَنْ يَشْتَاقُوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک لکڑی کا سہارا لے کر جمعہ کا خطبہ دیتے تھے' جب لوگ زیادہ ہوگئے تو آپ نے فرمایا: میرے لیے منبر بناؤ! تو آپ کے لیے منبر بنایا گیا' جب آپ لکڑی کے تنے کو چھوڑ کر منبر پر جلوہ افروز ہوئے تو وہ لکڑی کا تنا سسکیاں لے کر رونے لگا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کے رونے کی آواز سنی' اللہ کی قسم! (وہ تنا) ایسے سسکیاں لے کر رو رہا تھا جس طرح اونٹنی اپنے بچے کی جدائی میں روتی ہے' حتیٰ کہ رسول اللہ ﷺ منبر سے نیچے اُترے اور اس کو تھپکی دی تو وہ خاموش ہوگیا۔ امام حسن بصری فرماتے ہیں کہ اے اللہ کے مسلمان بندو! لکڑی رسول اللہ ﷺ کے شوق میں جدائی کی وجہ سے روتی ہے' کیا لوگ بھی جو آپ کی ملاقات کی اُمید رکھتے ہیں وہ زیادہ حق دار نہیں ہیں کہ

1408- اخرجه احمد: المسند جلد 3 صفحه 277 رقم الحديث: 13368' وابن حبان في موارد الظمآن رقم الحديث: 574' دلائل النبوة للبيهقي جلد 2 صفحه 559 .

اِلَيْهِ؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا حِبَّانُ . تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ

آپ کے مشتاق ہوں۔

یہ حدیث یزید بن ابراہیم سے صرف حبان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن محمد اکیلے ہیں۔

1409 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَزِيرِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وحَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَدْ سَمِعْتُ الْقِرَائَةَ، فَوَجَدْتُهُمْ مُتَقَارِبِينَ، فَاقْرَئُوا كَمَا عُلِّمْتُمْ، وَاِيَّاكُمْ وَالتَّنَطُّعَ وَالِاخْتِلَافَ، فَاِنَّمَا هُوَ كَقَوْلِ اَحَدِكُمْ: هَلُمَّ، وَتَعَالَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمْزَةَ اِلَّا اِسْحَاقُ

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ میں نے قرأت سنی تو میں نے ان کو قریب پایا' سوتم ایسے پڑھو جس طرح تم کو سکھایا گیا ہے' اور اختلاف سے بچو' کیونکہ تم میں سے کسی ایک کا قول ایسے ہی ہے جیسے کہ ادھر آ' وٗ!

یہ حدیث حمزہ سے صرف اسحاق ہی روایت روایت کرتے ہیں۔

1410 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُسْلِمُ بْنُ عَمْرٍو الْحَذَّاءُ الْمَدَنِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ فِي يَوْمٍ شَدِيدِ الْحَرِّ، فَرَاَى رَجُلًا قَائِمًا، كَاَنَّهُ اَعْرَابِيٌّ، فِي الشَّمْسِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِي اَرَاكَ قَائِمًا؟ قَالَ: نَذَرْتُ اَنْ لَا اَجْلِسَ حَتَّى تَفْرُغَ مِنْ خُطْبَتِكَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْلِسْ، لَيْسَ هَذَا بِنَذْرٍ، اِنَّمَا النَّذْرُ مَا اُرِيدَ بِهِ وَجْهُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ اِلَّا ابْنُهُ،

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ لوگوں کو سخت گرمی میں خطبہ دے رہے تھے' آپ نے ایک آدمی کو سورج کی گرمی میں کھڑا دیکھا' ایسے محسوس ہوتا تھا کہ وہ دیہاتی ہے' نبی کریم ﷺ نے اس کو فرمایا: میں کسی وجہ سے تمہیں کھڑا دیکھ رہا ہوں؟ اس نے عرض کی: میں نے نذر مانی تھی کہ میں آپ کے خطبہ ختم ہونے تک بیٹھوں گا نہیں۔ تو نبی کریم ﷺ نے اس کو فرمایا: بیٹھ جا! یہ کوئی نذر نہیں ہے' نذر وہ ہوتی ہے جس سے اللہ کی رضا کا ارادہ کیا جائے۔

یہ حدیث ابوزناد سے اُن کے بیٹے اور اُن کے بیٹے

1410- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه190 .

وَلَا عَنِ ابْنِهِ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نَافِعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُسْلِمُ بْنُ عَمْرٍو

سے صرف عبداللہ بن نافع ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مسلم بن عمرو اکیلے ہیں۔

1411 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْخَطْمِيُّ الْمُقْرِءُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ قَالَ: حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ ابْنَةُ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ، قَالَتْ: كُنَّا نَتَّخِذُ عَصَائِبَ فِيهَا الْوَرْسُ وَالزَّعْفَرَانُ، فَنَعْصِبُ بِهَا أَسَافِلَ رُئُوسِنَا عِنْدَ الْإِحْرَامِ، ثُمَّ نُحْرِمُ كَذَلِكَ، نَعْرَقُ فِيهِنَّ، وَنَتَوَضَّأُ فِيهِنَّ، حَتَّى نَحِلَّ

اُم المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم ٹبوں میں ورس اور زعفران بناتی' اسے احرام باندھتے وقت ہم نیچے سے اپنے سروں پر اسے نچوڑتی تھیں' پھر اسی طرح ہم احرام میں ہوتے' ہم ان میں نچوڑتے اور ہم اس میں وضو کرتے یہاں تک کہ ہم احرام سے باہر آتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ

یہ حدیث محمد بن سوقہ سے صرف علی بن غراب ہی روایت کرتے ہیں۔

1412 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا أَبِي قَالَ: نَا أَبُو ضَمْرَةَ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا رَاشِدُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ عَلَى بَغْلَةٍ شَهْبَاءَ، يَقُودُ بِهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حجۃ الوداع کے موقعہ پر شہباء خچر پر دیکھا' جس کو حضرت خالد بن ولید ہانک رہے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَاشِدٍ إِلَّا أَبُو ضَمْرَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ

یہ حدیث راشد سے صرف ابوضمرہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن عثمان بن سعید اکیلے ہیں۔

1413 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ شُعْبَةَ قَالَ: أَخْبَرَنِي بَيَانٌ قَالَ: سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ أَبِي حَازِمٍ يَقُولُ: صَلَّى بِنَا سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ، فَقَامَ فِي

حضرت قیس بن ابی حازم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی تو آپ دو رکعت ادا کر کے کھڑے ہو گئے تو مقتدیوں نے سبحان اللہ کہا' وہ کھڑے ہی رہے یہاں تک

الرَّكْعَتَيْنِ، فَقَالُوا: سُبْحَانَ اللّٰهِ ـ فَمَضَى، فَمَا هُوَ حَتّٰى اِذَا سَلَّمَ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، فَقَالَ: هٰكَذَا صَنَعْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کہ جب سلام پھیرا تو دو سجدے کیے پس فرمایا: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایسے ہی کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا بَقِيَّةُ، تَفَرَّدَ بِهٖ: يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث شعبہ سے صرف بقیہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن عثمان اکیلے ہیں۔

1414 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَعْلَبَكِّيُّ قَالَ: نَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمَّ قَوْمَكَ ـ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّي اَجِدُ وَسْوَاسًا، فَضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلَى صَدْرِي، فَلَمْ اُحِسَّ بِهٖ بَعْدُ، وَقَالَ لِي: اُمَّ قَوْمَكَ، وَمَنْ اَمَّ قَوْمًا فَلْيُخَفِّفْ، فَاِنَّ وَرَائَهُ الْكَبِيْرَ وَالضَّعِيْفَ وَذَا الْحَاجَةِ

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو اپنی قوم کی امامت کروا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں وسوسے پاتا ہوں' تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے میرے سینے پر مارا' تو اس کے بعد میں نے وسوسے محسوس نہیں کیے اور مجھے فرمایا: اپنی قوم کی امامت کروا! جو قوم کو امامت کروائے تو وہ مختصر نماز پڑھائے کیونکہ اس کے پیچھے بزرگ' کمزور اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا سُوَيْدٌ

یہ حدیث شعبہ سے صرف سوید ہی روایت کرتے ہیں۔

1415 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو عُمَيْرِ بْنُ النَّحَّاسِ قَالَ: نَا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهٖ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَنْتُمْ تُكْمِلُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ سَبْعِينَ اُمَّةً، نَحْنُ خَيْرُهَا وَآخِرُهَا

حضرت بہز بن حکیم از والد خود از جد خود از نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم قیامت کے دن ستر اُمتیں مکمل کرو گے' ہم ان میں بہتر اور آخری ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ اِلَّا

یہ حدیث ابن شوذب سے صرف ضمرہ ہی روایت

1414- أخرجه مسلم: الصلاة جلد1صفحه341' وأحمد: المسند جلد4صفحه28 رقم الحديث: 16282 .

1415- أخرجه أحمد: المسند جلد4صفحه544 رقم الحديث: 20023' والطبراني في الكبير جلد19صفحه422 رقم الحديث: 1023-1024-1025-1036-1037 .

ضَمْرَةُ

کرتے ہیں۔

1416 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو عُمَيْرِ بْنُ النَّحَّاسِ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ يَبْدَئُونَ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ فِي الْعِيدِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما عید کی نماز' خطبہ سے پہلے پڑھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث حماد سے صرف مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔

1417 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ الْمُسْتَامِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: اِنْ كَانَتِ الصَّلَاةُ لَتُقَامُ، فَيَقُومُ الرَّجُلُ فَيُكَلِّمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَنْعَسَ بَعْضُ النَّاسِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر نماز کے لیے اقامت پڑھی جاتی اور ایک آدمی کھڑا ہوتا تو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گفتگو کرتا یہاں تک کہ بعض لوگ اونگھنے لگتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا مَخْلَدٌ

یہ حدیث سفیان سے صرف مخلد ہی روایت کرتے ہیں۔

1418 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الْاَعْرَجُ خَالِدٌ السَّمْتِيُّ قَالَ: نَا خَلَفُ بْنُ رَاشِدٍ اَبُو عُثْمَانَ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ، اَنَّ ابْنَةً لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُوُفِّيَتْ، وَكَانُوا يَحْمِلُونَ الرِّجَالَ وَالنِّسَاءَ عَلَى الْاَسِرَّةِ سَوَاءً، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ،

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لخت جگر کا وصال ہو گیا' مرد اور عورتیں چارپائی پر اُٹھانے میں ان کو برابر تھے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں حبشہ میں تھی تو وہاں نصاریٰ اہل کتاب وہ عورتوں کے نیچے تختہ رکھتے تھے' اس کے اوپر ٹہنیاں رکھتے تھے' وہ ناپسند کرتے تھے کہ نیچے سے کوئی

1416- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 20512 .

1417- اخرجه مسلم: الحيض جلد 1 صفحه 284' وأبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 50 رقم الحديث: 201' وأحمد في المسند جلد 3 صفحه 197 رقم الحديث: 12639 .

1418- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 2913 .

اِنِّی کُنْتُ بِالْحَبَشَةِ، وَهُمْ نَصَارَی اَهْلُ کِتَابٍ، وَهُمْ یَجْعَلُونَ لِلْمَرْاَةِ نَعْشًا فَوْقَهُ اَضْلَاعٌ، یَکْرَهُونَ اَنْ یُوصَفَ شَیْءٌ مِنْ خَلْقِهَا، اَفَلَا اَجْعَلُ لِابْنَتِكَ نَعْشًا مِثْلَهُ؟ فَقَالَ: اجْعَلِیهِ، فَهِیَ اَوَّلُ مَنْ جَعَلَ نَعْشًا انْتَعِشَ فِی الْاِسْلَامِ لِرُقَیَّةَ ابْنَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

ہاتھ لگائے۔ کیا میں آپ کی لختِ جگر کے لیے اسی کی مثل بنا دوں؟ آپ نے فرمایا: بنا دو! حضرت رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ وہ پہلی خاتون ہیں جن کے لیے تختہ بنایا گیا تھا۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ دَاوُدَ اِلَّا خَلَفٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الرَّبِیعِ الْاَعْرَجُ

یہ حدیث داؤد سے صرف خلف ہی روایت کرتے ہیں اُن سے روایت کرنے میں ابوالربیع اعرج اکیلے ہیں۔

1419 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی بَزَّةَ الْمَکِّیُّ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِیلَ قَالَ: نَا سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا تُبَّعًا، فَاِنَّهُ قَدْ اَسْلَمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تبع کو گالی نہ دو کیونکہ وہ مسلمان ہوگیا تھا۔

فائدہ: شیخ محقق برکت مصطفیٰ فی الہند محدث دہلوی اپنی کتاب تاریخ مدینہ میں بیان کرتے ہیں کہ جب تبع ممالک شرقیہ کی تسخیر کو نکلا تو اس کا گزر مدینہ منورہ میں ہوا' اپنے لڑکوں میں سے ایک کو اس مقام پر خلیفہ بنا کر خود شام وعراق کی جانب متوجہ ہوگیا۔ اہلِ مدینہ نے اس کے لڑکے کو دغا دیا اور بدعہدی سے مار ڈالا۔ تبع اپنے لڑکے کا انتقام لینے کی غرض سے پھر مدینہ واپس آیا اور ان لوگوں کو قتل کرنا شروع کر دیا۔ چنانچہ اس معرکے میں خود اس کا گھوڑا مارا گیا' اس پر اس نے قسم کھائی کہ جب تک اس شہر کو خراب نہ کرلوں گا قدم آگے نہ اُٹھاؤں گا۔ اس وقت یہود کے بعض علماء اس کے سامنے آئے اور کہا کہ یہ شہر حفاظت الٰہی میں محفوظ ہے' اس کو کوئی شخص برباد نہیں کر سکتا۔ ہم نے اپنی کتاب میں اس کے اوصاف پڑھے ہیں اور اس کا نام طیبہ ہے۔ یہ پیغمبر آخر الزماں ﷺ کا دارالہجرت ہے جو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد سے ہوں گے۔ آپ اس کی ویرانی کا خیال تک دل میں نہ لائیں اور اپنے ارادہ سے باز رہیں۔ تبع اس بات کو سُن کر اپنے خیال سے باز آیا اور اپنے ہمراہ علماء کی ایک جماعت لے کر یمن کو روانہ ہوا اور علماءِ یہود کی باتوں سے نصیحت پکڑی۔ محمد بن اسحاق کا بیان ہے کہ تبع نے ایک مکان نبی آخر الزماں کے لیے بنوایا' اس کے ساتھ چار سو علمائے توریت تھے لیکن انہوں نے اس کا ساتھ چھوڑ کر مدینہ منورہ کی اقامت اس آرزو میں

1419- أخرجه الطبرانی فی الکبیر رقم الحدیث: **790** . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحدیث: **7918** .

اختیار کی کہ نبی آخر الزماں ﷺ کی صحبت حاصل کریں۔ تبع نے ان میں سے ہر ایک کے لیے ایک ایک مکان تعمیر کرا دیا۔ اور ان کی خدمت کے لیے باندیاں مقرر کر دیں' نیز مال کثیر دے دیا اور ایک کتاب لکھی جس میں اپنے اسلام کی شہادت کا اظہار کیا۔ اس کتاب میں سے چند ابیات یہ ہیں۔ شعر:

شهدت علی احمد انه رسول من الله بای انسم

فلو مد عمری الی عمره لکنت وزیر اله وابن عم

ترجمہ: ''گواہی دیتا ہوں میں اوپر احمد کے کہ بے شک وہ رسول ہیں اللہ کی جانب سے' وہ اللہ جو پیدا کرنے والا ہے روحوں کا' پس اگر دراز ہو میری عمر اُن کے وقت تک تو البتہ ہو جاؤں گا میں ان کا وزیر اور بھائی''۔

اور اس کتاب کو مہر کر کے اس جماعت کے سب سے بڑے عالم کے سپرد کی اور وصیت کر دی کہ اگر وہ نبی آخر الزماں ﷺ کا زمانہ پاوے تو اس کتاب کو اُن کی خدمت میں پہنچا دے ورنہ اپنی اولاد کو اور وہ اولاد اپنی اولاد کو اسی ہدایت کے ساتھ منتقل کرتی رہے اور ایک مکان خاتم الانبیاء ﷺ کے لیے تعمیر کرایا تاکہ تشریف آوری کے وقت اس میں نزول فرمائیں۔ علمائے یہود میں سے ایک کو اس کا متولی بنا دیا۔ آنحضرت ﷺ جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو حضرت ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مکان میں قدم رنجہ فرمایا' یہ ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ اسی عالم کی اولاد میں سے ہیں اور اہل مدینہ میں سے جن لوگوں نے آنحضرت ﷺ کی مدد اور اعانت کی' وہ انہی علماء کی اولاد میں سے تھے۔ کہتے ہیں کہ وہ کتاب حضور ﷺ کی تشریف آوری کے زمانہ تک حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھی اور انہوں نے یہ کتاب آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کی۔ واللہ اعلم! (مطبوعہ: مدینہ پبلشنگ کمپنی' بندر روڈ' لاہور' مترجم: حکیم عرفان علی بن حاجی محمد امجد علی بریلوی)

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا مُؤَمَّلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ أَبِي بَزَّةَ

یہ حدیث سفیان سے صرف مؤمل روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن ابی بزہ اکیلے ہیں۔

1420 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا عَمِّي الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا أَبُو حَمْزَةَ، عَنْ رِيَاحِ بْنِ الْمُثَنَّى، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ كُلَّ عَشِيَّةِ خَمِيسٍ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ: إِنَّ أَصْدَقَ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللّٰهِ، وَأَحْسَنَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہر جمعرات کی صبح اور جمعرات کی رات کو سب سے سچی بات کتاب اللہ کی ہے اور سب سے اچھی ہدایت محمد ﷺ کی ہدایت ہے۔

1420- اخرجه البخاري: الاعتصام جلد13 صفحه263 رقم الحديث: 7277.

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ اِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث ابوحمزہ سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1421 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نَا عَمِّي الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ اَبِي حَمْزَةَ الْاَعْوَرِ، عَنْ اَبِي الْحَكَمِ الْبَجَلِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوِ اجْتَمَعَ اَهْلُ السَّمَاءِ وَاَهْلُ الْاَرْضِ عَلَى قَتْلِ رَجُلٍ مُسْلِمٍ لَكَبَّهُمُ اللّٰهُ فِي النَّارِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہٗ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اگر زمین و آسمان والے ایک مسلمان آدمی کے (ناجائز) قتل پر اکٹھے ہو جائیں تو اللہ عزوجل اُن سب کو اوندھے منہ جہنم میں ڈالے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ اِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث ابوحمزہ سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1422 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمِّي الْقَاسِمُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ كَانَ فِي بَيْتِ خَالَتِهِ مَيْمُونَةَ، فَوُضِعَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَهُورُهُ . فَسَاَلَ: مَنْ وَضَعَهُ؟ فَقَالُوا: ابْنُ عَبَّاسٍ، فَضَرَبَ عَلَى مَنْكِبَيَّ، اَوْ صَدْرِي، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّينِ، وَعَلِّمْهُ التَّاوِيلَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر رات گزاری تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے وضو کا پانی رکھا گیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت کیا: اس پانی کو کس نے رکھا؟ انہوں نے عرض کی: ابن عباس نے' آپ نے اپنا دست مبارک میرے کندھے یا میرے سینے پر مارا اور دعا دی: اے اللہ اس کو دین کی سمجھ دے اور قرآن کی تفسیر کا علم دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ اِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث داؤد سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1423 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نَا عَمِّي الْقَاسِمُ، عَنْ اَبِي حَمْزَةَ، عَنْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بلاشبہ میں نے ارادہ کیا کہ میں

1421- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه300 .

1422- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد1صفحه266-335 .

1423- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 4612 .

إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ بِلَالًا فَيُقِيمَ الصَّلَاةَ، ثُمَّ أَنْصَرِفَ إِلَى قَوْمٍ سَمِعُوا النِّدَاءَ، فَلَمْ يُجِيبُوا، فَأُحْرِقَ عَلَيْهِمْ بُيُوتَهُمْ

بلال کو اقامت پڑھنے کا حکم دوں' وہ اقامت پڑھے' پھر میں اُن لوگوں کے پاس جاؤں جنہوں نے اذان سنی اور نماز نہیں پڑھتے ہیں تو اُنہیں اُن کے گھروں کے اندر جلا دوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث حمزہ سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1424 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نَا عَمِّي الْقَاسِمُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْأَلُهُ: مَا يَحِلُّ لِلرَّجُلِ مِنِ امْرَأَتِهِ وَهِيَ حَائِضٌ؟ فَقَالَ: مَا فَوْقَ السُّرَّةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اور آپ سے پوچھنے لگی: مرد کے لیے حالت حیض میں اپنی بیوی کا کون سا حصہ حلال ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو ناف کے اوپر ہے (وہ حصہ حلال ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث ابن خثیم سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1425 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمٌ قَالَ: نَا عَمِّي الْقَاسِمُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، وَإِنِّي بِحِذَائِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نماز پڑھتے تھے حالانکہ میں آپ کے آگے (لیٹی) ہوتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث ابن خثیم سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1426 - وَبِهِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: لَقَدْ عُمِلَ بِهَا حَتَّى قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَلْ نَزَلَ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرْآنٌ؟ - يَعْنِي:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بے شک ایسا عمل کیا گیا یہاں تک کہ نبی کریم ﷺ کا وصال ہو گیا' کیا نبی کریم ﷺ کے بعد بھی قرآن نازل ہوا؟ یعنی جو عمل کیا گیا تھا وہ حج تمتع تھا۔

مُتْعَةَ الْحَجِّ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث ابن خثیم سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1427 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمٌ قَالَ: نَا عَمِّي الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: أَرْسَلَتْ عَجُوزٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْمُهَا مُلَيْكَةُ، فَجَائَنَا، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَقُمْتُ إِلَى حَصِيرٍ لَنَا قَدْ كَانَتْ تَبْلَى، فَنَضَحْتُهَا بِمَاءٍ، فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقُمْتُ أَنَا وَوَلِيدَتَانِ مِنْ خَلْفِهِ، وَقَامَتِ الْعَجُوزُ مِنْ وَرَائِنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک بزرگ عورت نے (مجھے) رسول اللہ ﷺ کی طرف بھیجا' اس بزرگ عورت کا نام ملیکہ تھا۔ سو ہم آئے تو نماز کا وقت تھا' پس میں اپنی ایک کھجور کی چٹائی کی طرف کھڑا ہوا' وہ گیلی تھی' میں نے اس کے پانی کو نچوڑا تو رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے' میں اور دو بچے آپ سے پیچھے کھڑے ہوئے اور وہ بزرگ عورت ہمارے پیچھے کھڑی ہوئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1428 - وَبِهِ: عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ فَرَغُوا مِنَ الطَّوَافِ، فَقَالَ: يَا أَبَا مُحَمَّدٍ، مَا فَعَلْتَ فِي اسْتِلَامِ الرُّكْنِ؟ فَقَالَ: اسْتَلَمْتُ وَتَرَكْتُ، فَقَالَ: أَصَبْتَ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان سے نبی کریم ﷺ نے سوال کیا جس وقت وہ طواف سے فارغ ہوئے' فرمایا: اے ابومحمد! تو نے رکن کو استلام کرنے میں کیا کیا؟ تو انہوں نے عرض کی: میں نے استلام کیا اور چھوڑ دیا' آپ نے فرمایا: تو نے صحیح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1427- أخرجه البخاري: الصلاة جلد 1 صفحه 582-583 رقم الحديث: 380' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 457 .

1428- أخرجه البزار في مسنده جلد 3 صفحه 266 .

1429 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْمَضَاءِ قَالَ: كَتَبْتُ مِنْ كِتَابِ خَلَفِ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَسْعَدَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ الرُّومِيُّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ مَرَّ بِسُوقِ الْمَدِينَةِ، فَوَقَفَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: يَا أَهْلَ السُّوقِ، مَا أَعْجَزَكُمْ قَالُوا: وَمَا ذَاكَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ؟ قَالَ: ذَاكَ مِيرَاثُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقْسَمُ، وَأَنْتُمْ هَاهُنَا لَا تَذْهَبُونَ فَتَأْخُذُونَ نَصِيبَكُمْ مِنْهُ قَالُوا: وَأَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: فِي الْمَسْجِدِ فَخَرَجُوا سِرَاعًا إِلَى الْمَسْجِدِ، وَوَقَفَ أَبُو هُرَيْرَةَ لَهُمْ حَتَّى رَجَعُوا، فَقَالَ لَهُمْ: مَا لَكُمْ؟ قَالُوا: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ فَقَدْ أَتَيْنَا الْمَسْجِدَ، فَدَخَلْنَا، فَلَمْ نَرَ فِيهِ شَيْئًا يُقْسَمُ . فَقَالَ لَهُمْ أَبُو هُرَيْرَةَ: أَمَا رَأَيْتُمْ فِي الْمَسْجِدِ أَحَدًا؟ قَالُوا: بَلَى، رَأَيْنَا قَوْمًا يُصَلُّونَ، وَقَوْمًا يَقْرَئُونَ الْقُرْآنَ، وَقَوْمًا يَتَذَاكَرُونَ الْحَلَالَ وَالْحَرَامَ، فَقَالَ لَهُمْ أَبُو هُرَيْرَةَ: وَيْحَكُمْ، فَذَاكَ مِيرَاثُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

حضرت عبداللہ الرومی‘ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ مدینہ منورہ کے بازار سے گزرے وہاں ٹھہرے اور فرمایا: اے بازار والو! تمہیں کس چیز نے عاجز کر دیا؟ انہوں نے عرض کی: اے ابوہریرہ! کیا ہوا؟ فرمایا: دیکھو! رسول اللہ ﷺ کی میراث تقسیم ہو رہی ہے اور تم یہاں ہو‘ تم جاتے نہیں کہ اس سے اپنا حصہ لو۔ انہوں نے کہا: وہ کہاں تقسیم ہو رہی ہے؟ فرمایا: مسجد میں۔ پس لوگ تیزی سے مسجد کی طرف چلے‘ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اُن کے واپس آنے تک وہاں ٹھہرے رہے‘ جب وہ واپس آئے تو آپ نے اُن کو کہا: تم کو کیا ہوا (واپس کیوں آئے ہو)؟ انہوں نے عرض کی: اے ابوہریرہ! بلاشبہ ہم مسجد میں آئے‘ ہم داخل ہوئے تو ہم نے کوئی شے تقسیم ہوتے نہیں دیکھی۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: کیا تم نے مسجد میں کسی کو دیکھا نہیں؟ انہوں نے عرض کی: ہاں! ہم نے کچھ لوگوں کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا‘ کچھ لوگوں کو قرآن پڑھتے ہوئے دیکھا‘ کچھ لوگوں کو حلال وحرام کا مذاکرہ کرتے ہوئے دیکھا‘ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اُن سے فرمایا: تمہارے لیے ہلاکت ہو! یہ ہی تو حضرت محمد ﷺ کی میراث تھی (یعنی علم دین کا حصول)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الرُّومِيِّ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ مَسْعَدَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن رومی سے صرف علی بن مسعدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1430 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْمَضَاءِ قَالَ: نَا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ قَالَ:

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا: یہ معاملہ مسکہ اور علماء میں

1429- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 12711 .

1430- اخرجه مسلم: الامارة جلد3صفحه1453' واحمد: المسند جلد5صفحه119 رقم الحديث: 20982 .

نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُهَاجِرِ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ عُمَيْرٍ، يُحَدِّثُ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَزَالُ هٰذَا الْأَمْرُ فِي مُسْكَةٍ وَفِي عَلْيَاءَ حَتَّى يَمْلِكَ اثْنَا عَشَرَ مِنْ قُرَيْشٍ

اسی طرح چلتا رہے گا یہاں تک کہ قریش سے بارہ افراد بادشاہ بن گئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف خلف بن تمیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1431 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ الرَّافِقِيُّ قَالَ: نَا الْأَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَعَثَ جَيْشًا أَوْ سَرِيَّةً دَعَا صَاحِبَهُمْ، فَأَمَرَهُ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَبِمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ خَيْرًا، ثُمَّ قَالَ: اغْزُوا بِاسْمِ اللّٰهِ، وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ، قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ، لَا تَغُلُّوا، وَلَا تَغْدِرُوا، وَلَا تُمَثِّلُوا، وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيدًا وَلَا شَيْخًا كَبِيرًا، وَإِذَا أَتَيْتُمْ أَهْلَ حِصْنٍ أَوْ قَرْيَةٍ، فَلَا تُعْطُوهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُولِهِ، وَلَكِنْ أَعْطُوهُمْ ذِمَمَكُمْ وَذِمَمَ آبَائِكُمْ، فَإِنَّكُمْ إِنْ تُخْفِرُوا ذِمَّتَكُمْ وَذِمَّةَ آبَائِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ مِنْ أَنْ تُخْفِرُوا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُولِهِ، وَإِذَا حَاصَرْتُمْ أَهْلَ حِصْنٍ أَوْ قَرْيَةٍ فَلَا تُنْزِلُوهُمْ عَلَى حُكْمِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَحُكْمِ رَسُولِهِ، فَإِنَّكُمْ لَا تَدْرُونَ أَتُصِيبُونَ فِيهِمْ حُكْمَ اللّٰهِ أَمْ لَا، وَلَكِنْ أَنْزِلُوهُمْ عَلَى حُكْمِكُمْ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ جب کسی لشکر یا سریہ کو روانہ کرتے تو سپہ سالار کو بلاتے اور اسے اللہ سے ڈرنے کی نصیحت کرتے' جو مسلمان اس کے ساتھ ہوتے اُن کے ساتھ اسے خیرخواہی کی تلقین کرتے' پھر فرماتے: اللہ کے نام سے جہاد کرو اور اللہ کی راہ میں اس کو قتل کرو جو اللہ کا انکار کرے' تم حد سے نہ بڑھنا' بدعہدی نہ کرنا اور مثلہ نہ کرنا اور بچوں کو قتل نہ کرنا اور نہ کسی بزرگ کو قتل کرنا اور جب تم کسی قلعہ کا یا بستی کا گھیراؤ کرو تو ان کو اللہ اور اس کے رسول کے ذمہ پر نہ اُتارنا بلکہ انہیں اپنے اور اپنے باپوں کا ذمہ دینا' تمہارے لیے اپنے اور اپنے باپوں کے ذمہ کا عہد کرنا زیادہ بہتر ہے بجائے اس کے کہ تم اللہ اور اس کے رسول کے ذمہ کا عہد کرو' اور جب تم کسی قلعہ یا بستی کو گھیرو تو اُن کو اللہ اور اس کے رسول کے حکم پر مت اُتارنا کیونکہ تم نہیں جانتے کہ کیا تم ان میں اللہ اور اس کے رسول کے حکم کو پاؤ گے یا نہیں' بلکہ ان کو اپنے حکم پر اتارنا۔

1431- اخرجه مسلم: الجهاد جلد3صفحه1356' وابو داؤد: الجهاد جلد3صفحه37 رقم الحديث: 2612' والترمذي: السير جلد4صفحه162 رقم الحديث: 1617 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمَّارٍ اِلَّا الْاَحْوَصُ

یہ حدیث عمار سے صرف احوص ہی روایت کرتے ہیں۔

1432 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبِ الرَّافِقِيُّ قَالَ: نَا الْاَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ الْاَوْدِيِّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْخِمَارِ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موزوں اور چادر پر مسح کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ بِهَذَا اللَّفْظِ اِلَّا عَمَّارٌ وَرَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَاَخُوهُ عُمَرُ بْنُ سَعِيدٍ، وَاَبُو عَوَانَةَ، وَاَبُو الْاَحْوَصِ وَغَيْرُهُمْ: عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَّتَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ لِلْمُقِيمِ يَوْمًا وَلَيْلَةً، وَلِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ

یہ حدیث سعید بن مسرق سے انہی الفاظ سے صرف عمار ہی روایت کرتے ہیں۔ سفیان ثوری اور ان کے بھائی عمر بن سعید اور ابوعوانہ اور ابوالاحوص اور ان کے علاوہ سعید بن مسروق سے وہ عمرو بن میمون سے وہ ابوعبداللہ الجدلی سے وہ حضرت خزیمہ بن ثابت سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقیم کے لیے مسح کی مدت ایک دن اور ایک رات مقرر کی اور مسافر کے لیے تین دن اور تین راتیں مقرر فرمائیں۔

1433 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ صَالِحٍ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نَا اَبُو يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ، لَمْ يَرْفَعْ ثَوْبَهُ حَتَّى يَدْنُوَ مِنَ الْاَرْضِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو آپ جب تک زمین کے قریب نہ ہوتے اس وقت تک اپنا کپڑا نہیں اُٹھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي يَحْيَى اِلَّا سَهْلٌ وَالْمَشْهُورُ مِنْ حَدِيثِ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ

یہ حدیث ابی یحییٰ سے صرف سہل ہی روایت کرتے ہیں اور مشہور حدیث عبدالسلام بن حرب کی۔

1432- انظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه259 .

1433- أخرجه الترمذي: الطهارة جلد1 صفحه14، والدارمي: الوضوء جلد1 صفحه178 رقم الحديث: 666

1434 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا اَبُو بَحْرٍ الْبَكْرَاوِيُّ قَالَ: نَا الْعَوَّامُ بْنُ حَمْزَةَ قَالَ: نَا اَنَسُ بْنُ سِيرِينَ قَالَ: سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ، وَهِيَ حَائِضٌ، فَقَالَ: اَتَعْرِفُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ؟ اِنِّي طَلَّقْتُ امْرَاَتِي، وَهِيَ حَائِضٌ، فَاَتَى عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ؟ فَقَالَ: مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا، فَاِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْهَا اِنْ شَاءَ مِنْ قُبُلِ عِدَّتِهَا قُلْتُ: فَتَعْتَدُّ بِتِلْكَ التَّطْلِيقَةِ؟ قَالَ: فَمَهْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَوَّامِ اِلَّا اَبُو بَحْرٍ

حضرت انس بن سیرین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ایک آدمی کے متعلق پوچھا: جو اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دیتا ہے تو آپ نے فرمایا: کیا تو عبداللہ بن عمر کو جانتا ہے؟ میں نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی تھی' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور اس کے متعلق پوچھا' تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو حکم دے کہ وہ رجوع کرے' پھر جب وہ (عورت) پاک ہو جائے تو اگر چاہے تو اس کی عدت سے پہلے اسے طلاق دے' میں نے عرض کی: آپ نے اس طلاق کو عدت شمار کیا تھا؟ فرمایا: اس کو چھوڑ و!

یہ حدیث عوام سے صرف ابوبحر ہی روایت کرتے ہیں۔

1435 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ سَعْدٍ الْقَيْسِيُّ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْمُتَشَبِّهِينَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ، وَلَعَنَ الْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا زَكَرِيَّا، تَفَرَّدَ بِهِ رَوْحٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان مردوں پر لعنت فرمائی جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں اور اُن عورتوں پر لعنت فرمائی جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں۔

یہ حدیث عمرو سے صرف زکریا ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں روح اکیلے ہیں۔

1434- اخرجه البخاری: الطلاق جلد9صفحه264 رقم الحديث:5252' ومسلم: الطلاق جلد2صفحه1097 .

1435- اخرجه البخاری: اللباس جلد 10صفحه345 رقم الحديث: 5885' وأبو داؤد: اللباس جلد 4صفحه59 رقم الحديث:4097' والترمذی: الأدب جلد 5صفحه105-106 رقم الحديث: 2784' وابن ماجة: النكاح جلد1صفحه614 رقم الحديث:1904 .

1436 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو الْخَطَّابِ قَالَ: نَا هَارُونُ بْنُ مُسْلِمٍ الْحِنَّائِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَخْنَسِ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، مَوْلَى بَنِي عَبْدِ الدَّارِ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جس کے ساتھ اللہ عزوجل بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اُس کو دین کی سمجھ دے دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَخْنَسِ

یہ حدیث یوسف بن ماھک سے صرف ولید بن عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں عبیداللہ بن اخنس اکیلے ہیں۔

1437 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَطِيعِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ قَالَ: نَا بِسْطَامُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعُمْرَى جَائِزَةٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: عمریٰ جائز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ اِلَّا بِسْطَامٌ، وَلَا عَنْ بِسْطَامٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ . تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث مطر سے صرف بسطام ہی روایت کرتے ہیں اور بسطام سے صرف محمد بن بکر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

1438 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَطِيعِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو اپنے رشتہ دار کا مالک بنا' تو وہ

1436- اخرجه البخاری: الاعتصام جلد13صفحه306 رقم الحديث: 7312' ومسلم: الامارة جلد3صفحه1524 .

1437- اخرجه البخاری: الهبة جلد 5صفحه282 رقم الحديث: 2626' ومسلم: الهبات جلد3صفحه1247' وابو داؤد: البيوع جلد3صفحه293 رقم الحديث: 3558' والترمذی: الأحكام جلد 3صفحه642 رقم الحديث: 1351 .

1438- اخرجه ابو داؤد: العتق جلد4صفحه25 رقم الحديث: 3949' والترمذی: الأحكام جلد 3صفحه637 رقم الحديث: 1365' وابن ماجة: العتق جلد2صفحه843 رقم الحديث: 2524 .

قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، وقَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَّحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ

(غلام) آزاد ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث عاصم الاحول سے صرف حماد بن سلمہ ہی روایت کرتے ہیں اور حماد سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں اُسے روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

1439 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ اَبِي الزَّرْدُ الْاَيْلِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى قَالَ: نَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: لَمْ تَكُنْ صَدَقَةُ الْفِطْرِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا التَّمْرُ وَالزَّبِيبُ وَالشَّعِيرُ، لَمْ تَكُنِ الْحِنْطَةُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں صدقۂ فطر کھجور' کشمش اور جو سے ادا کیا جاتا ہے' گندم نہیں ہوتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث فضیل سے صرف عبیداللہ بن موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

1440 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ حَفْصٍ التُّومَنِيُّ قَالَ: نَا السَّكَنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْاَصَمُّ قَالَ: نَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا وَهُوَ يَقُولُ: لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ، فَقَالَ: مَنْ شُبْرُمَةُ؟ فَقَالَ: اَبِي - فَقَالَ: اَحَجَجْتَ قَطُّ؟ قَالَ: لَا - قَالَ: احْجُجْ عَنْ نَفْسِكَ، ثُمَّ حُجَّ عَنْ اَبِيكَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے ایک آدمی کو کہتے ہوئے سنا: لبیک عن شبرمہ! آپ ﷺ نے فرمایا: شبرمہ کون ہے؟ عرض کی: میرا والد' آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تُو نے حج کر لیا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! تو آپ ﷺ نے فرمایا: اپنا حج کر پھر اپنے والد کی طرف سے کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا

یہ حدیث خالد الحذاء سے صرف سکن بن اسماعیل ہی

1440- اخرجه ابو داؤد: المناسك جلد 2صفحه167 رقم الحديث: 1811' وابن ماجة: المناسك جلد 2صفحه969 رقم الحديث:2903 .

السَّكَنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

روایت کرتے ہیں۔

1441 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ اَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ هِشَامٍ الْقَحْذَمِيُّ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ السَّكُونِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ قَيْسٍ السَّكُونِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ الْمَازِنِيِّ قَالَ: جَاءَ اَعْرَابِيَّانِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَحَدُهُمَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمْرُهُ، وَحَسُنَ عَمَلُهُ فَقَالَ الْآخَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ سُنَنَ الْاِسْلَامِ وَشَرَائِعَهُ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ، فَمَا تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ تَعَالَى

حضرت عبداللہ بن بسر المازنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو دیہاتی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آئے' ان میں سے ایک نے عرض کی: یارسول اللہ! لوگوں میں بہتر کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس کی عمر لمبی ہو اور اعمال اچھے ہوں۔ دوسرے نے عرض کی: یارسول اللہ! اسلام کے طریقے اور شرائع مجھ پر بہت زیادہ ہیں' آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی زبان کو ہمیشہ اللہ کے ذکر سے تروتازہ رکھو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيدَ السَّكُونِيِّ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ هِشَامٍ

یہ حدیث حارث بن یزید السکونی سے صرف ولید بن ہشام ہی روایت کرتے ہیں۔

1442 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ الطَّائِيُّ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ قَيْسِ بْنِ السَّكَنِ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: كَانَ مِمَّا حَفِظْنَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّ الرُّقَى وَالتَّمَائِمَ وَالتِّوَلَةَ مِنَ الشِّرْكِ . فَقَالَتْ لَهُ امْرَاَتُهُ: وَمَا التِّوَلَةُ؟ قَالَ: التَّهْيِيجُ

حضرت قیس ابن السکن روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو ہم نے رسول اللہ ﷺ سے یاد کیا کہ منتر اور (شرکیہ الفاظ پر مشتمل) تعویذ اور محبت والے جادو کا گنڈا شرک ہے۔ ایک عورت نے عرض کی: تولہ کیا ہے؟ فرمایا: جوش دلانے والے جادو کا گنڈا۔

1441- أخرجه أحمد: المسند جلد 4 صفحه 231 رقم الحديث: 17697' والبيهقي في الكبرى جلد 3 صفحه 519 رقم الحديث: 6526 .

1442- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 4 صفحه 417-418 .

فائدہ: یہ اُن تعویذ کی بات ہو رہی ہے جن میں ناجائز کلمات ہوں' ہاں! اگر قرآن و حدیث سے ہوں تو اس کے جائز ہونے میں کوئی شک نہیں ہے' جو لوگ منع کرتے ہیں' انہیں کے مسلم بزرگ مولانا وحید الزمان' کتاب لغات الحدیث میں لکھتے ہیں: میں کہتا ہوں کہ آیاتِ قرآنی اور ادعیہ ماثورہ سے حب کا عمل کرنا یا حب کا تعویذ یا نقش لکھنا شرک نہیں ہوسکتا ہے۔

(جلد ا صفحہ ۲۲۴' مطبوعہ نعمانی کتب خانہ لاہور)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَيْسَرَةَ إِلَّا إِسْرَائِيلُ

یہ حدیث میسرہ سے صرف اسرائیل ہی روایت کرتے ہیں۔

1443 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ أَخْزَمَ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُرَّةَ الزُّرَقِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْأَنْصَارُ تَرِكَتِي وَعَيْبَتِي، فَاقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: انصار میرے خالص دوست اور راز دار ہیں' ان کی اچھائیاں قبول کرو اور اُن کی بُرائیاں چھوڑ دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ إِلَّا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید الانصاری سے صرف حماد بن سلمہ ہی روایت کرتے ہیں اور حماد سے صرف بشر بن عمر ہی روایت کرتے ہیں۔

1444 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذَا الشَّهْرَ قَدْ دَخَلَ وَهُوَ شَهْرُ اللَّهِ الْمُبَارَكُ، فِيهِ لَيْلَةٌ مَنْ حُرِمَهَا فَقَدْ حُرِمَ الْخَيْرَ، وَلَا يُحْرَمُ خَيْرَهَا إِلَّا كُلُّ مَحْرُومٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رمضان کا مہینہ آیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ جو مہینہ داخل ہوا ہے یہ اللہ کا مبارک مہینہ ہے' اس میں ایک ایسی رات ہے کہ جو اس سے محروم ہوا وہ خیر سے محروم ہوا اور خیر سے صرف وہی محروم ہوتا ہے جو ہر خیر سے محروم ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا عِمْرَانُ،

یہ حدیث قتادہ سے صرف عمران ہی روایت کرتے

1444- اخرجه ابن ماجة: الصيام جلد 1 صفحه 526 رقم الحديث: 1644' والترغيب والترهيب للمنذري جلد 2 صفحه 99 رقم الحديث: 21 .

تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ

ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن بلال اکیلے ہیں۔

1445 - وَبِهِ: عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ضَرَبَ سَوْطًا ظُلْمًا اقْتُصَّ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے بطور ظلم (کسی کو) کوڑا مارا' قیامت کے دن اس سے قصاص لیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ اِلَّا عِمْرَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ وَرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ عِمْرَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ الْعُقَيْلِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

یہ حدیث از قتادہ از زرارہ صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن بلال اکیلے ہیں۔ اور عبداللہ بن رجاء از عمران از قتادہ از عبداللہ بن شقیق العقیلی از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔

1446 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ نَافِعِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَشْرَسَ الْمَدَنِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَنَعَ اِلَى اَحَدٍ مِنْ وَلَدِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَدًا، فَلَمْ يُكَافِئْهُ بِهَا فِي الدُّنْيَا، فَعَلَيَّ مُكَافَاتُهُ غَدًا اِذَا لَقِيَنِي

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اولادِ عبدالمطلب کو ہاتھ سے مارا' اس سے دنیا میں بدلہ نہیں لیا گیا تو میں کل (یعنی قیامت کے دن) اس سے بدلہ لوں گا' جب وہ مجھے ملے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُثْمَانَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُونُسُ بْنُ نَافِعٍ

یہ حدیث عثمان سے صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے' اسے روایت کرنے میں یونس بن نافع اکیلے ہیں۔

1447 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ قَالَ: نَا الْهُذَيْلُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دن آئے تو آپ کے ہاتھ

1445- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد8 صفحه82 رقم الحديث: 16004 .

1446- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 17619 .

1447- انظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحه191 .

بْنُ بِلَالٍ، عَنْ اَبِی الْاَصْبَغِ، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبَلَ ذَاتَ يَوْمٍ وَّفِی يَدِهِ صَحِيفَتَيْنِ، يَنْظُرُ فِيهِمَا، فَقَالَ اَصْحَابُهُ: وَاللّٰهِ اِنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ لَاُمِّیٌّ، مَا يَقْرَاُ وَمَا يَكْتُبُ، حَتّٰى دَنَا مِنْهُمْ، فَنَشَرَ الَّتِی فِی يَمِينِهِ، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ، هٰذَا كِتَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ بِاَسْمَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ، وَاَسْمَاءِ آبَائِهِمْ وَعَشَائِرِهِمْ، مُجْمِلٌ عَلَيْهِمْ، لَا يُزَادُ فِی آخِرِهِ شَيْئًا، فَرَغَ رَبُّكُمْ، ثُمَّ نَشَرَ الَّتِی فِی يَدِهِ الْاُخْرٰى لِاَهْلِ النَّارِ، فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ

میں دو صحیفے تھے آپ ان دونوں کو دیکھ رہے تھے آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: اللہ کی قسم! بے شک اللہ کا نبی اُمّی ہے نہ پڑھتا اور نہ لکھتا ہے یہاں تک کہ آپ نے اُن کو قریب کیا' پس آپ نے دائیں ہاتھ والا صحیفہ کھولا' تو پڑھا: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان رحم کرنے والا ہے' یہ کتاب رحمٰن رحیم کی طرف سے ہے' اس میں جنت والوں کے نام' اُن کے باپوں اور اُن کے قبائل کے نام ہیں' اس میں مکمل تفصیل ہے' اس میں زیادتی نہیں کی جائے گی' تمہارا رب فارغ ہو چکا ہے۔ پھر آپ نے دوسرے ہاتھ والا صحیفہ کھولا جو جہنم والوں کا تھا تو اسی کی مثل فرمایا۔

لَا يُرْوٰى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْبَرَاءِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ

یہ حدیث براء سے اسی سند سے روایت کی گئی ہے' اسے روایت کرنے میں محمد بن جہضم اکیلے ہیں۔

1448 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی عُقَيْلٍ الثَّقَفِیُّ الْبَصْرِیُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ الْيَمَامِیُّ قَالَ: نَا حُبَابُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ بِمَكَّةَ اَصْلُ عِنَبٍ، وَالظُّرُوفُ مَمْلُوئَةٌ بُسْرًا وَتَمْرًا، فَاَمَرَ بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاُكْفِئَتْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ شراب کی حرمت رسول اللہ ﷺ پر نازل ہوئی حالانکہ مکہ مکرمہ میں انگور نہیں تھے اور برتن خشک اور تازہ کھجوروں سے بھرے ہوئے تھے' تو رسول اللہ ﷺ نے اس کے متعلق حکم دیا کہ ان برتنوں کو بہا دو۔ تو (انہیں) بہا دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُبَابٍ اِلَّا عُمَرُ

یہ حدیث حباب سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں۔

1448- اخرجه البخاری: الأشربة جلد10صفحه38 رقم الحديث: 5580' ومسلم: الأشربة جلد3صفحه157 .

1449 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُقَيْلٍ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا رُقْيَةَ اِلَّا مِنْ عَيْنٍ اَوْ حُمَةٍ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دَم نہیں ہے مگر نظر لگنے یا بخار میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا عُثْمَانُ

یہ حدیث شعبہ سے صرف عثمان ہی روایت کرتے ہیں۔

1450 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَا جَدِّی عُبَيْدُ بْنُ عُقَيْلٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبِی الْعُمَيْسِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ قَالَ: اَتَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، سِتَّةً فَلَمْ اَسْمَعْهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا، فَحَدَّثَ يَوْمًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا فَقَالَ: اَوْ نَحْوَ هَذَا، اَوْ قَرِيبًا مِنْ هَذَا، وَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ

حضرت عمرو بن میمون فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس چھ ماہ رہا' میں نے آپ سے رسول اللہ ﷺ کی کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنی' ایک دن نبی کریم ﷺ سے حدیث بیان فرمانے لگے' تو فرمایا: اس طرح یا اس کے قریب اور آپ کے چہرے کی رنگت تبدیل ہوگئی۔

1451 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْجَارُودِيُّ قَالَ: نَا اَبِی قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِی جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ اَبِی حَصِينٍ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ، اَنَّهُ كَانَ يَخْرُجُ حِينَ يُؤَذِّنُ ابْنُ التَّيَّاحِ عِنْدَ الْفَجْرِ الْاَوَّلِ، فَيَقُولُ: نِعْمَ سَاعَةُ الْوِتْرِ هَذِهِ، وَيَتَاَوَّلُ

حضرت ابوعبدالرحمٰن السلمی' حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اس وقت نکلتے جس وقت مؤذن ابن تیاح اوّل فجر کے وقت اذان دیتے تھے' حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے: یہ بہترین وقت وتر کا ہے اور اس آیت کی تاویل کی: ''وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ'' (التکویر:۱۸)۔

1449- أخرجه البخاري: الطب جلد**10**صفحه**163** رقم الحديث: **5705**' وأبو داؤد: الطب جلد **4**صفحه**9** رقم الحديث: **3884**' والترمذي: الطب جلد**4**صفحه**394** رقم الحديث: **2057**' وأحمد: المسند جلد **4** صفحه**532** رقم الحديث: **19931**' والطبراني في الكبير جلد**18**صفحه**235** رقم الحديث: **587-588** .

1451- انظر: مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**249** .

هَذِهِ الْآيَةَ: (وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ) (التكوير: 18)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ إِلَّا الْحَسَنُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُنْذِرُ عَنْ أَبِيهِ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے صرف حسن ہی روایت کرتے ہیں' اسے اپنے والد سے روایت کرنے میں منذر اکیلے ہیں۔

1452 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نَا أَبِي قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ مِهْرَانَ، عَنْ صَالِحٍ الْغُدَانِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَوْسِ بْنِ أَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَصْبَحَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَغَسَّلَ وَاغْتَسَلَ، وَبَكَّرَ، وَمَشَى وَلَمْ يَرْكَبْ، وَدَنَا وَلَمْ يَلْغُ، فَإِنَّ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ عَمَلًا مِنْ أَعْمَالِ الْبِرِّ، الصَّوْمِ وَالصَّلَاةِ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن صبح کے وقت غسل کیا اور پہل کی اور پیدل چلا سوار نہیں ہوا اور قریب ہوا' لغو بات نہ کی تو اس کو ہر قدم کے بدلے روزے اور نماز کے برابر نیکی دی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ إِلَّا صَالِحٌ، وَلَا عَنْ صَالِحٍ إِلَّا حُمَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْجَارُودِيُّ، عَنْ أَبِيهِ

یہ حدیث حسن سے صرف صالح اور صالح سے صرف حمید ہی روایت کرتے ہیں' اسے جارودی از والد خود روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

1453 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدَةَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: مَنْ أَتَى عَرَّافًا أَوْ كَاهِنًا، فَصَدَّقَهُ بِمَا يَقُولُ، فَقَدْ كَفَرَ بِمَا أُنْزِلَ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو نجومی یا کاہن کے پاس آیا تو اس نے اس کی تصدیق کی تو بے شک اُس نے حضرت محمد ﷺ پر جو نازل ہوا' اُس کا انکار کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث شعبہ سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

1452- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه178 .

1453- أخرجه الطبراني في الكبير جلد10صفحه93 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه121 .

1454 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي بَلْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ اَنَّ الْعِبَادَ لَمْ يُذْنِبُوا، لَخَلَقَ اللّٰهُ خَلْقًا يُذْنِبُونَ، فَيَسْتَغْفِرُونَ اللّٰهَ، فَيَغْفِرُ لَهُمْ، وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا يَحْيَى

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اگر لوگ گناہ نہ کریں تو اللہ عزوجل ایک مخلوق پیدا کرے گا جو گناہ کریں گے اور اللہ سے بخشش مانگیں گے اللہ ان کو معاف کرے گا اور وہی معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔

یہ حدیث شعبہ سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

1455 - وَبِهِ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي هَاشِمٍ الرُّمَّانِيِّ، عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَاَ سُورَةَ الْكَهْفِ كَانَتْ لَهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ مَقَامِهِ اِلَى مَكَّةَ، وَمَنْ قَرَاَ بِعَشْرِ آيَاتٍ مِنْ آخِرِهَا، ثُمَّ خَرَجَ الدَّجَّالُ لَمْ يَضُرَّهُ، وَمَنْ تَوَضَّاَ، فَقَالَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، لَا اِلَهَ اِلَّا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ، كُتِبَ فِي رَقٍّ، ثُمَّ جُعِلَتْ فِي طَابَعٍ، فَلَمْ يُكْسَرْ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ مَرْفُوعًا عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے سورۂ کہف پڑھی تو اس کے لیے قیامت کے دن اس جگہ سے لے کر مکہ مکرمہ تک نور ہوگا' اور جس نے اس کی آخری دس آیتیں پڑھیں' پھر دجال نکلے گا تو اس کو کوئی نقصان نہیں دے گا' اور جس نے وضو کیا پھر "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، لَا اِلَهَ اِلَّا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ" پڑھا تو اس کو ایک کاغذ میں لکھا جائے گا' پھر اس کو ایک طابع میں رکھا جائے گا' اس کو قیامت کے دن تک توڑا نہیں جائے گا۔

یہ حدیث مرفوعاً شعبہ سے صرف یحییٰ بن کثیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1456 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت ابوجبیرہ بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے

1454- أخرجه البزار جلد4صفحه81 . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه218 .

1455- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه242 .

1456- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد 4صفحه292 رقم الحديث: 4962' والترمذي: التفسير جلد 5صفحه388 رقم الحديث: 3268' وابن ماجة: الأدب جلد 2صفحه1231 رقم الحديث: 3741' وأحمد: المسند جلد 4

اِسْحَاقَ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نَا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي جَبِيرَةَ بْنِ الضَّحَّاكِ قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ مِنَّا يَكُونُ لَهُ الِاسْمَانِ وَالثَّلَاثَةُ، فَكَانَ يُدْعَى بِبَعْضِهَا، فَعَسَى اَنْ يَكْرَهَ ذَلِكَ فَنَزَلَتْ: (وَلَا تَنَابَزُوا بِالْاَلْقَابِ) (الحجرات: 11)

ہیں کہ ہم میں ایک آدمی تھا جس کے دو یا تین نام ہوتے تھے بعض اس کو ایک نام سے پکارتے' وہ اس کو ناپسند کرتا تھا تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: "وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ" (الحجرات:١٠)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا بَدَلٌ، وَاَبُو زَيْدٍ الْهَرَوِيُّ

یہ حدیث شعبہ سے صرف بدل اور ابوزید ھروی ہی روایت کرتے ہیں۔

1457 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ، اَوْ رُفْغَهُ، اَوْ اُنْثَيَيْهِ فَلْيَتَوَضَّاْ وُضُوئَهُ لِلصَّلَاةِ

حضرت بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جس نے اپنے آلۂ تناسل یا میل جمع ہونے والی جگہ یا خصیوں کو چھوا تو وہ نماز جیسا وضو کرے (مراد ہاتھ دھوئے نہ کہ مکمل وضو مراد ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ

یہ حدیث عبدالحمید سے صرف محمد بن بکر ہی روایت کرتے ہیں۔

1458 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ: نَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ ابْنِ بُحَيْنَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن مالک بن بحینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ صبح کی نماز پڑھنے کے لیے نکلے' آپ نے ایک آدمی کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو نبی کریم ﷺ نے اس کے کندھے پر ہاتھ مارا' اور فرمایا: تو

صفحہ86 رقم الحدیث: 16647 .

1457- اخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد24صفحه200' والدارقطنی فی سننه جلد1صفحه148 . وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه248 .

1458- اخرجه البخاری: الأذان جلد2صفحه174 رقم الحدیث: 663' ومسلم: المسافرین جلد1صفحه494 .

وَسَلَّمَ خَرَجَ لِصَلَاةِ الصُّبْحِ، فَرَاَى رَجُلًا يُصَلِّي، فَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْكِبَهُ، وَقَالَ: تُصَلِّي الصُّبْحَ اَرْبَعًا اَوْ مَرَّتَيْنِ؟

صبح کی چار رکعت پڑھتا ہے یا دو مرتبہ پڑھتا ہے؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف محمد بن بکر ہی روایت کرتے ہیں۔

1459 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ الثَّقَفِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ، فَقَالَ: ذَاكَ يَوْمٌ كَانَ يَصُومُهُ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ، فَمَنْ شَاءَ صَامَهُ، وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن عاشوراء کے دن کا ذکر کیا اور فرمایا: اس دن جاہلیت والے روزہ رکھتے تھے' جو چاہے اس دن روزہ رکھے اور جو چاہے چھوڑ دے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا اَبُو عَاصِمٍ

حضرت عمر بن محمد سے صرف ابوعاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

1460 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ قَالَ: الْاِفْطَارُ فِي السَّفَرِ رُخْصَةٌ

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سفر میں روزہ نہ رکھنے کی رخصت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث اشعث سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

1461 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي صَفْوَانَ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا سُفْيَانُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں خوب

1459- أخرجه البخاري: التفسير جلد 8 صفحه 26 رقم الحديث: 4501' ومسلم: الصيام جلد 2 صفحه 793' وأبو داؤد: الصوم جلد 2 صفحه 339 رقم الحديث: 2443 .

1460- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 16213 .

الثَّوْرِيُّ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِسْبَاغِ الْوُضُوءِ

اچھی طرح وضو کرنے کا حکم دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا عُثْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ

یہ حدیث سفیان سے صرف عثمان ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں اُن کے بیٹے اکیلے ہیں۔

1462 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا هِلَالُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: نَا اَبُو قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ: نَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرٌ، فَجَعَلَ يُفَتِّشُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کھجوریں لائی گئیں تو آپ اُن کو صاف کرنے لگے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ اِلَّا هَمَّامٌ

یہ حدیث اسحاق سے صرف ہمام ہی روایت کرتے ہیں۔

1463 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُقَيْلٍ قَالَ: نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ رَاشِدٍ الرَّفَّاءُ قَالَ: نَا اَبُو شَيْبَةَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ خَدِيجَةَ وَلَدَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةً: عَبْدَ اللّٰهِ، وَالْقَاسِمَ، وَزَيْنَبَ، وَرُقَيَّةَ، وَاُمَّ كُلْثُومٍ، وَفَاطِمَةَ، وَوَلَدَتْ لَهُ مَارِيَةُ اِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چھ بچوں کی ولادت ہوئی: عبداللہ، قاسم، زینب، رقیہ، اُم کلثوم اور فاطمہ رضی اللہ عنہم۔ اور حضرت ماریہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی ولادت ہوئی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا اَبُو شَيْبَةَ

یہ حدیث حکم سے صرف ابوشیبہ ہی روایت کرتے

1462- اخرجه ابوداؤد: الأطعمة جلد **3** صفحه **361** رقم الحديث: **3832**' وابن ماجة: الأطعمة جلد **2** صفحه **1106** رقم الحديث: **3333**.

1463- اخرجه الطبراني في الكبير جلد **11** صفحه **397** رقم الحديث: **12115** . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **22019**.

ہیں۔

1464 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ خُوَارٍ قَالَ: نَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: اللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ، فَنَزَلَتْ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَاَنْتُمْ سُكَارَى) (النساء: 43) الْآيَةَ . فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرَ، فَتَلَا هَذِهِ الْآيَةَ ، فَكَاَنَّهَا لَمْ تُوَافِقْ مِنْ عُمَرَ الَّذِي اَرَادَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ، فَنَزَلَتْ: (يَسْاَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيهِمَا اِثْمٌ كَبِيرٌ) (البقرة: 219) ، فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرَ، فَتَلَاهَا عَلَيْهِ ، فَكَاَنَّهَا لَمْ تُوَافِقْ مِنْهُ الَّذِي اَرَادَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ، فَنَزَلَتْ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ) (المائدة: 90) اِلَى قَوْلِهِ: (فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُونَ) (المائدة: 91) ، فَتَلَاهَا عَلَيْهِ، فَقَالَ عُمَرُ: انْتَهَيْنَا يَا رَبِّ

حضرت حارثہ بن مضرب کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے دعا کی: اے اللہ! ہمارے لیے شراب کے احکامات واضح فرما' تو یہ آیت نازل ہوئی: يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَاَنْتُمْ سُكَارَى . ''اے ایمان والو! نماز کے قریب نہ ہو جب تم حالت نشہ میں ہو'' (النساء:۴۳)۔ تو نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بلا کر یہ آیت پڑھی' گویا کہ حضرت عمر کے موافق نہ آئی جس کا آپ نے ارادہ کیا تھا۔ پھر عرض کی: اے اللہ! ہمارے لیے شراب کے احکامات واضح فرما' تو یہ آیت نازل ہوئی: ''آپ سے شراب اور جوا کے متعلق پوچھتے ہیں' آپ فرمائیں کہ ان دونوں میں بڑا گناہ ہے'' (البقرہ:۲۱۹)۔ نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر کو بلایا اور یہ آیت سنائی' گویا کہ یہ بھی آپ کے موافق نہ تھی جس کا آپ نے ارادہ کیا تھا۔ پھر عرض کی: اے اللہ! ہمارے لیے شراب کے احکامات واضح فرما! تو یہ آیت نازل ہوئی: يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ . ''اے ایمان والو! شراب' جوا' بت اور پانسے کے تیر یہ پلید ہیں' شیطانی عمل ہیں'' یہاں تک ''کیا تم میں کوئی باز آنے والا نہیں ہے'' (المائدہ: ۹۱-۹۰)۔ یہ آیت حضرت عمر پر پڑھی گئی تو انہوں نے عرض کی: اے اللہ! ہم پر بس کر (یعنی اب ہمارے لیے حکم واضح ہوگیا' ہمیں کافی ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ اِلَّا حَمْزَةُ، وَلَا عَنْ حَمْزَةَ اِلَّا حُمَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، وَرَوَاهُ النَّاسُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي مَيْسَرَةَ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ

یہ حدیث از ابواسحاق از حارثہ صرف حمزہ اور حمزہ سے صرف حمید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن معمر اکیلے ہیں۔ لوگوں نے اسے ابواسحاق سے' انہوں نے ابی میسرہ اور عمرو بن شرحبیل سے روایت کی۔

1465 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدَةَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ الشُّعَيْثِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الصَّبَّاحِ عَبْدُ الْغَفُورِ بْنُ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: اَمَا تَرْضَى اَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى، غَيْرَ اَنَّهُ لَا نُبُوَّةَ وَلَا وِرَاثَةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرمایا: کیا آپ اس پر راضی نہیں ہے کہ آپ کا میرے ہاں وہی مقام و مرتبہ ہو جو حضرت ہارون علیہ السلام کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا' لیکن فرق یہ ہے کہ میرے بعد نبوت اور وراثت نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا اَبُو الصَّبَّاحِ، تَفَرَّدَ بِهِ الشُّعَيْثِيُّ

یہ حدیث عبدالعزیز سے صرف ابوالصباح ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں شعیثی اکیلے ہیں۔

1466 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْوَسِيلَةَ دَرَجَةٌ عِنْدَ اللّٰهِ لَيْسَ فَوْقَهَا دَرَجَةٌ، فَسَلُوا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ يُؤْتِيَنِي الْوَسِيلَةَ عَلَى خَلْقِهِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وسیلہ اللہ کے ہاں ایک درجہ ہے' اس سے اوپر کوئی درجہ نہیں ہے' اللہ عزوجل سے سوال کرو کہ وہ وسیلہ کا درجہ مخلوق میں سے مجھے دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَارَةَ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث عمارہ سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

1465- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **11319**.

1466- أخرجه أحمد: المسند جلد**3** صفحه**102** رقم الحديث: **11789**.

1467 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ اَبُو بِشْرٍ الطَّوِيلُ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْمُتَشَمِّسِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَمِّ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا مُوسَى الْاَشْعَرِيَّ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الصَّدَقَةَ، فَقَالَ: مِنَ الصَّدَقَةِ عِتْقُ الرَّقَبَةِ وَفَكُّهَا، فَقَالَ رَجُلٌ: اَلَيْسَتَا وَاحِدَةً؟ فَقَالَ: لَا، عِتْقُهَا: اَنْ تُعْتِقَهَا، وَفَكُّهَا: اَنْ تُعِينَ فِيهَا قَالَ: فَاِنْ لَمْ اَفْعَلْ؟ قَالَ: فَمِنْحَةٌ وَكُوفٌ، اَوْ عَطْفٌ عَلَى ذِي رَحِمٍ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو صدقہ کا ذکر کرتے ہوئے سنا' آپ نے فرمایا: غلام آزاد کرنا اور قیدی کو آزاد کرنا بھی صدقہ ہے۔ ایک آدمی نے عرض کی: یہ دونوں ایک نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! آزاد کرنا تو غلام آزاد کرنا ہے اور ''فَكُّهَا'' سے مراد اس کی آزادی پر مدد کرنا ہے۔ اس آدمی نے عرض کی: اگر میں ایسا نہ کرسکوں؟ تو آپ نے فرمایا: کسی کو دودھ دینے والا جانور دے دو اور کاٹنا دے دو! کسی رشتے دار پر نرمی کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُوسَى الطَّوِيلُ

یہ حدیث یونس سے صرف عبدالملک بن موسیٰ الطویل ہی روایت کرتے ہیں۔

1468 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الذَّرَّاعُ قَالَ: نَا خَاقَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَهْتَمَ قَالَ: نَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَيِّدُ الْعَرَبِ؟ قَالُوا: اَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ: اَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ، وَعَلِيٌّ سَيِّدُ الْعَرَبِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عرب کا سردار کون ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: میں تو اولادِ آدم کا سردار ہوں اور علی عرب کا سردار ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا خَاقَانُ، وَلَا عَنْ خَاقَانَ اِلَّا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللّٰهِ الْجُبَيْرِيُّ

یہ حدیث حمید سے صرف خاقان اور خاقان سے صرف عمر بن عبدالعزیز ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبیداللہ الجبیری اکیلے ہیں۔

1469 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مَنْجُوفٍ السَّدُوسِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے گرہ لگائی پھر اس میں پھونکا

1468- انظر: الميزان جلد 1 صفحه 627 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 11919 .

قَالَ: نَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ مَيْسَرَةَ الْمِنْقَرِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَقَدَ عُقْدَةً، ثُمَّ نَفَثَ فِيهَا، فَقَدْ سَحَرَ، وَمَنْ سَحَرَ فَقَدْ اَشْرَكَ، وَمَنْ تَعَلَّقَ شَيْئًا وُكِلَ اِلَيْهِ

تواس نے جادو کیا اور جس نے جادو کیا اس نے شرک کیا اور جس نے کسی شی کو باندھا' اس کو اس کے سپرد کر دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبَّادٍ اِلَّا اَبُو دَاوُدَ

یہ حدیث عباد سے صرف ابوداؤد ہی روایت کرتے ہیں۔

1470 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سُكَيْنٍ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نَا عُنْطُوَانَةُ السَّعْدِيُّ، عَنْ حَمْزَةَ اَبِي عُمَرَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَّلَ مَنْزِلًا اَحَبَّ اَنْ يُصَلِّيَ فِيهِ الظُّهْرَ قَبْلَ اَنْ يَرْتَحِلَ . قَالَ: فَنَزَلَ مَنْزِلًا، فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ يَرْتَحِلَ، اَذَّنَ، ثُمَّ صَلَّى وَالشَّمْسُ تَكَادُ اَنْ تَكُونَ فِي وَسَطِ السَّمَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی جگہ اُترتے تو آپ جانے سے پہلے ظہر کی نماز ادا کرنا پسند کرتے تھے' فرمایا کہ آپ ایک منزل پر اترے' جب کوچ کا ارادہ کیا تو اذان ہوئی اور آپ نے نماز اس حالت میں نماز پڑھی کہ قریب تھا کہ سورج آسمان کے وسط میں ہوتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُنْطُوَانَةَ اِلَّا يُوسُفُ

یہ حدیث عنطوانہ سے صرف یوسف ہی روایت کرتے ہیں۔

1471 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ مِنْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا، فَاَصَابَ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُوعٌ، وَنَفِدَتْ اَزْوَادُهُمْ، فَجَاءُوا اِلَى رَسُولِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک جہاد کے لیے اُترے' نبی کریم ﷺ کے اصحاب کو بھوک لگی اور ان کا زادِ راہ بھی ختم ہوگیا تھا' وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' آ کر بھوک کی شکایت کرنے لگے اور اجازت لینے لگے کہ وہ اپنے سواری والے اونٹ ذبح کرلیں' آپ نے اُن کو اجازت دی' وہ نکلے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے۔

1471- أخرجه مسلم في الايمان رقم الحديث: 45 .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْكُونَ اِلَيْهِ مَا اَصَابَهُمْ، وَيَسْتَاْذِنُونَهُ فِي اَنْ يَنْحَرُوا بَعْضَ رَوَاحِلِهِمْ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَخَرَجُوا، فَمَرُّوا بِعُمَرَ، فَقَالَ: مِنْ اَيْنَ جِئْتُمْ؟ فَاَخْبَرُوهُ اَنَّهُمُ اسْتَاْذَنُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَنْحَرُوا بَعْضَ اِبِلِهِمْ . قَالَ: فَاَذِنَ لَكُمْ؟ قَالُوا: نَعَمْ . قَالَ: فَاِنِّي اُقْسِمُ عَلَيْكُمْ لَمَا رَجَعْتُمْ مَعِي اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَجَعُوا مَعَهُ، فَذَهَبَ عُمَرُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتَاْذَنُ لَهُمْ اَنْ يَنْحَرُوا رَوَاحِلَهُمْ، فَمَاذَا يَرْكَبُونَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَاذَا اَصْنَعُ؟ لَيْسَ مَعِي مَا اُعْطِيهِمْ . فَقَالَ عُمَرُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَاْمُرُ مَنْ كَانَ مَعَهُ فَضْلُ زَادٍ اَنْ يَاْتِيَ بِهِ، فَتَجْمَعُهُ عَلَى شَيْءٍ، ثُمَّ تَدْعُو فِيهِ، ثُمَّ تَقْسِمُهُ بَيْنَهُمْ . فَفَعَلَ، فَدَعَاهُمْ بِفَضْلِ اَزْوَادِهِمْ، فَمِنْهُمُ الْآتِي بِالْقَلِيلِ، وَالْآتِي بِالْكَثِيرِ، فَجَعَلَهُ فِي شَيْءٍ، ثُمَّ دَعَا فِيهِ بِمَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَدْعُوَ، ثُمَّ قَسَمَهُ بَيْنَهُمْ، فَمَا بَقِيَ مِنَ الْقَوْمِ اَحَدٌ اِلَّا مَلَا مَا كَانَ مَعَهُ مِنْ وِعَاءٍ، وَفَضَلَ فَضْلٌ، فَقَالَ عِنْدَ ذَلِكَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، مَنْ جَاءَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ غَيْرَ شَاكٍّ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ

حضرت عمر نے فرمایا: تم کہاں سے آئے ہو؟ انہوں نے بتایا' سو وہ رسول اللہ ﷺ سے اپنے بعض اونٹ ذبح کرنے کے متعلق پوچھنے گئے تھے۔ حضرت عمر نے فرمایا: تم کو حکم دیا گیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تم کو قسم دیتا ہوں کہ جب تم میرے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے پاس جاؤ گے' وہ سارے آپ کے ساتھ واپس گئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے' عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ نے ان کو سواریاں ذبح کرنے کا حکم دیا ہے' تو پھر سوار کس پر ہوں گے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں کیا کروں؟ میرے پاس کوئی چیز نہیں ہے جو میں ان کو دوں۔ حضرت عمر نے عرض کی: کیوں نہیں! یارسول اللہ! آپ حکم کریں جس کے پاس زیادہ زادِ راہ ہو وہ آپ کے پاس لے آئے' اس کو ایک شی پر جمع کریں' پھر آپ اس میں برکت کی دعا کریں' پھر وہ ان کے درمیان تقسیم کریں۔ چنانچہ انہوں نے ایسے ہی کیا' آپ نے اُن کا فالتو زادِ راہ منگوا لیا' ان میں کوئی تھوڑا کوئی زیادہ لے کر آئے۔ آپ نے ان سب کو ایک شی میں رکھا' پھر جو اللہ نے چاہا آپ نے دعا فرمائی' پھر آپ نے اُن کے درمیان تقسیم کیا' قوم میں کوئی ایسا نہیں رہا جس نے اپنا برتن بھر نہ لیا اور باقی اسی طرح بچا ہوا تھا۔ آپ نے وہاں یہ ارشاد فرمایا: اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له' واشهد ان محمداً عبده ورسوله۔ فرمایا: جو قیامت کے دن اس حالت میں آئے کہ اس نے اللہ کے ساتھ شرک نہ ٹھہرایا

ہوُ اللہ عزوجل اس کو جنت میں داخل کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُهَيْلٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ وَّعَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ

یہ حدیث سہیل سے صرف اسماعیل بن جعفر اور عبدالعزیز بن ابی حازم ہی روایت کرتے ہیں اور اسماعیل بن جعفر سے صرف محمد بن جہضم ہی روایت کرتے ہیں۔

1472 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ الْمُقْرِءُ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ قَالَ: اَنَا اَبُو اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، عَنْ اَبِي الْعُبَيْدَيْنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كُنَّا نَقُولُ فِي قَوْلِهِ: (وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ) (الماعون: 7) الْقِدْرُ وَالدَّلْوُ، وَاَشْبَاهُ ذٰلِكَ، فَاِنَّهُ لَا غِنَى بِالنَّاسِ عَنْهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ'' (الماعون: ۷) کے متعلق فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ہانڈی' ڈول اور اس کے مشابہ اشیاء ہیں کیونکہ لوگوں کا اس کے بغیر چارہ نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا يَزِيدُ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

1473 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَدَمِيُّ قَالَ: نَا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْخِمَارِ يَعْنِي: الْعِمَامَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے موزوں اور عمامہ پر مسح کیا۔

فائدہ: عمامہ پر مسح سے مراد ہے کہ آپ ﷺ نے اپنا دست مبارک عمامہ کے نیچے داخل کر کے سر کا مسح کیا نہ یہ کہ عمامہ پر مسح کیا تو قرآن کا حکم کہ اپنے سر کا مسح کرو۔ سیالکوٹی غفرلہ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ اِلَّا مُعَلَّى

یہ حدیث عبدالحمید سے صرف معلّٰی ہی روایت کرتے ہیں۔

1474 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَدَمِيُّ قَالَ: نَا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَدِّ الْاَبْوَابِ الَّتِي فِي الْمَسْجِدِ، اِلَّا بَابَ اَبِي بَكْرٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مسجد کے تمام دروازے بند کرنے کا حکم دیا سوائے حضرت ابوبکر کے دروازے کے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ اِلَّا الْمُعَلَّى

یہ حدیث عبدالحمید سے صرف معلّی ہی روایت کرتے ہیں۔

1475 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَدَمِيُّ قَالَ: نَا اُسَيْدُ بْنُ زَيْدٍ الْجَمَّالُ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بعض اشعار حکمت والے ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمِقْدَامِ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اُسَيْدُ بْنُ زَيْدٍ

یہ حدیث مقدام سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسید بن زید اکیلے ہیں۔

1476 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا اُسَيْدٌ قَالَ: نَا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: بَعَثَ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى يَهُودِيٍّ، اسْتَسْلِفُ لَهُ اِلَى الْمَيْسَرَةِ، فَقَالَ: اَيُّ مَيْسَرَةٍ؟ هُوَ الَّذِي لَا اَصْلَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے ایک یہودی کی طرف بھیجا' اس سے میسرہ ادھار لینے کے لیے' اس نے کہا: میسرہ کیا ہے؟ اس کی کوئی اصل و فرع نہیں ہے' میں حضور ﷺ کے پاس واپس آیا اور آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: اللہ کا

1474- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 4619 .

1475- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 12628 .

1476- أخرجه البزار جلد 2 صفحه 103' والامام أحمد في مسنده جلد 3 صفحه 243 . انظر مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 128-129 .

لَهُ وَلَا فَرْعَ . فَرَجَعْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: كَذَبَ عَدُوُّ اللّٰهِ، اَمَا لَوْ اَعْطَانَا لَاَدَّيْنَا اِلَيْهِ

دشمن جھوٹ بولتا ہے' اگر وہ ہم کو دیتا تو ہم اس کو ضرور واپس دے دیتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا اَبُو بَكْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اُسَيْدٌ

یہ حدیث عاصم سے صرف ابوبکر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اُسید اکیلے ہیں۔

1477 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نَا رَبَاحُ بْنُ عَمْرٍو الْقَيْسِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ فِي الدُّنْيَا، لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے دنیا میں تکبر سے کپڑا لٹکایا' اس کی طرف قیامت کے دن اللہ عزوجل نظر رحمت نہیں فرمائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَبَاحٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث رباح سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابراہیم اکیلے ہیں۔

1478 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ مِهْرَانَ الدَّبَّاغُ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَهْطًا مِنْ عُكْلٍ وَّعُرَيْنَةَ قَدِمُوا الْمَدِينَةَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا كُنَّا اَهْلَ ضَرْعٍ، وَلَمْ نَكُنْ اَهْلَ رِيفٍ، فَاسْتَوْخَمْنَا الْمَدِينَةَ . فَاَمَرَهُمْ اَنْ يُخْرِجُوا اِلَى اِبِلِ الصَّدَقَةِ، فَيَشْرَبُوا مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا، فَفَعَلُوا، فَصَحُّوا . فَقَتَلُوا رَاعِيَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ قبیلہ عکل وعرینہ سے کچھ لوگ مدینہ منورہ آئے اور انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم جسمانی طور پر کمزور ہیں' ہمارے ہاں کھانے پینے کی وسعت نہیں ہے' ہم مدینہ میں ٹھہرے رہیں۔ آپ نے اُن کو صدقہ کے اونٹوں کی طرف جانے اور اُن کا دودھ اور پیشاب پینے کا حکم دیا' انہوں نے ایسے ہی کیا تو وہ تندرست ہو گئے' تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے چرواہے کو قتل کر دیا اور مسلمان

1477- اخرجه البخاری فی اللباس جلد 10 صفحه 266 رقم الحديث: 5784' ومسلم فی اللباس جلد 3 صفحه 1652 .

1478- أخرجه البخاری: المغازی جلد 7 صفحه 524 رقم الحديث: 4192' ومسلم: القسامة جلد 3 صفحه 1298' والنسائی: التحريم جلد 7 صفحه 87-89 (باب ذكر اختلاف الناقلين لخبر حميد عن أنس بن مالك فيه) . وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 208 رقم الحديث: 12743 .

وَكَفَرُوا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَلَبِهِمْ، فَجِيءَ بِهِمْ بَعْدَمَا ارْتَفَعَ النَّهَارُ، فَقَطَعَ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ، وَسَمَلَ اَعْيُنَهُمْ، وَلَمْ يُسْقَوْا مَاءً حَتّٰى مَاتُوا

ہونے کے بعد کافر ہو گئے' تو رسول اللہ ﷺ نے ان کی تلاش کے لیے کچھ لوگوں کو بھیجا' پس اُنہیں سورج بلند ہونے کے بعد لایا گیا' اُن کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے گئے' ان کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیریں گئیں' ان کو پینے کے لیے پانی نہیں دیا گیا یہاں تک کہ وہ مر گئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ اِلَّا دَاوُدُ، وَلَا عَنْ دَاوُدَ اِلَّا دَاوُدُ بْنُ مِهْرَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ

یہ حدیث مطر سے صرف داؤد اور داؤد سے صرف داؤد بن مہران ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابراہیم بن راشد اکیلے ہیں۔

1479 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اُنْزِلَ الْقُرْآنُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ، فِي شَهْرِ رَمَضَانَ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا جُمْلَةً، ثُمَّ اُنْزِلَ نُجُومًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ قرآن رمضان کے مہینے میں لیلۃ القدر کو آسمانِ دنیا کی طرف بیک وقت نازل ہوا' پھر آہستہ آہستہ (وحی کی شکل میں) اُترتا رہا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عِمْرَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن بلال اکیلے ہیں۔

1480 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرَى مُؤْمِنٌ مِنْ اَخِيهِ عَوْرَةً، فَيَسْتُرُهَا عَلَيْهِ، اِلَّا اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو اپنے مؤمن بھائی میں کوئی عیب دیکھے تو اس پر پردہ ڈالے' اللہ عزوجل اس وجہ کو جنت میں داخل کرے گا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَلَّى

یہ حدیث ابوسعید سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں معلّٰی اکیلے ہیں۔

1480- انظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه249 .

1481 - وَبِهِ: عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ رَاَى مِنْ اَخِيهِ عَوْرَةً، فَسَتَرَهَا عَلَيْهِ، اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اپنے مؤمن بھائی میں کوئی عیب دیکھے تو اس پر پردہ ڈالے اللہ عزوجل اسے جنت میں داخل کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ اِلَّا مُعَلًّى

یہ حدیث عبدالحمید سے صرف معلی ہی روایت کرتے ہیں۔

1482 - وَبِهِ: عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ النَّفْخِ فِي السُّجُودِ، وَالنَّفْخِ فِي الطَّعَامِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سجدہ کی حالت میں اور کھانے میں پھونکنے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ اِلَّا مُعَلًّى

یہ حدیث عبدالحمید سے صرف معلی ہی روایت کرتے ہیں۔

1483 - وَبِهِ: عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَنَامُ حَتَّى يَقْرَاَ: الم تَنْزِيلُ السَّجْدَةَ، وتَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ سوتے نہیں تھے جب تک الم تنزیل السجدہ اور تبارک الذی بیدہ الملک تلاوت نہیں کر لیتے تھے۔

1484 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اس نے عرض کی: میرا باپ بوڑھا ہے وہ حج کرنے کی طاقت نہیں رکھتا ہے کیا

1482- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 2315 .

1483- اخرجه الترمذي: الدعوات جلد 5 صفحه 475 رقم الحديث: 3404 واحمد: المسند جلد 3 صفحه 417 رقم الحديث: 14671 .

1484- اخرجه النسائي: الحج جلد 5 صفحه 89 (باب تشبيه قضاء الحج بقضاء الدين) واحمد: المسند جلد 1 صفحه 466 رقم الحديث: 3376 والطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 109 رقم الحديث: 11200 .

ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ اَبِي شَيْخٌ كَبِيرٌ لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَحُجَّ، اَفَاَحُجُّ عَنْهُ؟ قَالَ: اَرَاَيْتَ لَوْ كَانَ عَلَى اَبِيكَ دَيْنٌ فَقَضَيْتَهُ، اَمَا كَانَ يُجْزِءُ عَنْهُ؟

میں اس کی طرف سے حج کروں؟ آپ نے فرمایا: کیا تیرے والد کے ذمہ قرض ہوتو تُو اس کو ادا کرے تو ادا نہیں ہوگا؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا زَكَرِيَّا

یہ حدیث عمر سے صرف زکریا ہی روایت کرتے ہیں۔

1485 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ: نَا اَبُو عَاصِمٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَيْصِنٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: احْتِكَارُ الطَّعَامِ بِمَكَّةَ اِلْحَادٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مکہ مکرمہ میں غلے کی ذخیرہ اندوزی بے دینی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا ابْنُ مُحَيْصِنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ

یہ حدیث عطاء سے صرف ابن محیصن ہی روایت کرتے ہیں؛ اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن مؤمل اکیلے ہیں۔

1486 - وَبِهِ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُؤَمَّلٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَحَنَّكَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے عبداللہ بن زبیر کا نام رکھا اور اُنہیں گھٹی دی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُؤَمَّلٍ

یہ حدیث ابن ابی ملیکہ سے صرف عبداللہ بن مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔

1487 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الصَّمَدِ

حضرت ربیعہ بن عباد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو ہجرت سے پہلے ذی مجاز کے بازار

1485- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **10414** .

1486- اخرجه الترمذی: المناقب جلد **5** صفحه **680** رقم الحديث: **3826**' وأحمد: المسند جلد **6** صفحه **103** رقم الحديث: **24673** .

1487- اخرجه الامام احمد في مسنده رقم الحديث: **49113**' وانظر: مجمع الزوائد جلد **6** صفحه **25** .

بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَبِى الْحُسَامِ اَبُو عَمْرٍو الْمَدِينِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، وَمُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عِبَادٍ الدِّيلِيِّ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسُوقِ ذِى الْمَجَازِ، قَبْلَ اَنْ يُهَاجِرَ، وَهُوَ يَطُوفُ عَلَى النَّاسِ، فَيَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَعْبُدُوهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَخَلْفَهُ رَجُلٌ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّ هَذَا يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَتْرُكُوا دِينَ آبَائِكُمْ . فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ فَقَالُوا: عَمُّهُ اَبُو لَهَبٍ

میں دیکھا تو لوگ آپ کے اردگرد موجود تھے آپ فرما رہے تھے: اے لوگو! اللہ تم کو اپنی عبادت کرنے کا حکم دیتا ہے اور تم اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ ایک آدمی آپ کے پیچھے کہہ رہا تھا: اے لوگو! یہ تم کو حکم دیتے ہیں کہ تم اپنے باپوں کا دین چھوڑ دو میں نے کہا: یہ کون ہے؟ تو صحابہ کرام نے عرض کی کہ یہ آپ ﷺ کے چچا ابولہب ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدٍ اِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الصَّمَدِ

یہ حدیث زید سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں عبدالصمد اکیلے ہیں۔

1488 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِى صَفْوَانَ قَالَ: نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ قَالَ: حَدَّثَنِى اَبِى، عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِى بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اَبِى بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَفْلَسَ غَرِيمُ الرَّجُلِ، فَوَجَدَ مَتَاعَهُ بِعَيْنِهِ، فَهُوَ اَحَقُّ بِهِ مِنْ سَائِرِ الْغُرَمَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی مفلس آدمی مقروض ہو تو وہ اپنے سامان کو (کسی کے ہاں) بعینہٖ پائے تو وہ دوسرے قرض داروں سے زیادہ حقدار ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْلَى اِلَّا جَرِيرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَهْبٌ

یہ حدیث یعلیٰ سے صرف جریر ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں وہب اکیلے ہیں۔

1489 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ نے

1488- أخرجه البخاري: الاستقراض جلد5صفحه76 رقم الحديث:2402' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1193 .

1489- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه138 رقم الحديث:636' ومسلم: المساجد جلد1صفحه420 .

عَوْفٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَأْتُوهَا وَعَلَيْكُمُ السَّكِينَةُ، فَمَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا، وَمَا فَاتَكُمْ فَاقْضُوا

فرمایا: جب تم نماز کا ارادہ کرو تو نماز کے لیے آؤ اس حالت میں کہ تم پر سکون ہو جو تم پالو وہ پڑھ لو اور جو رہ جائے وہ بعد میں پوری کرلو۔

1490 - وَبِهِ: نَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: إِنَّ أَحَبَّ عِبَادِي إِلَيَّ أَسْرَعُهُمْ فِطْرًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: مجھے اپنے بندوں میں سب سے زیادہ محبوب وہ ہیں جو افطاری میں جلدی کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ

یہ دونوں حدیثیں اوزاعی سے صرف محمد بن کثیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1491 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْأَجْلَحِ، وَحَبِيبِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ عِنْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ، فَلَمْ يُصَلِّ الْمَغْرِبَ حَتَّى أَتَى سَرِفَ، وَذَلِكَ تِسْعَةُ أَمْيَالٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مکہ مکرمہ سے سورج کے غروب ہونے کے وقت نکلے تو آپ نے مغرب کی نماز نہیں پڑھی تھی کہ آپ مقامِ سرف پر آئے اور یہ (مقامِ سرف) مکہ مکرمہ سے نو میل (دور) تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبٍ إِلَّا عَبْدُ الرَّحِيمِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث حبیب سے عبدالرحیم ہی روایت کرتے ہیں' سے روایت کرنے میں عبداللہ بن عمر اکیلے ہیں۔

1492 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن سعدی رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ مجھ سے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم آپ کو لوگوں کے کسی کام پر مقرر کرتے ہیں

1490- اخرجه الترمذي: الصوم جلد 3 صفحه 74 رقم الحديث 700' واحمد: المسند جلد 2 صفحه 318' رقم الحديث: 7260.

1491- اخرجه احمد: المسند جلد 3 صفحه 374 رقم الحديث: 14284.

يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّعْدِيِّ قَالَ: قَالَ لِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، إِنَّا نَبْعَثُكَ عَلَى أَمْرٍ مِنْ أُمُورِ النَّاسِ، وَإِنَّكَ لَا تَقْبَلُ الْعُمَالَةَ، فَمَا يَحْمِلُكَ عَلَى ذَلِكَ؟ قُلْتُ: إِنَّ لِي بِهَا عَنْهَا غِنًى . قَالَ: فَلَا تَفْعَلْ، خُذْهَا، فَإِنِّي أَرَدْتُ مَا أَرَدْتُ، وَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعْطِينِي الشَّيْءَ، فَأَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَعْطِهِ مَنْ هُوَ أَفْقَرُ إِلَيْهِ مِنِّي، فَأَعْطَانِي مَرَّةً مَالًا، فَقُلْتُ مِثْلَ ذَلِكَ، وَأَرَدْتُ أَنْ لَا آخُذَهُ فَقَالَ: خُذْهُ، فَتَمَوَّلْهُ، أَوْ تَصَدَّقْ بِهِ، فَإِذَا آتَاكَ اللّٰهُ مَالًا وَأَنْتَ غَيْرُ سَائِلِهِ فَخُذْهُ، وَمَا صُرِفَ عَنْكَ فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ

اور آپ اُجرت قبول نہیں کرتے' تمہیں اس کے قبول نہ کرنے پر کس نے اُبھارا؟ میں نے کہا کہ میں اس سے مستغنی ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ ایسا نہ کرو' اسے لو' میں نے وہی ارادہ کیا تھا جو آپ نے کیا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے کوئی شے دیتے تو میں عرض کرتا: یارسول اللہ! مجھ سے زیادہ ضرورت مند آدمی کو دیں۔ ایک دفعہ آپ نے مجھے کچھ مال دیا تو میں نے اسی طرح کہا اور میں نے چاہا کہ میں مال نہ لوں' تو آپ نے فرمایا: اسے لو اور مالدار ہو جاؤ یا صدقہ کر دو' اور فرمایا: جب تیرے پاس مال آئے اور تو اسے مانگنے والا نہ ہو تو اس کو لے لے اور جو تجھ سے پھیرا جائے اس کے پیچھے نہ لگ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا أَشْعَثُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحِيمِ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف اشعث ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالرحیم اکیلے ہیں۔

1493 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَثْمَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيبٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ، وَلِأَزْوَاجِ الْأَنْصَارِ، وَلِذَرَارِيهِمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! انصار کو اور انصار کی بیویوں اور ان کی اولادوں کو معاف فرما!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُنِيبٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث عبداللہ بن منیب سے صرف محمد بن خالد ہی روایت کرتے ہیں۔

1493- اخرجه الطبرانی فی الصغير جلد1صفحه128' والامام أحمد فی مسنده جلد3صفحه139-156-217 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه43 .

1494 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِينَارٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَقُولُ اِذَا اَوَيْتَ اِلَى فِرَاشِكَ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ . فَقَالَ: اِذَا اَوَيْتَ اِلَى فِرَاشِكَ طَاهِرًا، فَتَوَسَّدْ يَدَكَ الْيُمْنَى، ثُمَّ قُلْ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْلَمْتُ نَفْسِي اِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِي اِلَيْكَ، وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِي اِلَيْكَ، رَهْبَةً وَّرَغْبَةً اِلَيْكَ، لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الْمُنَزَّلِ وَرَسُولِكَ الْمُرْسَلِ، فَاِنَّهُ لَا يَقُولُهَا عَبْدٌ فِي لَيْلَتِهِ، ثُمَّ يُقْبَضُ اِلَّا قُبِضَ عَلَى الْفِطْرَةِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تُو اپنے بستر پر آتا ہے تو کیا پڑھتا ہے؟ میں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتے ہیں' آپ نے فرمایا: جب تُو اپنے بستر پر آئے تو وضو کر اور دائیں ہاتھ کو سرہانا بنا' پھر یہ دعا پڑھ: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْلَمْتُ نَفْسِي اِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِي اِلَيْكَ، وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِي اِلَيْكَ، رَهْبَةً وَّرَغْبَةً اِلَيْكَ، لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الْمُنَزَّلِ وَرَسُولِكَ الْمُرْسَلِ'' پس جو بندہ رات کو یہ پڑھ لے گا تو اس کا وصال دین اسلام پر ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا الْاَنْصَارِيُّ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف یحییٰ بن زکریا انصاری ہی روایت کرتے ہیں۔

1495 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمْرَانَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ رَبَاحِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَهِدَ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ مُخْلِصًا بِهِمَا، وَصَلَّى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ، حَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ عَلَى النَّارِ

حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو اس بات کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور یہ کہ بلاشبہ میں اللہ کا رسول ہوں' خلوص کے ساتھ اور پانچ وقت کی نماز ادا کرے تو اس کے چہرے کو اللہ عزوجل آگ پر حرام کردے گا۔

1496 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمْرَانَ قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے

1494- اخرجه البخاری: التوحيد جلد13صفحه471 رقم الحديث:7488' ومسلم: الذكر جلد4صفحه2081 .

1495- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه52 .

نَا عَلِيُّ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ مُخْلِصًا بِهِمَا، وَصَلَّى، وَصَامَ، وَآتَى الزَّكَاةَ، وَحَجَّ الْبَيْتَ، حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ

خلوص کے ساتھ اس بات کی گواہی دی کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں اور نماز پڑھی اور روزہ رکھا' اور زکوٰۃ ادا کی اور حج کیا تو اللہ عزوجل اس پر آگ حرام کر دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَسْعَدَةَ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حُمْرَانَ

یہ دونوں حدیثیں علی بن مسعدہ سے صرف عبدالرحمٰن بن حمران ہی روایت کرتے ہیں۔

1497 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ الْمَلِكِ الشَّامِيُّ قَالَ: نَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَفْضُلُ صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ عَلَى صَلَاةِ الرَّجُلِ وَحْدَهُ خَمْسًا وَعِشْرِينَ دَرَجَةً

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی کا باجماعت نماز ادا کرنا' اکیلے نماز پڑھنے سے پچیس درجہ ثواب میں زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، إِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ الشَّامِيُّ الْكِتَانِيُّ . تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف عبدالملک الشامی الکتانی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

1498 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي دَاوُدَ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ قَالَ: نَا أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ عَتَّابَ بْنَ أُسَيْدٍ إِلَى مَكَّةَ، فَقَالَ: أَبْلِغْهُمْ عَنْ أَرْبَعٍ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت عتاب بن اُسید کو مکہ مکرمہ کی طرف بھیجا اور فرمایا: اُن تک چار باتیں پہنچا دیں' وہ یہ ہیں کہ بیع میں دو شرطیں نہ لگائی جائیں' بیع اور سلف نہ کیا جائے اور نہ ایسا نفع کہ جس کی ضمانت نہ ادا

1497- اخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه160 رقم الحديث: 648' ومسلم: المساجد جلد1صفحه450 .

1498- اخرجه البيهقي في الكبرى جلد5صفحه554-555 رقم الحديث: 10856 .

خِصَالٍ: اَنَّهُ لَا يَصْلُحُ شَرْطَانِ فِي بَيْعٍ، وَلَا بَيْعٌ وَّسَلَفٌ، وَلَا رِبْحُ مَا لَمْ يُضْمَنْ

کی جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث جعفر سے صرف محمد بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

1499 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْعَاصِ الْقُرَشِيُّ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي دَاوُدَ قَالَ: نَا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْوَضِينِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَلِّمُ فِي الشَّفْعِ مِنَ الْوِتْرِ، وَفِي الْوِتْرِ مِنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو وتر پڑھ کر سلام پھیرتے تھے اور وتر اسی میں ہوتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَضِينِ اِلَّا صَدَقَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث وضین سے صرف صدقہ ہی روایت کرتے ہیں اُسے روایت کرنے میں محمد بن سلیمان اکیلے ہیں۔

1500 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ فُرَاتِ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْبَهْرَانِيِّ، عَنْ اَبِي مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيِّ، قَالَ اَبُو مُسْلِمٍ: شَهِدَ عِنْدِي اَبُو سَعِيدٍ، وَاَبُو هُرَيْرَةَ، اَنَّهُمَا سَمِعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ يَذْكُرُونَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِلَّا حَفَّتْ بِهِمُ الْمَلَائِكَةُ، وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ، وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ، وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ

حضرت ابوسعید و حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کو فرماتے ہوئے سنا: جو لوگ اللہ کا ذکر کرنے کے لیے جمع ہوتے ہیں فرشتے اُن کو ڈھانپ لیتے ہیں ان پر سکونت نازل ہوتی ہے اور اُن کو رحمت ڈھانپ لیتی ہے اور اللہ عزوجل اُن کا ذکر ان کے پاس کرتا ہے جو اس کے پاس ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي مُسْلِمٍ اِلَّا فُرَاتٌ،

یہ حدیث ابومسلم سے صرف فرات ہی روایت

1499- اخرجه احمد: المسند جلد6صفحه93 رقم الحديث: 24593 .

1500- اخرجه مسلم: الذكر جلد4صفحه2074 .

وَلا عَنْ فُرَاتٍ اِلَّا عَبْدُ الْكَرِيمِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي دَاوُدَ

کرتے ہیں اور فرات سے صرف عبدالکریم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سلیمان بن ابوداؤد اکیلے ہیں۔

1501 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي دَاوُدَ قَالَ: نَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اَبِي الْعَنْبَسِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَاَنْ اَتَصَدَّقَ بِخَاتَمِي اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَلْفِ دِرْهَمٍ اُهْدِيهَا اِلَى الْكَعْبَةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے اپنی انگوٹھی صدقہ کرنا اس سے زیادہ محبوب ہے کہ میں ایک ہزار درہم خانہ کعبہ کو ہدیہ دوں۔

1502 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي دَاوُدَ قَالَ: نَا جَدِّي مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: اَخَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ حَتَّى ذَهَبَ قَرِيبًا مِنْ ثُلُثِ اللَّيْلِ، ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الْمَسْجِدِ فَوَجَدَ النَّاسَ فِيهِ قَلِيلٌ، فَغَضِبَ، ثُمَّ قَالَ: لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ آمُرَ رِجَالًا اِذَا اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ اَنْ يَتَخَلَّفُوا اِلَى دُورِ مَنْ لَا يَشْهَدُ الصَّلَاةَ، فَيُضْرِمُوا عَلَيْهِمْ بُيُوتَهُمْ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَنَّ رَجُلًا آذَنَ النَّاسَ اِلَى طَعَامٍ لَاَتَوْهُ، وَالصَّلَاةُ يُنَادَى بِهَا فَلَا يَاْتُوهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے نمازِ عشاء کو تقریباً تہائی رات تک مؤخر کیا' پھر آپ مسجد کی طرف نکلے تو لوگ مسجد میں تھوڑے تھے' آپ کو غصہ آیا' پھر فرمایا: میں نے ارادہ کیا تھا کہ میں کسی آدمی کو حکم دوں کہ جب نماز کھڑی ہو جائے تو جو لوگ نماز میں شریک ہونے سے پیچھے رہ گئے ہیں اُن کو اُن کے گھروں میں جلا دوں۔ اور آپ ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی لوگوں کو کھانے کی دعوت دے تو اس کی دعوت قبول کرو گے اور اگر نماز کے لیے اعلان ہو رہا ہے تو پھر دعوت قبول نہیں کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا سُلَيْمَانُ

یہ حدیث اعمش سے صرف سلیمان بن ابوداؤد ہی

1501- انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحہ 117 .

1502- أخرجه الدارمي: الصلاة جلد 1 صفحہ 298 رقم الحديث: 1212' وأحمد: المسند جلد 2 صفحہ 703 رقم الحديث: 10941 .

بْنُ اَبِی دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن سلیمان اکیلے ہیں۔

1503 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا جَدِّی مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ اَبِی مُحَمَّدٍ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنْ مَسْرُوقِ بْنِ الْاَجْدَعِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: مَا نَسِيتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِنِّی لَمْ اَنْسَ اَنَّهُ كَانَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ، عِنْدَ تَسْلِيمِ الصَّلَاةِ، يَقُولُ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ حَتّٰى يَبْدُوَ لَنَا صَفْحَةُ وَجْهِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے جو یاد کیا ہے میں بھولا نہیں ہوں (مجھے یاد ہے) کہ آپ دائیں اور بائیں جانب نماز کا سلام پھیرتے تھے اور کہتے تھے: السلام علیکم ورحمۃ اللہ! یہاں تک کہ ہمارے سامنے آپ کے چہرے کی رنگت نظر آتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِی دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ عَنْهُ . وَاَبُو مُحَمَّدٍ الَّذِی رَوَى عَنْهُ الْحَكَمُ، هُوَ: الْاَعْمَشُ

یہ حدیث حکم سے صرف سلیمان بن ابوداؤد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں اور ابومحمد جن سے حکم روایت کرتے ہیں' وہ اعمش ہیں۔

1504 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ قَالَ: حَدَّثَنِی جَدِّی مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِی دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنِی الْحَكَمُ بْنُ عُتَيْبَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبْزَی قَالَ: خَرَجَ رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ فِی غَزْوَةٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

حضرت سعید بن عبدالرحمٰن بن ابزیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ایک آدمی اور حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما' رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک جہاد میں نکلے تو حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو احتلام ہوگیا' سو حضرت عمار مٹی میں الٹنے پلٹنے لگے' جب واپس آئے تو رسول اللہ ﷺ کو اُن کے متعلق بتایا تو آپ ﷺ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تو مٹی

1503- اخرجه الدارقطني: سننه جلد 1 صفحه 357 رقم الحديث: 6' والبيهقي في الكبرىٰ جلد 2 صفحه 252 رقم الحديث: 2977 .

1504- اخرجه البخاري: التيمم جلد 1 صفحه 528 رقم الحديث: 338' ومسلم: الحيض جلد 1 صفحه 280 .

فَاحْتَلَمَ عَمَّارٌ، فَجَعَلَ يَتَمَرَّغُ فِي التُّرَابِ، فَلَمَّا رَجَعَ اَخْبَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِعَمَّارٍ: تَمَرَّغْتُ كَتَمَرُّغِ الْحِمَارِ اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ، وَاَهْوَى بِيَدَيْهِ اِلَى الْاَرْضِ اَنْ تَضَعَهُمَا هٰكَذَا قَالَ سَلَمَةُ: اَنْ تَضْرِبَ بِيَدَيْكَ الصَّعِيدَ، ثُمَّ تَمْسَحَ وَجْهَكَ وَذِرَاعَيْكَ، وَتُصَلِّيَ

میں اس طرح لیٹا جس طرح گدھا لیٹتا ہے' تیرے لیے یہی کافی تھا کہ تُو اپنے دونوں ہاتھوں کو زمین پر رکھتا' اس طرح کرتا۔ حضرت سلمہ نے فرمایا کہ تُو اپنے دونوں ہاتھوں کو زمین پر مار' پھر اس کے ساتھ اپنے چہرے اور اپنی کلائیوں کا مسح کر اور نماز پڑھ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا سُلَيْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث حکم سے صرف سلیمان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن سلیمان اکیلے ہیں۔

1505 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: لَوْ لَمْ اَسْمَعْهُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا اَوْ اَرْبَعًا، اَوْ خَمْسًا، اَوْ سِتًّا، لَمْ اُحَدِّثْ بِهِ. ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ذَهَبَ الْاِثْمُ مِنْ سَمْعِهِ وَبَصَرِهِ وَيَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ فَقَالَ اَبُو ظَبْيَةَ الْحِمْصِيُّ: وَهُوَ جَالِسٌ مَعَنَا: اَمَا سَمِعْتَ عَمْرَو بْنَ عَبَسَةَ يُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيثِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَاتَ طَاهِرًا عَلَى ذِكْرِ اللّٰهِ لَمْ يَتَعَارَّ سَاعَةً مِنَ اللَّيْلِ، يَسْاَلُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ شَيْئًا مِنْ اَمْرِ الدُّنْيَا

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک مرتبہ یا دو مرتبہ یا تین مرتبہ یا چار مرتبہ یا پانچ مرتبہ یا چھ مرتبہ نہ سنا ہوتا تو میں یہ حدیث بیان نہ کرتا' پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: جس نے اچھی طرح وضو کیا تو اس کے آنکھوں اور کانوں اور دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ ابوظبیہ حمصی ہمارے پاس تشریف فرما تھے' فرمانے لگے: کیا یہ حدیث عمرو بن عبسہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے؟ فرمایا کہ میں نے آپ کو فرماتے سنا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے رات پاکی اور ذکر اللہ میں گزاری تو رات کے کسی بھی وقت اللہ عزوجل سے دنیا اور آخرت کی کوئی شے مانگے گا تو اللہ عزوجل اس کو وہ عطا کرے گا۔

1505- اخرجه الطبرانی فی الکبیر رقم الحدیث: **14518**' والامام احمد فی مسنده جلد **5** صفحه **252-264** . وانظر: مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **226** .

وَالْآخِرَةِ، اِلَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِيَّاهُ .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا سُلَيْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهٖ: مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث حکم سے صرف سلیمان ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں محمد بن سلیمان اکیلے ہیں۔

1506 - وَعَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ الْاَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي قَوْلِهٖ: (وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ) (الممتحنة: **12**) ، قَالَتْ اُمُّ عَطِيَّةَ: اشْتَرَطَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَا نَنُوحَ

حضرت اُم عطیہ انصاریہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ'' (الممتحنہ:۱۲) کی تفسیر کرتے ہوئے سنا' حضرت اُم عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم پر رسول اللہ ﷺ نے شرط لگائی کہ ہم نوحہ نہیں کریں گی۔

1507 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ زِيَادٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَعْشَرٍ زِيَادِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُؤْمِنُ يَمُوتُ بِعَرَقِ الْجَبِينِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: مؤمن مرتا ہے تو اس کے چہرے پر پسینہ آتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا يَزِيدُ، وَلَا عَنْ يَزِيدَ اِلَّا مُعَلَّى

یہ حدیث یونس سے صرف یزید اور یزید سے صرف معلّی ہی روایت کرتے ہیں۔

1508 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْمُقَوِّمُ قَالَ: نَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِعَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ حضرت عمار بن یاسر اور ان کے خاندان کے پاس سے گزرے اس حالت میں کہ ان کو اللہ کے راستے میں (کفار کی طرف سے) عذاب دیا جا رہا تھا۔ تو

1506- أخرجه مسلم: الجنائز جلد **2**صفحه**645**' والنسائي: البيعة جلد **7**صفحه**133** (باب بيعة النساء)' وأحمد: المسند جلد**6**صفحه**436** رقم الحديث: **27372**' والطبراني في الكبير جلد**25**صفحه**59** .

1507- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **32812** .

1508- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد**3**صفحه**388** . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **29619** .

وَبِاَهْلِهِ، وَهُمْ يُعَذَّبُونَ فِي اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَقَالَ: اَبْشِرُوا آلَ يَاسِرٍ، مَوْعِدُكُمُ الْجَنَّةُ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آلِ یاسر کو خوشخبری ہو! تمہارے لیے جنت کا وعدہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا هِشَامٌ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ اِلَّا مُسْلِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ہشام اور ہشام سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابراہیم بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

1509 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ اَبُو غَسَّانَ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: نَا حَفْصٌ الْمُزَنِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ اَبِي عَائِشَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَظْهَرَ مَعَادِنُ كَثِيرَةٌ، لَا يَسْكُنُهَا اِلَّا رِذَالُ النَّاسِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ بہت زیادہ ذخائر ظاہر ہوں گے' گھٹیا قسم کے لوگ اس وقت رہنے والے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى

یہ حدیث عبدالرحمٰن سے صرف حفص ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ اکیلے ہیں۔

1510 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا هِلَالُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُوسَى الطَّوِيلُ، عَنْ هُدْبَةَ بْنِ الْمِنْهَالِ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اسْتَغْفِرْ لِي، قُلْتُ: هَلِ اسْتَغْفَرَ لَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلَكَ، وَتَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ: (وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ) (محمد: 19)

حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے بخشش طلب کریں! میں نے عرض کیا: آپ بخشش طلب کریں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں! اور آپ نے یہ آیت تلاوت کی: ''اپنے لیے اور مؤمن مرد و عورتوں کے لیے بخشش طلب کریں''۔

فائدہ: یادر ہے یہاں خطاب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہے' بتانا دراصل اُمت کو ہے کیونکہ نبی ہر قسم کے گناہ سے پاک اور محفوظ ہوتا ہے۔ دستگیر غفرلہٗ

1509- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحہ334 .

1510- اخرجه مسلم: الفضائل جلد4صفحہ1823' واحمد: المسند جلد5صفحہ100 رقم الحديث: 20806 .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هُدْبَةَ بْنِ الْمِنْهَالِ الْقَاضِي إِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ . تَفَرَّدَ بِهِ: هِلَالٌ

یہ حدیث ھدبہ بن منہال القاضی سے صرف عبدالملک ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں ھلال اکیلے ہیں۔

1511 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ الْمُقْرِءُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ، أَنَّ أَبَا بَشِيرٍ الْأَنْصَارِيَّ، أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ، فَأَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَسُولًا، فَنَادَى: أَنْ لَا يَبْقَى فِي رَقَبَةِ بَعِيرٍ قِلَادَةُ وَتَرٍ إِلَّا قُطِعَتْ

حضرت عباد بن تمیم سے روایت ہے کہ حضرت ابوبشیر انصاری رضی اللہ عنہ نے انہیں بتایا کہ وہ بعض سفروں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہوتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک نمائندہ بھیجا کہ آواز دے کہ کسی اونٹ کی گردن میں قلادہ باقی ہوتو اس کو کاٹ دیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

1512 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا أَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْحَسَّانِيُّ قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَامَ فِينَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَرْبَعٍ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَنَامُ، وَلَا يَنْبَغِي لَهُ أَنْ يَنَامَ، يَخْفِضُ الْقِسْطَ وَيَرْفَعُهُ، يُعْرَضُ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم میں چار اشیاء لے کر کھڑے ہوئے' اس کے بعد فرمایا: بے شک اللہ عزوجل سوتا نہیں ہے اور نہ سونا اس کے مناسب ہے' وہ ترازو جھکاتا اور اسے بلند کرتا ہے' اس کی بارگاہ میں دن کے عمل رات سے پہلے اور رات کے عمل دن سے پہلے پیش ہوتے ہیں' اس کا پردہ نور ہے' اگر اس کا جلوہ کھول دیا جائے تو جو بھی اس کے جلوہ کو

1511- أخرجه البخاري: الجهاد جلد6صفحه164 رقم الحديث: 3005' ومسلم: اللباس جلد3صفحه1672 .

1512- أخرجه مسلم: الايمان جلد1صفحه161' وابن ماجة: المقدمة جلد 1صفحه70 رقم الحديث: 195' وأحمد: المسند جلد4صفحه495 رقم الحديث: 19653 .

عَلَيْهِ عَمَلُ النَّهَارِ قَبْلَ اللَّيْلِ، وَعَمَلُ اللَّيْلِ قَبْلَ النَّهَارِ، حِجَابُهُ النُّورُ، وَلَوْ كَشَفَهُ لَاَحْرَقَتْ سُبُحَاتُ وَجْهِهِ كُلَّ شَيْءٍ اَدْرَكَهُ بَصَرُهُ

دیکھے گا جل جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ اِلَّا سُفْيَانُ . تَفَرَّدَ بِهِ مُؤَمَّلٌ وَّرَوَاهُ النَّاسُ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ

یہ حدیث از اعمش از عبداللہ بن مرہ صرف سفیان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مؤمل اکیلے ہیں۔ اورلوگوں نے از اعمش از عمرو بن مرہ سے روایت کی ہے۔

1513 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ قَالَ: نَا هَارُونُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْخَزَّازُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الْحِنَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ ابْنِ بُحَيْنَةَ، اَنَّهُ شَهِدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ، وَنَسِيَ اَنْ يَقْعُدَ، فَمَضَى فِي قِيَامِهِ، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ مَا سَلَّمَ مِنْ صَلَاتِهِ

حضرت عبداللہ بن مالک بن بحینہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ موجود تھے کہ آپ دو رکعتیں ادا کر کے کھڑے ہوئے اور بیٹھنا بھول گئے' پس آپ کھڑے ہوئے اور آپ نے سلام کے بعد اپنی نماز میں دوسجدے کیے (یہ تعلیم اُمت کے لیے تھا ورنہ انبیاء علیہم السلام نسیان سے پاک ہوتے ہیں)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا هَارُونُ

یہ حدیث علی سے صرف ہارون ہی روایت کرتے ہیں۔

1514 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ الْمُقْرِءُ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ كَثِيرِ بْنِ فَائِدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ فِي بَعْضِ سِكَكِ الْمَدِينَةِ، فَرَاَى رَجُلًا اَسْوَدَ مَيِّتًا قَدْ رَمَوْا بِهِ فِي الطَّرِيقِ، فَسَاَلَ بَعْضَ مَنْ ثَمَّ عَنْهُ، فَقَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ کی کسی گلی سے گزرے تو آپ نے ایک کالا آدمی مردہ حالت میں دیکھا' اس کو راستے میں پھینکا گیا تھا' آپ نے پوچھا: یہ کس کا غلام ہے؟ انہوں نے عرض کی: آلِ فلاں کا غلام ہے' آپ نے فرمایا: کیا تم نے اس کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے؟

1513- اخرجه البخاری: السهو جلد 3 صفحه 111 رقم الحديث: 1224-1225' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 399 .

مَمْلُوكُ مَنْ هَذَا؟ فَقَالَ: مَمْلُوكٌ لِآلِ فُلَانٍ، فَقَالَ: أَكُنْتُمْ تَرَوْنَهُ يُصَلِّي؟ فَقَالُوا: كُنَّا نَرَاهُ أَحْيَانًا يُصَلِّي، وَأَحْيَانًا لَا يُصَلِّي، فَقَالَ: قُومُوا فَاغْسِلُوهُ، وَكَفِّنُوهُ، فَقَامُوا، فَغَسَّلُوهُ وَكَفَّنُوهُ، وَقَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى عَلَيْهِ، فَلَمَّا كَبَّرَ قَالَ: سُبْحَانَ اللهِ سُبْحَانَ اللهِ؟، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ، قَالَ لَهُ أَصْحَابُهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سَمِعْنَاكَ كُلَّمَا كَبَّرْتَ تَقُولُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، سُبْحَانَ اللهِ، فَلِمَ قُلْتَ: سُبْحَانَ اللهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: كَادَتِ الْمَلَائِكَةُ أَنْ تَحُولَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ مِنْ كَثْرَةِ مَا صَلَّوْا عَلَيْهِ

صحابہ کرام نے عرض کی: کبھی ہم اس کو نماز پڑھتا دیکھتے تھے کبھی ہم اس کو نماز پڑھتے نہیں دیکھتے تھے آپ ﷺ نے فرمایا: اُٹھو! اس کو غسل اور کفن دو صحابہ کرام اُٹھے اور اُسے غسل اور کفن دیا' رسول اللہ ﷺ اُٹھے اور اُس کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ نے جب اللہ اکبر کہا تو فرمایا: سبحان اللہ! سبحان اللہ! سو جب رسول اللہ ﷺ نے نماز مکمل کی تو آپ کے صحابہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے آپ سے سنا کہ آپ جب بھی تکبیر کہتے تھے تو سبحان اللہ سبحان اللہ کہتے تھے' آپ نے سبحان اللہ سبحان اللہ کیوں کہا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: قریب تھا کہ کثرت سے نمازِ جنازہ پڑھنے کی وجہ سے میرے اور اس کے درمیان فرشتے حائل ہو جاتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا كَثِيرُ بْنُ مُرَّةَ بْنِ فَائِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ ـ قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ: وَتَفْسِيرُ هَذَا الْحَدِيثِ: أَنَّ مَوَالِيَهُ كَانُوا رُبَّمَا شَهِدُوهُ يُصَلِّي، وَرُبَّمَا صَلَّى حَيْثُ لَا يَرَوْنَهُ، فَاسْتَخَفُّوا بِهِ لِذَلِكَ، وَلَوْ كَانَ يَتْرُكُ مِنَ الصَّلَاةِ شَيْئًا لَا يُصَلِّيهِ كَانَ كَافِرًا، لِأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلَاةِ

یہ حدیث ثابت سے صرف کثیر بن مرہ بن فائد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔ ابوالقاسم (امام طبرانی) فرماتے ہیں: اس حدیث کی تفسیر یہ ہے کہ ان کے آقا اس کو بسا اوقات نماز میں شریک دیکھتے تھے' بسا اوقات اس کو نہیں دیکھتے تھے' اس لحاظ سے انہوں نے اس کو حقیر خیال کیا' اور اگر کوئی نماز چھوڑتا ہے جس کو نہیں پڑھتا تو وہ کافر ہو گیا کیونکہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مسلمان اور کفر کے درمیان فرق نماز چھوڑنے کا ہے۔

فائدہ: یاد رہے کہ حدیث کی تفسیر جو امام طبرانی نے کی ہے' اُن کا اس میں اپنا نقطہ نظر احناف کے نزدیک کافر اس وقت ہوتا ہے جب وہ نماز کا انکار کرے گا' اگر وہ نماز کا انکار نہیں کرتا لیکن پڑھتا بھی نہیں تو وہ کافر نہیں بلکہ مسلمان ہے۔ رہی حدیث شریف تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر وہ نماز کا انکار کرے یا اس سے آپ کا مطلب صرف ڈرانا دھمکانا تھا۔

هذا ما عندی والعلم عند الله ورسوله!

1515 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ آدَمَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ غُنْدَرٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِی هِنْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ نَافِعًا يُحَدِّثُ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُقِيمَنَّ اَحَدٌ اَخَاهُ مِنْ مَجْلِسِهِ، فَيَجْلِسُ مَكَانَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص اپنی جگہ سے اُٹھے تو وہ اس جگہ دوبارہ بیٹھنے کا زیادہ حق دار ہے۔

1516 - وَبِهِ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ الثَّالِثِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تین لوگ موجود ہوں تو دو آپس میں سرگوشی نہ کریں۔

1517 - وَبِهِ: قَالَ: رَاَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ نُخَامَةً، فَاَخَذَ شَيْئًا، فَحَكَّهَا، وَقَالَ: لَا يَتَنَخَّمَنَّ اَحَدُكُمْ فِي قِبْلَتِهِ، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُوَاجِهُهُ، وَلَكِنْ لِيَتَنَخَّمْ عَنْ يَسَارِهِ، اَوْ تَحْتَ رِجْلِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد میں قبلہ کی جانب تھوک دیکھا تو آپ نے کوئی شے پکڑی اور اس کے ساتھ اسے صاف کر دیا' اور فرمایا: تم میں سے کوئی قبلہ کی جانب نہ تھوکے' بے شک نمازی اللہ عزوجل کے روبرو ہوتا ہے' لیکن تھوکنا ہو تو بائیں جانب یا اپنے پاؤں کے نیچے تھوکے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا غُنْدَرٌ

یہ حدیث عبداللہ بن سعید سے صرف غندر ہی روایت کرتے ہیں۔

1518 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ آدَمَ قَالَ: نَا مَخْشِيُّ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْبَاهِلِيُّ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ سَوْدَةَ وَهَبَتْ يَوْمَهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے اپنی باری کا دن حضرت عائشہ کو ہبہ کر دیا۔

1515- اخرجه البخاري: الجمعة جلد2صفحه456 رقم الحديث: 911' ومسلم: السلام جلد4صفحه1714 .

1516- اخرجه البخاري: الاستئذان جلد11صفحه84 رقم الحديث: 6288' ومسلم: السلام جلد4صفحه1717 .

1517- اخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه275 رقم الحديث: 753' ومسلم: المساجد جلد1صفحه388 .

1518- اخرجه البخاري: النكاح جلد9صفحه223 رقم الحديث: 5212' ومسلم: الرضاع جلد2صفحه1085 .

وَسَلَّمَ لِعَائِشَةَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَخْشِيٍّ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث مخشی سے صرف محمد بن عباد ہی روایت کرتے ہیں۔

1519 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْأَزْدِيُّ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ، وَعَنْ هِبَتِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ولاء کی بیع اور اس کو ہبہ کرنے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ

یہ حدیث محمد سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اُن کے بیٹے اکیلے ہیں۔

1520 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نا صَالِحُ بْنُ أَبِي صَالِحٍ، أَنَّهُ سَمِعَ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: بَيْنَا أَنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحِجْرِ إِذْ مَرَّ الْحَكَمُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْلٌ لِأُمَّتِي مِمَّا فِي صُلْبِ هَذَا

حضرت نافع بن جبیر اپنے والد سے روایت بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ مقامِ حجر میں تھے کہ اچانک حکم بن ابی العاص گزرا' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس کی پشت میں جو ہے اس سے میری اُمت کیلئے ہلاکت ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جُبَيْرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ

یہ حدیث جبیر سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں محمد بن خلف اکیلے ہیں۔

1521 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت

1519- أخرجه البخاري: الفرائض جلد12صفحه43 رقم الحديث:6756' ومسلم: العتق جلد2صفحه1145 .

1520- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه244 .

1521- أخرجه الدارقطني: سننه جلد 1صفحه419 رقم الحديث:3' والبيهقي في الكبرى جلد2صفحه654 رقم الحديث:4442 .

خَلَفٍ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نَا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا صَلَاةَ بَعْدَ الْفَجْرِ اِلَّا رَكْعَتَيْنِ

کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فجر کے بعد کوئی نماز نہیں سوائے دو رکعتوں کے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ اِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: رَوَّادٌ

یہ حدیث مطر سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں روّاد اکیلے ہیں۔

1522 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيِّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ شَرِيكِي فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَكَانَ خَيْرَ شَرِيكٍ، لَا يُدَارِي وَلَا يُمَارِي

حضرت قیس بن سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دورِ جاہلیت میں میرے شریک تھے اور وہ میرے بہترین شریک تھے' آپ نہ جھگڑتے اور نہ ڈانٹا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث ابراہیم سے محمد بن مسلم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

1523 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: حَدَّثَ اِبْرَاهِيمُ النَّخَعِيُّ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ مَثَلَ الرِّزْقِ كَمَثَلِ الْحَائِطِ لَهُ بَابٌ، فَمَا حَوْلَ الْبَابِ سُهُولَةٌ، وَمَا حَوْلَ الْحَائِطِ وَعْثٌ وَّوَعْرٌ، فَمَنْ اَتَاهُ مِنْ قِبَلِ بَابِهِ اَصَابَهُ كُلَّهُ وَسَلِمَ، وَمَنْ اَتَاهُ مِنْ قِبَلِ حَائِطِهِ وَقَعَ فِي الْوُعُورَةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رزق کی مثال اس باغ کی ہے جس کا دروازہ ہو' دروازے کے اردگرد زمین نرم او رملائم ہو اور باغ کے اردگرد سخت اور دشوار گزار زمین ہو' جو اس دروازہ کی جانب سے آیا اس نے سب کچھ پالیا اور بچا لیا' اور جو باغ کی جانب سے آیا وہ دشوار گزار زمین میں گرا' یہاں تک کہ اس کے پاس پہنچا' تو اس کے لیے صرف وہی رزق ہی ہوگا جو اللہ عزوجل نے اُس کے لیے

1522- اخرجه أبو داؤد: الأدب جلد4صفحه261 رقم الحديث: 4836' وابن ماجة: التجارات جلد2صفحه768 رقم الحديث: 2287' وأحمد: المسند جلد3صفحه519 رقم الحديث: 15508 .

1523- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 7314 .

وَالْوَعْثِ، حَتَّى إِذَا انْتَهَى إِلَيْهِ لَمْ يَكُنْ لَهُ إِلَّا الرِّزْقُ الَّذِي يَسَّرَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ

آسان کر دیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ إِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى

یہ حدیث سلیمان تیمی سے صرف اُن کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں یحییٰ اکیلے ہیں۔

1524 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعِبَادِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَيْبِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُمَكِّنُكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ إِطْعَامُ الطَّعَامِ، وَطِيبُ الْكَلَامِ، يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، أَطْعِمُوا الطَّعَامَ، وَأَطِيبُوا الْكَلَامَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت میں کھانے کا بدلہ اور اچھے کلام کا بدلہ دیا جائے گا‘ اے بنی عبدالمطلب! کھانا کھلاؤ اور اچھا کلام کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ إِلَّا عُمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ

یہ حدیث ابن منکدر سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن داؤد اکیلے ہیں۔

1525 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ خُوَارٍ قَالَ: نَا عَائِذُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا، فَنَظَرَ إِلَى جُحْرٍ بِحِيَالِ وَجْهِهِ، فَقَالَ: لَوْ كَانَتِ الْعُسْرَةُ تَجِيءُ حَتَّى تَدْخُلَ هَذَا الْجُحْرَ، لَجَاءَتِ الْيُسْرَةُ حَتَّى تُخْرِجَهَا، ثُمَّ تَلَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تشریف فرما تھے‘ آپ نے ایک سوراخ کی طرف دیکھا جو آپ کے چہرے کے سامنے تھا‘ آپ نے فرمایا: اگر تنگی آتی تو اس سوراخ میں داخل ہو جاتی‘ تو آسانی آتی حتیٰ کہ اسے نکالتی‘ پھر رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۔ ”بے شک تنگی کے ساتھ آسانی ہے‘ بے شک تنگی کے ساتھ آسانی ہے“ (الشراح:۶)۔

1524- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه20 .

1525- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه142 .

(الشرح: 6)

1526 - وَبِهِ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ، تَهَادَوْا، فَاِنَّ الْهَدِيَّةَ تَسُلُّ السَّخِيمَةَ، وَتُورِثُ الْمَوَدَّةَ، فَوَاللّٰهِ لَوْ اُهْدِىَ اِلَىَّ كُرَاعٌ لَقَبِلْتُ، وَلَوْ دُعِيتُ اِلَى ذِرَاعٍ لَاَجَبْتُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ ہی روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے انصار کے گروہ! ہدیہ دیا کرو، بے شک ہدیہ کینہ کو دور کرتا ہے اور محبت پیدا کرتا ہے اللہ کی قسم! اگر بکری کا پایہ بھی مجھے ہدیہ دیا جائے تو میں اس کو بھی قبول کروں گا اور اگر مجھے بکری کے پایہ کی دعوت دی جائے تو میں قبول کروں گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا عَائِذٌ

یہ دونوں حدیثیں حضرت انس سے صرف عائذ ہی روایت کرتے ہیں۔

1527 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، فَقَالَ: اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس سے تُو محبت کرتا ہے اسی کے ساتھ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَفْصٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْيَمَامِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُمَرُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث حفص سے صرف محمد بن موسیٰ یمامی ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں عمرو بن یونس اکیلے ہیں۔

1528 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا زَائِدَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سفر کرتے تھے تو یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الضُّبْنَةِ فِي السَّفَرِ وَالْكَآبَةِ فِي الْمُنْقَلَبِ. اللّٰهُمَّ اقْبِضْ لَنَا الْاَرْضَ،

1526- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 14914 .

1527- اخرجه البخاری: الأحكام جلد13صفحه140 رقم الحديث: 7153' ومسلم: البر جلد4صفحه2033 .

1528- اخرجه الامام احمد فی مسنده جلد1صفحه256 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه132 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا سَافَرَ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الضُّبْنَةِ فِي السَّفَرِ، وَالْكَآبَةِ فِي الْمُنْقَلَبِ . اللّٰهُمَّ اقْضِ لَنَا الْأَرْضَ، وَهَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ، اللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ، فَإِذَا كَانَ حِينَ يَرْجِعُ قَالَ: آيِبُونَ تَائِبُونَ، عَابِدُونَ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ يَقْدَمُ أَهْلَهُ قَالَ: أَوْبًا أَوْبًا إِلَى رَبِّنَا أَوْبًا، لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا

وَهَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ، اللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ ''جب اپنے گھر واپس آتے تو یہ دعا کرتے: ''آيِبُونَ تَائِبُونَ، عَابِدُونَ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ، پھر جب آپ کا اپنے گھر والوں کے پاس آنے کا دن ہوتا تو پڑھتے: أَوْبًا أَوْبًا إِلَى رَبِّنَا أَوْبًا، لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَائِدَةَ إِلَّا يَعْقُوبُ . وَالْمَشْهُورُ: مِنْ حَدِيثِ أَبِي الْأَحْوَصِ سَلَّامِ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ سِمَاكٍ

یہ حدیث زائدہ سے صرف یعقوب ہی روایت کرتے ہیں' مشہور حدیث ابوالاحوص سلام بن سلیم کی ہے جو وہ سماک سے روایت کرتے ہیں۔

1529 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ: نَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ مَسْلَمَةَ بْنِ أَبِي عَطَاءٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالنَّقِيرِ، وَالْمُزَفَّتِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے دباء' حنتم' نقیر' مزفت کے برتنوں سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَوْرٍ إِلَّا أَبُو عَاصِمٍ

یہ حدیث ثور سے صرف ابوعاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

1530 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بِسْطَامٍ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ: نَا الْمُعَلَّى بْنُ الْفَضْلِ الْقُشَيْرِيُّ قَالَ: نَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ، ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ . قَالَتْ عَائِشَةُ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ یہ دعا کرتے تھے: ''يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ، ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ''۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! آپ کو بھی خوف ہے حالانکہ آپ اللہ کے رسول ہیں؟ آپ نے فرمایا: اے عائشہ! انسان کا

1529- أخرجه البخاري: المواقيت جلد2صفحه10 رقم الحديث:523' ومسلم: الأشربة جلد3صفحه1579 .

1530- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:21317 .

فَقُلْتُ بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتَخَافُ وَاَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ اِنَّ قُلُوبَ بَنِي آدَمَ بَيْنَ اُصْبُعَيْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ، فَمَنْ شَاءَ اَنْ يُقَلِّبَهُ مِنَ الضَّلَالَةِ اِلَى الْهُدَى، وَمِنَ الْهُدَى اِلَى الضَّلَالَةِ فَعَلَ

دل رحمٰن کی دوانگلیوں (جیسے اس کی شان کے لائق ہے) کے درمیان ہے، جسے چاہے پلٹ دے گمراہی سے ہدایت کی طرف اور ہدایت سے گمراہی کی طرف دو کر سکتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُبَارَكٍ اِلَّا مُعَلًّى، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث مبارک سے صرف معلّی ہی روایت کرتے ہیں اُسے روایت کرنے میں ابراہیم اکیلے ہیں۔

1531 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الْاَشْهَبِ جَعْفَرُ بْنُ حَيَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ: اِنَّ ابْنِي هٰذَا سَيِّدٌ، وَاِنِّي اَرْجُو اَنْ يُصْلِحَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے متعلق فرمایا کہ یہ میرا بیٹا سردار ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان صلح کروائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَشْهَبِ اِلَّا الْاَنْصَارِيُّ

یہ حدیث ابی اشہب سے صرف انصاری ہی روایت کرتے ہیں۔

1532 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ قَالَ: نَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: قَرَنَ رَسُولُ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حج اور عمرہ ملا کر کیا۔

1531- أخرجه البخاري: المناقب جلد6صفحه727 رقم الحديث: 3629' وأبو داؤد: السنة جلد 4صفحه215 رقم الحديث: 4662' والترمذي: المناقب جلد 5صفحه658 رقم الحديث: 3773' والنسائي: الجمعة جلد 3 صفحه87 (باب مخاطبة الامام رعيته وهو على المنبر)' وأحمد: المسند جلد5صفحه55 رقم الحديث: 20472 .

1532- أخرجه الدارقطني: سننه جلد 2صفحه265 رقم الحديث: 134-133 . وانظر: نصب الراية جلد3 صفحه111 .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ حَجٍّ وَعُمْرَةٍ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَامِرٍ اِلَّا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ

یہ حدیث عمر بن عامر سے صرف سالم بن نوح ہی روایت کرتے ہیں۔

1533 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ قَالَ: نَا اَرْطَاةُ بْنُ اَشْعَثَ اَبُو حَاتِمٍ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَمَسْئُولٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے ہر کوئی نگہبان ہے' اس سے اس (کی رعایا) کے متعلق سوال کیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَرْطَاةَ اَبِي حَاتِمٍ اِلَّا الْجُبَيْرِيُّ

یہ حدیث ارطاۃ ابی حاتم سے صرف جبیری ہی روایت کرتے ہیں۔

1534 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيٰى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَجُلًا رَمٰى امْرَاَتَهُ، وَانْتَفٰى مِنْ وَلَدِهَا فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ بِهِمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَلَاعَنَا كَمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، ثُمَّ قَضٰى بِالْوَلَدِ لِلْمَرْاَةِ، وَفَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور ﷺ کے زمانہ میں اپنی بیوی کو مارا اوراس کی اولاد کی نفی کر دی جو اس عورت کے پیٹ سے تھی' تو رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں کے متعلق لعان کا حکم دیا' پس دونوں نے لعان کیا جس طرح اللہ عزوجل کا حکم ہے' پھر اولاد کا فیصلہ عورت کے لیے کیا اور دونوں کے درمیان لعان کے بعد جدائی کر دی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1535 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمٌ قَالَ: نَا عَمِّي الْقَاسِمُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت حذیفہ بن اُسید رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب نطفہ رحم میں آتا ہے تو اس پر چالیس راتیں گزرتی ہیں تو

1533- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحہ210 .

1534- اخرجه البخاری: التفسير جلد8صفحہ305 رقم الحديث:4748' ومسلم: اللعان جلد2صفحہ1132 .

1535- اخرجه مسلم: القدر جلد4صفحہ2038 .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا وَقَعَتِ النُّطْفَةُ فِي الرَّحِمِ، فَأَتَى عَلَيْهَا أَرْبَعُونَ لَيْلَةً، جَائَهَا الْمَلَكُ، فَقَالَ: يَا رَبِّ، أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى؟ فَيُمْلِي الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ، وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ. فَيَقُولُ: مَا رِزْقُهُ؟ وَمَا عُمْرُهُ؟ فَيُمْلِي الرَّبُّ، وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ. وَيَقُولُ: أَشَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ؟ فَيُمْلِي الرَّبُّ، وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ. ثُمَّ يَطْوِي الصَّحِيفَةَ

ایک فرشتہ اس کے پاس آتا ہے وہ فرشتہ عرض کرتا ہے: اے میرے رب! کیا یہ مرد ہے یا عورت؟ رب تعالیٰ لکھواتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: اس کا رزق کتنا ہے؟ اور اس کی عمر کتنی ہے؟ اللہ عزوجل لکھواتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: کیا یہ بدبخت ہے یا نیک بخت؟ پس رب تعالیٰ لکھوتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے پھر صحیفہ لپیٹ دیا جاتا ہے۔

1536 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمٌ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمِّي الْقَاسِمُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ بِالْفَرَعَةِ مِنَ الْغَنَمِ، مِنْ كُلِّ خَمْسِينَ شَاةً وَاحِدَةٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے بکریوں میں سے فرعہ (بکریوں کے پہلی دفعہ کے بچے) کا حکم دیا ہر پچاس میں سے ایک بکری۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُقَدَّمٌ

یہ دونوں حدیثیں ابن خثیم سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں انہیں روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1537 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خِدَاشٍ قَالَ: نَا سَلْمُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَلِيٍّ يَوْمَ النَّهْرِ، فَقَالَ: اطْلُبُوا الْمُخْدَجَ، فَطُلِبَ فَلَمْ يُوجَدْ، فَقَالَ عَلِيٌّ: وَاللّٰهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ، ثُمَّ قَامَ عَلِيٌّ يَدُورُ فِي الْقَتْلَى، فَانْتَهَى إِلَى رَبْضَةٍ فِي وَطَإٍ مِنَ الْأَرْضِ مِنَ الْقَتْلَى، فَقَالَ: أَثِيرُوا هَؤُلَاءِ، فَأَثِيرُوا،

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نہر کے دن حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا آپ نے فرمایا: ناقص البدن کو تلاش کرو اس کو تلاش کیا لیکن وہ ملا نہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں جھوٹ نہیں بولتا ہوں نہ جھوٹ بلوایا جاتا ہوں پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے مقتولوں میں چکر لگانے لگے قتل کی جگہ زمین پر ایک کٹے ہوئے آدمی کی لاش کے پاس پہنچے تو اس کو ایک گروہ میں پایا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو

1536- اخرجه ابوداؤد: الضحايا جلد 3 صفحه 104 رقم الحديث: 2833 والبيهقي في الكبرى جلد 9 صفحه 524 رقم الحديث: 19340.

فَإِذَا الْمُخْدَجُ، لَهُ عَلَى ذِرَاعِهِ كَثَدْيِ الْمَرْأَةِ، فَكَبَّرَ، وَقَالَ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ

دیکھو! پس اسے دیکھا گیا تو وہ ناقص البدن پایا گیا اور اس کے ہاتھ عورت کی پستان کی طرح تھے' سو آپ نے اللہ اکبر کہا اور فرمایا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا يُونُسُ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلْمٌ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف یونس ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سلم اکیلے ہیں۔

1538 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا سَوَادَةُ بْنُ حَيَّانَ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ قُرَّةَ الْمُزَنِيُّ قَالَ: كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ، يُسْأَلُ عَنِ الصَّرْفِ، فَيُفْتِي بِهِ، فَقَالَ أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ قَوْلًا شَدِيدًا، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مَنِ الْمُتَكَلِّمُ؟ فَقَالُوا: أَبُو سَعِيدٍ، فَقَالَ: مَا كُنْتُ أَرَى أَنَّ رَجُلًا يَسْتَقْبِلُنِي، وَقَدْ عَرَفَ قَرَابَتِي مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَقَالَ أَبُو سَعِيدٍ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْهُ، وَيُحَرِّمُهُ . فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ بَعْدُ إِذَا سُئِلَ عَنْهُ قَالَ: لَقِيَنَا مَنْ هُوَ أَعْلَمُ مِنَّا، فَأَخْبَرَنَا، فَانْتَهَيْنَا

حضرت معاویہ بن قرۃ المزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیع صرف کے متعلق پوچھا جاتا تو آپ اس کے جائز ہونے کا فتویٰ دیتے۔ حضرت ابوسعید نے اس کے متعلق سخت کلام کیا' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ گفتگو کرنے والا کون ہے؟ انہوں نے کہا: ابوسعید! فرمایا: میں نہیں خیال کرتا ہوں کہ کوئی آدمی میرا سامنا کرے گا۔ آپ کو میری رسول اللہ ﷺ سے قرابت کی پہچان نہیں ہے۔ حضرت ابوسعید نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو منع کرتے ہوئے اور اس کو حرام کرتے ہوئے۔ سو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کے بعد جب پوچھا جاتا تو فرماتے: ہم اس سے ملے جو ہم سے زیادہ عالم ہے' اس نے ہم کو بتایا تو ہم اس سے رُک گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ إِلَّا سَوَادَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ

یہ حدیث معاویہ بن قرہ سے صرف سوادہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یعقوب اکیلے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم پر ایک چاند اور پھر ایک چاند گزر جاتا تھا لیکن ہم رسول اللہ ﷺ کے گھر میں آگ نہیں جلاتی تھیں۔ حضرت عروہ بن زبیر فرماتے ہیں کہ اے خالہ! آپ کس شے سے گزارا کرتی تھیں؟ آپ نے فرمایا: دو چیزوں' پانی اور کھجور سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي غَسَّانَ إِلَّا عَلِيٌّ

یہ حدیث ابوغسان سے صرف علی ہی روایت کرتے ہیں۔

1590 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيٌّ قَالَ: نَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

1588- اخرجه البخاري: مسجد مكة جلد3صفحه76 رقم الحديث: 1190' ومسلم: الحج جلد2صفحه1012 .

1589- اخرجه أحمد: المسند جلد 6صفحه79 رقم الحديث: 24474' اخرجه البخاري: الرقاق جلد 11صفحه287 رقم الحديث: 6459' ومسلم: الزهد جلد4صفحه2283 .

1590- اخرجه مسلم: كتاب الجنة جلد4صفحه2205' وابو داؤد: الجنائز جلد2صفحه186 رقم الحديث: 3113 .

اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ مَوْتِهِ بِثَلَاثَةِ اَيَّامٍ، وَهُوَ يَقُولُ: لَا يَمُوتَنَّ اَحَدٌ اِلَّا وَهُوَ يُحْسِنُ الظَّنَّ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

رسول اللہ ﷺ کو آپ کی وفات کے تین دن پہلے فرماتے سنا: کوئی بھی اس دنیا سے نہ جائے گا مگر اس حالت میں کہ وہ اللہ عزوجل سے اچھا گمان رکھتا ہوگا۔

1591 - وَبِهِ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا سَجَدَ اَحَدُكُمْ فَلْيَعْتَدِلْ فِي سُجُودِهِ، وَلَا يَفْتَرِشْ ذِرَاعَيْهِ افْتِرَاشَ الْكَلْبِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہی نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سجدہ کرے تو اپنے سجدہ کو بڑے اطمینان سے کرے اور اپنی کلائیاں کتے کی طرح نہ پھیلائے۔

1592 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيٌّ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اشْتَرَى طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتَّى يَقْبِضَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو کوئی غلہ خریدے تو اس کو آگے فروخت نہ کرے یہاں تک کہ اس پر قبضہ کر لے۔

1593 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيٌّ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اُمِرْتُ بِالسُّجُودِ عَلَى سَبْعَةِ اَعْظُمٍ، وَنُهِيتُ اَنْ اَكُفَّ ثَوْبًا اَوْ شَعْرًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: مجھے سات اعضاء پر سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور مجھے منع کیا گیا ہے کہ میں (دورانِ نماز) کپڑے یا بالوں سے کھیلوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ اِلَّا عَلِيٌّ

یہ حدیث ابوجعفر سے صرف علی ہی روایت کرتے ہیں۔

1594 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ

حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں کہ

1591- اخرجه الترمذی: الصلاة جلد 2 صفحه 65 رقم الحديث: 275' واحمد: المسند جلد 3 صفحه 387 رقم الحديث: 14397 .

1592- اخرجه البخاری: البيوع جلد 4 صفحه 40 رقم الحديث: 2136' ومسلم: البيوع جلد 3 صفحه 1161 .

1593- اخرجه البخاری: الأذان جلد 2 صفحه 347 رقم الحديث: 812' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 354 .

1594- اخرجه مسلم: الطلاق جلد 2 صفحه 1127' وابن ماجة: الطلاق جلد 1 صفحه 674 رقم الحديث: 2086 .

بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ اَنْ تُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، اِلَّا عَلَى زَوْجِهَا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی عورت جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتی ہے وہ میت پر تین دن سے زیادہ سوگ نہ منائے سوائے اپنے شوہر کے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ اِلَّا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا

یہ حدیث یحییٰ بن سعید انصاری سے صرف یحییٰ بن زکریا ہی روایت کرتے ہیں۔

1595 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِمَامٌ جَائِرٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے زیادہ سخت عذاب ظالم بادشاہ کو ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا اَبُو حَفْصٍ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے صرف ابوحفص ہی روایت کرتے ہیں۔

1596 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي غَالِبٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: كَلِمَةُ حَقٍّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا جہاد افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ظالم بادشاہ کے سامنے کلمہ حق کہنا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي غَالِبٍ اِلَّا حَمَّادٌ

یہ حدیث ابی غالب سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

1595- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه239 .

1596- أخرجه ابن ماجة: الفتن جلد 2صفحه1330 رقم الحديث: 4012' وأحمد: المسند جلد 5صفحه296 رقم الحديث 22220 .

1597 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ الطَّائِيُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ قَالَ: نَا اَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ اَمَرَ الْمُسْتَحَاضَةَ بِالْوُضُوءِ لِكُلِّ صَلَاةٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے استحاضہ والی عورت کو حکم دیا کہ وہ ہر نماز کے وقت کے لیے وضو کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَفْرِيقِيِّ وَهُوَ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيٍّ اِلَّا اَبُو يُوسُفَ

یہ حدیث ابو ایوب الافریقی سے صرف ابو یوسف ہی روایت کرتے ہیں' ابوایوب کا نام عبداللہ بن علی ہے۔

1598 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا بِشْرٌ قَالَ: نَا اَبُو يُوسُفَ، عَنِ الْاَجْلَحِ الْكِنْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنِ الْاَعْرَجِ قَالَ: اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ بُحَيْنَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى وَلَمْ يَجْلِسْ فِي الْاُولَيَيْنِ، فَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، ثُمَّ سَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن بحینہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھائی اور پہلی دو رکعتوں (کے بعد التحیات) میں نہیں بیٹھے' تو آپ نے دو سجدے سہو کے کیے' پھر اس کے بعد سلام پھیرا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَجْلَحِ اِلَّا اَبُو يُوسُفَ

یہ حدیث الاجلح سے صرف ابو یوسف ہی روایت کرتے ہیں۔

1599 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا بِشْرٌ قَالَ: نَا اَبُو يُوسُفَ قَالَ: نَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ اَبِي رَبَاحٍ، يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى قَتْلَى اُحُدٍ، فَكَبَّرَ عَلَيْهِمْ تِسْعًا تِسْعًا، ثُمَّ سَبْعًا سَبْعًا، ثُمَّ اَرْبَعًا اَرْبَعًا،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اُحد کے مقتولین کی نماز جنازہ پڑھائی' آپ نے ان پر نو پھر سات پھر چار تکبیریں پڑھیں یہاں تک کہ آپ اللہ عزوجل سے جا ملے۔

1597- انظر: مجمع الزوائد جلد **1** صفحہ **284** .

1598- اخرجه البخاری: السهو جلد **3** صفحہ **111** رقم الحديث: **1224**' ومسلم: المساجد جلد **1** صفحہ **399** .

1599- اخرجه الطبرانی فی الكبير جلد **11** صفحہ **174** رقم الحديث: **11403** . وانظر: مجمع الزوائد جلد **3** صفحہ **37** .

حَتَّى لَحِقَ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا أَبُو يُوسُفَ

یہ حدیث نافع سے صرف ابو یوسف ہی روایت کرتے ہیں۔

1600 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا بِشْرٌ قَالَ: نَا أَبُو يُوسُفَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ: طَلَّقَنِي زَوْجِي ثَلَاثًا، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَا نَفَقَةَ لَكِ وَلَا سُكْنَى

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے شوہر نے مجھے تین طلاقیں دیں' تو میں نبی کریم ﷺ کے پاس آئی تو آپ نے میرے لیے نفقہ اور گھر مقرر نہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا أَبُو يُوسُفَ، وَحَفْصٌ

یہ حدیث اعمش سے صرف ابو یوسف اور حفص ہی روایت کرتے ہیں۔

1601 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ الصَّنْعَانِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى إِلَّا يَزِيدُ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

1602 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا بِشْرٌ قَالَ: نَا أَبُو يُوسُفَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَارَ قَوْمًا مِنَ الْأَنْصَارِ فِي دَرَاهِمْ،

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ انصار کی قوم کے بعض لوگوں سے ملنے اُن کے گھروں میں گئے تو انہوں نے آپ کے لیے بکری ذبح کی اور آپ کے لیے کھانا تیار کیا' آپ نے

1600- أخرجه مسلم: الطلاق جلد2صفحه1117' وأبو داؤد: الطلاق جلد 2صفحه295 رقم الحديث: 2288' والترمذي: الطلاق جلد3صفحه457 رقم الحديث: 1180 .

1601- أخرجه البخاري: الأطعمة جلد9صفحه446 رقم الحديث: 5393' ومسلم: الأشربة جلد3صفحه1631 .

1602- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه176 .

فَذَبَحُوا لَهُ شَاةً، وَصَنَعُوا لَهُ مِنهَا طَعَامًا، فَاَخَذَ مِنَ اللَّحْمِ شَيْئًا لِيَاْكُلَهُ، فَمَضَغَهُ سَاعَةً لَا يُسِيغُهُ، فَقَالَ: مَا شَأْنُ هَذَا اللَّحْمِ؟ فَقَالُوا: شَاةٌ لِفُلَانٍ، ذَبَحْنَاهَا حَتَّى يَجِيءَ صَاحِبُهَا، فَنُرْضِيهِ مِنْ لَحْمِهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَطْعِمُوهَا الْاُسَارَى

گوشت کا ایک ٹکڑا لیا تا کہ آپ کھائیں' آپ اس کو کچھ دیر چباتے رہے لیکن وہ چبائی نہیں گئی۔ آپ نے فرمایا: یہ گوشت کہاں سے لائے ہو؟ انہوں نے عرض کی: یہ فلاں کی بکری تھی' ہم نے اس کو ذبح کر لیا' یہاں تک کہ جب وہ آئے گا تو ہم اس کو اس کے گوشت کے پیسے دیں گے' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ کھانا قیدیوں کو کھلا دو۔

1603 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا بِشْرٌ قَالَ: نَا اَبُو يُوسُفَ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ، فَلَمْ يَدْرِ مَا صَلَّى، فَلْيَتَحَرَّ حَتَّى يَسْتَيْقِنَ، ثُمَّ لِيُتِمَّ عَلَى يَقِينِهِ، ثُمَّ لِيَسْجُدْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو نماز میں شک ہو جائے تو اس کو معلوم نہ ہو کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں تو وہ غور وفکر کرے یہاں تک کہ اس کو یقین ہو جائے' پھر اپنے یقین پر نماز مکمل کرے' پھر دوسجدے سہو کے کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا اَبُو يُوسُفَ

یہ حدیث حسن بن عبداللہ سے صرف ابو یوسف ہی روایت کرتے ہیں۔

1604 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا بِشْرٌ قَالَ: نَا اَبُو يُوسُفَ، عَنْ اَبِي سَعْدٍ الْبَقَّالِ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُونَ وَمِائَةُ صَفٍّ، اُمَّتِي مِنْهَا ثَمَانُونَ صَفًّا

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا: جنت میں اہل جنت کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی' اُن میں سے اسی صفیں میری اُمت کی ہوں گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي سَعْدٍ اِلَّا اَبُو يُوسُفَ

یہ حدیث ابوسعد سے صرف ابو یوسف ہی روایت کرتے ہیں۔

1605 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا بِشْرٌ قَالَ: نَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی

1603- أخرجه البخاري: الصلاة جلد1صفحه600 رقم الحديث: 401' ومسلم: المساجد جلد1صفحه400 .

1604- أخرجه الترمذي: صفة الجنة جلد4صفحه683 رقم الحديث: 2546' وابن ماجة: الزهد جلد 2صفحه1433 رقم الحديث: 4289' وأحمد: المسند جلد5صفحه407 رقم الحديث: 23004 .

1605- أخرجه البخاري: الطب جلد10صفحه157 رقم الحديث: 5694' وأبو داؤد: الصوم جلد 2صفحه319

اَبُو يُوسُفَ، عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ

کریم ﷺ نے روزے کی حالت میں پچھنا لگوایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا اَبُو حَنِيفَةَ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ سُفْيَانَ: مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، وَتَفَرَّدَ بِهِ عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ: اَبُو يُوسُفَ

یہ حدیث حماد سے صرف ابوحنیفہ اور سفیان ثوری ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سفیان' معاویہ بن ہشام اکیلے ہیں' از ابوحنیفہ: ابویوسف روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

1606 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ الطَّائِيُّ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا الْاَئِمَّةَ، وَادْعُوا لَهُمْ بِالصَّلَاحِ، فَاِنَّ صَلَاحَهُمْ لَكُمْ صَلَاحٌ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ائمہ کو گالی نہ دو' انہیں اصلاح کے ساتھ دعوت دو' بے شک ان کی اصلاح ہی تمہارے لیے بہتر ہے۔

1607 - وَبِهِ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِي مِنْخَرَيْ عَبْدٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی راہ میں لگنے والا غبار اور جہنم کا دھواں جمع نہیں ہو سکتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا مُوسَى، تَفَرَّدَ بِهِمَا: عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ الطَّائِيُّ

یہ دونوں حدیثیں مکحول سے صرف موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں' اُن دونوں کو روایت کرنے میں عبدالملک بن عبدربہ الطائی اکیلے ہیں۔

1608 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ الطَّائِيُّ قَالَ: نَا ابْنُ السِّمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ:

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ سو مرتبہ سے زیادہ بیٹھا ہوں' اور آپ ﷺ اپنے صحابہ کے ساتھ تشریف فرما ہوتے

رقم الحديث: 3372 .

1606- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه251-252 .

1607- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه289 .

1608- اخرجه ابن عدى فى الكامل للضعفاء جلد4صفحه1330 .

جَالَسْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ، وَكَانَ يَجْلِسُ مَعَ اَصْحَابِهِ يَتَنَاشَدُونَ الشِّعْرَ، وَرُبَّمَا تَذَاكَرُوا امر الْجَاهِلِيَّةِ، فَيَضْحَكُونَ، وَيَتَبَسَّمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُمْ

تھے وہ اشعار پڑھتے تھے اور بسا اوقات جاہلیت کے کاموں کا تذکرہ کرتے' تو صحابہ کرام ہنستے تھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُن کے ساتھ تبسم فرماتے تھے۔

1609 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ قَالَ: نَا ابْنُ السِّمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رَحِمَ اللّٰهُ مَنْ سَمِعَ مِنَّا حَدِيثًا، فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ، فَرُبَّ مُبَلَّغٍ اَوْعَى مِنْ سَامِعٍ

حضرت عبدالرحمن بن عبداللہ بن مسعود اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: اللہ رحم کرے اس پر جو ہماری حدیث سنے اور اس کو آگے پہنچائے جس طرح اس نے سنی ہے' بسا اوقات سننے والا سنانے والے سے زیادہ یاد رکھنے والا ہوتا ہے۔

1610 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحِلُّ صَفْقَتَانِ فِي صَفْقَةٍ

حضرت ابن عبدالرحمن بن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک عقد میں دو معاملے (سود سے) کرنے حلال نہیں ہیں۔

1611 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ الطَّائِيُّ قَالَ: نَا ابْنُ السِّمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ قَابُوسِ بْنِ مُخَارِقٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَرَاَيْتَ رَجُلًا تَلَقَّانِي بِاَرْضِ فَلَاةٍ يُرِيدُ مَالِي؟ قَالَ: ذَكِّرْهُ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاِنْ لَمْ يَذْكُرْ؟ قَالَ: فَاسْتَعِنْ عَلَيْهِ مَنْ حَوْلَكَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ . قَالَ:

حضرت قابوس بن مخارق اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ بتائیں گے ایسے آدمی کے متعلق جو مجھے جنگل میں ملے اور وہ میرا مال لینا چاہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو اللہ عزوجل کی یاد کراؤ! اس نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر وہ یاد نہ کرے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے اردگرد

1609- اخرجه الترمذي: العلم جلد 5 صفحه 34 رقم الحديث: 2657' واحمد: المسند جلد 1 صفحه 566 رقم الحديث: 4156 .

1610- اخرجه الامام احمد في مسنده جلد 11 صفحه 398' والبزار جلد 2 صفحه 90 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 8714 .

1611- انظر: نصب الراية جلد 4 صفحه 349 .

فَاِنْ لَمْ يَكُنْ حَوْلِي اَحَدٌ؟ قَالَ: فَاسْتَعِنْ عَلَيْهِ بِالسُّلْطَانِ . قَالَ: فَاِنْ نَاَى السُّلْطَانُ عَنِّي؟ قَالَ: فَقَاتِلْ دُونَ مَالِكَ حَتّٰى تَكُونَ مِنْ شُهَدَاءِ الْآخِرَةِ، اَوْ تَمْنَعَ مَالَكَ

مسلمانوں سے ملو اس کے خلاف مدد طلب کرو۔ اس نے عرض کی: اگر میرے اردگرد کوئی نہ ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے خلاف بادشاہ سے مدد طلب کرو۔ عرض کی: یارسول اللہ! میری طرف سے بادشاہ کو کون بتائے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے مال کی حفاظت میں لڑحتیٰ کہ تو آخرت کے شہداء میں ہو جائے یا اس کو اپنا مال لینے سے روک۔

1612 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ قَالَ: نَا ابْنُ السِّمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ جَدَّتِهِ اُمِّ هَانِءٍ بِنْتِ اَبِي طَالِبٍ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ، وَاَنَا صَائِمَةٌ فَاَتَيْتُهُ بِقَدَحٍ مِنْ لَبَنٍ، فَشَرِبَ، وَقَالَ: اشْرَبِي ، فَقُلْتُ: اِنِّي صَائِمَةٌ، فَقَالَ: اَصَوْمُ قَضَاءٍ؟ قُلْتُ: لَا ـ قَالَ: فَاشْرَبِي فَشَرِبْتُ

حضرت جعدہ بن ہبیرہ اپنی دادی حضرت اُم ہانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں کہ وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس فتح مکہ کے دن اس حال میں آئے کہ میں روزہ کی حالت میں تھی' سو میں آپ کے لیے دودھ کا پیالہ لے کر آئی تو آپ نے پیا اور فرمایا: تو پی! میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تو قضاء کے روزہ رکھ رہی ہو؟ میں نے عرض کی: نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھر پی' تو میں نے پی لیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنِ ابْنِ سِمَاكٍ وَّاسْمُهُ: سَعِيدٌ، اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ

یہ احادیث ابن سماک سے صرف عبدالملک ہی روایت کرتے ہیں' ابن سماک کا نام سعید ہے۔

1613 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ نَصْرٍ الْخُرَاسَانِيُّ قَالَ: نَا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نَا اُنَيْسُ بْنُ سَوَّارٍ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى اَنْ يَخْلُقَ النَّسَمَةَ، فَجَامَعَ الرَّجُلُ الْمَرْاَةَ، طَارَ مَاؤُهُ فِي كُلِّ

حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ عزوجل کسی جان کو پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو مرد عورت سے جماع کرتا ہے' مرد کا پانی اس عورت کی ہر رگ اور پٹھوں میں جاتا ہے' جب سات دن ہو جاتے ہیں تو اللہ عزوجل اس کے لیے حاضر کرتا ہے ہر رگ کو جو اس کے اور انسان کے

1612- انظر: الثقات جلد6 صفحه366 .

عِرْقٍ وَّعَصَبٍ مِّنْهَا. فَإِذَا كَانَ يَوْمُ السَّابِعِ اَحْضَرَ اللّٰهُ لَهُ كُلَّ عِرْقٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَ آدَمَ. ثُمَّ قَرَأَ: (فِي اَيِّ صُورَةٍ مَّا شَاءَ رَكَّبَكَ) (الانفطار: 8)

درمیان ہوتی ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت پڑھی: ''فِیْ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَاءَ رَكَّبَكَ'' (الانفطار: ۸)۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ مَالِكٍ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اُنَيْسٌ

یہ حدیث مالک سے صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے' اسے روایت کرنے میں انیس اکیلے ہیں۔

1614 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا شَبَابٌ قَالَ: نَا عَوْنُ بْنُ كَهْمَسِ بْنِ الْحَسَنِ قَالَ: نَا عِمْرَانُ بْنُ حُدَيْرٍ قَالَ: نَا رَجُلٌ، مِنَّا يُقَالُ لَهُ: مُقَاتِلٌ، عَنْ قُطْبَةَ بْنِ قَتَادَةَ السَّدُوسِيِّ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ابْسُطْ يَدَكَ اُبَايِعْكَ عَلَى نَفْسِي، وَعَلَى ابْنَتِي الْحُوَيْصِلَةِ وَلَوْ كَذَبْتُ عَلَى اللّٰهِ لَخَدَعْتُكَ قَالَ: وَحَمَلَ عَلَيْنَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فِي خَيْلِهِ، فَقُلْنَا: إِنَّا مُسْلِمُونَ، فَتَرَكَنَا. وَغَزَوْنَا مَعَهُ الْاُبُلَّةَ، فَقَسَمْنَاهَا، فَمَلَأْنَا اَيْدِيَنَا

حضرت عمران بن حدیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم میں سے ایک آدمی تھا جسے مقاتل کہا جاتا تھا' وہ حضرت قطبہ بن قتادہ سدوسی سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ہاتھ پھیلائیں' میں اپنی اور حویصلہ دونوں بھائیوں کی طرف سے بیعت کرنا چاہتا ہوں' اگر میں اللہ پر جھوٹ بولوں تو میں آپ کو دھوکہ دوں گا۔ اس حالت میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے ہم پر ہتھیار سونتا' ہم نے کہا: بے شک ہم مسلمان ہیں' تو انہوں نے ہم کو چھوڑ دیا' ہم نے ان (حضرت خالد رضی اللہ عنہ) کے ساتھ جہاد کیا' وہاں ہم نے مالِ غنیمت تقسیم کیا تو ہم نے اپنے برتن بھر لیے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ قُطْبَةَ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَوْنٌ

یہ حدیث حضرت قطبہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں عون اکیلے ہیں۔

1615 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا شَبَابٌ قَالَ: نَا عَوْنُ بْنُ كَهْمَسٍ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَيْرُ اَهْلِ الْمَشْرِقِ عَبْدُ الْقَيْسِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اہل مشرق کے بہترین لوگ عبدالقیس ہیں۔

1615- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه52 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا عَوْنٌ

یہ حدیث ہشام سے صرف عون ہی روایت کرتے ہیں۔

1616 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا شَبَابٌ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِسْحَاقَ الْهَاشِمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ خَوَّاتِ بْنِ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتِ بْنِ جُبَيْرٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ خَوَّاتِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا أَسْكَرَ كَثِيرُهُ، فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ

حضرت خوات بن جبیر انصاری از والدخود از جد خود از نبی کریم ﷺ روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو شے نشہ دے چاہے وہ تھوڑی ہو یا زیادہ وہ حرام ہے۔

1617 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّهْمِيُّ قَالَ: نَا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيُّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي قَبْلَ الْجُمُعَةِ أَرْبَعًا، وَبَعْدَهَا أَرْبَعًا، يَجْعَلُ التَّسْلِيمَ فِي آخِرِهِنَّ رَكْعَةً

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جمعہ کی نماز سے پہلے چار رکعتیں اور بعد میں چار رکعتیں ادا کرتے تھے اور سلام ان کی آخری رکعت میں پھیرتے تھے (یعنی ایک سلام کے ساتھ چار رکعت ادا کرتے تھے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا حُصَيْنٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ حُصَيْنٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّهْمِيُّ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف حصین اور حصین سے صرف محمد بن عبدالرحمٰن السہمی ہی روایت کرتے ہیں۔

1618 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنْ نَزَلَ بِنَا أَمْرٌ لَيْسَ فِيهِ بَيَانٌ:

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر ہم کو ایسا معاملہ پیش آ جائے تو اس کے متعلق کوئی بیان وحکم نہی نہ ہو تو پھر آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: فقہاء و عابدین

1616- انظر: الضعفاء الكبير للعقيلي جلد2صفحه233 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه60 .

1617- انظر: فتح البارى جلد2صفحه494 .

1618- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه181 .

اَمْرٌ وَّلا نَهْىٌ، فَمَا تَأمُرُنَا؟ قَالَ: تُشَاوِرُونَ الْفُقَهَاءَ وَالْعَابِدِينَ، وَلَا تُمْضُوا فِيهِ رَأىَ خَاصَّةٍ

سے مشورہ کرلو اور تم اس میں خاص رائے نہ پیش کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ صَالِحٍ إِلَّا نُوحٌ

یہ حدیث ولید بن صالح سے صرف نوح ہی روایت کرتے ہیں۔

1619 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ اَبِى كَرِيمَةَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِى عَبْدِ الرَّحِيمِ خَالِدِ بْنِ اَبِى يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ بُخْتٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا مَثَلُ آجَالِكُمْ فِيمَا خَلَا مِنَ الْاُمَمِ، كَمَثَلِ مَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ اِلَى مَغْرِبِ الشَّمْسِ، وَاَمَّا مَثَلُكُمْ وَمَثَلُ الْيَهُودِ وَالنَّصَارَى، كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَعْمَلَ عُمَّالًا، فَقَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِى اِلَى نِصْفِ النَّهَارِ عَلَى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ؟ فَعَمِلَتِ الْيَهُودُ اِلَى نِصْفِ النَّهَارِ عَلَى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ، وَعَمِلَتِ النَّصَارَى مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ اِلَى صَلَاةِ الْعَصْرِ عَلَى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ . ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِى مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ اِلَى مَغْرِبِ الشَّمْسِ عَلَى قِيرَاطَيْنِ قِيرَاطَيْنِ؟ اَلَا فَلَكُمُ الْاَجْرُ مَرَّتَيْنِ، فَغَضِبَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى، فَقَالُوا: لَنَا نَحْنُ اَكْثَرُ عَمَلًا وَاَقَلُّ عَطَاءً؟ فَقَالَ: هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ حَقِّكُمْ شَيْئًا؟ قَالُوا: لَا . قَالَ: فَإِنَّهُ فَضْلِى اُعْطِيهِ مَنْ شِئْتُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہاری میعاد کی مثال اور تم سے پہلے گزرے ہوئی اُمتوں کی مثال اس طرح ہے جیسے عصر کی نماز سے سورج کے غروب ہونے تک اور تمہاری مثال اور یہود و نصاریٰ کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جو کسی کو کسی کام پر مقرر کرے تو اس کو کہے: کون ہے جو میرے لیے نصف دن تک ایک ایک قیراط پر کام کرے گا؟ تو یہود نے آدھا دن ایک ایک قیراط پر کام کیا اور عیسائیوں نے دوپہر سے عصر کی نماز تک ایک ایک قیراط پر کام کیا۔ پھر کہا: کون میرے لیے عصر کی نماز سے سورج کے غروب ہونے تک دو قیراط پر کام کرے گا؟ سنو! تمہارے لیے دو اجر ہیں؟ پس یہودی و عیسائی ناراض ہوئے' انہوں نے کہا: ہمارا کام زیادہ ہے اور مزدوری کم ہے؟ (اللہ تعالیٰ ارشاد) فرماتا ہے: کیا میں نے تمہارے حق میں ذرا بھی ظلم کیا ہے؟ انہوں نے کہا: نہیں کیا' تو (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا: یہ میرا فضل ہے جسے چاہوں میں عطا کروں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ اِلَّا اَبُو عَبْدِ الرَّحِيمِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث عبدالوہاب سے صرف ابوعبدالرحیم روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن سلمہ اکیلے

1619- اخرجه البخاري: احاديث الأنبياء جلد 6 صفحه 517 رقم الحديث: 3459' والترمذي: الأمثال جلد 5 صفحه 153 رقم الحديث: 2871 .

ہیں۔

1620 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ رَجَاءٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا الْمُثَنَّى بْنُ سَعِيدٍ اَبُو غِفَارٍ، بَيَّاعُ الطَّنَافِسِ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الشَّعْثَاءِ جَابِرَ بْنَ زَيْدٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوبُ اِلَيْهِ مِنَ الصَّرْفِ، قَدْ لَقِيتُ مَنْ هُوَ اَعْلَمُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّي، فَاَخْبَرَنِي اَنَّهُ حَرَامٌ

حضرت جابر بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو فرماتے سنا: میں اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں اور میں اس کی بارگاہ میں بیع صرف سے توبہ کرتا ہوں' بلاشبہ میں نے اس سے ملاقات کی جو مجھ سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جانتے ہیں' انہوں نے مجھے بتایا کہ وہ حرام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي غِفَارٍ اِلَّا عِيسَى

یہ حدیث ابوغفار سے صرف عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

1621 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعَقِيقَةِ قَالَ: مَنْ وُلِدَ لَهُ وَلَدٌ، فَاَحَبَّ اَنْ يَنْسُكَ عَنْهُ، فَلْيَفْعَلْ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عقیقہ کے متعلق فرمایا جس کے ہاں بچہ ہو اور وہ پسند کرے کہ اس کی طرف سے قربانی کرے تو وہ ایسا کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث زہری سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

1622 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: قَرَاْنَا عَلَى مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: ذُكِرَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَجُوسُ، فَقَالَ: اِنَّهُمْ يُوَفِّرُونَ سِبَالَهُمْ، وَيَحْلِقُونَ لِحَاهُمْ، فَخَالِفُوهُمْ فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَسْتَعْرِضُ سَبَلَتَهُ، فَيَجُزُّهَا كَمَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے مجوسی کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: وہ مونچھیں بڑھاتے ہیں اور داڑھی منڈواتے ہیں' تم اُن کی مخالفت کرو۔ پس حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ مونچھیں کٹواتے تھے' اُن کو صاف کرتے تھے جس طرح کہ بکری صاف کرتی ہے۔

1621- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 6014 .

يَجْتَزُّ الشَّاةَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَيْمُونٍ إِلَّا مَعْقِلٌ

یہ حدیث میمون سے صرف معقل ہی روایت کرتے ہیں۔

1623 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ قَالَ: قَرَأْنَا عَلَى مَعْقِلٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: طَلَّقْتُ امْرَأَتِي عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ طَامِثٌ، فَحَدَّثَ بِذَلِكَ عُمَرُ رَسُولَ اللّٰهِ، فَرَدَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ امْرَأَتَهُ، فَلَمَّا طَهُرَتْ قَالَ: طَلِّقْ إِنْ شِئْتَ، أَوْ أَمْسِكْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی تو یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کو بتائی' تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت عبداللہ پر ان کی عورت واپس کر دی' پس جب وہ حالت حیض سے پاک ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تو چاہے تو طلاق دے یا روک لے۔

1624 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كُنَّا نَأْكُلُ تَمْرًا، عَلَى تُرْسٍ، فَمَرَّ بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ جَاءَ مِنَ الْغَائِطِ، فَقُلْنَا: هَلُمَّ، فَتَقَدَّمَ، فَأَكَلَ مَعَنَا مِنَ التَّمْرِ، وَلَمْ يَمَسَّ مَاءً

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا عَمْرٌو، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ترک پر کھجور کھاتے تھے' ہمارے پاس سے رسول اللہ ﷺ گزرے' آپ رفع حاجت سے فارغ ہو کر آ رہے تھے' ہم نے عرض کی: آپ تشریف لائیں! پس آپ آئے اور آپ نے ہمارے ساتھ کھجوریں کھائیں اور آپ نے پانی کو ہاتھ بھی نہیں لگایا تھا۔

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف عمرو ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں موسیٰ اکیلے ہیں۔

1625 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُعَلَّلُ بْنُ نُفَيْلٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مِحْصَنٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِنْفَانِ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ لَا

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کے دو قسم کے لوگوں کو میری شفاعت نہیں ملے گی: مرجئہ اور قدریہ کو۔

1623- أخرجه البخاري: الطلاق جلد9صفحه258 رقم الحديث: 5251' ومسلم: الطلاق جلد2صفحه1093 .

1624- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 2715 .

1625- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه209 .

تَنَالُهُمَا شَفَاعَتِي: الْمُرْجِئَةُ، وَالْقَدَرِيَّةُ

1626 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُعَلَّلُ بْنُ نُفَيْلٍ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: خَدَمْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا ابْنُ عَشْرِ سِنِينَ، وَقُبِضَ وَاَنَا ابْنُ عِشْرِينَ سَنَةً

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے دس سال رسول اللہ ﷺ کی خدمت کی اور آپ ﷺ کا وصال ہوا تو میں بیس سال کا تھا۔

1627 - وَبِهِ: قَالَ: (خر) رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ فَرَسٍ، فَجُحِشَ شِقُّهُ الْاَيْمَنُ، فَصَلَّى بِنَا قَاعِدًا، وَصَفَفْنَا مَعَهُ قُعُودًا، فَلَمَّا انْصَرَفْنَا، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوا، وَاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا، وَاِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقُولُوا: رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، وَاِذَا صَلَّى قَائِمًا فَصَلُّوا قِيَامًا، وَاِذَا صَلَّى قَاعِدًا فَصَلُّوا قُعُودًا اَجْمَعِينَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے' آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ گھوڑے سے گرے اور آپ کا دایاں پہلو زخمی ہوا' تو آپ نے ہم کو بیٹھ کر نماز پڑھائی' ہم نے بھی آپ کے پیچھے بیٹھ کر صفیں باندھیں' پھر جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: امام اس لیے بنایا جاتا ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے جب وہ تکبیر پڑھے تو تم بھی تکبیر پڑھو اور جب امام رکوع کرے تو تم بھی رکوع' اور جب امام سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم ربنا لک الحمد کہو' جب امام بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم بھی بیٹھ کر پڑھو اور جب امام کھڑے ہو کر نماز پڑھے تم بھی کھڑے ہو کر نماز پڑھو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ اِلَّا مُوسَى

یہ حدیث اسحاق سے صرف موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

1628 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ النُّعْمَانِ الْفَرَّاءُ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خِرَاشٍ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ مَجْزَاَةَ بْنِ زَاهِرٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، اَنَّ عَمَّهُ ضَرَبَ رَجُلًا

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ اُن کے چچا نے مشرکین کے ایک آدمی کو مارا' اس نے ان کو قتل کیا اور اپنے آپ کو زخمی کیا اور کہنے لگا: میں نے اپنے آپ کو قتل کیا ہے؟ یہ بات نبی کریم ﷺ تک

1627- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه339 رقم الحديث:805' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه308 .

1628- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:15216 .

مِنَ الْمُشْرِكِينَ، فَقَتَلَهُ وَجَرَحَ نَفْسَهُ، فَأَنْشَا يَقُولُ: قَتَلْتُ نَفْسِي . فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَهُ أَجْرَانِ

پہنچی تو آپ نے فرمایا: اس کے لیے دو ثواب ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ خِرَاشٍ . تَفَرَّدَ بِهِ: أَحْمَدُ بْنُ النُّعْمَانِ

یہ حدیث ربیع بن ابی ربیع سے صرف عبداللہ بن خراش ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں احمد بن نعمان اکیلے ہیں۔

1629 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ السَّيَّارِيُّ قَالَ: نَا مُبَارَكُ بْنُ سُحَيْمٍ، مَوْلَى عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ‘ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے‘ وہ شہید ہے۔

1630 - وَعَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: تَعَلَّمُوا سُورَةَ الْبَقَرَةِ، فَإِنَّ أَخْذَهَا بَرَكَةٌ، وَتَرْكَهَا حَسْرَةٌ، وَلَا تَسْتَطِيعُهَا الْبَطَلَةُ

نبی کریم ﷺ سے روایت ہے کہ آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: سورۂ بقرہ یاد کرو‘ اس کا یاد کرنا برکت ہے اور اس کا چھوڑ دینا حسرت ہے‘ اور بے کار اس کی طاقت نہیں رکھتا ہے۔

1631 - وَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْمُؤَنَّثِينَ مِنَ الرِّجَالِ، وَالْمُذَكَّرَاتِ مِنَ النِّسَاءِ

نبی کریم ﷺ نے ان مردوں پر لعنت فرمائی جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں اور اُن عورتوں پر بھی لعنت فرمائی جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں۔

1632 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ الْمَغَازِلِيُّ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ‘ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: وضو نماز کی

1629- أخرجه البزار جلد2صفحه264 .

1630- انظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه316 .

1631- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه106 .

1632- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2صفحه3 رقم الحديث: 238' وابن ماجة: الطهارة جلد1صفحه101 رقم الحديث: 276 . وانظر: نصب الراية للحافظ الزيلعي جلد1صفحه308 .

الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوُضُوءُ مِفْتَاحُ الصَّلَاةِ

چابی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمَغَازِلِيُّ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف محمد بن حمیر ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں مغازلی اکیلے ہیں۔

1633 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ الْمَغَازِلِيُّ قَالَ: نَا اَبُو ضَمْرَةَ اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ اُمَيَّةَ، اَنَّهُ اَعَارَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِلَاحًا، وَهِيَ ثَمَانُونَ دِرْعًا، فَقَالَ لَهُ صَفْوَانُ: عَارِيَةٌ مَضْمُونَةٌ اَوْ غَصْبًا؟ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ عَارِيَةٌ مَضْمُونَةٌ

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے کچھ اسلحہ عاریۃً (ادھار) لیا اور وہ اسّی زرہیں تھیں۔ حضرت صفوان نے آپ سے عرض کی: عاریۃً تاوان یا غصب کے طور پر؟ تو نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: بلکہ عاریۃً ضمانت کے ساتھ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرٍ اِلَّا اَبُو ضَمْرَةَ . تَفَرَّدَ بِهِ: الْمَغَازِلِيُّ

یہ حدیث جعفر سے صرف ابوضمرہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں مغازلی اکیلے ہیں۔

1634 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا حَمْزَةُ بْنُ سَعِيدٍ الْمَرْوَزِيُّ، بِطَرَسُوسَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر نشہ آور شے حرام ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا عَلِيٌّ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف علی ہی روایت کرتے ہیں۔

1635 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا حَمْزَةُ بْنُ

حضرت حذیفہ بن اسید مرفوعاً روایت بیان کرتے

1633- اخرجه البيهقي: الكبرٰى جلد6صفحه148 رقم الحديث: 11481 .

1634- اخرجه مسلم: الأشربة جلد3صفحه1586' وأبو داؤد: الأشربة جلد3صفحه327 رقم الحديث: 3687 .

1635- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه11 .

سَعِيدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ، اُرَاهُ رَفَعَهُ قَالَ: تَخْرُجُ الدَّابَّةُ مِنْ اَعْظَمِ الْمَسَاجِدِ حُرْمَةً . فَبَيْنَا هُمْ قُعُودٌ، اِذْ رَنَّتِ الْاَرْضُ، فَبَيْنَا هُمْ كَذَلِكَ، اِذْ تَصَدَّعَتْ قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: تَخْرُجُ حِينَ يَسْرِي الْاِمَامُ مِنْ جَمْعٍ، وَاِنَّمَا جَعَلَ سَابِقُ الْحَاجِّ لِيُخْبِرَ النَّاسَ اَنَّ الدَّابَّةَ لَمْ تَخْرُجْ

ہیں کہ جانور (جو قربِ قیامت نکلے گا) بڑی حرمت والی مسجدوں سے نکلے گا' وہ بیٹھے ہوں گے تو اچانک زمین آواز دے گی' وہ اس حالت میں ہوں گے کہ اچانک وہ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گے۔ ابن عیینہ فرماتے ہیں: وہ نکلے گا جس وقت امام مزدلفہ سے نکلے گا' وہ حاجیوں سے آگے جائے گا' ہم لوگوں کو خبر دیں گے کہ بے شک جانور نہیں نکلا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا سُفْيَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَمْزَةُ بْنُ سَعِيدٍ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف سفیان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حمزہ بن سعید اکیلے ہیں۔

1636 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَوَى اِلَى فِرَاشِهِ، وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى تَحْتَ خَدِّهِ الْاَيْمَنِ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب اپنے بستر پر آتے تو اپنے دائیں ہاتھ کو دائیں رخسار کے نیچے رکھتے' پھر پڑھتے: اَللّٰهُمَّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ ۔ اے اللہ! مجھے اپنے عذاب سے بچا! جس دن تُو اپنے بندوں کو اُٹھائے گا۔

فائدہ: تعلیم اُمت کے لیے کیونکہ انبیاء کرام گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا مُوسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدٌ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے صرف موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سعید اکیلے ہیں۔

1637 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو مُوسَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1636- اخرجه الترمذی: الدعوات جلد5صفحه471 رقم الحديث: 3399' واحمد: المسند جلد 4صفحه344 رقم الحديث: 18501' وابن حبان فی موارد الظمآن رقم الحديث: 2350 .

1637- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه415 .

عِيسَى بْنُ يُونُسَ الطَّرَسُوسِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ الْقَرْقَسَانِيُّ قَالَ: نَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِينَ مَا لَا عَيْنٌ رَاَتْ، وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے وہ کچھ تیار کر رکھا ہے جو کسی آنکھ نے دیکھا نہیں اور کسی کان نے اس کے متعلق سنا نہیں اور کسی انسان کے دل میں اس کا خیال بھی نہیں آیا ہے۔

1638 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا رَاَيْتُ مِثْلَ الْجَنَّةِ، نَامَ طَالِبُهَا، وَمَا رَاَيْتُ مِثْلَ النَّارِ، نَامَ هَارِبُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے جنت کی مثل نہیں دیکھا کہ اس کا طالب سوئے اور جہنم کی مثل نہیں دیکھا کہ اس کا سونے والا اس سے بھاگتا نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا هَمَّامٌ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ

یہ دونوں حدیثیں قتادہ سے صرف ہمام ہی روایت کرتے ہیں ان کو روایت کرنے میں محمد بن مصعب اکیلے ہیں۔

1639 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفَّى قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ: سَبَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَلَّى اَبُو بَكْرٍ، وَثَلَّثَ عُمَرُ ثُمَّ خَبَطَتْنَا فِتْنَةٌ، فَمَا شَاءَ اللّٰهُ

حضرت عبد خیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ سبقت لے گئے اور حضرت ابوبکر نے نماز پڑھی اور تہائی حضرت عمر نے پھر ہمیں فتنہ پہنچا جو اللہ نے چاہا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ اِلَّا اَبُو الْاَحْوَصِ، وَلَا عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ اِلَّا مُعَاوِيَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفَّى

یہ حدیث خالد سے ابوالاحوص اور ابوالاحوص سے صرف معاویہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں محمد بن مصفّٰی اکیلے ہیں۔

1640 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ زَيْدٍ الْخَطَّابِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے بنی ہاشم! عنقریب

1640- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه284 .

دَاوُدَ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بَنِي هَاشِمٍ، إِنَّكُمْ سَتُصِيبُكُمْ بَعْدِي جَفْوَةٌ، فَاسْتَعِينُوا عَلَيْهَا بِأَرِقَّاءِ النَّاسِ

میرے بعد تمہیں بے وفائی پہنچے گی' تم ان کی نرم دل لوگوں کے ساتھ مدد کرنا۔

1641 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِسْحَاقُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي دَاوُدَ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ ذَكَرَ اللّٰهَ فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ حَتَّى تُصِيبَ الْأَرْضَ دُمُوعُهُ لَمْ يُعَذِّبْهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اللہ کا ذکر کرے اس کی آنکھوں سے اللہ کے ڈر سے آنسو نکل آئیں اور اس کے آنسو زمین تک پہنچ جائیں تو اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کو عذاب نہیں دے گا۔

1642 - وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى عَلَيَّ بَلَغَتْنِي صَلَاتُهُ، وَصَلَّيْتُ عَلَيْهِ، وَكُتِبَتْ لَهُ سِوَى ذَلِكَ عَشْرُ حَسَنَاتٍ

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھ پر درود پڑھا تو اس کا درود مجھے پہنچایا جاتا ہے' اور میں اس کے لیے دعا کرتا ہوں تو اس کے لیے میری دعا کے علاوہ دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ دونوں حدیثیں ابوجعفر سے صرف محمد بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

1643 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ هُبَيْرَةَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ الْمَازِنِيُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْأَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ،

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جس نے (جھوٹی) قسم کے ساتھ اپنے مسلمان بھائی کا مال لیا تو وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اللہ عزوجل اُس

1641- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 4 صفحه 260' والترغيب والترهيب للمنذرى جلد 4 صفحه 228 رقم الحديث: 2 .

1642- انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 165 .

1643- انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 183 .

عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ، لَقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ، عَذَّبَهُ اَوْ غَفَرَ لَهُ

پر غضبناک ہوگا' پھر اللہ چاہے تو اُسے عذاب دے چاہے تو معاف فرمادے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ هُبَيْرَةَ الْبَصْرِيُّ

یہ حدیث حماد سے صرف سعید بن ہبیرۃ البصری ہی روایت کرتے ہیں۔

1644 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَنْطَاكِيُّ، ونا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو صَالِحٍ الْفَرَّاءُ قَالَ: نَا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ الْمُشْرِكُونَ يُفِيضُونَ مِنْ عَرَفَةَ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ، وَلَا يُفِيضُونَ مِنْ جَمْعٍ حَتَّى تَزُولَ الشَّمْسُ، فَخَالَفَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَفَعَ مِنْ عَرَفَةَ بَعْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ حِينَ اَفْطَرَ الصَّائِمُ، ثُمَّ دَفَعَ مِنْ جَمْعٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مشرکین غروبِ شمس سے پہلے عرفات سے لوٹ آتے اور مزدلفہ سے زوالِ شمس سے پہلے نہیں لوٹتے تھے۔ تو رسول اللہ ﷺ ان کی مخالفت کرتے تھے' آپ عرفات سے غروب الشمس کے بعد واپس آتے جس وقت روزہ افطار کرتا ہے' پھر مزدلفہ سے طلوعِ شمس سے پہلے واپس آتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث سفیان سے صرف ابواسحاق الفزاری ابراہیم بن محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

1645 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ قَالَ: نَا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ، عَنْ

حضرت یسر بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے جھنڈا حضرت عبداللہ بن رواحہ کو دیا' وہ زخمی ہوئے تو انہوں نے ثابت بن اقرم انصاری کو دے

1644- أخرجه البخاری: مناقب الأنصار جلد 7 صفحه 183 رقم الحدیث: 3838' والترمذی: الحج جلد 3 صفحه 233 رقم الحدیث: 896 .

1645- أخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد 11 صفحه 334 رقم الحدیث: 1000 . انظر: مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 254-255 .

سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ اَبِي الْيَسَرِ بْنِ عَمْرٍو الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: اَنَا دَفَعْتُ الرَّايَةَ، اِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ وَاُصِيبَ، فَدَفَعَهَا اِلَى ثَابِتِ بْنِ اَقْرَمَ الْاَنْصَارِيِّ، فَدَفَعَهَا اِلَى خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، فَقَالَ: لِمَ تَدْفَعُهَا اِلَيَّ؟ قَالَ: اَنْتَ اَعْلَمُ بِالْقِتَالِ مِنِّي

دیا' انہوں نے خالد بن ولید کو دے دیا' انہوں نے فرمایا کہ مجھے کیوں نہیں دیا؟ فرمایا: آپ مجھ سے زیادہ لڑائی کے معاملات جانتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ اِلَّا اَبُو اِسْحَاقَ

یہ حدیث سفیان بن عیینہ سے صرف ابواسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

1646 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ اَبِي الْعِشْرِينَ قَالَ: نَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى كَتَبَ الْعَدْلَ، وَاِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَذْبَحَ فَلْيُحِدَّ شَفْرَتَهُ، وَلْيُرِحْ ذَبِيحَتَهُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے انصاف لکھ دیا ہے' اور جب تم میں سے کوئی ذبح کرنے کا ارادہ کرے تو وہ اپنی چھری کو تیز کرے اور وہ اپنے ذبح ہونے والے جانور کو سکون پہنچائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا ابْنُ اَبِي الْعِشْرِينَ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامٌ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف ابن ابی العشرین ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ہشام اکیلے ہیں۔

1647 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَخِيهِ زَيْدِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لَنَا وَلَا لِمَوَالِينَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: صدقہ ہمارے اور ہمارے غلاموں کے لیے حلال نہیں ہے۔

1646- اخرجه مسلم: الصيد جلد 3 صفحه 1548' وابو داؤد: الضحايا جلد 3 صفحه 100 رقم الحديث: 2815' والترمذي: الديات جلد 4 صفحه 23 رقم الحديث: 1409 .

1647- انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 94 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدٍ إِلَّا أَخُوهُ عُمَرُ، وَلَا عَنْ عُمَرَ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامٌ

یہ حدیث زید سے اُن کے بھائی عمر اور عمر سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ہشام اکیلے ہیں۔

1648 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الدَّجَّالُ أَحْمَرُ هِجَانٌ، ضَخْمٌ فَيْلَمِيٌّ، كَأَنَّ شَعْرَ رَأْسِهِ أَغْصَانُ شَجَرَةٍ، كَأَنَّ عَيْنَهُ كَوْكَبُ الصُّبْحِ، فَشَبَّهْتُهُ بِعَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قَطَنٍ، مِنْ خُزَاعَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: دجال سفید سرخ رنگ کا ہو گا' اس کا ہونٹ موٹا ہوگا' اس کے سر کے بال درختوں کی ٹہنی کی طرح ہوں گے' اس کی آنکھ صبح کے ستارے کی طرح ہوگی' وہ قبیلہ خزاعہ کے عبدالعزیٰ بن قطن کے مشابہ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا عُفَيْرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عفیر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔

1649 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْأَذَنِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ بِأَصَابِعِهِ الثَّلَاثِ: بِالْإِبْهَامِ، وَالَّتِي تَلِيهَا، وَالْوُسْطَى، ثُمَّ رَأَيْتُهُ يَلْعَقُ أَصَابِعَهُ الثَّلَاثَ قَبْلَ أَنْ يَمْسَحَهَا، وَيَلْعَقُ الْوُسْطَى، ثُمَّ الَّتِي تَلِيهَا، ثُمَّ الْإِبْهَامَ

1693 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو يَزِيدَ عَمْرُو بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نَا سَيْفُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ، وَكَانَ ثِقَةً عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْعَيَّارِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الدِّمَشْقِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَلْ نَرَى رَبَّنَا عَزَّ وَجَلَّ؟ قَالَ: هَلْ تَرَوْنَ الشَّمْسَ فِي يَوْمٍ لَا غَيْمَ فِيهِ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، وَتَرَوْنَ الْقَمَرَ فِي لَيْلَةٍ لَا غَيْمَ فِيهَا؟ قُلْنَا: نَعَمْ قَالَ: فَإِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ حَتَّى إِنَّ أَحَدَكُمْ لَيُخَاصِرُ رَبَّهُ مُخَاصَرَةً، يَقُولُ: عَبْدِي، تَذْكُرُ ذَنْبَ كَذَا وَكَذَا . فَيَقُولُ: رَبِّ أَلَمْ تَغْفِرْ لِي؟ فَيَقُولُ: بِمَغْفِرَتِي صِرْتَ إِلَى هَذَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم اپنے رب عزوجل کو دیکھیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم سورج کو نہیں دیکھتے ہو جب آسمان میں بادل وغیرہ نہ ہوں؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! اور تم چاند کو نہیں دیکھتے جس رات آسمان میں بادل وغیرہ نہ ہوں؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اسی طرح عنقریب تم اپنے رب عزوجل کو دیکھو گے یہاں تک کہ تم اپنے رب کے ہاں حاضر ہو گے' اللہ عزوجل اس کو فرمائے گا: میرے بندے! تجھے فلاں فلاں گناہ یاد ہے؟ تو وہ بندہ عرض کرے گا: اے میرے رب! کیا تُو مجھے معاف نہیں کرے گا! اللہ عزوجل فرمائے گا: میری بخشش اس جگہ تک وسیع ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا سَعِيدٌ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا سَلَمَةُ، وَلَا عَنْ سَلَمَةَ إِلَّا سَيْفٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو يَزِيدَ

یہ حدیث زہری سے سعید اور سعید سے صرف سلمہ اور سلمہ سے صرف سیف ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابویزید اکیلے ہیں۔

1694 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: أَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ قَالَ: نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَدْخُلِ الْحَمَّامَ إِلَّا بِمِئْزَرٍ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ حمام میں تہبند پہن کر داخل ہو' اور جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنی حلیلة (بیوی) سے حمام میں دخول نہ کرے' اور جو اللہ اور

1693- انظر: الدر المنثور جلد6صفحه291 .

1694- أخرجه الترمذي: الأدب جلد4صفحه113 رقم الحديث: 2801' وأحمد: المسند جلد3صفحه416 رقم الحديث:14663 .

وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُدْخِلْ حَلِيلَتَهُ الْحَمَّامَ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَجْلِسَنَّ عَلَى مَائِدَةٍ يُدَارُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ

آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اس دسترخوان پر نہ بیٹھے جس میں شراب چلتی ہو۔

يُقَالُ: إِنَّ عَطَاءً الَّذِي رَوَى عَنْهُ هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ هَذَا الْحَدِيثَ هُوَ عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ. وَلَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْهُ إِلَّا هِشَامٌ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ إِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ

کہا جاتا ہے: یہ عطاء جن سے یہ حدیث ہشام الدستوائی روایت کرتے ہیں' یہ عطاء بن سائب ہیں۔ یہ حدیث صرف ہشام اور ہشام سے اُن کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

1695 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: بَيْنَا أَنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَمِيلَةِ، إِذْ حِضْتُ، فَانْسَلَلْتُ آخُذُ ثِيَابَ حَيْضَتِي، فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: أَنُفِسْتِ قُلْتُ: نَعَمْ قَالَتْ: وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ، وَيَغْتَسِلَانِ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں بستر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھی کہ اچانک مجھے حیض آنا شروع ہوگیا' پس میں کھسکی' میں نے اپنے حیض کے لیے کپڑا پکڑا تو رسول اللہ ﷺ مسکرائے اور فرمایا: کیا حیض والی ہوگئی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! اور نبی کریم ﷺ روزے کی حالت میں بوسہ لے لیتے تھے اور دونوں ایک ہی برتن (کے پانی) سے غسل کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا عُمَرُ، وَلَا عَنْ عُمَرَ إِلَّا سَالِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: قُتَيْبَةُ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عمر اور عمر سے صرف سالم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں قتیبہ اکیلے ہیں۔

1696 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نَا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابن خلاد فرماتے ہیں کہ اُن کے والد نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا: جب تم میں سے کوئی قضاء

1695- أخرجه البخاري: الصوم جلد 4 صفحه 180 رقم الحديث: 1929' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 333 رقم الحديث: 26622.

1696- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 214.

يَحْيَى الْكِنَانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ اَخِي ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي ابْنُ خَلَّادٍ، اَنَّ اَبَاهُ، سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا تَغَوَّطَ اَحَدُكُمْ فَلْيَتَمَسَّحْ ثَلَاثَ مِرَارٍ

حاجت کرے تو اس جگہ کو تین مرتبہ صاف کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا ابْنُ اَخِيهِ، وَلَا عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ اِلَّا اَبُو غَسَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُورِيُّ

یہ حدیث زہری سے صرف ان کے بھتیجے اور زہری کے بھتیجے سے صرف ابوغسان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ نیشاپوری اکیلے ہیں۔

1697 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَرْبٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِيَّةً، فَغَنِمُوا، وَفِيهِمْ رَجُلٌ، فَقَالَ: اِنِّي لَسْتُ مِنْهُمْ، عَشِقْتُ امْرَاَةً، فَلَحِقْتُهَا، فَدَعُونِي اَنْظُرْ اِلَيْهَا نَظْرَةً، ثُمَّ اصْنَعُوا بِي مَا بَدَا لَكُمْ، فَنَظَرُوا، فَاِذَا امْرَاَةٌ طَوِيلَةٌ اَدْمَاءُ، فَقَالَ لَهَا: اَسْلِمِي حُبَيْشُ قَبْلَ نَفَادِ الْعَيْشِ .

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ایک سریہ بھیجا' انہیں مالِ غنیمت ملا' اور اُن میں سے ایک آدمی تھا' اس نے کہا: میں ان سے نہیں ہوں' میں ایک عورت کا عاشق ہوں' میں اس سے ملا' اس نے مجھے چھوڑ دیا' میں اس کی طرف دیکھنے لگا' پھر انہوں نے کہا: میرے ساتھ وہ کچھ کیا جو اُن کے لیے ظاہر ہوا تو وہ ایک لمبی اور کالی عورت تھی' اس کو کہا: اے حبشی عورت! اسلام قبول کر لے زندگی ختم ہونے سے پہلے۔

(البحر الطويل)

اَرَاَيْتِ لَوِ اتَّبَعْتُكُمْ فَلَحِقْتُكُمْ . . . بِحَلْيَةٍ اَوْ اَلْفَيْتُكُمْ بِالْخَوَانِقِ

اَمَا كَانَ حَقًّا اَنْ يُنَوِّلَ عَاشِقٌ . . . تَكَلَّفَ اِدْلَاجَ السُّرَى وَالْوَدَائِقِ

''کیا تو بتائے گی اگر میں تمہاری اتباع کروں حلبہ کے ساتھ یا تم کو ڈال دوں خوانق میں۔ کیا عاشق کا عطیہ دینا حق ہے' تیر چلنے اور سخت محبت کا تکلف اُٹھانا۔

قَالَتْ: نَعَمْ، فَدَيْتُكَ، فَقَدَّمُوهُ، فَضَرَبُوا عُنُقَهُ، فَجَائَتِ الْمَرْاَةُ، فَوَقَفَتْ عَلَيْهِ، فَشَهِقَتْ شَهْقَةً اَوْ

اُس عورت نے کہا: ہاں! میں تمہارا فدیہ دیتی ہوں' پس انہوں نے اُس شخص کو آگے کیا اور اس کی گردن اُڑا

1697- اخرجه الطبرانی فی الکبير جلد 11صفحه369 رقم الحديث: 12037 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 21216 .

شَهْقَتَيْنِ، ثُمَّ مَاتَتْ، فَلَمَّا قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرُوهُ ذٰلِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا كَانَ فِيكُمْ رَجُلٌ رَّحِيمٌ؟ .

دی۔ پس وہ عورت آئی' اُس پر کھڑی ہوئی' اُس نے ایک یا دوسسکیاں لیں پھر وہ عورت مرگئی۔ جب یہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں کوئی رحم کرنے والا آدمی نہیں تھا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَرْبٍ

یہ حدیث حضرت ابن عباس سے صرف اسی اسناد سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں محمد بن علی بن حرب اکیلے ہیں۔

1698 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا عَمْرُو بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كُنْتُ شَابًّا عَزَبًا، وَكُنْتُ اَبِيتُ فِي الْمَسْجِدِ، وَكَانَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ اِذَا رَاَى الرُّؤْيَا اَتَى بِهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْبُرُهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نوجوان تھا' میں رات مسجد میں ہی گزارتا تھا تو ان میں سے کوئی آدمی جب کوئی خواب دیکھتا تو وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آ کر بیان کرتا' آپ اس کی تعبیر بتاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرٌو

یہ حدیث سعید سے صرف ولید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عمرو اکیلے ہیں۔

1699 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَذْرَمِيُّ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا تَبِعَ اَحَدُكُمْ جِنَازَةً فَلَا يَجْلِسْ حَتّٰى تُوضَعَ بِالْاَرْضِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جنازہ کے ساتھ چلے تو وہ میت کو زمین پر رکھنے سے پہلے نہ بیٹھے۔

1698- أخرجه البخاري: التعبير جلد 12 صفحه 437 رقم الحديث: 7030' ومسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1927 .

1699- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد 4 صفحه 41 رقم الحديث: 6876' اخرجه النسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 36 (باب الأمر ب القيام للجنازة) .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْاَذْرَمِيُّ

یہ حدیث سفیان سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں الاذرمی اکیلے ہیں۔

1700 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نَا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جَرَّ ثِيَابَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو تکبر سے اپنا کپڑا لٹکاتا ہے' اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الْاَشْجَعِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث سفیان سے صرف اشجعی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابراہیم اکیلے ہیں۔

1701 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهُوَيْهِ قَالَ: اَنَا اَبُو قُرَّةَ مُوسَى بْنُ طَارِقٍ قَالَ: سَمِعْتُ مُوسَى بْنَ عُقْبَةَ، يَذْكُرُ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، يُذْكَرُ اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ عَنِ الْقُبْلَةِ لِلصَّائِمِ؟ فَقَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ، ثُمَّ ضَحِكَتْ

حضرت عروہ بن زبیر روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روزہ کی حالت میں بوسہ لینے کے متعلق پوچھا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روزے کی حالت میں بوسہ لیتے تھے' پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مسکرا پڑیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى اِلَّا اَبُو قُرَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ

یہ حدیث موسیٰ سے صرف ابوقرہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

1702 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهُوَيْهِ قَالَ: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا

حضرت ابوالاحوص رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا تو

1700- أخرجه البخاري: اللباس جلد **10** صفحه **269** رقم الحديث: **5791**' ومسلم: اللباس جلد **3** صفحه **1652** .

1701- أخرجه البخاري: الصوم جلد **4** صفحه **180** رقم الحديث: **1928**' ومسلم: الصيام جلد **2** صفحه **776** رقم الحديث: **1106** .

1702- أخرجه أبو داؤد: اللباس جلد **4** صفحه **50** رقم الحديث: **4063**' والنسائي: الزينة جلد **8** صفحه **173** (باب كر ما يستحب منلبس ثياب' وما يكره منها)' وأحمد: المسند جلد **3** صفحه **575** رقم الحديث: **15894**' والطبراني في الكبير جلد **19** صفحه **276** رقم الحديث: **607-613** .

اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَآنِي سَيِّءَ الْهَيْئَةِ، فَقَالَ: هَلْ لَكَ مِنْ مَالٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، كُلُّ الْمَالِ قَدْ آتَانِي اللّٰهُ، فَقَالَ: اِذَا كَانَ لَكَ مَالٌ فَلْيُرَ عَلَيْكَ

آپ نے مجھے خستہ حال پایا' آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تیرے پاس مال نہیں ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! اللہ تعالیٰ نے مجھے ہر قسم کا مال عطا کیا ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: جب اللہ نے تجھے مال دیا ہے تو اس کا اثر تجھ پر دیکھا جانا چاہیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُزَنِيُّ الْوَاسِطِيَّانِ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف محمد بن یزید ار محمد بن حسن المزنی الواسطیان ہی روایت کرتے ہیں۔

1703 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهُوَيْهِ قَالَ: اَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سَائِلٌ كُلَّ رَاعٍ عَمَّا اسْتَرْعَاهُ، حَفِظَ ذَلِكَ اَمْ ضَيَّعَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل ہر ایک سے اس کے ماتحتوں کے متعلق پوچھے گا کہ کیا اُس نے اس کا حق ادا کیا یا ضائع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا هِشَامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاذٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف ہشام ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں معاذ اکیلے ہیں۔

1704 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ اِلَّا الْجَنَّةُ، وَالْعُمْرَةُ اِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: حج مبرور کی جزا صرف جنت ہے' اور ایک عمرہ سے دوسرے عمرہ تک کے درمیان گناہوں کا کفارہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا حُمَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف حمید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حسن اکیلے ہیں۔

1703- اخرجه ابن حبان في موارد الظمآن رقم الحديث: **1562**' والمنذري في الترغيب والترهيب جلد **3** صفحه **65** رقم الحديث: **20** . انظر: الدر المنثور جلد **3** صفحه **69** .

1704- اخرجه البخاري: العمرة جلد **3** صفحه **698** رقم الحديث: **1773**' ومسلم: الحج جلد **2** صفحه **983** .

1705 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ: نَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ الْقَيْلِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ بِيَمِينِهِ عَلَى شِمَالِهِ فِي الصَّلَاةِ

حضرت وائل بن حجر القیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے نماز کی حالت میں دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا يُوسُفُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ يُوسُفَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: شُرَيْحٌ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف یوسف بن ابی اسحاق اور یوسف سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں شریح اکیلے ہیں۔

1706 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي عُبَيْدُ بْنُ عَقِيلٍ قَالَ: نَا مُصْعَبُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَارِقٍ فَقَالَ: اقْتُلُوهُ . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّمَا سَرَقَ قَالَ: اقْطَعُوهُ ، فَقَطَعَ، ثُمَّ جِيءَ بِهِ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ: اقْتُلُوهُ ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّمَا سَرَقَ قَالَ: اقْطَعُوهُ ثُمَّ جِيءَ بِهِ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ: اقْتُلُوهُ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّمَا سَرَقَ قَالَ: اقْطَعُوهُ ثُمَّ اُتِيَ بِهِ الرَّابِعَةَ، فَقَالَ: اقْتُلُوهُ ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّمَا سَرَقَ قَالَ: اقْطَعُوهُ ، ثُمَّ اُتِيَ بِهِ الْخَامِسَةَ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے پاس چور لایا گیا' آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو قتل کرو' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری کی ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا ہاتھ کاٹ دو' تو اس کا ہاتھ کاٹا گیا پھر اسے دوبارہ لایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو قتل کرو! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری کی ہے' آپ ﷺ نے اس کا ہاتھ کاٹو۔ پھر تیسری مرتبہ لایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو قتل کرو! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری ہی کی ہے' تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا ہاتھ کاٹ دو۔ پھر اسے چوتھی مرتبہ لایا گیا تو آپ ﷺ نے

1705- اخرجه مسلم: الصلاة جلد 1صفحه301' والنسائي: الافتتاح جلد 2صفحه97 (باب وضع اليمين من الشمال في الصلاة) .

1706- اخرجه ابو داؤد: الحدود جلد 4صفحه140 رقم الحديث: 4410' والنسائي: السارق جلد 8صفحه83 (باب قطع اليدين والرجلين من السارق) .

فَقَالَ: اقْتُلُوهُ قَالَ جَابِرٌ: فَانْطَلَقْنَا بِهِ إِلَى مِرْبَدِ النَّعَمِ، ثُمَّ حَمَلْنَا عَلَيْهِ، فَاسْتَلْقَى عَلَى ظَهْرِهِ، فَرَمَيْنَاهُ بِالْحِجَارَةِ، فَقَتَلْنَاهُ، ثُمَّ أَلْقَيْنَاهُ فِي بِئْرٍ، ثُمَّ رَمَيْنَا عَلَيْهِ الْحِجَارَةَ

فرمایا: اس کو قتل کرو! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری ہی کی ہے' تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا ہاتھ کاٹ دو۔ پھر پانچویں مرتبہ لایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو قتل کرو۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم اس کو لے کر بکریوں کے ریوڑ میں آئے' پھر ہم نے اس پر حملہ کیا اور اس نے اپنی پشت آگے کر دی' ہم نے اس کو پتھر مارے اور ہم نے اسے قتل کر دیا' پھر ہم نے اسے کنوئیں میں ڈال دیا' پھر ہم نے اس پر پتھر پھینکے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ إِلَّا مُصْعَبٌ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے صرف مصعب ہی روایت کرتے ہیں۔

1707 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: أَنَا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهُوَيْهِ قَالَ: أَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَذَا الَّذِي تَحَرَّكَ لَهُ الْعَرْشُ، وَفُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَشَهِدَهُ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، لَقَدْ ضُمَّ ضَمَّةً، ثُمَّ فُرِّجَ عَنْهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ وہ وقت ہے جس کے لیے عرش حرکت کرتا ہے' اور اس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں' اس کے جنازہ میں ستر ہزار فرشتے حاضر ہیں' اس کو (زمین نے) دبوچا پھر چھوڑ دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ إِلَّا ابْنُ إِدْرِيسَ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف ادریس ہی روایت کرتے ہیں۔

1708 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: أَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: أَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمْ يَكُنْ شَيْءٌ بَعْدَ النِّسَاءِ أَحَبَّ إِلَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو عورتوں کے بعد سب سے زیادہ محبت گھوڑوں سے تھی۔

1707- أخرجه النسائي: الجنائز جلد4صفحه82 .

1708- أخرجه النسائي: الخيل جلد6صفحه181 (باب حب الخيل) .

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْخَيْلِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث سعید سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1709 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُذِنَ لِي اَنْ اُحَدِّثَ عَنْ مَلَكٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ مِنْ حَمَلَةِ الْعَرْشِ، مَا بَيْنَ شَحْمَةِ اُذُنِهِ اِلَى عَاتِقِهِ مَسِيرَةُ اَرْبَعِ مِائَةِ عَامٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے اجازت دی گئی ہے کہ میں ان فرشتوں کے متعلق بتاؤں جو عرش اُٹھائے ہوئے ہیں' ان کے دونوں کانوں کے درمیان کا فاصلہ گردن تک چار سو میل چلنے کی مقدار ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى اِلَّا اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث موسیٰ سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1710 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْاَعْرَجُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اِنَّمَا سَمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْيُنَ اُولَئِكَ الْعُرَنِيِّينَ؛ لِاَنَّهُمْ سَمَلُوا اَعْيُنَ الرِّعَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے قبیلہ عرنیین کے لوگوں کی آنکھوں میں گرم سلائیں پھروائی تھیں کیونکہ انہوں نے آپ کے چرواہوں کی آنکھوں میں گرم سلائیں پھیری تھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ اِلَّا يَزِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى

یہ حدیث سلیمان سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ اکیلے ہیں۔

1711 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1709- أخرجه ابو داؤد: السنة جلد4صفحه232 .انظر: الدر المنثور جلد5صفحه346 .

1710- اخرجه مسلم: القسامة جلد3صفحه1298' والنسائي: التحريم جلد7صفحه93-90 (باب ذكر اختلاف طلحة بن مصرف ومعاوية بن صالح على يحيى بن سعيد في هذا الحديث) .

1711- أخرجه النسائي: الأشربة جلد 8صفحه274 (باب النهي عن نبيذ الدباء والحنتم والمزفت)' وابن ماجة: الأشربة جلد2صفحه1128 رقم الحديث: 3408' وأحمد: المسند جلد2صفحه708 رقم الحديث: 10977 .

عَلِيِّ بْنِ حَرْبٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مٹکے کی نبیذ سے منع فرمایا۔

1712 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ نُصَيْرٍ الطَّائِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، رَفَعَ الْحَدِيثَ قَالَ: لَا حَسَدَ اِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا، فَسَلَّطَهُ عَلَى هَلَكَتِهِ فِي الْحَقِّ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ حِكْمَةً، فَهُوَ يَعْمَلُ بِهَا وَيُعَلِّمُهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مرفوعاً حدیث بیان کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حسد (رشک) صرف دو آدمیوں پر جائز ہے ایک وہ آدمی جس کو اللہ عزوجل نے مال دیا ہے اور وہ اس کو اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے اور ایک وہ آدمی جس کو اللہ عزوجل نے علم دیا ہے اور وہ اس پر عمل بھی کرتا ہے اور لوگوں کو سکھاتا بھی ہے۔

1713 - وَبِهِ: عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا' اللہ اس پر رحم نہیں کرتا ہے۔

1714 - وَعَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: السَّيِّئَةُ وَاحِدَةٌ اَوْ اَغْفِرُ، وَالْحَسَنَةُ عَشْرٌ اَوْ اَزِيدُ . وَمَنْ جَائَنِي بِقُرَابِ الْاَرْضِ خَطِيئَةً لَيْسَ يُشْرِكُ بِي شَيْئًا، جَعَلْتُهَا لَهُ مَغْفِرَةً، وَمَنْ دَنَا مِنِّي شِبْرًا دَنَوْتُ مِنْهُ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے: ایک گناہ کرنے پر ایک گناہ ہے یا میں اس کو معاف کر دوں گا' لیکن ایک نیکی دس نیکیوں کے برابر ہے یا اس میں بھی اضافہ کر دوں گا' اور جو میرے پاس اس حالت میں آئے کہ اس کے گناہوں سے زمین بھری ہوئی ہو بشرطیکہ

1712- أخرجه البخاری: العلم جلد1صفحه199 رقم الحديث:73' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه559 .

1713- أخرجه البخاری: التوحيد جلد13صفحه370 رقم الحديث:7376' ومسلم: الفضائل جلد4صفحه1809 .

1714- أخرجه مسلم: الذكر والدعاء جلد 4صفحه2068' وابن ماجه: الأدب جلد 2صفحه1255 رقم الحديث:3821 .

ذِرَاعًا، وَمَنْ دَنَا مِنِّي ذِرَاعًا دَنَوْتُ مِنْهُ بَاعًا، وَمَنْ اَتَانِي يَمْشِي اَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً

اس نے میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا ہوتو میں اس کے گناہوں کو معاف کر دوں گا' اور جو میرے قریب ایک بالشت آتا ہے تو میری رحمت ایک ہاتھ اس کے قریب آتی ہے' اور جو ایک ہاتھ میرے قریب آتا ہے تو میری رحمت دو ہاتھ اس کے قریب ہوتی ہے اور جو میرے پاس چل کر آتا ہے تو میری رحمت دوڑ کر اس کے قریب آتی ہے۔

1715 - وَبِهِ: عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: انْتَهَيْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ: هُمُ الْاَخْسَرُونَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ . قُلْتُ: مَنْ اُولَئِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْاَكْثَرُونَ اَمْوَالًا، اِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هَكَذَا، وَهَكَذَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا يَمُوتُ رَجُلٌ فَيَتْرُكُ اِبِلًا اَوْ بَقَرًا اَوْ غَنَمًا لَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهَا، اِلَّا جَائَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَعْظَمَ مَا تَكُونُ وَاَسْمَنَهُ، تَنْتَطِحُهُ بِقُرُونِهَا، وَتَطَؤُهُ بِاَخْفَافِهَا، كُلَّمَا ذَهَبَتْ اُخْرَاهَا رَجَعَتْ اُولَاهَا، حَتَّى يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پہنچا' آپ فرمارہے تھے: رب کعبہ کی قسم! وہ لوگ نقصان میں ہیں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کون لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا: زیادہ مال والے ہاں! وہ زیادہ مال والے نقصان میں نہیں جو اس طرح اس طرح اللہ کی راہ میں خرچ کریں' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! کوئی آدمی اس حالت میں نہ مرے کہ وہ بکریاں' اونٹ یا گائے چھوڑ جائے اور وہ اُن کی زکوٰۃ نہیں دیتا ہو تو وہ جانور قیامت کے دن دنیا کے جانوروں سے بڑے اور موٹے تازے ہوں گے اور اپنے سینگوں اور دانتوں کے ساتھ اور اپنے پاؤں کے اپنے مالک کو روندیں گے' جب ان کا آخری جانور جائے گا تو پہلا پھر لوٹ آئے گا (اس کے روندنے کے لیے) یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان فیصلہ کر دیا جائے گا۔

1716 - وَبِهِ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

1715- اخرجه البخاري: الأيمان والنذور جلد 11 صفحه 533 رقم الحديث: 6638' ومسلم: الذكاة جلد 2 صفحه 686 .

1716- اخرجه مسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 323' والنسائي: الامامة جلد 2 صفحه 68 (باب من يلي الامام ثم الذي يليه)'

عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْمَحُ مَنَاكِبَنَا وَيَقُولُ: اسْتَوُوا، وَلَا تَخْتَلِفُوا، فَتَخْتَلِفَ قُلُوبُكُمْ، لِيَلِيَنِي مِنْكُمْ اُولُو الْاَحْلَامِ وَالنُّهَى، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ

اللہ ﷺ ہمارے کندھوں کو سیدھا کرتے اور فرماتے: سیدھے رہو اختلاف نہ کرو ورنہ تمہارے دل مختلف ہو جائیں گے میرے قریب عاقل اور بالغ کھڑے ہوں پھر اس کے بعد وہ جو اُن سے ملے ہوئے ہوں پھر اُن کے بعد وہ اُن سے ملے ہوئے ہوں۔

1717 - وَبِهِ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ: نَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوقُ: اِنَّ خَلْقَ اَحَدِكُمْ يُجْمَعُ فِي بَطْنِ اُمِّهِ اَرْبَعِينَ لَيْلَةً، ثُمَّ يَكُونُ عَلَقَةً مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ يَكُونُ مُضْغَةً مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ يَاْتِيهِ الْمَلَكُ، فَيَقُولُ: رَبِّ اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثَى؟ اَشَقِيٌّ اَمْ سَعِيدٌ؟ وَمَا الرِّزْقُ؟ وَمَا الْاَجَلُ؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ، وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ

حضرت عبداللہ (بن مسعود) رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے بتایا جو صادق المصدوق ہیں کہ تم میں سے ہرکوئی اپنی ماں کے پیٹ میں چالیس راتیں خون کی شکل میں موجود رہتا ہے پھر وہ اسی طرح لوتھڑا بن جاتا ہے پھر اسی طرح مضغہ بن جاتا ہے پھر فرشتہ اس کے پاس آتا ہے اور عرض کرتا ہے: اے رب! مذکر یا مؤنث؟ بدبخت یا نیک بخت؟ اس کا رزق کیا ہے؟ اس کی زندگی کتنی ہے؟ سو تیرا رب فیصلہ کرتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے۔

1718 - وَبِهِ: عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ فِي الْمَسْجِدِ، فَدَخَلَ رَجُلٌ مِنْ اَبْوَابِ كِنْدَةَ، فَجَعَلَ يُصَلِّي صَلَاةً لَا يُتِمُّ رُكُوعَهَا وَسُجُودَهَا، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: مُنْذُ كَمْ صَلَّيْتَ هَذِهِ الصَّلَاةَ؟ فَقَالَ: مُنْذُ اَرْبَعِينَ سَنَةً. فَقَالَ: مَا صَلَّيْتَ مُنْذُ اَرْبَعِينَ سَنَةً، وَلَوْ مِتَّ لَمِتَّ عَلَى غَيْرِ فِطْرَةِ اَبِي

حضرت زید بن وہب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ پاس تھے کہ مسجد میں کندہ کے دروازوں سے ایک آدمی داخل ہوا اور نماز پڑھنے لگا لیکن وہ رکوع اور سجدہ مکمل نہیں کر رہا تھا حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم یہ نماز کتنی مدت سے پڑھ رہے ہو؟ وہ عرض کرنے لگا: چالیس سال سے حضرت حذیفہ رضی اللہ

وابن ماجه: الاقامة جلد 1 صفحه 312 رقم الحديث: 976' واحمد: المسند جلد 4 صفحه 150 رقم الحديث: 17106.

1717- اخرجه البخاري: التوحيد جلد 13 صفحه 449 رقم الحديث: 7454' ومسلم: القدر جلد 4 صفحه 2036.

1718- اخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 321 رقم الحديث: 791' والنسائي: السهو جلد 3 صفحه 49 (باب تطفيف الصلاة)' واحمد: المسند جلد 5 صفحه 448-449 رقم الحديث: 23320.

الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عنہ نے فرمایا: تُو نے چالیس سال سے صحیح نماز نہیں پڑھی ہے اگر تُو اسی حالت میں مر جاتا تو ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین پر نہ مرتا۔

1719 - وَبِهِ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ قَالَ: جَاءَ عُمَرُ اِلَى الْحَجَرِ فَاسْتَلَمَهُ وَقَالَ: اِنِّي لَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ، وَلَوْلَا اَنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حجر اسود کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: میں جانتا ہوں کہ تُو پتھر ہے اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں کبھی بھی تیرا بوسہ نہ لیتا۔

1720 - وَعَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَرِيرٍ، اَنَّهُ رَاَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وضو میں موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

1721 - وَعَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ ذُكِرَ لِاَبِي ذَرٍّ الْمُتْعَةَ، فَقَالَ: اِنَّمَا كَانَتْ لَنَا رُخْصَةً اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابراہیم التیمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے متعہ کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب ہمیں (اس متعہ کی) رخصت دیتے تھے۔

1722 - وَعَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ: يَا اَبَا الْقَاسِمِ، تَزْعُمُ اَنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ يَاْكُلُونَ وَيَشْرَبُونَ . فَقَالَ: اَجَلْ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ اِنَّ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل کتاب میں سے ایک آدمی آیا اور اس نے عرض کی: اے ابوالقاسم! آپ خیال کرتے ہیں کہ اہل جنت کھائیں اور پئیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بالکل (کھائیں پئیں

1719- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه540 رقم الحديث:1597' ومسلم: الحج جلد2صفحه925 .

1720- أخرجه البخاري: الصلاة جلد1صفحه589 رقم الحديث:387' ومسلم: الطهارة جلد1صفحه227-228 .

1721- أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه897 .

1722- أخرجه الدارمي: الرقاق جلد 2صفحه431 رقم الحديث:2825' وأحمد: المسند جلد 4صفحه449 رقم الحديث: 19291 .

اَحَدَهُمْ لَيُعْطَى قُوَّةَ مِائَةِ رَجُلٍ فِي الْاَكْلِ، وَالشُّرْبِ، وَالْجِمَاعِ، وَالشَّهْوَةِ قَالَ: الَّذِي يَاْكُلُ يَكُونُ لَهُ الْحَاجَةُ؟ فَقَالَ: حَاجَةُ اَحَدِهِمْ عِرْقٌ يَخْرُجُ كَرِيحِ الْمِسْكِ، فَيَضْمُرُ بَطْنُهُ

گے)' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اہل جنت میں سے ہر آدمی کو کھانے و پینے اور جماع و شہوت میں سو آدمیوں کے برابر طاقت دی جائے گی۔ اس نے عرض کی: وہ کھائے گا تو اس کو قضائے حاجت کی ضرورت بھی پیش آئے گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اُن کی قضاء حاجت پسینے کی طرح ہوگی جو مشک کی خوشبو کی طرح ہوگی جو اُن کے پیٹ میں چھپی ہوگی۔

1723 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدٌ قَالَ: نَا سَيْفٌ، عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً فَلَا يَنْتَجِي اثْنَانِ دُونَ الْآخَرِ، فَاِنَّ ذٰلِكَ يُحْزِنُهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہٗ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے تین آدمی ہوں تو تیسرے کو چھوڑ کر دو آدمی آپس میں گفتگو نہ کریں' کیونکہ یہ بات اس کو غمگین کرتی ہے۔

1724 - وَبِهِ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ: (وَاَنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوا بِاَيْدِيكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ) (البقرة: 195) قَالَ: نَزَلَتْ فِي النَّفَقَةِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہٗ اللہ عزوجل کے اس ارشاد وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۔ ''اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے آپ کو اپنے ہی ہاتھوں سے ہلاکت میں نہ ڈالو' (البقرہ:۱۹۵) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ آیت اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے متعلق نازل ہوئی ہے۔

1725 - وَبِهِ: عَنْ شَقِيقٍ، عَنِ الصَّبِيِّ بْنِ مَعْبَدٍ، اَنَّهُ اَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِعُمَرَ،

حضرت صبی بن معبد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حج اور عمرہ کا احرام باندھا' اس بات کا ذکر

1723- اخرجه البخاري: الاستئذان جلد11صفحه84 رقم الحديث: 6288' ومسلم: السلام جلد4صفحه1718 .

1724- اخرجه البخاري: التفسير جلد8صفحه33 رقم الحديث: 4516 .

1725- اخرجه ابو داؤد: المناسك جلد 2صفحه164 رقم الحديث: 1798' والنسائي: الحج جلد 5صفحه113 (باب القران)' وابن ماجه: المناسك جلد2صفحه989 رقم الحديث: 2970' واحمد: المسند جلد 1صفحه19 رقم الحديث: 84' والبيهقي في الكبرى جلد4صفحه577 رقم الحديث: 8783 .

فَقَالَ: هُدِيتَ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ہوا تو آپ نے فرمایا: تیری اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کی طرف راہنمائی کی گئی ہے۔

1726 - وَعَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا تَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِينَارًا وَلَا دِرْهَمًا، وَلَا شَاةً، وَلَا بَعِيرًا، وَلَا اَوْصَى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درہم و دینار' بکری' اونٹ نہیں چھوڑا اور نہ کسی شے کے متعلق آپ نے وصیت کی۔

1727 - وَعَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةً مُسْتَجَابَةً، وَاِنِّي اخْتَبَاْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِاُمَّتِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ہر نبی کی دعا قبول ہوئی' میں نے اپنی دعا اپنی اُمت کی شفاعت کے لیے مؤخر کر رکھی ہے۔

1728 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَجَوَّزُوا فِي الصَّلَاةِ، فَاِنَّ خَلْفَكُمُ الضَّعِيفَ وَالْكَبِيرَ وَذَا الْحَاجَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نماز مختصر پڑھایا کرو کیونکہ تمہارے پیچھے کمزور' بزرگ اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

1729 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَاكُمْ اَهْلُ الْيَمَنِ، وَهُمْ اَلْيَنُ اَفْئِدَةً، وَاَلْيَنُ قُلُوبًا . الْاِيمَانُ يَمَانٍ، وَالْحِكْمَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس یمن سے لوگ آئیں گے' وہ لوگ دل کے بڑے نرم ہوں گے' ایمان یمن کا ہے'

1726- اخرجه مسلم: الوصية جلد 3 صفحه 1256' وأبو داؤد: الوصايا جلد 3 صفحه 111 رقم الحديث: 2863' والنسائي: الوصية جلد 6 صفحه 200 (باب هل أوصى النبي ﷺ؟)' وابن ماجة: الوصايا جلد 2 صفحه 900 رقم الحديث: 2695' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 50 رقم الحديث: 24231 .

1727- اخرجه البخاري: التوحيد جلد 13 صفحه 456 رقم الحديث: 7474' ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 189 . واخرجه أحمد: المسند جلد 2 صفحه 621 رقم الحديث: 10111 .

1728- اخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 703' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 341 .

1729- اخرجه البخاري: المغازي جلد 7 صفحه 701 رقم الحديث: 4388' ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 73 .

يَمَانِيَةٌ، وَالْقَسْوَةُ وَغِلَظُ الْقَلْبِ فِي الْفَدَّادِينَ اَرْبَابِ الْإِبِلِ قِبَلَ الْمَشْرِقِ، فِي رَبِيعَةَ وَمُضَرَ

حکمت بھی یمن کی ہے سختی اور سخت دلی اونٹ والوں اور مشرق والوں اور قبیلہ ربیعہ ومضر میں ہے۔

1730 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيدَةٍ، فَحَدِيدَتُهُ فِي يَدِهِ يَجَأُ بِهَا فِي بَطْنِهِ فِي النَّارِ، خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا اَبَدًا، وَمَنْ تَرَدَّى مِنْ جَبَلٍ فَهُوَ يَتَرَدَّى فِي نَارِ جَهَنَّمَ، خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا اَبَدًا، وَمَنْ تَحَسَّى سُمًّا فَهُوَ يَتَحَسَّاهُ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا اَبَدًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے آپ کو لوہے سے قتل کیا تو لوہا (قیامت کے دن) اس کے ہاتھ میں ہوگا' وہ اس کے ساتھ اپنا پیٹ چیرتا ہوگا اور ہمیشہ اسی حالت میں ہوگا' اور جس نے اپنے آپ کو پہاڑ سے نیچے پھینکا تو وہ جہنم میں ہمیشہ کے لیے اسی طرح گرتا رہے گا' اور جس نے اپنے آپ کو جلایا وہ قیامت کے دن جہنم میں اپنے آپ کو ہمیشہ کے لیے جلاتا رہے گا۔

1731 - وَبِهِ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا سَجَدَ اَحَدُكُمْ فَلْيَعْتَدِلْ، وَلَا يَفْتَرِشْ ذِرَاعَيْهِ افْتِرَاشَ الْكَلْبِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سجدہ کرے تو اطمینان سے کرے اور کتے کی طرح اپنی کلائیاں نہ بچھائے۔

1732 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا فَرَغَ اَحَدُكُمْ مِنْ طَعَامِهِ فَلْيَلْعَقْ اَصَابِعَهُ، فَاِنَّهُ لَا يَدْرِي فِي اَيِّ طَعَامِهِ تَكُونُ الْبَرَكَةُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو وہ اپنی انگلیاں چاٹ لے' کیونکہ اُسے نہیں معلوم کہ کھانے کے کس حصے میں برکت ہے۔

1733 - وَعَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ:

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1730- أخرجه البخاري: الطب جلد 10 صفحه 258 رقم الحديث: 5778' ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 103-104 .

1731- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 65 رقم الحديث: 275' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 374 رقم الحديث: 14286 .

1732- أخرجه مسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1607' واحمد: المسند جلد 3 صفحه 369 رقم الحديث: 14231

1733- أخرجه مسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 369' وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 333 رقم الحديث: 1048 .

رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَّاحِدٍ، مُتَوَشِّحًا بِهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ اِلَّا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ

میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔

یہ حدیث داؤد الطائی سے صرف مصعب بن مقدام ہی روایت کرتے ہیں۔

1734 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِي كَرِيمَةَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَدِمَ اَعْرَابٌ مِنْ عُرَيْنَةَ اِلَى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاجْتَوَوُا الْمَدِينَةَ، حَتَّى اصْفَرَّتْ اَلْوَانُهُمْ، وَعَظُمَتْ بُطُونُهُمْ، فَبَعَثَ بِهِمْ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى لِقَاحٍ لَّهُ، فَاَمَرَهُمْ اَنْ يَشْرَبُوا مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا، فَشَرِبُوا حَتَّى صَحُّوا، فَقَتَلُوا رَاعِيَهَا، وَاسْتَاقُوا الْاِبِلَ، فَبَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَلَبِهِمْ، فَاُتِيَ بِهِمْ، فَقَطَعَ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ مِنْ خِلَافٍ، وَسَمَلَ اَعْيُنَهُمْ فَقَالَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ لِاَنَسٍ وَّهُوَ يُحَدِّثُ هٰذَا الْحَدِيثَ: بِكُفْرٍ اَوْ بِذَنْبٍ؟ فَقَالَ: بِكُفْرٍ، فَقَالَ: اِنَّمَا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ بَعْدَمَا قَطَعَ اَيْدِيَهُمْ، وَاَرْجُلَهُمْ، وَسَمَلَ اَعْيُنَهُمْ: (اِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ) (المائدة: 33) الْآيَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ عرینہ کے لوگ اللہ کے نبی ﷺ کی بارگاہ میں آئے' ان کو مدینہ منورہ کی آب و ہوا موافق نہ آئی حتیٰ کہ اُن کے رنگ پیلے ہوگئے اور اُن کے پیٹ پھول گئے۔ تو نبی کریم ﷺ نے اُن کو اونٹوں کی طرف بھیجا اور اُنہیں حکم دیا کہ اُن کا دودھ اور پیشاب پئیں' سو اُنہوں نے پیا تو وہ درست ہوگئے تو انہوں نے آپ ﷺ کے چرواہے کو قتل کیا اور اونٹ ہانک کر لے گئے۔ سو نبی کریم ﷺ نے اُن کی تلاش میں چند لوگوں کو بھیجا' اُن کو لایا گیا تو اُن کے ہاتھ و پاؤں مخالف سمت سے کاٹ دیئے گئے اور ان کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیری گئیں۔ امیر المؤمنین عبدالملک بن مروان نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی' جو اس حدیث کے راوی ہیں' کہ آیا اُن کے ساتھ یہ گناہ یا کفر کی وجہ سے کیا گیا تھا؟ تو حضرت انس نے فرمایا: کفر کرنے کی وجہ سے فرمایا کہ اور اُن کے ہاتھ و پاؤں کاٹنے اور اُن کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیرنے کے بعد یہ آیت نازل ہوئی: اِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ ۔ ''ان کی جزاء جو اللہ اور اس

1734- اخرجه البخاری: الحدود جلد 12 صفحه 114 رقم الحديث: 6805' ومسلم: القسامة جلد 3 صفحه 1296' واخرجه النسائی: تحريم جلد 7 صفحه 90 (باب ذكر اختلاف طلحة بن مصرف ومعاوية على يحيى بن سعيد في هذا الحديث).

کے رسول سے جنگ کرتے ہیں'' (المائدہ:۳۳)۔

1735 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بَشَّارٍ النَّسَائِيُّ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهُوَيْهِ قَالَ: اَنَا اَبُو تُمَيْلَةَ يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَلَالُ بَيِّنٌ، وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ، وَبَيْنَهُمَا مُشْتَبِهَاتٌ، فَمَنْ تَوَقَّاهُنَّ كَانَ اَتْقَى لِدِينِهِ وَعِرْضِهِ، وَمَنْ وَاقَعَهُنَّ يُوشِكُ اَنْ يُوَاقِعَ الْكَبَائِرَ، كَالْمُرْتِعِ اِلَى جَانِبِ الْحِمَى يُوشِكُ اَنْ يُوَاقِعَهُ، وَاِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى، وَحَمَى اللّٰهِ حُدُودُهُ

لَا يُرْوَى عَنْ عَمَّارٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: حلال وحرام واضح ہیں' ان دونوں کے درمیان مشتبہات ہیں' جو ان مشتبہات سے بچ گیا اس نے اپنا دین وعزت بچا لی اور جو ان مشتبہات میں پڑ گیا وہ کبائر میں پڑ گیا' وہ چرنے والے جانور کی طرح ہے کہ جو چراگاہ کے قریب چر رہا ہے' قریب ہے کہ اس میں جا پڑے گا' اور بلاشبہ ہر بادشاہ کی چراگاہ ہوتی ہے' اور اللہ کی چراگاہ اس کی حدیں ہیں۔

یہ حدیث حضرت عمار سے صرف اسی سند سے مروی ہے۔

1736 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ فَرْقَدٍ الْجُدِّيُّ قَالَ: نَا اَبُو حُمَةَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الزَّبِيدِيُّ قَالَ: نَا اَبُو قُرَّةَ مُوسَى بْنُ طَارِقٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حَرَّمَ عَلَى لِسَانِي مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ، ثُمَّ جَاءَ بَنِي حَارِثَةَ فَقَالَ: قَدْ خَرَجْتُمْ مِنَ الْحَرَمِ، ثُمَّ نَظَرَ، فَقَالَ: لَا، بَلْ اَنْتُمْ فِيهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے میری زبان سے مدینہ کے دونوں کناروں کو حرم قرار دیا ہے' پھر بنی حارثہ آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک تم حرم سے نکل گئے! پھر آپ نے دیکھا تو فرمایا: نہیں! بلکہ تم حرم میں ہی ہو۔

1735- انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحہ 76 .

1736- أخرجه البخاري: المدينة جلد 4 صفحہ 97 رقم الحديث: 1869' واحمد: المسند جلد 2 صفحہ 497 رقم الحديث: 8909 .

1737 - وَبِهِ: عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَلَ خَيْبَرَ عَلَى شَطْرِ مَا خَرَجَ مِنْهَا مِنْ زَرْعٍ، اَوْ تَمْرٍ، وَكَانَ يُعْطِي اَزْوَاجَهُ فِي كُلِّ عَامٍ مِائَةَ وَسْقٍ: ثَمَانُونَ وَسْقَ تَمْرٍ، وَعِشْرُونَ وَسْقَ شَعِيرٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مُوسَى اِلَّا اَبُو قُرَّةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خیبر پر عامل مقرر کیا' اس حصے پر جو اس زمین سے آئے گندم یا کھجور اس سے آدھا حصہ لے گا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر سال اپنی ازواج کو ایک سو وسق دیتے تھے' اسّی وسق کھجور کے اور بیس وسق جَو کے۔

یہ دونوں حدیثیں موسیٰ سے صرف ابوقرہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1738 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَعْصَعَةَ قَالَ: نَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَاْسُ الْكُفْرِ قِبَلَ الْمَشْرِقِ، وَالْفَخْرُ وَالْخُيَلَاءُ فِي اَهْلِ الْاِبِلِ، وَالْوَبَرِ، وَالسَّكِينَةُ وَالْوَقَارُ فِي اَهْلِ الْغَنَمِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْاَعْرَجِ اِلَّا الزُّبَيْدِيُّ وَيَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ الصَّنْعَانِيُّ: دِمَشْقِيٌّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کفر کا سر مشرق کی جانب ہے اور فخر و تکبر اونٹوں اور وبر والوں میں ہے اور سکینہ اور وقار بکری والوں کے لیے ہے (وبر ایک جانور ہے' بلی کی طرح اس کی دُم چھوٹی ہوتی ہے)۔

یہ حدیث از زہری از اعرج صرف زبیدی ہی روایت کرتے ہیں اور یزید بن یوسف الصنعانی' دمشقی ہیں۔

1739 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مَنْصُورٌ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ الصَّنْعَانِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْكَافِرُ يَاْكُلُ فِي سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ، وَالْمُؤْمِنُ يَاْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے اور مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے (مطلب یہ ہے کہ کافر بہت زیادہ کھاتا ہے اور مؤمن کم کھاتا ہے)۔

1737- أخرجه البخاري: الحرث جلد5صفحه14 رقم الحديث: 2328' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1186 .

1738- أخرجه البخاري: بدء الخلق جلد6صفحه403 رقم الحديث: 3301' ومسلم: الايمان جلد1صفحه72 .

1739- أخرجه البخاري: الأطعمة جلد9صفحه446 رقم الحديث: 5393' ومسلم: الأشربة جلد3صفحه1631 .

1740 - وَبِهِ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَى خَيْبَرَ عَلَى الشَّطْرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہی فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے خیبر کی زمین انہیں آدھے حصے پر دی۔

1741 - وَعَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا صَلَاةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَلَا بَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّى تَغْرُبَ الشَّمْسُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: صبح کی نماز کے بعد طلوعِ شمس تک کوئی نماز نہیں ہے اور عصر کے بعد سورج کے غروب ہونے تک کوئی نماز نہیں ہے۔

1742 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُوسَى الْجَوْهَرِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا اَبُو مُعَاوِيَةَ مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ بِهِمْ فِي الْمَغْرِبِ: الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مغرب کی نماز میں ''اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ'' پڑھی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا اَبُو مُعَاوِيَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں حسین اکیلے ہیں۔

1743 - حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ الْجَعْدِ الْوَشَّاءُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ زِيَادٍ الْقُرَشِيُّ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِرِجَالِكُمْ فِي الْجَنَّةِ؟ قُلْنَا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: کیا میں تم کو جنتی مردوں کے متعلق نہ بتاؤں؟ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: نبی جنت میں ہیں، صدیق جنت میں ہیں، شہید بھی جنت میں، پیدا

1740- أخرجه البخاري: الحرث جلد5صفحه19 رقم الحديث: 2331، ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1186 .

1741- أخرجه البخاري: المواقيت جلد2صفحه70 رقم الحديث: 584، ومسلم: المسافرين جلد1صفحه566 .

1742- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه121 .

1743- انظر: التاريخ الكبير جلد 1صفحه287، أخرجه الطبراني في الصغير جلد 1صفحه46 . انظر: مجمع الزوائد جلد14صفحه315 .

النَّبِيُّ فِي الْجَنَّةِ، وَالصِّدِّيقُ فِي الْجَنَّةِ، وَالشَّهِيدُ فِي الْجَنَّةِ، وَالْمَوْلُودُ فِي الْجَنَّةِ، وَالرَّجُلُ يَزُورُ اَخَاهُ فِي نَاحِيَةِ الْمِصْرِ، لَا يَزُورُهُ اِلَّا لِلَّهِ فِي الْجَنَّةِ، اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِنِسَائِكُمْ فِي الْجَنَّةِ؟ قُلْنَا: بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ. قَالَ: كُلُّ وَدُودٍ وَلُودٍ اِذَا غَضِبَتْ اَوْ اُسِيءَ اِلَيْهَا قَالَتْ: هَذِهِ يَدِي فِي يَدِكَ، لَا اَكْتَحِلُ بِغَمْضٍ حَتَّى تَرْضَى

ہونے والا بچہ بھی جنت میں ہے اور وہ آدمی جو اپنے بھائی کی کسی بستی میں زیارت کے لیے جاتا ہے اور وہ اللہ کی رضا کے لیے زیارت کرتا ہے تو وہ بھی جنتی ہے کیا میں تم کو جنتی عورتوں کے متعلق نہ بتاؤں؟ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: ہر محبت کرنے والی جب اس سے اس کا خاوند غصہ کرے یا اس سے اچھا سلوک نہ کرے تو وہ عورت کہے: یہ میرا ہاتھ تیرے ہاتھ میں ہے میں اپنی آنکھوں میں سرمہ نہیں لگاؤں گی یہاں تک کہ تُو راضی ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي حَازِمٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ هَذَا، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَنَسٍ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

یہ حدیث ابوحازم سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں یہ حدیث حضرت انس سے صرف اسی سند سے مروی ہے۔

1744 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اَهْدَتْ اُمُّ اَيْمَنَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَائِرًا بَيْنَ رَغِيفَيْنِ. فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ؟ فَجَائَتْهُ بِالطَّائِرِ، فَرَفَعَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ ائْتِنِي بِاَحَبِّ خَلْقِكَ اِلَيْكَ، يَاْكُلُ مَعِي مِنْ هَذَا الطَّائِرِ، فَجَاءَ عَلِيٌّ، فَقُلْتُ: اِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشْغُولٌ، وَاِنَّمَا دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آنِفًا، فَتَبَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الطَّائِرِ شَيْئًا، ثُمَّ رَفَعَ يَدَهُ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ ائْتِنِي بِاَحَبِّ خَلْقِكَ اِلَيْكَ يَاْكُلُ مَعِي مِنْ هَذَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم ایمن رضی اللہ عنہا نے نبی کریم ﷺ کی طرف ایک پرندہ پکا کر بطور ہدیہ بھیجا' نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: تمہارے پاس کوئی کھانے والی شے ہے؟ آپ کی ازواج نے آپ کے پاس وہی پرندہ لائیں تو آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ بلند کیا اور دعا کی: اے اللہ! اس کو میرے پاس لے آ جو تجھے مخلوق میں سب سے زیادہ پسند ہے وہ میرے ساتھ اس پرندہ سے کھائے۔ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے' میں نے کہا: رسول اللہ ﷺ مشغول ہیں' تو نبی کریم ﷺ بھی آئے ہیں' پس نبی کریم ﷺ نے پرندے سے کوئی شی لی تو پھر اپنے ہاتھ بلند کیے تو دعا کی: اے اللہ! اس کو لے آ جو تجھے مخلوق

الطَّائِرِ ، فَجَاءَ عَلِيٌّ، فَارْتَفَعَ الصَّوْتُ بَيْنِي وَبَيْنَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَدْخِلْهُ مَنْ كَانَ ، فَدَخَلَ . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالِي يَا رَبِّ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَاَكَلَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى فَرَغَا .

میں سب سے زیادہ محبوب ہے جو میرے ساتھ یہ پرندہ کھائے۔ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے' پس میری آواز آپ کی آواز کے درمیان بلند ہوئی تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو بھی ہے اسے داخل ہونے دو۔ وہ داخل ہوئے' نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے میرے رب! یہ میرا دوست ہے' تین مرتبہ فرمایا' پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ وہ پرندہ کھایا' یہاں تک کہ دونوں فارغ ہو گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلَمَةُ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف عبدالرزاق ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سلمہ اکیلے ہیں۔

1745 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَرْوَانَ الْفَزَارِيُّ قَالَ: نَا حُسَيْنُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: اَشْهَدُ عَلَى اَبِي، لَحَدَّثَنِي عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ: جَائَتِ الْاَنْصَارُ تُبَايِعُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْعَقَبَةِ، فَقَالَ: قُمْ يَا عَلِيُّ فَبَايِعْهُمْ ، فَقَالَ: عَلَى مَا اُبَايِعُهُمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: عَلَى اَنْ يُطَاعَ اللَّهُ، وَلَا يُعْصَى، وَعَلَى اَنْ تَمْنَعُوا رَسُولَ اللَّهِ وَاَهْلَ بَيْتِهِ وَذُرِّيَّتَهُ مِمَّا تَمْنَعُونَ مِنْهُ اَنْفُسَكُمْ وَذَرَارِيَكُمْ

حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انصار مقامِ عقبہ پر رسول اللہ ﷺ کی بیعت کرنے آئے' تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے علی! اُٹھو اور ان سے بیعت لو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کس بات پر ان سے بیعت لوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی اطاعت کرنے پر اور اس کی نافرمانی نہ کرنے پر اور اس پر کہ تم رسول اللہ ﷺ اور آپ کے اہل بیت اور آپ کی اولاد سے روکنا' جس طرح تم اپنے اور اپنی اولاد کے متعلق رکاوٹ پیدا کرتے ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرٍ اِلَّا حُسَيْنٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَرْوَانَ

یہ حدیث جعفر سے صرف حسین ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن مروان اکیلے ہیں۔

1746 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں

1745- انظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه52 .

1746- اخرجه الامام احمد في مسنده جلد1صفحه99 .

بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْجَنْبِيُّ، عَنِ الْاَجْلَحِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ حَبَّةَ بْنِ جُوَيْنٍ الْعُرَنِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، اَنَّهُ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ اَنَّهُ لَمْ يَعْبُدْكَ اَحَدٌ مِّنْ هَذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلِي، وَلَقَدْ عَبَدْتُكَ قَبْلَ اَنْ يَعْبُدَكَ اَحَدٌ مِّنْ هَذِهِ الْاُمَّةِ بِسِتِّ سِنِينَ

نے عرض کی: اے اللہ! تو جانتا ہے کہ اس اُمت میں سے اس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد مجھ سے پہلے کسی نے تیری عبادت نہیں کی، بے شک میں تیری عبادت کرتا رہا ہوں اس سے پہلے اُمت میں سے کسی نے چھ سال تک تیری عبادت کسی نے نہیں کی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَجْلَحِ اِلَّا عَمْرٌو

یہ حدیث اجلح سے صرف عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

1747 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ بُرْدَةَ قَالَ: قَالَ وَهْبُ بْنُ مُنَبِّهٍ: قَالَ اَخِي هَمَّامٌ: قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ اَحَدُكُمْ فِي صَلَاةٍ مَّا مَا دَامَ يَنْتَظِرُ الَّتِي بَعْدَهَا، وَلَا تَزَالُ الْمَلَائِكَةُ تُصَلِّي عَلَى اَحَدِكُمْ مَا دَامَ فِي مَسْجِدِهِ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ، مَا لَمْ يُحْدِثْ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ حَضْرَمَوْتَ: مَا ذَلِكَ الْحَدَثُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ؟ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحِي مِنَ الْحَقِّ: فُسَاءٌ اَوْ ضُرَاطٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہر کوئی مسلسل نماز کی ہی حالت میں ہوتا ہے جب تک وہ نماز کے بعد نماز کے انتظار میں ہوتا ہے فرشتے تم میں سے اس کے لیے مسلسل دعائیں کرتے ہیں جب تک وہ مسجد میں رہتا ہے (وہ فرشتے عرض کرتے ہیں:) اے اللہ! اس کو بخش دے! اے اللہ! اس پر رحم کر! (یہ دعا کرتے رہتے ہیں) جب تک کہ وہ بے وضو نہ ہو جائے۔ حضر موت کے ایک آدمی نے عرض کی: اے ابوہریرہ! حدث کیا ہے؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل حق بات کہنے سے حیاء نہیں کرتا ہے وہ بے آواز یا آواز کے ساتھ نکلنے والی ہوا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَهْبٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث وہب سے صرف عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں۔

1747- اخرجه البخاری: الصلاة جلد 1 صفحه 672 رقم الحديث: 477' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 459' والترمذی: الصلاة جلد 2 صفحه 150 رقم الحديث: 330 .

1748 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مُوسَى الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نَا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ: نَا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ مَكْحُولٍ، اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: فَسَمِعْتُهُ يَذْكُرُ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو: اللّٰهُمَّ انْفَعْنِي بِمَا عَلَّمْتَنِي، وَعَلِّمْنِي مَا يَنْفَعُنِي

حضرت مکحول رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' کہا کہ میں نے آپ کو ذکر کرتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا کرتے تھے: اے اللہ! مجھے نفع دے اس کے ساتھ جو تُو نے مجھے سکھایا اور مجھے وہ دے جو میرے لیے نفع مند ہو!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ، وَلَا عَنْ سُلَيْمَانَ اِلَّا عُمَارَةُ، وَلَا عَنْ عُمَارَةَ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُعَافَى الظِّهْرِيُّ الْحِمْصِيُّ

یہ حدیث مکحول سے صرف سلیمان اور سلیمان سے صرف عمارہ اور عمارہ سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں معافی ظہری حمصی اکیلے ہیں۔

1749 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْمُتَوَكِّلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَوْرَةَ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُبَالَ فِي الْمَاءِ الْجَارِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جاری پانی میں پیشاب کرنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا الْحَارِثُ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف حارث ہی روایت کرتے ہیں۔

1750 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاُمَوِيُّ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ يَزِيدَ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ،

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی سعید الخدری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کنکریاں جو ہر سال ماری جاتی

1748- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحہ184 .

1749- انظر: مجمع الزوائد جلد11صفحہ207 .

1750- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحہ263 .

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذِهِ الْجِمَارُ الَّتِي تَرْمِي كُلَّ سَنَةٍ، فَنَحْسِبُ اَنَّهَا تَنْقُصُ، فَقَالَ: مَا تُقُبِّلَ مِنْهَا رُفِعَ، وَلَوْلَا ذَلِكَ رَاَيْتُمُوهَا مِثْلَ الْجِبَالِ

ہیں' ہم شمار کرتے ہیں تو وہ کم ہی ہوتی ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: ان میں سے جو (کنکریاں) قبول ہوتی ہیں وہ اُٹھالی جاتی ہیں' اگر ایسا نہ ہوتو تم ان کو پہاڑوں کی طرح دیکھو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا زَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَزِيدُ بْنُ سِنَانٍ

یہ حدیث عمرو سے صرف زید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یزید بن سنان اکیلے ہیں۔

1751 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ الْاَخْيَلِ قَالَ: نَا مُبَشِّرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ جَنَابِ بْنِ نِسْطَاسٍ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ سَالِمٍ الْاَفْطَسِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: (وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوا) (النساء: 3) فِي الْيَتَامَى، خَافُوا فِي النِّسَاءِ مِثْلَ ذَلِكَ اَنْ لَا يُعْطُوا، فَنَزَلَتْ: (فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ) (النساء: 3) اِلَى قَوْلِهِ: (ذَلِكَ اَدْنَى اَلَّا تَعُولُوا) (النساء: 3)

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت "وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوا" (النساء:۳) تیموں کے متعلق نازل ہوئی تو لوگوں نے عورتوں کے متعلق بھی خوف کیا اس طرح کا کہ اور عورتوں کو کچھ نہیں دیتیں' تو یہ آیت "فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ...... اِلَى قَوْلِهِ...... ذَلِكَ اَدْنَى اَلَّا تَعُولُوا" (النساء:۳) نازل ہوئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ اِلَّا شَرِيكٌ، وَلَا عَنْ شَرِيكٍ اِلَّا جَنَابٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُبَشِّرٌ

یہ حدیث سالم سے صرف شریک اور شریک سے صرف جناب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مبشر اکیلے ہیں۔

1752 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَصْبَغُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مَرْوَانَ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ جَدِّي اَبَانَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ سُلَيْمَانَ، عَنْ قُبَاثِ بْنِ اَشْيَمَ اللَّيْثِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعِدَةُ عَطِيَّةٌ

حضرت قباث بن اشیم لیثی رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عدت عطیہ ہے۔

1751- اخرجه سعيد بن منصور: سننه جلد 3 صفحه 1143 رقم الحديث: 554 . انظر: الدر المنثور جلد 2 صفحه 118 .

1752- انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 169-170 .

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ قُبَاثٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَصْبَغُ

یہ حدیث حضرت قباث سے صرف اسی سند سے روایت ہے اسے روایت کرنے میں اصبغ اکیلے ہیں۔

1753 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَدْرَكَ الْجُمُعَةَ، فَغَسَلَ وَاغْتَسَلَ، ثُمَّ غَدَا وَابْتَكَرَ، ثُمَّ دَنَا مِنَ الْاِمَامِ، فَاَنْصَتَ وَاسْتَمَعَ، كَانَ لَهُ فِي كُلِّ خُطْوَةٍ كَعَمَلِ سَنَةٍ قِيَامُهَا وَصِيَامُهَا

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے جمعہ پایا اور غسل کیا اور پہل کی اور جلدی چلا یہاں تک کہ امام کے قریب ہوا' پھر خاموش رہا اور غور سے سُنا تو اس کو ہر قدم اُٹھانے کے بدلے ایک سال کے قیام اور روزوں کا ثواب ملے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النُّعْمَانِ اِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث نعمان سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

1754 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَيُّوبَ السُّكَّرِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: زُرْ غِبًّا، تَزْدَدْ حُبًّا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کبھی کبھی زیارت کیا کرو' محبت میں اضافہ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا الْوَلِيدُ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف ولید ہی روایت کرتے ہیں۔

1755 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت

1753- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1صفحه93-94 رقم الحديث: 345' والترمذي: الصلاة جلد 2صفحه368 رقم الحديث: 496' والنسائي: الجمعة جلد3صفحه77 (باب فضل غسل يوم الجمعة)' وابن ماجه: الاقامة جلد 1 صفحه346 رقم الحديث: 1087' وأحمد: المسند جلد4صفحه12 رقم الحديث: 16167 .

1754- أخرجه البيهقي في شعب الايمان جلد 6صفحه328 رقم الحديث: 8371-8372 . انظر مجمع الزوائد جلد 8 صفحه178 .

1755- أخرجه البخاري: الجمعة جلد2صفحه430 رقم الحديث: 882' ومسلم: الجمعة جلد2صفحه580 .

مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ قَالَ: نَا أَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ عُمَرُ: أُمِرْنَا أَنْ نَغْتَسِلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہمیں جمعہ کے دن غسل کرنے کا حکم دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ إِلَّا أَزْهَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى

یہ حدیث ابن عون سے صرف ازہر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں احمد بن محمد بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

1756 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ قَالَ: نَا أَبُو مُوسَى الْفَزَارِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ أَيَّامٍ أَحَبُّ إِلَى اللَّهِ الْعَمَلُ فِيهِنَّ مِنْ أَيَّامِ الْعَشْرِ. قِيلَ: وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ؟ قَالَ: لَا، إِلَّا مَنْ خَرَجَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ، ثُمَّ لَمْ يَرْجِعْ مِنْ ذَلِكَ بِشَيْءٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ان دس دنوں (مراد ذی الحجہ شریف) سے افضل اللہ کے ہاں کوئی دن نہیں ہے کہ جن میں کوئی عمل کیا جائے۔ عرض کی گئی: اللہ کی راہ میں جہاد کرنا بھی نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! سوائے اس کے کہ آدمی اپنے جان و مال کے ساتھ نکلے پھر کوئی شے واپس لے کر نہ آئے۔

1757 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: بَايَعْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَنْ لَا نَفِرَّ، وَلَمْ نُبَايِعْهُ عَلَى الْمَوْتِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی بیعت کرتے تھے' جنگ سے نہ بھاگنے پر' اور آپ سے ہم موت پر بیعت نہیں کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا عِيسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدٌ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سعید اکیلے ہیں۔

1756- أخرجه الطبراني في الكبير جلد10صفحه199-200 رقم الحديث: 10455 . انظر: مجمع الزوائد جلد4 صفحه19' والترغيب للمنذري جلد2صفحه198-199 رقم الحديث:3 .

1757- أخرجه مسلم: الامارة جلد 3صفحه1483' والنسائي: البيعة جلد 7صفحه127 (البيعة على أن لا نفر)' وأحمد: المسند جلد3صفحه435 رقم الحديث:14835 .

1758 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ يَحْيَى، وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِكُلِّ دِينٍ خُلُقًا، وَاِنَّ خُلُقَ هَذَا الدِّينِ الْحَيَاءُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر دین کا اخلاق ہے اور اس دین کا اخلاق حیاء ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا عِيسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث مالک سے صرف عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن عبدالرحمن اکیلے ہیں۔

1759 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ الْاَخْيَلِ قَالَ: نَا مُبَشِّرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ جَنَابِ بْنِ نِسْطَاسٍ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (وَهَمُّوا بِمَا لَمْ يَنَالُوا) (التوبة: 74) قَالَ: هَمَّ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: الْاَسْوَدُ بِقَتْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''وَهَمُّوا بِمَا لَمْ يَنَالُوا '' (التوبہ:۷۴) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ایک آدمی تھا جسے اسود کہا جاتا تھا' اُس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قتل کرنے کا ارادہ کیا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ اِلَّا شَرِيكٌ، وَلَا عَنْ شَرِيكٍ اِلَّا جَنَابٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُبَشِّرٌ

یہ حدیث عطاء بن سائب سے صرف شریک اور شریک سے صرف جناب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مبشر اکیلے ہیں۔

1760 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: نَا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وتر فرض نہیں ہیں لیکن یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ہیں۔

1758- أخرجه ابن ماجه: الزهد جلد 2 صفحه 1399 رقم الحديث: **4181** .

1759- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **3417** .

1760- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 316 رقم الحديث: **453-454**' والنسائي: قيام الليل جلد 3 صفحه 187 (باب الأمر بالوتر)' وابن ماجه: الاقامة جلد 1 صفحه 370 رقم الحديث: **1169**' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 107 رقم الحديث: **655** .

اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: الْوِتْرُ لَيْسَ بِحَتْمٍ، وَلَكِنَّهُ سُنَّةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُغِيرَةَ اِلَّا اَبُو اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهٖ: عُبَيْدٌ

یہ حدیث مغیرہ سے صرف ابواسحاق ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبیدا کیلے ہیں۔

1761 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ شَابُورَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ مَرَاغًا مِنْ مِسْكٍ، مِثْلَ مَرَاغِ دَوَابِّكُمْ فِي الدُّنْيَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت میں جانور مشک میں لوٹتے پوٹتے ہوں گے جس طرح دنیا میں مٹی میں لوٹتے پوٹتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَازِمٍ اِلَّا عَبْدُ الْحَمِيدِ، تَفَرَّدَ بِهٖ: مُحَمَّدُ بْنُ شَابُورَ

یہ حدیث ابوحازم سے صرف عبدالحمید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن شابورا کیلے ہیں۔

1762 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْمُتَوَكِّلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي سَوْرَةَ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ قُرَّةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مُسْتَتِرَةٌ بِقِرَامٍ فِيهِ صُورَةٌ، فَهَتَكَهُ، وَقَالَ: اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الَّذِينَ يُشَبِّهُونَ بِخَلْقِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس اس حالت میں آئے کہ میں نے ایسا پردہ لٹکایا ہوا تھا جس میں تصویریں تھیں تو آپ نے ان تصویروں کو مٹا دیا اور فرمایا: قیامت کے دن سخت عذاب اُن لوگوں کو دیا جائے گا جو اللہ عزوجل کی مخلوق کی مشابہت میں بناتے ہیں۔

لَمْ يُدْخِلْ فِي اِسْنَادِ هٰذَا الْحَدِيثِ بَيْنَ الْاَوْزَاعِيِّ وَالزُّهْرِيِّ: قُرَّةَ اِلَّا الْحَارِثُ

اس حدیث کی سند میں اوزاعی اور زہری کے درمیان صرف حارث ہی ہیں۔

1761- أخرجه الطبراني في الكبير جلد6صفحه196 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه415 .

1762- أخرجه البخاري: اللباس جلد10صفحه400 رقم الحديث: 5954' ومسلم: اللباس جلد3صفحه1667 .

1763 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مَوْلُودٍ يُولَدُ اِلَّا وَهُوَ مَكْتُوبٌ فِي تَشْبِيكِ رَأْسِهِ خَمْسُ آيَاتٍ مِّنْ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو بچہ بھی پیدا ہوتا ہے اس کے سر کے درمیان سورۂ فاتحہ کی پانچ آیتیں لکھی ہوتی ہیں۔

1764 - وَعَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ اُمَّ كُلْثُومٍ جَاءَتْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، زَوْجُ فَاطِمَةَ خَيْرٌ مِّنْ زَوْجِي . فَاَسْكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَلِيًّا، ثُمَّ قَالَ: زَوْجُكِ يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، وَيُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، وَاَزِيدُكِ: لَوْ قَدْ دَخَلْتِ الْجَنَّةَ، فَرَاَيْتِ مَنْزِلَهُ لَمْ تَرَىْ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِي يَعْلُوهُ فِي مَنْزِلَتِهِ .

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت اُم کلثوم رضی اللہ عنہا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئیں اور عرض کی: یارسول اللہ! فاطمہ کا شوہر میرے شوہر سے بہتر ہے' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کچھ دیر خاموش رہے' پھر فرمایا: تمہارے شوہر سے اللہ اور اس کا رسول محبت کرتے ہیں اور اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتے ہیں اور میں تیرے لیے یہ اضافہ کرتا ہوں کہ اگر تو جنت میں داخل ہوگئی تو اس کا درجہ دیکھے گی' میرے صحابہ میں سے کسی کو بھی اُس بلند درجے پر نہیں دیکھے گا۔

1765 - وَعَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ عَبَّاسِ بْنِ خُلَيْدٍ الْحَجْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْخَادِمِ يُذْنِبُ؟ فَقَالَ: يُعْفَى عَنْهُ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِينَ مَرَّةً

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایسے خادم کے متعلق جو گناہ کرتا ہے' پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو معاف کردو اگرچہ وہ دن میں ستر دفعہ گناہ کرے۔

1766 - وَعَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے

1763- انظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه314 .

1764- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 9119 .

1765- أخرجه أحمد: المسند جلد2صفحه151 رقم الحديث: 5904 .

1766- أخرجه أحمد: المسند جلد3صفحه66 رقم الحديث: 11509 .

مَكْحُولٍ، عَنْ قَزَعَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْعَزْلِ؟ فَقَالَ: اَنْتَ تَخْلُقُهُ؟ اَنْتَ تَرْزُقُهُ؟ اَقِرَّهُ قَرَارَهُ

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے عزل کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: کیا تُو نے اسے پیدا کرنا ہے؟ کیا تُو نے اسے رزق دینا ہے؟ جس نے آنا ہے اس نے آ کر ہی رہنا ہے۔

1767 - وَعَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَيُّوبَ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ عِيسَى بْنِ هِلَالٍ الصَّدَفِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ، فَقَالَ: مَنْ حَافَظَ عَلَيْهِنَّ كُنَّ لَهُ نُورًا، وَبُرْهَانًا، وَنَجَاةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے پانچ نمازوں کا ذکر کیا اور فرمایا: جو ان پانچ نمازوں کو ہمیشگی سے پڑھے گا' تو یہ نمازیں اس کے لیے قیامت کے دن نور' دلیل اور نجات کا ذریعہ ہوں گی۔

1768 - وَعَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ فِي اِنْصَاتٍ وَسُكُوتٍ بُنِيَ لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ مِنْ زَبَرْجَدَةٍ خَضْرَاءَ، اَوْ يَاقُوتَةٍ حَمْرَاءَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کا ایک روزہ خاموشی اور سکون سے رکھا تو اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں سبز زبرجد یا سرخ یاقوت کا گھر بنائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ الْوَلِيدِ الْقَلَانِسِيُّ

یہ حدیث ثوبان سے صرف ولید بن ولید القلانسی ہی روایت کرتے ہیں۔

1769 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الرَّازِيُّ الْاِسْفَذَنِيُّ، بِبَغْدَادَ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي بَكْرٍ الرَّازِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنِ ابْنِ قَتَّةَ، مَوْلَى جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے خلیل حضرت ابوالقاسم ﷺ نے تین مرتبہ مجھے وصیت کی' جسے میں مرتے وقت تک نہیں چھوڑوں گا: (۱) ہر ماہ میں تین روزے رکھنا (۲) چاشت کی دو رکعتیں پڑھنا اور (۳) سونے سے پہلے وتر پڑھنا۔

1767- انظر: لسان الميزان جلد4صفحه350 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 29511 .

1768- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه146 .

1769- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه266 رقم الحديث: 1981' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه499 .

اَوْصَانِي خَلِيلِي اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ، لَنْ اَدَعَهُنَّ حَتَّى اَلْقَاهُ: صَوْمُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَرَكْعَتَيِ الضُّحَى، وَالْوَتْرُ قَبْلَ النَّوْمِ

لَا يَرْوِي هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ قَتَّةَ مَوْلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا جَرِيرُ بْنُ شُرَحْبِيلَ، وَلَا عَنْ جَرِيرٍ اِلَّا الْجَرَّاحُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ اَبِي بَكْرٍ . وَاسْمُ ابْنِ قَتَّةَ: سُلَيْمَانُ، يَرْوِي عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَرَوَى عَنْهُ مُوسَى بْنُ اَبِي عَائِشَةَ وَغَيْرُهُ

یہ حدیث سلیمان بن قتہ مولیٰ حسین بن علی سے صرف جریر بن شرحبیل ہی روایت کرتے ہیں اور جریر سے صرف جراح ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن ابی بکر اکیلے ہیں۔ ابن قتہ کا نام سلیمان ہے' وہ حضرت ابن عباس سے روایت کرتے ہیں' ان سے موسیٰ بن ابی عائشہ وغیرہ نے بھی روایت کی ہے۔

1770 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الْفَرَّاءُ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ اُمَّتِي عَلَى الْفِطْرَةِ مَا لَمْ يُؤَخِّرُوا الْمَغْرِبَ حَتَّى تَشْتَبِكَ النُّجُومُ

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اُمت فطرت پر رہے گی جب تک مغرب کو مؤخر نہیں کریں گے یہاں تک کہ ستارے ڈوب جائیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عَبَّادٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى وَابْنُهُ عَوَّامُ بْنُ عَبَّادٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ آدَمَ الْمَرْوَزِيُّ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عباد اکیلے ہیں اور عباد سے صرف ابراہیم بن موسیٰ اور ان کے بیٹے عوام بن عباد اور محمد بن آدم المروزی روایت کرتے ہیں۔

1771 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ قَالَ: نا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ حَسَّانَ،

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کو خبر دی کہ اہل نہر کو حضرت محمد ﷺ کی زبان سے ملعون قرار دیا گیا ہے۔

1770- اخرجه ابن ماجه: الصلاة جلد 1 صفحه 225 رقم الحديث: 689' والبيهقي في الكبرى جلد 1 صفحه 658 رقم الحديث: 2109 . انظر: الدر المنثور جلد 1 صفحه 300 .

عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ حُجْرِ بْنِ عَدِيّ الْكِنْدِيّ، عَنْ عَلِيّ قَالَ: لَقَدْ عَلِمَتْ عَائِشَةُ بِنْتُ اَبِي بَكْرٍ اَنَّ اَهْلَ النَّهْرِ، مَلْعُونُونَ عَلَى لِسَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث حبیب بن حسان سے صرف ابوبکر بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں۔

1772 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ يَحْيَى الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا خَيَّبَ اللّٰهُ عَبْدًا قَامَ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ، فَافْتَتَحَ سُورَةَ الْبَقَرَةِ وَآلَ عِمْرَانَ، وَنِعْمَ كَنْزُ الْمَرْءِ الْبَقَرَةُ، وَآلُ عِمْرَانَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل اس بندے کو رسوانہیں کرے گا جو آدھی رات کو اُٹھتا ہے تو سورۂ بقرہ' سورۂ آل عمران شروع کرتا ہے' اور آدمی کا بہترین خزانہ سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا لَيْثٌ، وَلَا عَنْ لَيْثٍ اِلَّا فُضَيْلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِشْرٌ

یہ حدیث شعبی سے صرف لیث اور لیث سے صرف فضیل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بشر اکیلے ہیں۔

1773 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي بَكْرٍ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صُهْبَانَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ حَتَّى نَقُولَ: لَا يُفْطِرُ، وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُولَ: لَا يَصُومُ، وَكَانَ اَكْثَرُ صَوْمِهِ فِي شَعْبَانَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ روزہ رکھتے تھے یہاں تک کہ ہم کہتے کہ آپ افطار نہیں کریں گے' پھر آپ ﷺ افطار کرتے یہاں تک کہ ہم کہتے کہ اب آپ روزہ نہیں رکھیں گے' اور آپ ﷺ شعبان کے ہی زیادہ تر روزے رکھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ اِلَّا عَلِيٌّ

یہ حدیث عمر سے صرف علی ہی روایت کرتے ہیں۔

1772- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه257 .

1773- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 19513 .

1774 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُمَرُ قَالَ: نَا اَبِی، عَنْ عِيسَى بْنِ الضَّحَّاكِ الْكِنْدِيِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، اَنَّهُ قَالَ: اَيُّكُمْ يُحَدِّثُنَا بِحَدِيثٍ سَمِعَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْفِتْنَةِ؟ فَقَالَ حُذَيْفَةُ: اَنَا اُحَدِّثُكَ كَمَا قَالَ. فَقَالَ: اِنَّكَ عَلَيْهِ لَجَرِیءٌ، فَحَدِّثْ. قَالَ: فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِي اَهْلِهِ، وَمَالِهِ، وَوَلَدِهِ، وَجَارِهِ تُكَفِّرُهَا الصَّلَاةُ، وَالصَّوْمُ، وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ فَقَالَ عُمَرُ: لَسْتُ اَسْاَلُكَ عَنْ هٰذَا، اَسْاَلُكَ عَنِ الَّتِي تَمُوجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ. فَقَالَ: لَيْسَ عَلَيْكَ مِنْهَا بَاْسٌ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ. بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابٌ مُغْلَقٌ. فَقَالَ: اَيُفْتَحُ اَمْ يُكْسَرُ؟ قَالَ: بَلْ يُكْسَرُ. قَالَ: اِذَنْ لَا يُغْلَقُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

حضرت مسروق‘ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم میں سے کون ہے جس نے رسول اللہ ﷺ سے فتنہ کے متعلق حدیث سنی ہو؟ تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں آپ کو بیان کرتا ہوں جس طرح آپ نے فرمایا‘ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اس پر بڑے دلیر ہو‘ بیان کرو۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آدمی کا فتنہ اس کے گھر‘ مال‘ اولاد اور اس کے پڑوسی میں ہوگا‘ اس کا کفارہ نماز اور روزے اور نیکی کے کام کا حکم اور برائی سے منع کرنا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اس کے متعلق نہیں پوچھا‘ میں تم سے اس موج کے متعلق پوچھتا ہوں جو سمندر کی موج کی طرح ہوگی۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے امیرالمؤمنین! آپ پر اس سے کوئی حرج نہیں ہوگا‘ آپ اور اس (فتنہ) کے درمیان بند دروازہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا اس کو کھولا جائے گا یا توڑا جائے گا؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: بلکہ توڑا جائے گا پھر قیامت تک بند نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِيسَى اِلَّا عَلِيُّ بْنُ اَبِي بَكْرٍ

یہ حدیث عیسیٰ سے صرف علی بن ابی بکر ہی روایت کرتے ہیں۔

1775 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ اَنَسٍ الْمُقْرِءُ قَالَ: نَا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَدِمَ

حضرت انس (بن مالک) رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ عرینہ کے لوگ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آئے‘ ان کو مدینہ منورہ کی آب و ہوا موافق نہ آئی تو رسول

1774- اخرجه البخاری: المواقيت جلد2صفحه11 رقم الحديث: 525‘ ومسلم: الفتن جلد4صفحه2218 .

1775- اخرجه البخاری: الحدود جلد12صفحه114 رقم الحديث: 6805‘ ومسلم: القسامة جلد3صفحه1296 .

عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاسٌ مِنْ عُرَيْنَةَ . فَاجْتَوَوُا الْمَدِينَةَ، فَأَمَرَ بِهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى لِقَاحِ الصَّدَقَةِ، لِيَشْرَبُوا مِنْ أَلْبَانِهَا ، فَشَرِبُوا حَتَّى صَحُّوا، ثُمَّ قَتَلُوا الرَّاعِيَ، وَاسْتَاقُوا الْإِبِلَ، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَلَبِهِمْ، فَأُتِيَ بِهِمْ، فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ، وَسَمَلَ أَعْيُنَهُمْ

اللہ ﷺ نے اُن کو صدقہ کے اونٹوں کی طرف بھیجا اور اُنہیں حکم دیا کہ اُن کا دودھ اور پیشاب پئیں' اُنہوں نے پیا تو وہ درست ہو گئے پھر انہوں نے آپ ﷺ کے چرواہے کو قتل کیا اور اونٹ ہانک کر لے گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے اُن کی تلاش میں چند لوگوں کو بھیجا' اُن کو لایا گیا' آپ نے ان کے ہاتھ و پاؤں مخالف سمت سے کاٹ دیے گئے اور ان کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیریں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ إِلَّا سَلَمَةُ

یہ حدیث ابوجعفر سے صرف سلمہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1776 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ: نَا أَبِي، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ الْحُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ صَيْفِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا يَوْمُ عَاشُورَاءَ، فَصُومُوهُ، وَمَنْ كَانَ طَعِمَ فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ ، وَبَعَثَ إِلَى أَهْلِ الْقُرَى وَمَنْ حَوْلَ الْمَدِينَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَصُومُوا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمْ

حضرت محمد بن صیفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ عاشوراء کا دن ہے تو اس دن کا روزہ رکھو' جس نے کھانا کھا لیا ہو وہ بقیہ دن روزہ رکھے' آپ نے بستی والوں اور مدینہ منورہ کے اردگرد کے انصار کی طرف حکم بھیجا کہ وہ اپنے بقیہ دن کا روزہ رکھیں۔

1777 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ أَنَسٍ الْمُقْرِءُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور آپ سے نماز کے اوقات پوچھے؟

1776- أخرجه ابن ماجه: الصيام جلد 1 صفحه 552 رقم الحديث: 1735 .

1777- أخرجه مسلم: المساجد جلد 1 صفحه 428' والترمذي: الصلاة جلد 1 صفحه 286 رقم الحديث: 152' والنسائي: المواقيت جلد 1 صفحه 207 (باب أول وقت المغرب)' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 409 رقم الحديث: 23019 .

بُـرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ عَنْ مَوَاقِيتِ الصَّلَاةِ؟ فَقَالَ: صَلِّ مَعَنَا هٰذَيْنِ الْيَوْمَيْنِ فَاَمَرَ بِلَالًا حِينَ يَطْلُعُ الْفَجْرُ فَاَذَّنَ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ، فَصَلَّى، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَذَّنَ حِينَ زَالَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلَّى، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَذَّنَ الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلَّى، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَذَّنَ لِلْمَغْرِبِ حِينَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلَّى، ثُمَّ اَمَرَهُ حِينَ غَابَ الشَّفَقُ فَاَذَّنَ لِلْعِشَاءِ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلَّى، ثُمَّ اَمَرَهُ مِنَ الْغَدِ، فَاَذَّنَ لِلْفَجْرِ حِينَ طَلَعَ الْفَجْرُ، ثُمَّ اَمَرَهُ حِينَ اَسْفَرَ فَاَقَامَ فَصَلَّى، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَذَّنَ الظُّهْرَ حِينَ صَارَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَهُ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلَّى، ثُمَّ اَمَرَهُ حِينَ صَارَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَيْهِ فَاَذَّنَ لِلْعَصْرِ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلَّى، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَذَّنَ لِلْمَغْرِبِ حِينَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلَّى، ثُمَّ اَخَّرَ الْعِشَاءَ اِلَى قَرِيبٍ مِنْ ثُلُثِ اللَّيْلِ، ثُمَّ قَالَ: مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ وَقْتٌ

آپ ﷺ نے فرمایا: تُو ہمارے ساتھ یہ دو دن نماز پڑھ۔ آپ ﷺ نے طلوعِ فجر کے وقت حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو فجر کی اذان کا حکم دیا' پھر آپ نے انہیں اقامت پڑھنے کا حکم دیا تو آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ ﷺ نے سورج ڈھلنے پر حضرت بلال کو ظہر کی اذان کا حکم دیا پھر آپ نے اقامت پڑھنے کا حکم دیا تو آپ نے نماز پڑھائی' پھر آپ ﷺ نے سورج بلند ہونے پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو عصر کی اذان پڑھنے کا حکم دیا پھر انہیں اقامت پڑھنے کا حکم دیا تو آپ نے نماز پڑھائی' پھر آپ ﷺ نے سورج غروب ہونے پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو مغرب کی اذان کا حکم دیا' پھر آپ نے انہیں اقامت پڑھنے کا حکم دیا' تو آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ ﷺ نے انہیں شفق غائب ہونے پر عشاء کی اذان دینے کا حکم دیا' پھر آپ نے انہیں اقامت پڑھنے کا حکم دیا تو آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ نے دوسرے دن طلوعِ فجر کے وقت فجر کی اذان کا حکم دیا' پھر آپ نے سفیدی پھیلنے پر اقامت پڑھنے کا حکم دیا' تو آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ ﷺ نے ہر شے کا سایہ اپنی مثل ہونے پر ظہر کی اذان دینے کا حکم دیا' پھر آپ نے انہیں اقامت پڑھنے کا حکم دیا' پس آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ ﷺ نے ہر شے کا سایہ دو مثل ہونے پر عصر کی اذان دینے کا حکم دیا' پس آپ نے انہیں اقامت کا حکم دیا' پس آپ ﷺ نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ ﷺ نے سورج غروب ہونے پر اذان کا حکم دیا' پھر آپ نے اقامت کا حکم دیا' پس آپ

نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ ﷺ نے نمازِ عشاء کو تہائی رات تک مؤخر کیا' پھر فرمایا: ان دونوں کے درمیان نماز کا وقت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجَرَّاحِ اِلَّا عَلِيٌّ، تَفَرَّدَ بِهٖ: نُوحٌ

یہ حدیث جراح سے صرف علی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں نوح اکیلے ہیں۔

1778 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا نُوحٌ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، ح ـ وَقَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي بَكْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ الْكِنْدِيِّ، عَنْ مَهْدِيٍّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَهْلَ عِلِّيِّينَ لَيُشْرِفُ اَحَدُهُمْ عَلَى الْجَنَّةِ، فَيُضِيءُ وَجْهُهُ لَهُمْ كَمَا يُضِيءُ الْقَمَرُ لِاَهْلِ الدُّنْيَا لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَاِنَّ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ لَمِنْهُمْ وَاَنْعَمَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علیین والے جھانک کر جنت میں دیکھیں گے تو اُن کے چہرے چمک رہے ہوں گے جس طرح دنیا میں چودھویں رات کا چاند چمکتا ہے' بے شک ابوبکر و عمر اُن میں سے ہیں جو علیین میں ہوں گے' دونوں ہی بہترین لوگ ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَهْدِيٍّ اِلَّا الْجَرَّاحُ، تَفَرَّدَ بِهٖ: عَلِيُّ بْنُ اَبِي بَكْرٍ

یہ حدیث مہدی سے صرف جراح ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابی بکر اکیلے ہیں۔

1779 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا نُوحٌ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ نَذِيرٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: اَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَضَلَةِ سَاقِي اَسْفَلَ مِنْهَا، فَقَالَ: هٰذَا مَوْضِعُ الْاِزَارِ، فَاِنْ اَبَيْتَ فَاَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ، فَاِنْ اَبَيْتَ فَلَا حَقَّ لِلْاِزَارِ فِي الْكَعْبَيْنِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میری پنڈلی کا نیچے سے کپڑا پکڑا اور فرمایا: یہ تہبند باندھنے کی جگہ ہے' اگر تو اس سے انکار کرے تو اس سے نیچے کرلیا کر' اگر اس سے بھی انکار کرے تو ٹخنوں کے نیچے تہبند کا حق نہیں ہے۔

1778- اخرجه احمد: المسند جلد3صفحه62 رقم الحديث: 11473 ۔

1779- اخرجه الترمذی: اللباس جلد 4صفحه247 رقم الحديث: 1783' وابن ماجه: اللباس جلد 2صفحه1182 رقم الحديث: 3572' واحمد: المسند جلد5صفحه468 رقم الحديث: 23464 ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجَرَّاحِ إِلَّا عَلِيٌّ

یہ حدیث جراح سے صرف علی ہی روایت کرتے ہیں۔

1780 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: حَدَّثَنَا عمر بْنُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے تھے۔

1781 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عُمَرُ قَالَ: نَا أَبِي، عَنِ الْجَرَّاحِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ: نَا أَبُو عَطِيَّةَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ أَنَا وَمَسْرُوقٌ، فَقُلْنَا: رَجُلَانِ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَحَدُهُمَا يُعَجِّلُ الصَّلَاةَ وَالْفِطْرَ، وَالْآخَرُ يُؤَخِّرُ . فَقَالَتْ: أَيُّهُمَا الَّذِي يُعَجِّلُ الصَّلَاةَ وَالْفِطْرَ؟ فَقُلْنَا: ابْنُ مَسْعُودٍ . فَقَالَتْ: هَكَذَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ

حضرت ابوعطیہ فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت مسروق' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور ہم نے عرض کی: ہم میں حضرت محمد ﷺ کے دوصحابی ہیں' ایک اُن میں سے جلدی افطار کرتا ہے اور نماز میں جلدی کرتا ہے اور دوسرا مؤخر کرتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: روزہ اور نماز جلدی افطار کون کرتا ہے؟ ہم نے عرض کی: حضرت ابن مسعود۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضرت محمد ﷺ ایسے ہی کرتے تھے۔

1782 - وَبِهِ: عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ أُمِّي جَعَلَتْ عَلَيْهَا صَوْمَ شَهْرٍ، وَإِنَّهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: یارسول اللہ میری والدہ پر ایک ماہ کے روزے تھے وہ وفات پا گئیں لیکن اس کی قضاء نہیں کی؟ تو رسول اللہ ﷺ نے

1780- أخرجه البخاري: الصوم جلد**4**صفحه**180** رقم الحديث: **1928**' ومسلم: الصيام جلد**2**صفحه**777** .

1781- أخرجه مسلم: الصيام جلد**2**صفحه**771**' وأبو داؤد: الصوم جلد**2**صفحه**315** رقم الحديث: **2354**' والنسائي: الصيام جلد **4**صفحه**117-118** (باب ذكر الاختلاف على سليمان بن مهران في حديث عائشة في تأخير السحور' واختلاف ألفاظهم)' والترمذي: الصوم جلد**3**صفحه**74** رقم الحديث: **702**' وأحمد: المسند جلد**6**صفحه**54** رقم الحديث: **24267** .

1782- أخرجه البخاري: الصوم جلد**4**صفحه**227** رقم الحديث: **1953**' ومسلم: الصيام جلد**2**صفحه**804** .

مَـاتَتْ وَلَمْ تَقْضِهِ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ: اَرَاَيْتِ لَوْ كَانَ عَلَيْهَا دَيْنٌ اَكُنْتِ تَقْضِيهِ؟ قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: فَدَيْنُ اللّٰهِ اَحَقُّ اَنْ يُقْضَى

فرمایا: تم بتاؤ کہ اگر اس پر قرض ہوتا تو کیا تم اس کو ادا کرتے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا قرض زیادہ حق رکھتا ہے کہ اس کو ادا کیا جائے۔

1783 - وَبِـهِ: عَنِ الْاَعْـمَـشِ، عَنْ اَبِى صَالِـحٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوِصَالِ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّكَ تُـوَاصِـلُ . فَـقَـالَ: اِنَّـكُمْ لَسْتُمْ مِثْلِى، اِنَّ رَبِّى يُطْعِمُنِى وَيَسْقِينِى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے وصال کے روزوں سے منع کیا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھی تو وصال کے روزے رکھتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک تم میری مثل نہیں ہو' میرا رب مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔

فائدہ: کھانے اور پلانے سے مراد یہ نہیں ہے کہ روٹی اور پانی' بلکہ اس سے مراد اپنی رحمت کے فیوض و برکات اور روحانی طاقت دینا ہے۔ دستگیر غفرلہ

1784 - وَبِهِ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُـمَيْـرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَـالَ: قَـالَ رَسُـولُ الـلّٰـهِ صَـلَّـى الـلّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَـزَوَّجُـوا يَـا مَـعْشَـرَ الشَّبَـابِ، فَـاِنَّهُ اَغَضُّ لِلْبَصَرِ، وَاَحْـصَـنُ لِـلْـفَرْجِ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ، فَاِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے نوجوانوں کے گروہ! شادی کرو کیونکہ شادی آنکھوں کو جھکاتی ہے اور شرمگاہ کی حفاظت کرتی ہے' جو شادی کی طاقت نہیں رکھتا ہے وہ روزے رکھے کیونکہ یہ اس کے لیے ڈھال ہے۔

1785 - وَبِهِ: عَنِ الْجَرَّاحِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُـرْوَةَ، عَـنْ اَبِـيهِ، عَـنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے تھے۔

1786 - وَبِهِ: عَنِ الْـجَرَّاحِ، عَنِ ابْنِ اَبِى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

1783- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه242 رقم الحديث: 1965' ومسلم: الصيام جلد2صفحه774-775 .

1784- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه142 رقم الحديث: 1905' ومسلم: النكاح جلد2صفحه1018 .

1785- تقدم تخريجه .

1786- أخرجه البخاري: الطب جلد 10صفحه157 رقم الحديث: 5694' وأبو داؤد: الصوم جلد2صفحه319

لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: احْتَجَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ صَائِمٌ، فِيمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ

رسول اللہ ﷺ نے روزے کی حالت میں مکہ اور مدینہ کے درمیان پچھنا لگوایا۔

1787 - وَبِهِ: عَنِ الْجَرَّاحِ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، وَمُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّي اَفْطَرْتُ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ مُتَعَمِّدًا، وَوَقَعْتُ عَلَى اَهْلِي فِيهِ . فَقَالَ: اَعْتِقْ رَقَبَةً . قَالَ: لَا اَجِدُ . قَالَ: اَهْدِ بَدَنَةً . قَالَ: لَا اَجِدُ . فَقَالَ: تَصَدَّقْ بِعِشْرِينَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، اَوْ تِسْعَةَ عَشَرَ، اَوْ اَحَدٍ وَّعِشْرِينَ قَالَ: لَا اَجِدُ . فَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِكْتَلٍ، فِيهِ عِشْرُونَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، فَقَالَ: تَصَدَّقْ بِهٰذَا . فَقَالَ: مَا بِالْمَدِينَةِ اَهْلُ بَيْتٍ اَحْوَجُ اِلَيْهِ مِنَّا . قَالَ: فَاَطْعِمْهُ اَهْلَكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: میں نے جان بوجھ کر رمضان کے ایک دن افطار کیا ہے اور اس میں اپنی بیوی سے جماع کیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: غلام آزاد کر! اس نے عرض کی: میں طاقت نہیں رکھتا ہوں' آپ ﷺ نے فرمایا: اونٹ کی قربانی کر! اس نے عرض کی: میں اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا ہوں' آپ ﷺ نے فرمایا: بیس صاع کھجور یا انیس یا اکیس صاع کھجور صدقہ دے' اس نے عرض کی: میں اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا ہوں' پھر نبی کریم ﷺ کے پاس ایک کھجور کا ٹوکرا لایا گیا جس میں بیس صاع کھجوریں تھیں' آپ ﷺ نے اُس آدمی سے فرمایا: اس کو صدقہ کر! اس نے عرض کی: مدینہ منورہ میں مجھ سے زیادہ ضرورت مند کوئی نہیں' تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ اپنے گھر والوں کو کھلا دے! (تمہارا کفارہ ادا ہو جائے گا)

1788 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الْقَطَّانُ الْبَغْدَادِيُّ اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ اَيُّوبَ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نَا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ پر دو زرد رنگ کے کپڑے دیکھے تو آپ نے فرمایا: تیری ماں نے یہ پہننے کا حکم دیا ہے؟

رقم الحديث: 2372' والترمذى: الصوم جلد 3صفحه138 رقم الحديث: 777' اخرجه مسلم: الحج جلد2 صفحه862 .

1787- اخرجه البخارى: الصوم جلد4صفحه193 رقم الحديث: 1936' ومسلم: الصيام جلد2صفحه781 .

1788- اخرجه مسلم: اللباس جلد3صفحه1647 .

إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَافِعٍ الْمَكِّيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي مُسْلِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: رَأَى عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَيْنِ مُعَصْفَرَيْنِ، فَقَالَ: أُمُّكَ أَمَرَتْكَ بِهٰذَا؟ قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: فَاغْسِلْهُمَا

میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: ان دونوں کو دھو دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا عُمَرُ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں۔

1789 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ ضُرَيْسٍ الْفَيْدِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ مُوسَى الْمَدَنِيُّ، عَنْ مَسْلَمَةَ، عَنْ رَاشِدٍ أَبِي مُحَمَّدٍ الْمَدَنِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ شَهْرٍ حَرَامٍ: الْخَمِيسَ وَالْجُمُعَةَ وَالسَّبْتَ، كُتِبَ لَهُ عِبَادَةُ سَنَتَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو حرمت والے مہینے میں تین روزے جمعرات' جمعہ اور ہفتہ کو رکھے' اس کے لیے ساٹھ سال کی عبادت کا ثواب لکھا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَسْلَمَةَ إِلَّا يَعْقُوبُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث مسلمہ سے صرف یعقوب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

1790 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِبَ قَائِمًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کھڑے ہو کر پانی نوش فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ

یہ حدیث از عبدالکریم از سعید صرف عیسیٰ ہی

1789- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه194 .

1790- أخرجه البخاري: الأشربة جلد10صفحه84 رقم الحديث:5617' ومسلم: الأشربة جلد3صفحه1602 .

سَعِيدٍ إِلَّا عِيسَى

روایت کرتے ہیں۔

1791 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُطِيعٍ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ: نَا هُشَيْمٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ عَمَّارٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ زَاذَانَ، أَنَّ عَلِيًّا، حَدَّثَ حَدِيثًا، فَكَذَّبَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ عَلِيٌّ: أَدْعُو عَلَيْكَ إِنْ قُلْتَ كَاذِبًا قَالَ: ادْعُ، فَدَعَا عَلَيْهِ، فَلَمْ يَبْرَحْ حَتَّى ذَهَبَ بَصَرُهُ

حضرت زاذان فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک حدیث بیان کی تو ایک آدمی نے اس حدیث کو جھٹلایا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تیرے لیے بددعا کرتا ہوں' اگر تو جھوٹ بولتا ہے۔ اس نے کہا: آپ بددعا کریں! آپ نے اس کے لیے بددعا کی' تو وہ اس جگہ سے نہیں پھرا تھا کہ اس کی بینائی چلی گئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا هُشَيْمٌ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف ہشیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1792 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو مَرْوَانَ الْعُثْمَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَقْرَأَنِي جِبْرِيلُ عَلَى حَرْفٍ، فَلَمْ أَزَلْ أَسْتَزِيدُهُ فَيَزِيدُنِي، حَتَّى انْتَهَى إِلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ . قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: السَّبْعَةُ الْأَحْرُفِ، إِنَّمَا هِيَ الْأَمْرُ إِذَا كَانَ وَاحِدًا لَا يَخْتَلِفُ فِيهِ حَلَالٌ وَلَا حَرَامٌ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے جبریل نے قرآن ایک قرأت پر پڑھا' یا میں مسلسل کئی قرأتوں کا کہتا رہا تو میرے لیے اس میں اضافہ کیا گیا یہاں تک کہ سات قرأتوں تک بات ختم ہوئی۔ ابن شہاب فرماتے ہیں: سات قرأتوں سے مراد یہ ہے کہ اس طرز پر پڑھا جائے کہ حلال وحرام میں فرق نہ آئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ إِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث ابن اخی الزہری سے صرف الدراوردی ہی روایت کرتے ہیں۔

1793 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ أَبُو الْعَبَّاسِ

حضرت عبداللہ بن مالک بن بحینہ رضی اللہ عنہ

1791- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه119 .

1792- أخرجه البخاري: فضائل القرآن جلد8صفحه639 رقم الحديث: 4991' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه561 .

1793- تقدم تخريجه .

الْبَرْبَهَارِیُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ اَیُّوبَ بْنِ مُوسَی، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ ابْنِ بُحَیْنَةَ قَالَ: صَلَّی بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ الْعَصْرَ، فَقَامَ فِی الرَّكْعَتَیْنِ، ثُمَّ لَمْ یَجْلِسْ حَتّٰی قَضَی صَلَاتَهُ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَیْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک دن عصر کی نماز پڑھائی' آپ دو رکعتوں میں کھڑے ہوئے بیٹھے نہیں یہاں تک کہ آپ نے نماز مکمل کی' پھر بیٹھے بیٹھے ہی دو سجدے (سہو کے) کیے۔

1794 - وَبِهِ: عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنِ الرَّبِیعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ اَبِیهِ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهَی عَنْ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے نکاح متعہ سے منع فرمایا۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَیْنِ الْحَدِیثَیْنِ عَنِ الزُّهْرِیِّ اِلَّا اَیُّوبُ

یہ دونوں حدیثیں زہری سے صرف ایوب ہی روایت کرتے ہیں۔

حضرت حمزہ بن مغیرہ بن شعبہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ غزوۂ تبوک کی طرف نکلے' آپ قضاء حاجت کے لیے گئے' تو میں نے آپ پر پانی بہایا' آپ نے اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا اور اپنے ہاتھوں کو تین مرتبہ دھویا اور اپنے سر کا مسح کیا پھر اپنے موزوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ إِلَّا أَبُو مَعْشَرٍ، وَلَا عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُسَيَّبِيُّ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف ابومعشر ہی روایت کرتے ہیں اور ابی معشر سے صرف عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مسیبی اکیلے ہیں۔

1841 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ قَالَ: نا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: ذُكِرَ فِي زَمَانِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَسْفٌ قِبَلَ الْمَشْرِقِ، فَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، يُخْسَفُ بِأَرْضٍ فِيهَا الْمُسْلِمُونَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، إِذَا كَانَ أَكْثَرُ أَهْلِهَا الْخُبْثَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے پاس مشرق کی جانب دھنسنے کا ذکر کیا گیا' بعض لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس ملک کو زمین میں دھنسایا جائے گا جس میں مسلمان بھی ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! جب ان میں اکثریت خبیثوں کی ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے صرف انس ہی روایت

1841- أخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه42 . انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه272 .

اَنَسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُسَيَّبِيُّ

کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں مسیبی اکیلے ہیں۔

1842 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: خَرَجَ رَجُلَانِ فِي سَفَرٍ، فَحَضَرَتْهُمَا الصَّلَاةُ وَلَيْسَ مَعَهُمَا مَاءٌ، فَتَيَمَّمَا صَعِيدًا طَيِّبًا فَصَلَّيَا، ثُمَّ وَجَدَا الْمَاءَ، فَاَعَادَ اَحَدُهُمَا الصَّلَاةَ، وَلَمْ يُعِدِ الْآخَرُ، ثُمَّ اَتَيَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَا لَهُ ذٰلِكَ، فَقَالَ لِلَّذِي لَمْ يُعِدْ: اَصَبْتَ السُّنَّةَ، وَاَجْزَاَتْكَ صَلَاتُكَ، وَقَالَ لِلَّذِي تَوَضَّاَ وَاَعَادَ: لَكَ الْاَجْرُ مَرَّتَيْنِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی سفر میں نکلے دونوں نے نماز کا وقت پایا تو اُن دونوں کے پاس پانی نہیں تھا' دونوں نے پاک مٹی سے تیمم کیا اور نماز پڑھی' پھر پانی پایا تو اُن میں سے ایک نے نماز لوٹائی اور دوسرے نے نہیں لوٹائی' پھر دونوں رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور اس کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے اس کے متعلق فرمایا: جس نے نماز نہیں لوٹائی تو اُس نے سنت پائی اور تیری نماز ٹھیک ہوگئی' اور جس نے وضو کیا اور نماز لوٹائی تھی اُس کے متعلق فرمایا: تیرے لیے دوگنا ثواب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ اللَّيْثِ مُتَّصِلَ الْاِسْنَادِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُسَيَّبِيُّ

یہ حدیث لیث سے سند متصل کے ساتھ صرف عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مسیبی اکیلے ہیں۔

1843 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ الْجَزَرِيُّ، عَنِ الْوَازِعِ بْنِ نَافِعٍ الْعُقَيْلِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (كَمِشْكَاةٍ) (النور: 35) قَالَ: جَوْفُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. و (الزُّجَاجَةُ) (النور: 35) : قَلْبُهُ، و (الْمِصْبَاحُ) (النور: 35) : النُّورُ الَّذِي فِي قَلْبِهِ. تُوقَدُ مِنْ (شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''کَمِشْکَاۃٍ'' (النور:۳۵) کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد حضرت محمد ﷺ کا بطن مبارک ہے۔ ''الزُّجَاجَۃُ'' (النور:۳۵) سے مراد آپ ﷺ کا قلب مبارک ہے اور ''الْمِصْبَاحُ'' (النور:۳۵) سے مراد وہ نور ہے جو آپ کے دل میں ہے۔ ''شَجَرَۃٍ مُبَارَکَۃٍ'' (النور:۳۵) شجر سے مراد' حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں'

1842- أخرجه أبو داؤد في الطهارة جلد 1صفحه91 رقم الحديث: 338' والنسائي في الغسل جلد 1صفحه174 (باب التيمم لمن لم يجد الماء......الخ) .

1843- أخرجه الطبراني في الكبير جلد12صفحه317 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 8617 .

(النور: 35) ، الشَّجَرَةُ: اِبْرَاهِيمُ (زَيْتُونَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ) (النور: 35) : لَا يَهُودِيٌّ وَّلَا نَصْرَانِيٌّ ، ثُمَّ قَرَاَ: (مَا كَانَ اِبْرَاهِيمُ يَهُودِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَلَكِنْ كَانَ حَنِيفًا مُسْلِمًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ) (آل عمران: 67)

''زَيْتُونَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ'' (النور:۳۵) نہ وہ یہودی اور نہ عیسائی تھے پھر آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: ''مَا كَانَ اِبْرَاهِيمُ يَهُودِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَلَكِنْ كَانَ حَنِيفًا مُسْلِمًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ'' (آل عمران:۶۷) ''حضرت ابراہیم علیہ السلام یہودی اور عیسائی نہیں تھے لیکن وہ مسلمان تھے اور ہر باطل سے الگ رہنے والے تھے اور مشرکوں میں سے نہیں تھے''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ اِلَّا الْوَازِعُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيٌّ

یہ حدیث سالم سے صرف وازع ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں علی اکیلے ہیں۔

1844 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اُدْخِلَ امْرَاَةً عَلَى زَوْجِهَا، لَمْ تَقْبِضْ مِنْ مَهْرِهَا شَيْئًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ عورت کو اپنے شوہر کے پاس داخل نہ کروں جب تک کہ اس نے اپنے مہر سے کوئی شی نہ لی ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ مُتَّصِلَ الْاِسْنَادِ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث منصور سے متصل اسناد کے ساتھ صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں۔

1845 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَنْجَوَيْهِ الْقَطَّانُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ الرَّيَّانِ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَاضِي حَلَبَ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عِيسَى الرَّقَاشِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل نے عقل کو پیدا کیا تو اس کو فرمایا: اُٹھ! وہ اُٹھی' پھر اس کو فرمایا: پلٹ! وہ پلٹی' پھر اس کو فرمایا: بیٹھ! وہ بیٹھ گئی' تو اللہ عزوجل نے فرمایا: میری عزت کی قسم! میں نے تجھ سے بہتر پیدا نہیں کیا' نہ

1844- اخرجه أبو داؤد في النكاح جلد 2صفحه247 رقم الحديث: 2128' وابن ماجه في النكاح جلد 1صفحه641 رقم الحديث:1992 .

1845- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه31 .

لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْعَقْلَ قَالَ لَهُ: قُمْ، فَقَامَ، ثُمَّ قَالَ لَهُ: اَدْبِرْ، فَاَدْبَرَ، ثُمَّ قَالَ لَهُ: اقْعُدْ، فَقَعَدَ، فَقَالَ: وَعِزَّتِي، مَا خَلَقْتُ خَيْرًا مِنْكَ، وَلَا اَكْرَمَ مِنْكَ، وَلَا اَفْضَلَ مِنْكَ، وَلَا اَحْسَنَ، بِكَ آخُذُ، وَبِكَ اُعْطِي، وَبِكَ اَعْرِفُ، وَبِكَ اُعَاقِبُ، وَبِكَ الثَّوَابُ، وَعَلَيْكَ الْعِقَابُ

تجھ سے عزت والی' نہ تجھ سے افضل' نہ تجھ سے زیادہ خوبصورت' میں تیرے ہی ذریعے پکڑوں گا اور تیرے ہی ذریعے عطا کروں گا' تیرے ہی ذریعے پہچانوں گا اور تیرے ہی ذریعے پکڑوں گا اور تیرے ہی ذریعے ثواب دوں گا اور تیرے ہی ذریعے عذاب دوں گا۔

1846 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى الطَّرَسُوسِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ الْقَرْقَسَانِيُّ قَالَ: نَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَبَّ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِي فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو میرے صحابہ میں سے کسی کو گالی دے تو اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

یہ حدیث فضیل سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

1847 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَرِبَ فِي اِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ، فَاِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارًا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو چاندی کے برتن میں پیتا ہے وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ بھرتا ہے۔

یہ حدیث سفیان سے صرف عبدالرزاق ہی روایت کرتے ہیں۔

1846- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **24110** .

1847- أخرجه ابن ماجه في الأشربة جلد **2** صفحه **1130** رقم الحديث: **3415**' وأحمد في المسند جلد **6** صفحه **109** رقم الحديث: **24716** .

1848 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَوْفٍ الْاَعْرَابِيِّ، عَنْ اَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ: تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُبْغِضُ ثَلَاثَ قَبَائِلَ، ثَقِيفًا، وَبَنِي حَنِيفَةَ، وَبَنِي اُمَيَّةَ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا وصال اس حالت میں ہوا کہ آپ تین قبائل قبیلہ ثقیف' بنی حنیفہ اور بنی اُمیہ سے ناراض تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْفٍ اِلَّا جَعْفَرٌ، وَلَا عَنْ جَعْفَرٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ

یہ حدیث عوف سے صرف جعفر اور جعفر سے صرف عبدالرزاق ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن ابی السری اکیلے ہیں۔

1849 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدٌ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَطَسَ خَمَّرَ وَجْهَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو جب چھینک آتی تھی تو آپ اپنا چہرہ ڈھانپ لیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ اِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ

یہ حدیث سفیان ثوری سے صرف عبدالرزاق ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن ابی السری اکیلے ہیں۔

1850 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ الطَّائِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ: حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کا ہاتھ اپنی شرمگاہ کو لگ جائے اور کپڑا وغیرہ حائل نہ ہو تو اس پر وضو

1848- اخرجه ابن عدى (فى الكامل فى الضعفاء) جلد2صفحه569 .

1849- اخرجه أبو داؤد فى الأدب جلد 4صفحه308 رقم الحديث: 5029' والترمذى فى الأدب جلد 5صفحه86 رقم الحديث: 2745 .

1850- اخرجه الامام احمد فى مسنده جلد 2صفحه333' والدارقطنى فى سننه جلد 1صفحه147 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه248 .

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ اَبِي نُعَيْمٍ، وَيَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اَفْضَى اَحَدُكُمْ بِيَدِهِ إِلَى فَرْجِهِ، لَيْسَ دُونَهَا حِجَابٌ فَقَدْ وَجَبَ عَلَيْهِ الْوُضُوءُ

کرنا واجب ہے (مراد اس سے لغوی وضو ہے یعنی ہاتھوں کو دھونا)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث نافع سے صرف عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں۔

1851 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْبِرْتِيُّ، بِبَغْدَادَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ قَالَ: نَا اَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، عَنْ اَبِي خَلْدَةَ، عَنْ مَيْمُونٍ الْكُرْدِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا مَرَّةً وَلَا مَرَّتَيْنِ وَلَا ثَلَاثَةً حَتَّى بَلَغَ عَشْرَ مِرَارٍ: اَيُّمَا رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةً بِمَا قَلَّ مِنَ الْمَهْرِ اَوْ كَثُرَ لَيْسَ فِي نَفْسِهِ اَنْ يُؤَدِّيَ إِلَيْهَا حَقَّهَا، خَدَعَهَا، فَمَاتَ وَلَمْ يُؤَدِّ إِلَيْهَا حَقَّهَا، لَقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهُوَ زَانٍ وَاَيُّمَا رَجُلٍ اسْتَدَانَ دَيْنًا لَا يُرِيدُ اَنْ يُؤَدِّيَ إِلَى صَاحِبِهِ حَقَّهُ، خَدَعَهُ حَتَّى اَخَذَ مَالَهُ، فَمَاتَ وَلَمْ يُؤَدِّهِ، لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ سَارِقٌ

حضرت میمون الکردی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے ایک یا دو یا تین' یہاں تک کہ دس مرتبہ سنا: کوئی آدمی کسی عورت سے کم یا زیادہ مہر پر شادی کرے پھر وہ اس کو اس کا حق نہ دے اور اس کے ساتھ دھوکہ کرے تو وہ اس حالت میں مرا کہ اس نے اس کا حق ادا نہیں کیا' وہ اللہ عزوجل سے قیامت کے دن اس حالت میں ملاقات کرے گا کہ (وہ زانی شمار ہوگا) اللہ عزوجل اس سے ناراض ہوگا' اور جو آدمی کسی سے قرض مانگے اور وہ اس کا قرض واپس نہ کرے' اس سے دھوکہ کرے حتیٰ کہ اس کا مال لے جائے تو وہ اللہ عزوجل سے اس حالت میں ملے گا کہ وہ چور ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي مَيْمُونٍ الْكُرْدِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو سَعِيدٍ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ

یہ حدیث ابی میمون الکردی سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں ابوسعید مولیٰ بنی ہاشم اکیلے ہیں۔

1852 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عَوْفٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1851- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه135 .

1852- أخرجه الطبراني في الكبير جلد2صفحه229 رقم الحديث:1853 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 20617 .

الْمُعَدَّلُ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نَا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَخْوَفُ مَا اَخَافُ عَلَى اُمَّتِي اِلاسْتِسْقَاءُ بِالْاَنْوَاءِ، وَحَيْفُ السُّلْطَانِ، وَتَكْذِيبٌ بِالْقَدَرِ

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: مجھے اپنی اُمت پر ستاروں کے ذریعے سے بارش مانگنے کا اور بادشاہ سے ڈرنے اور تقدیر کے جھٹلانے کا خوف ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فِطْرٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث فطر سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں' حضرت جابر بن سمرہ سے یہ حدیث صرف اسی سند سے مروی ہے۔

1853 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ الْمُنْذِرِ بْنِ مَالِكٍ الْعَبْدِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: بَعَثَتْنِي اُمُّ سُلَيْمٍ بِرُطَبٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَبَقٍ، اَوَّلَ مَا اَيْنَعَ ثَمَرُ النَّخْلِ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَوَضَعْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَاَصَابَ مِنْهُ، ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِي، فَخَرَجْنَا، وَكَانَ حَدِيثَ عَهْدٍ بِعُرْسِ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، فَمَرَّ بِنِسَاءٍ مِّنْ نِسَائِهِ، وَعِنْدَهُنَّ رِجَالٌ يَتَحَدَّثُونَ ، فَهَنَّاَنَهُ وَهَنَّاَهُ النَّاسُ، فَقَالُوا: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَقَرَّ بِعَيْنِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَضَى حَتَّى اَتَى عَائِشَةَ، وَاِذَا عِنْدَهَا رَجُلَانِ، فَكَرِهَ ذٰلِكَ، وَكَانَ اِذَا كَرِهَ الشَّيْءَ عُرِفَ ذٰلِكَ فِي وَجْهِهِ ، فَاَتَيْتُ اُمَّ سُلَيْمٍ، فَاَخْبَرْتُهَا، فَقَالَ اَبُو طَلْحَةَ: لَئِنْ كَانَ كَمَا قَالَ ابْنُكِ حَقًّا لَيَحْدُثَنَّ اَمْرًا، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْعَشِيِّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت اُم سلیم نے نبی کریم ﷺ کی طرف بھیجا' ایک تھال تازہ کھجوریں دے کر' میں پہلا شخص تھا جو آپ کے پاس کھجور کا پھل لے کر آیا۔ سو میں آپ کے پاس آیا اور میں نے آپ کے آگے رکھا' آپ نے اس سے لیا' پھر آپ نے میرا ہاتھ پکڑا۔ پس ہم دونوں نکلے' اس وقت آپ کی حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے ساتھ نئی نئی شادی ہوئی تھی' آپ اپنی عورتوں کے پاس سے گزرے اور اُن کے پاس کچھ مرد تھے جو گفتگو کر رہے تھے اور لوگ مبارک باد دے رہے تھے۔ انہوں نے کہا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے آپ کی آنکھوں کو ٹھنڈک دی۔ آپ چلے یہاں تک کہ آپ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' حضرت عائشہ کے پاس دو مرد تھے' آپ نے ان دونوں کو ناپسند کیا' آپ جب کسی شے کو ناپسند کرتے تھے تو ناپسندیدگی آپ کے چہرے

خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ ، قَالَ هَذِهِ الْآيَةَ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ) (الاحزاب: 53) الْآيَةَ كُلَّهَا .

سے معلوم ہو جاتی تھی۔ میں اُم سلیم کے پاس آیا' میں نے آپ کو بتایا۔ حضرت ابوطلحہ نے فرمایا: اگر بات اسی طرح ہے جیسے تیرا بیٹا کہہ رہا ہے تو ضرور اس کے متعلق کوئی حکم نازل ہوگا' جب رات ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نکلے اور منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور یہ آیت پڑھی: ''اے لوگو! نبی کے گھروں میں ان کی اجازت کے بغیر داخل نہ ہو''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ إِلَّا أَبُو سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: خَالِدٌ

یہ حدیث ابونضرہ سے صرف ابوسلمہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں خالد اکیلے ہیں۔

1854 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ سِنَانٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي رَيْحَانَةَ قَالَ: ذَكَرَ قَوْمٌ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكِبْرَ، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، إِنِّي لَأُحِبُّ الْجَمَالَ حَتَّى فِي عِلَاقَةِ سَوْطِي، وَزِمَامِ نَعْلِي، فَهَلْ تَخْشَى عَلَيَّ فِي ذَلِكَ شَيْئًا؟ قَالَ: لَا . قُلْنَا: فَمَا الْكِبْرُ؟ قَالَ: الْكِبْرُ الَّذِي يَبْطَرُ الْحَقَّ، وَيَغْمَصُ النَّاسَ

حضرت ابوریحانہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک قوم کے تکبر کا ذکر رسول اللہ ﷺ کے پاس کیا گیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں' میں اپنے علاقے میں اپنی اچھی چھڑی کو پسند کرتا ہوں اور اپنی جوتی میں اچھے تسمہ کو' کیا آپ مجھ پر کسی شے کا خوف کرتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! ہم نے عرض کی: تکبر کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تکبر حق کو حقیر جاننا اور لوگوں کو حقیر سمجھنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدٍ إِلَّا أَبُو يَزِيدَ

یہ حدیث زید سے صرف ابوزید ہی روایت کرتے ہیں۔

1855 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ السَّعْدِيُّ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نَا رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ:

زوجۂ نبی کریم ﷺ' حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے دروازے کے پاس جھگڑا سنا تو آپ ان کی طرف نکلے اور فرمایا: اے

1855- اخرجه البخاری فی المظالم جلد5صفحه128 رقم الحديث: 2458' ومسلم فی الأقضية جلد3 صفحه1337 .

اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ اُمِّ سَلَمَةَ، اَخْبَرَتْهُ، عَنْ اُمِّهَا اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَصْمًا عِنْدَ بَابِهِ، فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ يَاْتِينِي الْخُصُومُ، فَلَعَلَّ بَعْضَهُمْ اَنْ يَكُونَ اَبْلَغَ فِي حُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ، فَاَقْضِي لَهُ وَاَحْسِبُ اَنَّهُ صَادِقٌ، فَمَا اَنْ قَضَيْتُ لَهُ مِنْ حَقِّ مُسْلِمٍ، فَاِنَّمَا هِيَ قِطْعَةٌ مِّنَ النَّارِ، فَلْيَاْخُذْهَا اَوْ لِيَدَعْهَا

اللہ! میں (ظاہراً) انسان ہوں' میرے پاس جھگڑے آتے ہیں' ہوسکتا ہے کہ کوئی دوسرے سے اپنی بات بیان کرنے میں زبان میں تیز ہو اور میں اس کے مطابق فیصلہ کردوں' یہ گمان کرتے ہوئے کہ وہ سچا ہے' تو میں جس مسلمان کے حق میں (ایسی صورت میں) فیصلہ کردوں تو یہ اس کے لیے جہنم کا ٹکڑا ہے' وہ چاہے تو لے لے یا چھوڑ دے۔

1856 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ خَالِدٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ وَاهِي رَاقِعٌ فَسَعِيدٌ مَّنْ هَلَكَ عَلَى رُقْعَةٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مؤمن گناہ کر کے اپنا دین کمزور کر لیتا ہے' خوش بخت ہے وہ جس نے ہلاک ہونے سے بچنے کے لیے اس پر پیوند لگایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ : وَتَفْسِيرُ قَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاهِي رَاقِعٌ يَعْنِي: مُذْنِبٌ تَوَّابٌ

یہ حدیث محمد سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یعقوب اکیلے ہیں۔ ابوالقاسم (امام طبرانی) فرماتے ہیں: آپ ﷺ کے اس ارشاد ''وَاهِيْ رَاقِعٌ'' کی تفسیر یہ ہے کہ وہ گناہ کرتا ہے تو توبہ بھی کرتا ہے۔

1857 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْاَزْهَرِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ الْاَزْرَقُ قَالَ: اَخْبَرَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے مسجد بنائی اگرچہ چڑیا کے گھونسلے کے برابر ہی سہی تو اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا۔

1856- انظر: الترغيب والترهيب للحافظ المنذرى جلد4صفحه90 رقم الحديث: 9 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَنَى لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ مَسْجِدًا كَمَفْحَصِ قَطَاةٍ بَنَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ

یہ حدیث اعمش سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

1858 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْوَاسِطِيُّ سَمْعَانُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ الْاَزْرَقُ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو الْعَلَاءِ الْبَصْرِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ: ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ لِلْمُسَافِرِ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ اِلَى اللَّيْلِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے موزوں پر مسح کے متعلق روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسافر کے لیے تین دن راتیں اور مقیم کے لیے ایک دن ایک رات کی مدت مقرر کی۔

1859 - وَبِهِ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الصَّلَاةُ، فَاِنْ صَلَحَتْ صَلَحَ لَهُ سَائِرُ عَمَلِهِ، وَاِنْ فَسَدَتْ فَسَدَ سَائِرُ عَمَلِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کے متعلق بندے سے حساب لیا جائے گا' اگر نماز کا حساب درست ہوا تو اس کے سارے اعمال درست ہوں گے اور اگر اس کے نماز کے معاملہ میں خرابی ہوئی تو اس کے سارے اعمال میں خرابی ہوگی۔

1860 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عُثْمَانَ اَبِي الْعَلَاءِ الْبَصْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا عَشِيَّةَ الْخَمِيسِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اَعِزَّ الْاِسْلَامَ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَوْ بِعَمْرِو بْنِ هِشَامٍ . فَاَصْبَحَ عُمَرُ يَوْمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جمعرات کی صبح دعا کی: اے اللہ! اسلام کو عمر کے ساتھ یا عمرو بن ہشام کے ساتھ عزت عطا فرما! تو جمعہ کے دن ہی حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسلام لے آئے۔

1858- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه262 .

1859- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه295 .

1860- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه65 .

الْجُمُعَةِ فَاَسْلَمَ

لَا تُرْوَى هَذِهِ الْاَحَادِيثُ الثَّلَاثَةُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهَا الْقَاسِمُ

یہ تین احادیث حضرت انس سے صرف اسی اسناد کے ساتھ روایت ہیں؛ اُن کو روایت کرنے میں قاسم اکیلے ہیں۔

1861 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ الْاَزْرَقُ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ مُصْعَبٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: طُلِّقَتِ امْرَاَةٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَكَثَتْ عِشْرِينَ لَيْلَةً، ثُمَّ وَضَعَتْ حَمْلَهَا، فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَتْهُ، فَقَالَ: اسْتَفْلِجِي بِاَمْرِكِ اَيْ: تَزَوَّجِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک عورت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں طلاق ہوئی' وہ بیس راتیں ٹھہری تھی کہ اس کے ہاں بچہ پیدا ہوا تو وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئی اور آپ کو آ کر بتایا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو شادی کرنے کا حکم دے دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں؛ اسے روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

1862 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ قَالَ: انا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ السُّدِّيِّ، عَنْ اَبِي الْمِنْهَالِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَاَلْتُ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ لِاُمَّتِي اَرْبَعَ خِلَالٍ، فَاَعْطَانِي ثَلَاثًا، وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً . سَاَلْتُهُ اَنْ لَا تَكْفُرَ اُمَّتِي صَفْقَةً وَاحِدَةً، فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ، فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُعَذِّبَهُمْ بِمَا عَذَّبَ بِهِ الْاُمَمَ قَبْلَهُمْ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے اپنی اُمت کے لیے چار چیزیں مانگیں' تین مجھے عطا کی گئیں اور ایک سے مجھے روک دیا گیا' میں نے اپنے رب سے مانگا کہ میری اُمت کو یک بارگی نہ مٹایا جائے تو مجھے یہ دے دیا گیا' پھر میں نے اپنے رب سے مانگا کہ میری اُمت پر ان کا غیر دشمن مسلط نہ ہو' تو مجھے یہ بھی عطا کیا گیا' پھر میں نے اپنے رب سے مانگا کہ ان کو وہ عذاب نہ دیا جائے جو ان سے پہلی اُمتوں کو دیا گیا ہے' تو

1861- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 615 .

1862- انظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحه225 .

فَأَعْطَانِيهَا، وَسَأَلْتُهُ أَنْ لَا يُجْعَلَ بَأْسُهُمْ بَيْنَهُمْ، فَمَنَعَنِيهَا

یہ بھی مجھے عطا کیا گیا' اور میں نے اپنے رب سے مانگا کہ یہ آپس میں نہ لڑیں' تو مجھے اس سے روک دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السُّدِّيِّ إِلَّا أَسْبَاطٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَنْقَزِيُّ

یہ حدیث سدی سے صرف اسباط ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عنقزی اکیلے ہیں۔

1863 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ: رَجُلٌ حَلَفَ عَلَى سِلْعَةٍ، لَقَدْ أُعْطِيَ بِهَا أَكْثَرَ مِمَّا أُعْطِيَ وَهُوَ كَاذِبٌ . وَرَجُلٌ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ كَاذِبَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ . وَرَجُلٌ مَنَعَ فَضْلَ مَاءٍ، فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: الْيَوْمَ أَمْنَعُكَ فَضْلِي كَمَا مَنَعْتَ فَضْلَ مَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں سے قیامت کے دن اللہ عزوجل نہ کلام کرے اور نہ ان پر نظر رحمت کرے گا' اُن کے لیے دردناک عذاب ہوگا: ایک وہ آدمی جو اپنے سودے کو قسم اُٹھا کر فروخت کرتا ہے' حالانکہ اسے اس سے زیادہ دیا گیا ہے جو اس کو دیا گیا تھا' اور وہ جھوٹا ہے۔ اور ایک وہ آدمی جو عصر کے بعد جھوٹی قسم اُٹھاتا ہے تا کہ کسی مسلمان کا مال لے۔ اور ایک وہ آدمی جو فالتو پانی سے منع کرتا ہے' بے شک اللہ عزوجل قیامت کے دن فرمائے گا: آج میں اضافی پانی سے تجھے منع کروں گا جس طرح تُو اضافی پانی سے منع کرتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث سفیان سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

1864 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، وَعَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: لَمَّا انْصَرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَةِ حُنَيْنٍ، وَكَانَ بِبَعْضِ الطَّرِيقِ، سَأَلَهُ النَّاسُ، وَرَهَقُوهُ، فَخَافَتْ نَاقَتُهُ، فَأَخَذَتْ سَمُرَةٌ بِرِدَائِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد اور ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں اور رسول اللہ ﷺ غزوۂ حنین سے واپس چلے' آپ کسی راستہ میں تھے کہ لوگوں نے آپ سے سوال کیا اور آپ کو روکا' پس آپ کی اونٹنی ڈر گئی' اور کیکر کے کانٹوں میں آپ کی چادر لٹک گئی' نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مجھے میری چادر واپس کر دو! کیا تم مجھے بخیل خیال کرتے ہو؟

1864- أخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد12صفحه184 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 19116 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُدُّوا عَلَيَّ رِدَائِي، اَتَخَافُونَ عَلَيَّ الْبُخْلَ؟ فَوَاللّٰهِ لَوْ اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ مِثْلَ عَدَدِ سَمُرِ تِهَامَةَ نَعَمًا لَقَسَمْتُهُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ لَا تَجِدُونِي بَخِيلًا، وَلَا جَبَانًا، وَلَا كَذَّابًا فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ قَسْمِ الْخُمُسِ قَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ يَسْتَحِلُّهُ مِخْيَطًا اَوْ خَيَّاطًا . فَقَالَ: رُدُّوا الْخَيَّاطَ وَالْمِخْيَطَ، فَاِنَّ الْغُلُولَ عَارٌ وَنَارٌ وَشَنَارٌ عَلَى اَهْلِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ رَفَعَ وَبَرَةً مِنْ ذِرْوَةِ سَنَامِ بَعِيرٍ، فَقَالَ: مَا لِي مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ وَلَا مِثْلُ هَذِهِ اِلَّا الْخُمُسِ، وَالْخُمُسُ مَرْدُودٌ عَلَيْكُمْ

اللہ کی قسم! اگر اللہ عزوجل تم پر تہامہ کے کیکر کے درختوں جیسے کانٹوں کے برابر نعمتیں کرے تو میں تمہارے درمیان اس کو تقسیم کر دوں گا' پھر تم مجھے نہ بخیل نہ کنجوس اور نہ ہی جھوٹا خیال کرو گے۔ جب آپ خمس تقسیم کر رہے تھے تو ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے ایک سوئی کو اُٹھالیا' آپ نے فرمایا: سوئی اور دھاگہ واپس کرو! بے شک خیانت عار ہے اور آگ ہے اور سخت عیب ہوگا قیامت کے دن اس کے اہل پر۔ پھر آپ نے اونٹ کی کوہان سے کچھ بال لیے' پس فرمایا: مجھے کیا جو اللہ تم کو دے' اس سے صرف خمس لیا جائے گا' اور خمس بھی تم کو واپس کر دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا ابْنُ عُيَيْنَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمَخْزُومِيُّ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے صرف ابن عیینہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مخزومی اکیلے ہیں۔

1865 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْثَرُ مَا اَتَخَوَّفُ عَلَى اُمَّتِي مِنْ بَعْدِي: رَجُلٌ يَتَاَوَّلُ الْقُرْآنَ، يَضَعُهُ عَلَى غَيْرِ مَوَاضِعِهِ، وَرَجُلٌ يَرَى اَنَّهُ اَحَقُّ بِهَذَا الْاَمْرِ مِنْ غَيْرِهِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے اپنی اُمت پر میرے بعد سب سے زیادہ جس شے کا خوف ہے' وہ یہ ہے کہ ایک آدمی قرآن کی تفسیر اس طرح کرے گا' اسے اس کے علاوہ مقام پر رکھے گا اور وہ آدمی خیال کرے گا کہ یہ اس کے علاوہ مفہوم کے زیادہ حقدار ہے۔

1866 - وَبِهِ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: (مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللّٰهَ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہی نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب یہ

1865- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه190 .

1866- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:11613 .

قَرْضًا حَسَنًا) (البقرة: 245)، قَالَ ابْنُ الدَّحْدَاحِ: اَيَسْتَقْرِضُنَا رَبُّنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ مِنْ اَمْوَالِنَا؟ فَقَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَاِنَّ لِي حَائِطَيْنِ، اَحَدُهُمَا بِالْعَالِيَةِ، وَالْآخَرُ بِالسَّافِلَةِ، فَقَدْ اَقْرَضْتُ خَيْرَهُمَا رَبِّي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ لِلْيَتِيمِ الَّذِي عِنْدَكُمْ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُبَّ عِذْقٍ لِّابْنِ الدَّحْدَاحِ فِي الْجَنَّةِ مُذَلَّلٌ

آیت نازل ہوئی کہ مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا ۔ ''کون ہے جو اللہ کو قرضِ حسنہ دے'' (البقرہ: ۲۴۵) تو حضرت ابن الدحداح رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہمارا رب ہمارے اموال سے قرض مانگتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! اُنہوں نے عرض کی: میرے دو باغ ہیں' ایک اعلیٰ ہے اور دوسرا کم منافع والا' میں اپنے رب کو دونوں میں سے بہتر قرض دیتا ہوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ یتیم کے لیے ہے جو تمہارے پاس ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابوالدحداح کے لیے بہشت میں کتنے کھجور کے درخت ہیں جن کا میوہ آسانی سے توڑا جاسکتا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عُمَرَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: اَحْمَدُ

یہ دونوں حدیثیں حضرت عمر سے صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہیں' اُن دونوں کو روایت کرنے میں احمد اکیلے ہیں۔

1867 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَاتِمٍ الْعَسْكَرِيُّ بِسُرَّ مَنْ رَاٰى قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ وَاهِي رَاقِعٌ، فَسَعِيدٌ مَّنْ هَلَكَ عَلٰى رَقْعِهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مؤمن گناہ کر کے اپنا دین کمزور کر لیتا ہے' خوش بخت ہے وہ جس نے ہلاک ہونے سے بچنے کے لیے اس پر پیوند لگایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ

یہ حدیث محمد سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یعقوب اکیلے ہیں۔

1868 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ سُرَيْجٍ

حضرت ابوبردہ بن ابوموسیٰ اپنے والد سے روایت

1867- اخرجه البزار جلد4صفحه76 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه214 .

1868- اخرجه البخاری فی الجهاد جلد6صفحه169 رقم الحديث: 3011' ومسلم فی الايمان جلد1صفحه134 .

الْقَاضِي اَبُو الْعَبَّاسِ قَالَ: نَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: نَا سَوْرَةُ بْنُ الْحَكَمِ الْقَاضِي قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ بْنِ اَبِي مُوسَى، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ: رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ آمَنَ بِنَبِيِّهِ، ثُمَّ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَآمَنَ بِهِ، وَرَجُلٌ كَانَتْ لَهُ اَمَةٌ، فَاَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا، وَعَبْدٌ اتَّقَى اللّٰهَ، وَاَطَاعَ مَوَالِيهِ

کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں کو دُگنا اجر دیا جائے گا۔ ایک وہ آدمی جو اہل کتاب سے ہو وہ اپنے نبی پر ایمان لائے' پھر اس نے نبی کریم ﷺ کا زمانہ پایا تو آپ پر بھی ایمان لایا' اور ایک آدمی جس کی ایک لونڈی ہو تو وہ اسے آزاد کرے پھر اس کے ساتھ شادی کرلے اور ایک وہ غلام جو اللہ سے ڈرے اور اپنے آقا کی اطاعت کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَبِيبٍ اِلَّا سَوْرَةُ

یہ حدیث عبداللہ بن حبیب سے صرف سورہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1869 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُولِ الْاَنْبَارِيُّ الْقَاضِي قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْكَلْبِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَرْفَعِ الْعَصَا عَنْ اَهْلِكَ، وَاَخِفْهُمْ فِي اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنا عصا اپنے اہل خانہ سے نہ ہٹاؤ اور انہیں اللہ عزوجل کا خوف دلاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا الْحَسَنُ، وَلَا عَنِ الْحَسَنِ اِلَّا سُوَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ الْبُهْلُولِ

یہ حدیث عبداللہ بن دینار سے صرف حسن ہی روایت کرتے ہیں اور حسن سے صرف سوید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق بن بہلول اکیلے ہیں۔

1870 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْخَنْزِيِّ الْمُؤَذِّنُ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بیع محاقلہ اور مزابنہ اور ملامسہ سے منع

1869- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 10918 .

1870- أخرجه أحمد في المسند جلد2 صفحه553 رقم الحديث: 9442 .

بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عِيَاضٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ، وَالْمُلَامَسَةِ

فرمایا۔

1871 - وَبِإِسْنَادِهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الشِّغَارِ

اور اسی اسناد کے ساتھ یہ روایت بھی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے بیع شغار سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: ابْنُ وَهْبٍ

یہ دونوں حدیثیں صفوان بن سلیم سے صرف یزید بن عیاض ہی روایت کرتے ہیں' اُن دونوں کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

1872 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حَفْصٍ النَّصِيبِيُّ قَالَ: نَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ قَالَ: نَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِيَاحُ الْمَوْلُودِ حِينَ يُولَدُ نَزْغَةٌ مِنَ الشَّيْطَانِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بچے کا ولادت کے وقت چیخنا شیطان کے ٹھونگے مارنے کی وجہ سے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي عَوَانَةَ إِلَّا شَيْبَانُ

یہ حدیث ابوعوانہ سے صرف شیبان ہی روایت کرتے ہیں۔

1873 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ حَرْمَلَةَ الْمِصْرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ فتح مکہ کے دن مکہ مکرمہ اس حالت میں

1871- أخرجه مسلم في النكاح جلد 2صفحه1035' والنسائي في النكاح جلد 6صفحه92 (باب تفسير الشغار)' وابن ماجه في النكاح جلد 1صفحه660 رقم الحديث: 1884' وأحمد في المسند جلد 2صفحه383 رقم الحديث: 7862 .

1872- أخرجه مسلم في الفضائل جلد4صفحه1838 .

1873- أخرجه مسلم في الحج جلد 2صفحه990' وأبو داؤد في اللباس جلد4صفحه53 رقم الحديث: 4076' والترمذي في اللباس جلد 4صفحه225 رقم الحديث: 1735' وابن ماجة في اللباس جلد 2صفحه1186 رقم الحديث: 3585' وأحمد في المسند جلد3صفحه444 رقم الحديث: 14916 .

نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادٍ الرَّصَاصِيُّ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ وَعَلَى رَاْسِهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ

داخل ہوئے کہ آپ کے سرانور پر سیاہ عمامہ تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا الرَّصَاصِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث شعبہ سے صرف الرصاصی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حرملہ بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

1874 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ حَرْمَلَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا اِدْرِيسُ بْنُ يَحْيَى الْخَوْلَانِيُّ قَالَ: اَخْبَرَنِي حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقْبِضُ اللّٰهُ الْاَرْضَ بِيَدِهِ وَالسَّمَاوَاتِ بِيَمِينِهِ، ثُمَّ يَقُولُ: اَنَا الْمَلِكُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل اپنے دست قدرت سے زمین و آسمان کو دائیں ہاتھ سے پکڑے گا' پھر فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں۔

1875 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ صَاحِبِ الْقُرْآنِ اِذَا عَاهَدَ عَلَيْهِ، وَقَامَ بِهِ فِي لَيْلِهِ، كَمَثَلِ الْاِبِلِ الْمَعْقُولَةِ اِذَا عَقَلَهَا صَاحِبُهَا اَمْسَكَهَا، وَاِذَا اَطْلَقَهَا انْفَلَتَتْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حافظ قرآن کی مثال جو اس کو یاد کرتا ہے اور رات کو قیام کرتا ہے' اس باندھے ہوئے اونٹ کی طرح ہے جسے اس کا مالک نکیل سے باندھ دے' تو وہ رکا رہے جب اسے چھوڑے گا تو وہ چلا جائے گا۔

1876 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

1874- أخرجه البخاري في التوحيد جلد 13 صفحه 404 رقم الحديث: 7412' ومسلم في صفة القيامة جلد 4 صفحه 2148 .

1875- أخرجه البخاري في فضائل القرآن جلد 8 صفحه 697 رقم الحديث: 5031' ومسلم في المسافرين جلد 1 صفحه 543 .

1876- أخرجه البخاري في الطب جلد 10 صفحه 184 رقم الحديث: 5723' ومسلم في السلام جلد 4 صفحه 1731 .

ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ، فَاكْسِرُوهَا بِالْمَاءِ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنَّا الرِّجْزَ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بخار جہنم کی گرمی سے ہے اس کو پانی کے ساتھ ٹھنڈا کرو اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے تھے: اے اللہ! ہم سے اس بیماری کو لے جا!

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا عُقَيْلٌ، وَلَا عَنْ عُقَيْلٍ اِلَّا حَيْوَةُ، وَلَا عَنْ حَيْوَةَ اِلَّا اِدْرِيسُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهَا: حَرْمَلَةُ

یہ حدیث زہری سے صرف عقیل اور عقیل سے صرف حیوہ اور حیوہ سے صرف ادریس بن یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں حرملہ اکیلے ہیں۔

1877 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ حَرْمَلَةَ قَالَ: نَا جَدِّي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى خَمْسَ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے پانچ رکعتیں پڑھائیں پھر آپ نے بیٹھے بیٹھے (سہو کے) دو سجدے کیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَرِيرٍ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث جریر سے صرف ابن وہب ہی روایت کرتے ہیں۔

1878 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: نَا جَدِّي حَرْمَلَةُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: عَقَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ بِكَبْشَيْنِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے دو بکروں کے ساتھ امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کا عقیقہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا جَرِيرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث قتادہ سے صرف جریر ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

1877- اخرجه مسلم في المساجد جلد1صفحه402 وأبو داؤد في الصلاة جلد1صفحه267 رقم الحديث: 1022.

1878- انظر: مجمع الزوائد جلد4 صفحه61 .

1879 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: نَا جَدِّی حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زِيَادٍ الْبَصْرِیُّ قَالَ: نَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، وَكَانَ جَارًا لَنَا قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اُمَّتِی اُمَّةٌ مَّرْحُومَةٌ، مُتَابٌ عَلَيْهَا، تَدْخُلُ قُبُورَهَا بِذُنُوبِهَا، وَتَخْرُجُ مِنْ قُبُورِهَا لَا ذُنُوبَ عَلَيْهَا، تُمَحَّصُ عَنْهَا ذُنُوبُهَا بِاسْتِغْفَارِ الْمُؤْمِنِينَ لَهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: میری اُمت اُمت مرحومہ ہے' یہ اپنی قبروں میں گناہوں کے ساتھ داخل ہوں گے اور قبروں سے نکلیں گے تو ان کے ذمہ کوئی گناہ نہیں ہوگا' ان کے گناہ ان کے لیے ایمان والوں کی دعاءِ بخشش کے ذریعے معاف کردیئے گئے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ زِيَادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَرْمَلَةُ

یہ حدیث حمید سے صرف حماد بن زیاد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حرملہ اکیلے ہیں۔

1880 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: نَا جَدِّی حَرْمَلَةُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِی مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا قُرِّبَ الْعَشَاءُ، وَنُودِیَ بِالصَّلَاةِ، فَابْدَئُوا بِالْعَشَاءِ، وَلَا تَعْجَلُوا عَنْ عَشَائِكُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جب کھانے کا وقت ہو اور نماز کے لیے اذان دی جائے تو پہلے کھانا کھالو اور اپنی نماز عشاء میں جلدی نہ کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، وَرَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ

یہ حدیث مالک سے صرف ابن وہب اور روح بن عبادہ روایت کرتے ہیں۔

1881 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: نَا جَدِّی حَرْمَلَةُ قَالَ: نَا ابْنُ وَهْبٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيسَ الشَّافِعِیُّ، قَالَا: نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ اَبِی حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا: بلال رات کو اذان دیتا ہے' سو تم کھاپی لیا کرو' یہاں تک کہ ابن اُم مکتوم اذان دے لیں۔

1879- انظر: كشف الخفا للحافظ العجلونی جلد1صفحه229 .

1880- أخرجه البخاری فی الأذان جلد2صفحه187 رقم الحديث: 672' ومسلم فی المساجد جلد1صفحه392 .

1881- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه156 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ بِلَالًا يُنَادِي بِلَيْلٍ، فَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى يُنَادِي ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ

وَكَانَ الشَّافِعِيُّ يَزِيدُ فِي حَدِيثِهِ: وَكَانَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ لَا يُؤَذِّنُ حَتَّى يُقَالَ لَهُ: أَصْبَحْتَ أَصْبَحْتَ

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث میں اضافہ کرتے ہیں کہ حضرت ابن اُم مکتوم اذان نہیں دیتے تھے جب تک کہ اُن کو نہ کہا جاتا کہ صبح ہوگئی' صبح ہوگئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ إِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، وَالشَّافِعِيُّ

یہ حدیث مالک سے صرف ابن وہب اور شافعی ہی روایت کرتے ہیں۔

1882 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: نَا جَدِّي حَرْمَلَةُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اسْتَشِيرُوا النِّسَاءَ فِي أَنْفُسِهِنَّ

حضرت سالم اپنے والد سے' وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: عورتوں سے اُن کے متعلق مشورہ کرلیا کرو (یعنی اُن کا نکاح کرنے میں)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ إِلَّا ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث صرف ابن وہب ہی روایت کرتے ہیں۔

1883 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: نَا جَدِّي حَرْمَلَةُ قَالَ: نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُجَبَّرِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِذَا كَانَ يَوْمُ سَابِعِهِ، فَأَهْرِيقُوا عَنْهُ دَمًا، وَأَمِيطُوا عَنْهُ الْأَذَى، وَسَمُّوهُ

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہما اپنے والد سے' وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب بچہ سات دن کا ہوجائے تو اس کی طرف سے عقیقہ کرو اور اس کے سر کے بال منڈواؤ اور اس کا نام رکھو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمُجَبَّرِ إِلَّا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن مجبر سے صرف ضحاک بن عثمان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن

1883- اخرجه الطبراني في الكبير جلد12صفحه306 رقم الحديث: 13192 . انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه61 .

وہب اکیلے ہیں۔

1884 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: نَا جَدِّی حَرْمَلَةُ قَالَ: نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِی عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ اَبِی رَبَاحٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّا مَعَاشِرَ الْاَنْبِيَاءِ اُمِرْنَا اَنْ نُعَجِّلَ فِطْرَنَا، وَاَنْ نُؤَخِّرَ سَحُورَنَا، وَاَنْ نَضَعَ اَيْمَانَنَا عَلَى شَمَائِلِنَا فِي الصَّلَاةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: ہم انبیاء علیہم السلام کے گروہ کو حکم دیا گیا کہ ہم روزہ جلدی افطار کریں اور اپنی سحری میں دیر کریں اور نماز کی حالت میں اپنے دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث عمرو بن حارث سے صرف ابن وہب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حرملہ بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

1885 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ حَرْمَلَةَ قَالَ: نَا جَدِّی حَرْمَلَةُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي رَجُلٌ، قَصِيرٌ مِّنْ اَهْلِ مِصْرَ فِي مَجْلِسِ الزُّهْرِيِّ، يُقَالُ لَهُ: عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِی هُبَيْرَةَ، عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا رَاَيْتَ الْعَبْدَ يُعْطَى زُهْدًا فِي الدُّنْيَا، وَقِلَّةَ مَنْطِقٍ، فَاقْتَرِبُوا مِنْهُ، فَاِنَّهُ يُلْقِي الْحِكْمَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم کسی انسان کو دیکھو کہ وہ دنیا سے بے رغبت ہے اور گفتگو کم کرتا ہے تو اس کے قریب رہو کیونکہ اس کو حکمت دی گئی ہے۔

1886 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: نَا جَدِّی حَرْمَلَةُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ السَّكَنِ بْنِ اَبِی كَرِيمَةَ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی یہ نہ کہے کہ مجھے میری حجت کی تلقین کی گئی ہے' بے شک کافر کو اس کی

1884- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه158 .

1885- اخرجه أبو نعيم في الحلية جلد10صفحه317 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه305 .

1886- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:32812 .

شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: اللّٰهُمَّ لَقِّنِي حُجَّتِي، فَاِنَّ الْكَافِرَ يُلَقَّنُ حُجَّتَهُ، وَلَكِنْ لِيَقُلْ: اللّٰهُمَّ لَقِّنِي حُجَّةَ الْاِيمَانِ عِنْدَ الْمَمَاتِ

حجت کی تلقین کی جاتی ہے' لیکن یہ کہو: اے اللہ! مجھے مرتے وقت ایمان نصیب کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا السَّكَنُ بْنُ اَبِي كَرِيمَةَ، وَلَا عَنِ السَّكَنِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث زہری سے صرف سکن بن ابی کریمہ اور سکن صرف ابن لھیعہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

1887 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ حَرْمَلَةَ قَالَ: نَا جَدِّي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبُو مَسْعُودٍ الْمَاضِي بْنُ مُحَمَّدٍ الْغَافِقِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَشْقَى الْاَشْقِيَاءِ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ: مَنِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِ فَقْرُ الدُّنْيَا وَعَذَابُ الْآخِرَةِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم کو بدبختوں میں سے سب سے زیادہ بدبخت کے متعلق نہ بتاؤں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس پر دنیا کی محتاجی اور آخرت کا عذاب جمع ہو جائے۔

2069 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَنْصُورٍ السُّلَمِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ لَهُ مَالٌ لَا يُؤَدِّي زَكَاتَهُ اِلَّا جُمِعَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، تُحْمَى عَلَيْهِ صَفَائِحُ مِنْ جَهَنَّمَ، فَيُكْوَى بِهَا جَنْبُهُ وَظَهْرُهُ، حَتَّى يَقْضِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بَيْنَ عِبَادِهِ فِي يَوْمٍ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ اَلْفَ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ، ثُمَّ يَرَى سَبِيلَهُ: اِمَّا اِلَى الْجَنَّةِ وَاِمَّا اِلَى النَّارِ وَمَا مِنْ صَاحِبِ اِبِلٍ لَا يُؤَدِّي زَكَاتَهَا اِلَّا يُجَاءُ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَاَكْثَرِ مَا كَانَتْ تَمُرُّ عَلَيْهِ، ثُمَّ يُبْطَحُ بِقَاعٍ قَرْقَرٍ سَهْلٍ، ثُمَّ تَسْتَنُّ عَلَيْهِ اُولَاهَا وَاُخْرَاهَا، كُلَّمَا مَضَتْ اُولَاهَا عَادَتْ اُخْرَاهَا، حَتَّى يَقْضِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بَيْنَ عِبَادِهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ اَلْفَ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ، ثُمَّ يَرَى سَبِيلَهُ: اِمَّا اِلَى الْجَنَّةِ وَاِمَّا اِلَى النَّارِ وَمَا مِنْ صَاحِبِ مَاشِيَةٍ لَا يُؤَدِّي زَكَاتَهَا اِلَّا يُجَاءُ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهِيَ كَاَكْثَرِ مَا كَانَتْ، فَيُبْطَحُ بِقَاعٍ قَرْقَرٍ، فَتَطَؤُهُ بِاَظْلَافِهَا، وَتَنْطَحُهُ بِقُرُونِهَا، لَيْسَ فِيهَا عَقْصَاءُ وَلَا عَضْبَاءُ وَلَا جَلْحَاءُ، كُلَّمَا مَضَتْ اُخْرَاهَا رُدَّتْ عَلَيْهِ اُولَاهَا، حَتَّى يَقْضِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بَيْنَ عِبَادِهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ اَلْفَ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ، ثُمَّ يَرَى سَبِيلَهُ: اِمَّا اِلَى الْجَنَّةِ وَاِمَّا اِلَى النَّارِ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَالْخَيْلُ؟ قَالَ: الْخَيْلُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو خزانہ کا مالک اپنے خزانہ کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا ہے اس کو اور اس کے خزانہ کو قیامت کے دن لایا جائے گا' اس کو جہنم کی آگ میں گرایا جائے گا' اس کے ساتھ اس کی پیشانی اور اس کی پیٹھ کو داغا جائے گا' یہاں تک کہ اللہ عزوجل اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ کر دے گا۔ وہ دن پچاس ہزار سال کی مقدار کا ہوگا جو سال تم شمار کرتے ہو' جو اونٹوں کا مالک اونٹوں کی زکوٰۃ نہیں دیتا ہو گا قیامت کے دن اُسے اور اُس کے اونٹوں کو لایا جائے گا' اس کے اونٹ بہت زیادہ ہوں گے۔ ان کے لیے پتھریلی زمین بنائی جائے گی' وہ اونٹ اس کو اپنے پاؤں کے نیچے روندیں گے' جب ان اونٹوں کا آخری حصہ ختم ہو گا تو پہلے از سر نو شروع ہوں گے' یہاں تک کہ اللہ عزوجل اس دن اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ کر دے گا۔ وہ دن پچاس ہزار سال کا ہوگا دنیا کے سالوں کی طرح' اس کے بعد وہ اپنی جگہ جنت یا دوزخ میں دیکھ لیں گے۔ اور جو بکریوں کا مالک ہوگا اور ان بکریوں کی زکوٰۃ نہیں دیتا ہو گا' وہ خود اور اس کی بکریاں قیامت کے دن لائی جائیں گی' دنیا کی مقدار سے زیادہ لائی جائیں گی اور ان کے لیے پتھریلی زمین بنائی جائے گی' وہ بکریاں اس کو اپنے سینگوں اور پاؤں سے روندیں گی' آخری بکری کے گزرنے کے بعد پہلی دوبارہ سے آئیں گی' یہاں تک کہ اللہ عزوجل اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ کر دے گا' اس دن کی مقدار پچاس ہزار سال کی مسافت جتنی ہوگی جو

2069- اخرجه ابن ماجه في صحيحه رقم الحديث: 2291 .

مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَالْخَيْلُ لِثَلَاثَةٍ: لِرَجُلٍ أَجْرٌ، وَلِآخَرَ سِتْرٌ، وَعَلَى آخَرَ وِزْرٌ . فَأَمَّا الَّذِي هِيَ لَهُ أَجْرٌ: فَرَجُلٌ يَحْبِسُهَا وَيُعِدُّهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فِيمَا غَيَّبَتْ فِي بُطُونِهَا فَهُوَ لَهُ أَجْرٌ، وَلَوْ رَعَاهَا فِي مَرْجٍ كَانَ لَهُ فِيمَا غَيَّبَتْ فِي بُطُونِهَا أَجْرٌ، وَلَوِ اسْتَنَّتْ شَرَفًا أَوْ شَرَفَيْنِ كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ خَطَتْهَا أَجْرٌ، وَلَوْ عَرَضَ لَهُ نَهْرٌ فَسَقَاهَا مِنْهُ كَانَ لَهُ بِكُلِّ قَطْرَةٍ غَيَّبَتْهَا فِي بُطُونِهَا أَجْرٌ، حَتَّى إِنَّهُ لَيُذْكَرُ فِي أَرْوَاثِهَا وَأَبْوَالِهَا . وَأَمَّا الَّتِي لَهُ سِتْرٌ: فَرَجُلٌ يَتَّخِذُهَا تَعَفُّفًا وَتَجَمُّلًا وَتَكَرُّمًا، وَلَا يَنْسَى حَقَّ ظُهُورِهَا، وَبُطُونِهَا فِي عُسْرِهِ وَيُسْرِهِ . وَأَمَّا الَّتِي هِيَ عَلَيْهِ وِزْرٌ: فَرَجُلٌ يَتَّخِذُهَا أَشَرًا وَبَطَرًا أَوْ رِيَاءَ النَّاسِ، وَبَذَخًا عَلَيْهِمْ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَالْحَمِيرُ؟ قَالَ: مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ فِيهَا شَيْئًا، إِلَّا هَذِهِ الْآيَةَ الْجَامِعَةَ الْفَاذَّةَ: (فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ، وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ) (الزلزلة: 8)

دنیا میں شمار کیا جاتا ہے' پس وہ اپنا ٹھکانہ جنت میں یا جہنم میں دیکھ لے گا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! اور گھوڑوں کے متعلق؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: گھوڑے کی پیشانی میں اللہ عزوجل نے قیامت کے دن تک بھلائی ہی لکھ دی ہے' گھوڑے بھی تین قسم کے ہیں: ایک گھوڑا آدمی کے لیے ثواب کا ذریعہ ہے' وہ گھوڑا جس کو آدمی نے اللہ کی راہ کے لیے رکھا' وہ گھوڑا جو کچھ پیٹ میں ڈالتا ہے' اس آدمی کو اُس کا بھی ثواب ملتا ہے' اگر چرنے کے لیے چھوڑ دیا جائے تو چرنا بھی ثواب کا ذریعہ بنے گا' اگر کسی بلندی پر چڑھے گا تو ہر قدم کے بدلے اس آدمی کو ثواب ملے گا' اگر وہ گھوڑا کسی نہر پر گزرا اور وہاں پانی پیا تو اس کا پانی پینا بھی ثواب کا ذریعہ ہوگا' یہاں تک کہ اس کی لید اور پیشاب میں بھی ثواب ہے۔ ایک گھوڑا وہ ہے جو آدمی کے لیے پردہ بنے گا' وہ آدمی جو گھوڑا عزت' سوال سے بچنے کے لیے اور خوبصورتی کے لیے رکھتا ہے۔ وہ گھوڑا جو آدمی کے لیے عذاب کا ذریعہ بنے گا وہ گھوڑا ہے جو اس نے لوگوں کے دکھاوے کے لیے رکھا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! گدھے کے متعلق کیا حکم ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے متعلق کوئی جامع آیت نازل نہیں ہوئی' سوائے اس کے جو ذرّہ برابر بھی نیکی کرے گا وہ اس کو دیکھ لے گا اور جو ذرّہ برابر بھی بُرائی کرے گا وہ بھی اس کو دیکھ لے گا۔

2070 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ

2070- اخرجه أبو داؤد في الترجل جلد **4** صفحه **84** رقم الحديث: **4310**' والنسائي في الزينة جلد **8** صفحه **121** (باب الخضاب بالصفرة)' وابن ماجه في اللباس جلد **2** صفحه **1198** رقم الحديث: **3626**' واحمد في المسند جلد **2** صفحه **156** رقم الحديث **5955** .

حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَنْبَسَةَ قَالَ: نَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نَا مَخْلَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْكُوفِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی داڑھی کو زرد رنگ لگاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ اِلَّا مَخْلَدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ

ابن عجلان سے صرف مخلد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حجاج بن نصیر اکیلے ہیں۔

2071 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَبْدَا الْمَذَارِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نَا هَمَّامٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ اَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيَّ، قَدِمَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَفْدِ الْيَمَنِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا بِاَرْضٍ لَا يُصْلِحُنَا بِهَا اِلَّا الشَّرَابُ، وَاِنَّ بِهَا شَرَابًا يُصْنَعُ مِنَ الْعَسَلِ، يُقَالُ لَهُ: الْبِتْعُ، وَشَرَابًا مِنَ الذُّرَةِ، يُقَالُ لَهُ: الْمِزْرُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَرَامٌ قَلِيلُ مَا اَسْكَرَ كَثِيرُهُ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس یمن کے وفد میں آئے' تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم ایسے ملک میں رہتے ہیں جس میں درست نہیں رہتے سوائے شراب پینے کے اور وہ ایسی شراب ہے جو شہد سے بنائی جاتی ہے' اس کو بتع کہا جاتا ہے اور ایک ذرہ سے شراب بنائی جاتی ہے' اس کو مزر کہا جاتا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نشہ آور شے تھوڑی ہو یا زیادہ' وہ حرام ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ اِلَّا هَمَّامٌ

اسے ابن عجلان سے صرف ہمام ہی روایت کرتے ہیں۔

2072 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ قَالَ: نَا هَمَّامٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سونے اور لوہے کی انگوٹھی پہننے سے منع کیا۔

2071- أخرجه ابن ماجه في الأشربة جلد **2** صفحه **1125** رقم الحديث: **3394**' وأحمد في المسند جلد **2** صفحه **241** رقم الحديث: **6683**' والدارقطني في سننه جلد **4** صفحه **258** .

2072- انظر: مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **157** .

وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ، وَخَاتَمِ الْحَدِيدِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ إِلَّا هَمَّامٌ

محمد بن عجلان سے صرف ہمام ہی روایت کرتے ہیں۔

2073 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ أَبُو زُكَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا، وَلَا عَلَى خَالَتِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: عورت اور اس کی پھوپھی اور اس کی خالہ کو ایک نکاح میں جمع نہیں کیا جائے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ إِلَّا أَبُو زُكَيْرٍ

ابن عجلان سے صرف ابوزکیر ہی روایت کرتے ہیں۔

2074 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ خُوَارٍ قَالَ: نَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحْسَنُ النَّاسِ صَوْتًا بِالْقُرْآنِ؟ قَالَ: مَنْ إِذَا سَمِعْتَ قِرَاءَتَهُ رَأَيْتَ أَنَّهُ يَخْشَى اللهَ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ سے سوال کیا گیا: لوگوں میں کون سب سے اچھی آواز میں قرآن پڑھ سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: جب اس کی قرأت سنے تو دیکھے کہ وہ اللہ عزوجل سے ڈرتا بھی ہو۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا حُمَيْدُ بْنُ حَمَّادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ

اسے مسعر سے صرف حمید بن حماد ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں محمد بن معمر اکیلے ہیں۔

2075 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنِ الْأَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ چٹائی پر نماز پڑھتے تھے۔

2073- أخرجه البخاري في النكاح جلد9صفحه64 رقم الحديث: 5110، ومسلم في النكاح جلد2صفحه1029 .

2074- أخرجه البزار جلد3صفحه981 . انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه173 .

2075- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه60 .

ذَكْوَانَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي عَلَى حَصِيرٍ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ . وَالْمَشْهُورُ: مِنْ حَدِيثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْاَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ

اسے ہشام سے صرف حماد بن مسعدہ ہی روایت کرتے ہیں' اور مشہور حماد بن سلمہ کی حدیث ہے از ازرق بن قیس۔

2076 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَزِيرِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا وَكِيعٌ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: تَزَوَّجَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَتَاعٍ يَسْوَى اَرْبَعِينَ دِرْهَمًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے ساتھ شادی کی ایسے سامان کے (مہر کے) بدلے جس کی قیمت چالیس درہم بنتی تھی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ فُضَيْلٍ اِلَّا وَكِيعٌ

اسے فضیل سے صرف وکیع ہی روایت کرتے ہیں۔

2077 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَغَوِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ اَبُو عَبَّادٍ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ مَاعِزٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيدَ يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُنْقَعُ بَوْلٌ فِي طَسْتٍ فِي الْبَيْتِ، فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ بَوْلٌ يُنْقَعُ، وَلَا تَبُولَنَّ فِي مُغْتَسَلِكَ

حضرت عبداللہ بن یزید رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: کوئی آدمی گھر کے اندر تھال میں پیشاب نہ کرے' بے شک فرشتے اُس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس گھر میں پیشاب پڑا ہو' اور تم ہرگز اپنی غسل کرنے والی جگہ پر پیشاب نہ کرو۔

لَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ يَزِيدَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ

ابن یزید سے یہ حدیث صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن عباد اکیلے ہیں۔

2078 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ

2076- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه285 .

2077- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه207 .

2078- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه189 .

اِبْرَاهِيمَ الْبَغَوِيُّ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْكُوفِيُّ، قَالَ نَا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: مَا مِنْ رَجُلٍ يَشْهَدُ الْجُمُعَةَ لَا يَلْغُو فِيهَا، وَلَا يَجْهَلُ، وَيُحْسِنُ الْوُضُوءَ، وَيَشْهَدُهَا مَعَ الْإِمَامِ، اِلَّا كَانَتْ كَفَّارَةً مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الَّتِي تَلِيهَا، وَلَا صَلَّى صَلَاةً مَكْتُوبَةً، اِلَّا كَانَتْ كَفَّارَةً لِمَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ الصَّلَاةِ الَّتِي تَلِيهَا

سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو آدمی جمعہ میں حاضر ہوتا ہے اور لغویات یا جاہلانہ گفتگو نہیں کرتا ہے اور اچھی طرح وضو کرتا ہے اور امام کے ساتھ شریک ہوتا ہے تو وہ اس کے ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا' اور اس کی ایک فرض نماز دوسری نماز جو اس کے ساتھ ملی ہوتی ہے' کے درمیانی گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ اِلَّا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ الْبَغَوِيُّ

زکریا بن ابی زائدہ سے صرف داؤد بن عبدالحمید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق بغوی اکیلے ہیں۔

2079 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَغَوِيُّ قَالَ: نَا اَبُو عَبَّادٍ يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ نَذِيرٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَوْضِعِ الْإِزَارِ؟ فَاَخَذَ بِعَضَلَةِ سَاقِي، فَقَالَ: اِلَى هَا هُنَا، فَاِنْ اَبَيْتَ فَلَا حَقَّ لِلْإِزَارِ فِي اَسْفَلَ مِنْ ذَلِكَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ سے تہبند باندھنے کی جگہ کے متعلق پوچھا گیا (کہ کہاں تک ہونی چاہیے) تو آپ نے میری پنڈلی پکڑی اور فرمایا: یہاں تک! اگر کوئی انکار کرے تو تہبند کو اس سے نیچے نہیں باندھنا چاہیے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث مالک بن مغول سے صرف یحییٰ بن عبادہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2080 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نَا اَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نَا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ وہ عاشوراء کے دن کے متعلق فرماتے ہیں کہ ہم اس دن روزہ بھی رکھتے اور نہیں بھی رکھتے تھے۔

2079- اخرجه الترمذي في اللباس جلد 4 صفحه 247 رقم الحديث: 1783' وابن ماجه في اللباس جلد 2 صفحه 1182 رقم الحديث: 3572' واحمد في المسند جلد 5 صفحه 447 رقم الحديث: 23305 .

مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ اَنَّهُ قَالَ فِي يَوْمِ عَاشُورَاءَ: كُنَّا نَصُومُهُ، ثُمَّ تُرِكَ .

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الْاَشْجَعِيُّ . وَتَفْسِيرُ قَوْلِ ابْنِ مَسْعُودٍ: كُنَّا نَصُومُهُ، ثُمَّ تُرِكَ ، اَیْ: كُنَّا نَصُومُهُ فَرْضًا، ثُمَّ صَارَ تَطَوُّعًا

اسے سفیان سے صرف اشجعی ہی روایت کرتے ہیں' اور حضرت ابن مسعود کے ارشاد کی تفسیر یہ ہے کہ ہم روزہ رکھتے اور چھوڑتے تھے' مراد اس سے یہ ہے کہ ہم اسے فرض روزہ سمجھ کر رکھتے تھے پھر وہ نفل ہو جاتا تھا۔

2081 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نَا هَمَّامٌ قَالَ: نَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَرَرْتُ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِي عَلَى مَلَإٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ اِلَّا اَمَرُونِي بِالْحِجَامَةِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا هَمَّامٌ، وَلَا عَنْ هَمَّامٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْقُدُّوسِ

حضرت مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں معراج کی رات میں جب فرشتوں کے گروہ کے پاس سے گزرا تو انہوں نے مجھے پچھنا لگوانے کا حکم دیا تھا۔

اسے قتادہ سے صرف ہمام اور ہمام سے عمرو بن عاصم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالقدوس اکیلے ہیں۔

2082 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ سُفْيَانَ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَهْمِ الرَّازِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ وَرَّادٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى مَلَإٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ يَرْمُونَ حَمَامَةً، فَقَالَ: لَا تَتَّخِذُوا الرُّوحَ غَرَضًا

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ،

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کا انصار کے ایک گروہ کے پاس سے گزر ہوا تو وہ کبوتری کو نشانہ بنا رہے تھے' تو آپ نے فرمایا: تم روح والی اشیاء کو نشان نہ بنانے کا حکم دیا۔

اسے منصور سے صرف عمرو بن ابی قیس ہی روایت

2081- اخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد19صفحه274 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه94 .

2082- اخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد20صفحه386 رقم الحدیث:905 . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه34 .

تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَهْمِ

کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن جہم اکیلے ہیں۔

2083 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ الْحَنَفِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنِ الْقَرْثَعِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا هَذِهِ الْاَرْبَعُ رَكَعَاتٍ الَّتِي تُصَلِّيهَا عِنْدَ الزَّوَالِ؟ فَقَالَ: هَذِهِ السَّاعَةُ تُفْتَحُ فِيهَا اَبْوَابُ السَّمَاءِ، فَلَا تُرْتَجُ حَتَّى تُصَلَّى الظُّهْرُ، فَاُحِبُّ اَنْ اُقَدِّمَ خَيْرًا

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ جو چار رکعت آپ زوال کے وقت پڑھتے ہیں' یہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس وقت آسمان سے رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں' وہ ظہر کی نماز پڑھنے تک بند نہیں ہوتے ہیں' میں پسند کرتا ہوں کہ میں کوئی نیکی آگے بھیجوں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ اِلَّا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ

اسے سعد بن مسروق سے صرف مفضل بن صدقہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن ثابت اکیلے ہیں۔

2084 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْقَطَوَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: عُرِضَتِ الْجُمُعَةُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جَاءَ جِبْرِيلُ فِي كَفِّهِ كَالْمِرْآةِ الْبَيْضَاءِ فِي وَسَطِهَا كَالنُّكْتَةِ السَّوْدَاءِ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هَذِهِ الْجُمُعَةُ يَعْرِضُهَا عَلَيْكَ رَبُّكَ لِتَكُونَ لَكَ عِيدًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جمعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پیش کیا گیا تو حضرت جبریل علیہ السلام اس حالت میں تشریف لائے گویا کہ آپ کی ہتھیلی میں سفید شیشہ ہے جس کے درمیان گویا سیاہ نکتہ ہے' آپ نے فرمایا: جبریل یہ کیا ہے؟ حضرت جبریل نے عرض کی: یہ جمعہ ہے جو آپ پر آپ کے رب کی طرف سے پیش کیا گیا ہے تاکہ آپ اور آپ کے بعد آپ کی قوم والوں کے لیے عید ہو جائے' اور آپ کے لیے اس

2083- اخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد 2 صفحه 23 رقم الحديث: 1270' وابن ماجه في الاقامة جلد 1 صفحه 365 رقم الحديث: 1157' وأحمد في المسند جلد 5 صفحه 486 رقم الحديث: 23593' والطبراني في الكبير جلد 4 صفحه 119 رقم الحديث: 3854 .

2084- انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 166-167 .

وَلِقَوْمِكَ مِنْ بَعْدِكَ، وَلَكُمْ فِيهَا خَيْرٌ تَكُونُ أَنْتَ الْأَوَّلُ، وَيَكُونُ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى مِنْ بَعْدِكَ، وَفِيهَا سَاعَةٌ لَا يَدْعُو أَحَدٌ رَبَّهُ بِخَيْرٍ هُوَ لَهُ قَسْمٌ إِلَّا أَعْطَاهُ، أَوْ يَتَعَوَّذُ مِنْ شَرٍّ إِلَّا دَفَعَ عَنْهُ مَا هُوَ أَعْظَمُ مِنْهُ، وَنَحْنُ نَدْعُوهُ فِي الْآخِرَةِ يَوْمَ الْمَزِيدِ، وَذَلِكَ أَنَّ رَبَّكَ اتَّخَذَ فِي الْجَنَّةِ وَادِيًا أَفْيَحَ مِنْ مِسْكٍ أَبْيَضَ، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ نَزَلَ مِنْ عِلِّيِّينَ، فَجَلَسَ عَلَى كُرْسِيِّهِ، وَحَفَّ الْكُرْسِيَّ بِمَنَابِرَ مِنْ ذَهَبٍ مُكَلَّلَةٍ بِالْجَوَاهِرِ، وَجَاءَ الصِّدِّيقُونَ وَالشُّهَدَاءُ فَجَلَسُوا عَلَيْهَا، وَجَاءَ أَهْلُ الْغُرَفِ مِنْ غُرَفِهِمْ حَتَّى يَجْلِسُوا عَلَى الْكُثُبِ، وَهُوَ كَثِيبٌ أَبْيَضُ مِنْ مِسْكٍ أَذْفَرَ، ثُمَّ يَتَجَلَّى لَهُمْ فَيَقُولُ: أَنَا الَّذِي صَدَقْتُكُمْ وَعْدِي، وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي، وَهَذَا مَحَلُّ كَرَامَتِي، فَسَلُونِي، فَيَسْأَلُونَهُ الرِّضَا، فَيَقُولُ: رِضَايَ أَحَلَّكُمْ دَارِي، وَأَنَالَكُمْ كَرَامَتِي، فَسَلُونِي، فَيَسْأَلُونَهُ الرِّضَا، فَيُشْهِدُ عَلَيْهِمْ عَلَى الرِّضَا، ثُمَّ يَفْتَحُ لَهُمْ مَا لَمْ تَرَ عَيْنٌ، وَلَمْ يَخْطُرْ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ، إِلَى مِقْدَارِ مُنْصَرَفِهِمْ مِنَ الْجُمُعَةِ، وَهِيَ زَبَرْجَدَةٌ خَضْرَاءُ أَوْ يَاقُوتَةٌ حَمْرَاءُ، مُطَّرِدَةٌ فِيهَا أَنْهَارُهَا، مُتَدَلِّيَةٌ، فِيهَا ثِمَارُهَا، فِيهَا أَزْوَاجُهَا وَخَدَمُهَا، فَلَيْسَ هُمْ فِي الْجَنَّةِ بِأَشْوَقَ مِنْهُمْ إِلَى يَوْمِ الْجُمُعَةِ لِيَزْدَادُوا نَظَرًا إِلَى رَبِّهِمْ عَزَّ وَجَلَّ وَكَرَامَتِهِ، وَلِذَلِكَ دُعِيَ يَوْمَ الْمَزِيدِ

میں بھلائی ہے کہ آپ سب سے اوّل اس کو لینے والے ہیں' اودر یہود و نصاریٰ آپ کے بعد ہیں' اس میں ایک ایسا وقت ہوتا ہے کہ اس وقت اللہ عزوجل سے کوئی بھلائی مانگی جائے تو وہ اسے عطا کی جاتی ہے یا اگر کسی شر سے پناہ مانگے گا تو اس سے شر سے پناہ دی جائے گی" وہ اس سے بڑی نہیں ہوگی اور ہم اس کو آخرت میں یوم مزید کے نام سے پکارتے ہیں' اور یہ کہ آپ کے رب نے جنت میں ایک وادی بنائی ہے جس کی خوشبو سفید مشک سے بھی زیادہ ہے' پس جب جمعہ کا دن ہوا تو آپ کا رب علیین سے نیچے اُترا ہے (جیسے اس کی شان کے لائق ہے) اور کرسی پر تشریف فرما ہوا اور کرسی کے اردگرد منبر رکھے جاتے ہیں جو جواہرات سے مزین ہوتے ہیں' صدیقین و شہداء آتے ہیں اور اس پر بیٹھتے ہیں' کمروں والے اپنے کمروں سے آتے ہیں' یہاں تک کہ ٹیلوں پر بیٹھتے ہیں' اور وہ ٹیلے مشک ازفر سے زیادہ سفید ہوتی ہے' پھر اُن کے لیے تجلّی فرماتا ہے تو فرماتا ہے: میں وہ ہوں! جس نے تم سے وعدہ سچا کیا ہے' اور میں تم پر اپنی نعمت مکمل کی ہے' یہ محل میری عزت ہے' مجھ سے مانگو! تو وہ اللہ سے رضا مانگیں گے۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے: میری رضا تمہارے لیے حلال ہوگئی اور میری عزت کی قسم! مجھ سے مانگو' تو وہ اس کی رضا مانگیں گے سو وہ' اس کے لیے رضا کی گواہی دیں گے' پھر اُن کے لیے ایسی شے کھولی جائے گی جو کسی آنکھ نے نہیں دیکھی اور نہ کسی انسان کے دل میں اس کا خیال گزرا ہے' ان کے جمعہ سے لوٹنے کی مقدار اور یہ کہ

زبرجد یا سرخ یاقوت اس کے اردگرد نہریں ہوں گی اس میں ان کی بیویاں اور خادم ہوں گے جنت میں جمعہ کے دن سے بڑھ کر کوئی شوق والا دن نہیں ہوگا ان کے رب عزوجل کی اور اس کی بزرگی کو دیکھتے ہوئے اس لیے اسے یوم مزید کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي عِمْرَانَ اِلَّا عَبْدُ السَّلامِ، تَفَرَّدَ بِهِ: خَالِدٌ

ابوعمران سے صرف عبدالسلام ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں خالد اکیلے ہیں۔

2085 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ حَوْشَبِ بْنِ عَقِيلٍ، اَنَّ رَجُلًا حَدَّثَ عِنْدَ الْحَسَنِ بِحَدِيثٍ، فَقَالَ الْحَسَنُ: مَنْ حَدَّثَكَ بِهَذَا؟ قَالَ: الْفُقَهَاءُ . قَالَ: وَهَلْ رَاَيْتَ بِعَيْنِكَ فَقِيهًا قَطُّ؟ ثُمَّ قَالَ: اَتَدْرِي مَنِ الْفَقِيهُ؟ الْفَقِيهُ: الزَّاهِدُ فِي الدُّنْيَا، الرَّاغِبُ فِي الْآخِرَةِ، الْبَصِيرُ بِهَذَا الدِّينِ، الْمُتَمَسِّكُ بِالْعِلْمِ

حضرت حوشب بن عقیل روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت حسن بصری کے پاس حدیث بیان کر رہا تھا حضرت حسن بصری نے فرمایا: یہ آپ کو کس نے بیان کی ہے؟ اس نے عرض کی: فقہاء نے آپ نے فرمایا: کیا تو نے اپنی آنکھ سے کبھی فقیہ دیکھا ہے؟ پھر فرمایا: کیا تو جانتا ہے کہ فقیہ کون ہے؟ فرمایا: فقیہ دنیا سے بے رغبت اور آخرت کی طرف راغب دین کی بصیرت رکھنے والا اور علم کو مضبوطی سے پکڑنے والا ہوتا ہے۔

2086 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ: نَا كَثِيرُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، كَيْفَ اِذَا بَقِيتَ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ قَدْ مَرِجَتْ عُهُودُهُمْ وَاَمَانَاتُهُمْ، وَاخْتَلَفُوا فَصَارُوا هَكَذَا ، وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ؟ قَالَ: مَا تَاْمُرُنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عَلَيْكَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے عبداللہ بن عمرو! وہ کیا وقت ہوگا جب لوگوں میں گھٹیا ترین باقی رہیں گے ان میں وعدہ اور امانت نام کی شے نہیں ہوگی اور وہ اختلاف کریں گے تو وہ اس طرح ہو جائیں گے اور آپ نے اپنی انگلیوں کے درمیان تشبیک فرمائی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟

2086- أخرجه البخاري في الصلاة جلد 1صفحه673 رقم الحديث: 480' وابو داؤد في الملاحم جلد4صفحه121 رقم الحديث: 4343' وابن ماجه في الفتن جلد2صفحه1307 رقم الحديث: 3957' وأحمد في المسند جلد2 صفحه219 رقم الحديث: 6515 .

بِمَا تَعْرِفُ، وَتَدَعُ مَا تُنْكِرُ، وَعَلَيْكَ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَإِيَّاكَ وَعَوَامَّهُمْ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم وہ کرو جو تم جانتے ہو اور وہ چھوڑ دو جو تم نہیں جانتے' اور تم اپنے آپ کو بالخصوص بچاؤ اور لوگوں کو چھوڑ دو۔

2087 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ الْقَيْسِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ شَيْخًا، مِنْ غِفَارٍ، يُكْنَى: أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَمَرَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالسِّوَاكِ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنْ سَأُدْرَدُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے کئی مرتبہ مسواک کی تلقین کی یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ کہیں یہ فرض نہ ہو جائے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَهْلٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ

یہ حدیث سہل سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں عبید بن واقد اکیلے ہیں۔

2088 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: نَا الْمِنْهَالُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنِ الْأَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: صَلَّى لَنَا إِمَامٌ يُكْنَى أَبَا رِمْثَةَ فِي مُصَلَّانَا الْعَصْرَ، وَمَعَنَا رَجُلٌ شَهِدَ تَكْبِيرَةَ الْأُولَى، فَلَمَّا انْصَرَفَ أَبُو رِمْثَةَ قَامَ الرَّجُلُ يَشْفَعُ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ أَبُو رِمْثَةَ، فَقَالَ: صَلَّيْتُ هَذِهِ الصَّلَاةَ، أَوْ مِثْلَ هَذِهِ الصَّلَاةِ، مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ يُقَدَّمَانِ فِي الصَّلَاةِ، وَكَانَ رَجُلٌ قَدْ شَهِدَ التَّكْبِيرَةَ الْأُولَى مِنَ الصَّلَاةِ، فَصَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَلَّمَ عَنْ يَمِينٍ وَيَسَارٍ، حَتَّى رَأَيْتُ وَضَحَ خَدَّيْهِ، ثُمَّ انْفَتَلَ كَانْفِتَالِ أَبِي

حضرت ازرق بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں ایسے امام نے نماز پڑھائی' جس کی کنیت ابورمثہ تھی' ہماری عصر کی نماز کی جگہ میں ہمارے ساتھ ایک آدمی تھا جو تکبیر اولیٰ میں شریک ہوا تھا' جب ابورمثہ نے سلام پھیرا تو وہ آدمی کھڑا ہوا' اس نے دو رکعت نماز ادا کی۔ تو حضرت ابورمثہ نے اس کی طرف دیکھا اور فرمایا: تو نے یہ نماز پڑھی ہے یا اس طرح کی نماز نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ' اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں نماز کے لیے آئے' ایک آدمی تکبیر اولیٰ میں شریک ہوا تھا' تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھا رہے تھے' آپ نے دائیں و بائیں جانب سلام پھیرا یہاں تک کہ میں نے آپ کے رخسار دیکھے' میں نے ابورمثہ کی طرح یعنی ان کی طرح' پس قوم

2087- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه102 .

2088- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه237 .

رِمْثَةَ، يَعْنِي: نَفْسَهُ، فَاسْتَقْبَلَ الْقَوْمَ، فَقَامَ الرَّجُلُ الَّذِي أَدْرَكَ مَعَهُ التَّكْبِيرَةَ الْأُولَى يَشْفَعُ، فَقَامَ إِلَيْهِ عُمَرُ، فَأَخَذَ بِمَنْكِبِهِ، فَلَهَزَهُ، ثُمَّ قَالَ: اجْلِسْ، فَإِنَّهُ لَمْ يُهْلِكْ أَهْلَ الْكِتَابِ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِصَلَاتِهِمْ فَصْلٌ، فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَهُ إِلَيْهِ فَقَالَ: أَصَابَ اللَّهُ بِكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ

کی طرف منہ کیا' تو وہ آدمی کھڑا ہوا جو تکبیر اولیٰ میں شریک ہوا تھا اور دو رکعت ادا کیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کی طرف کھڑے ہوئے' اس کو کندھے سے پکڑا اور جھٹکا' پھر فرمایا: بیٹھ جا! کیونکہ تو اہل کتاب کو ہلاک نہیں کرے گا' سوائے اس کے کہ وہ نماز میں فاصلہ نہیں کرتے تھے' تو نبی کریم ﷺ نے اپنی نگاہ ان کی طرف اُٹھائی' آپ نے فرمایا: اے ابن خطاب! اللہ تمہیں جزاء دے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي رِمْثَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمِنْهَالُ

یہ حدیث حضرت ابورمثہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں منہال اکیلے ہیں۔

2089 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ زُبَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي جَامِعُ بْنُ أَبِي رَاشِدٍ، وَدُمُوعُهُ تَتَحَدَّرُ، عَنْ أُمِّ مُبَشِّرٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا ظَهَرَ السُّوءُ فِي الْأَرْضِ أَنْزَلَ اللَّهُ بَأْسَهُ بِأَهْلِ الْأَرْضِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَإِنْ كَانَ فِيهِمْ صَالِحُونَ؟ قَالَ: نَعَمْ وَإِنْ كَانَ فِيهِم صَالِحُونَ، يُصِيبُهُمْ مَا أَصَابَ النَّاسَ، ثُمَّ يَرْجِعُونَ لِرَحْمَةِ اللَّهِ

حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا زوجہ نبی کریم ﷺ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جب زمین میں بُرائی پھیلتی ہے تو اللہ عزوجل کا عذاب نازل ہوتا ہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگرچہ ان میں نیک لوگ بھی ہوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! اگرچہ نیک ہوں اُن کو بھی وہی عذاب ملے گا جو ان لوگوں کو ملا ہے' پھر وہ اللہ کی رحمت کی طرف لوٹیں گے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ جَامِعٍ إِلَّا زُبَيْدٌ، وَلَا عَنْ زُبَيْدٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ

اسے جامع سے صرف زبید اور زبید سے صرف محمد بن طلحہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ہاشم بن قاسم اکیلے ہیں۔

2090 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ بریرہ

2089- أخرجه الامام احمد في مسنده جلد6صفحه304-294' والحاكم في مستدركه جلد4صفحه523' وأبو نعيم في الحلية جلد10صفحه218 . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه217 .

مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ، وهِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، كِلاهُمَا، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَتْ بَرِيرَةُ تَحْتَ مَمْلُوكٍ، فَعُتِقَتْ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْرَهَا بِيَدِهَا

لونڈی تھی' اس کو آزاد کیا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے اسے اس کے معاملہ میں اختیار دیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ

اسے ہشام سے صرف محمد بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

2091 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو طَلْحَةَ مُوسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ رَجُلًا لَبِسَ حُلَّةً مِثْلَ حُلَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَتَى اَهْلَ بَيْتٍ مِنَ الْمَدِينَةِ فَقَالَ: النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنِي اَيَّ اَهْلِ بَيْتٍ شِئْتُ اسْتَطْلَعْتُ، فَقَالُوا: عَهْدُنَا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ لَا يَأْمُرُ بِالْفَوَاحِشِ قَالَ: فَاَعَدُّوا لَهُ بَيْتًا، وَاَرْسَلُوا رَسُولًا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ، فَاَخْبَرَهُ، فَقَالَ لِاَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ: انْطَلِقَا اِلَيْهِ، فَاِنْ وَجَدْتُمَاهُ حَيًّا فَاقْتُلَاهُ، ثُمَّ حَرِّقَاهُ بِالنَّارِ، وَاِنْ وَجَدْتُمَاهُ قَدْ كُفِيتُمَاهُ فَحَرِّقَاهُ، وَلَا اَرَاكُمَا اِلَّا وَقَدْ كُفِيتُمَاهُ، فَاَتَيَاهُ فَوَجَدَاهُ قَدْ خَرَجَ مِنَ اللَّيْلِ يَبُولُ، فَلَدَغَتْهُ حَيَّةٌ اَفْعَى، فَمَاتَ، فَحَرَّقَاهُ بِالنَّارِ، ثُمَّ رَجَعَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَاهُ الْخَبَرَ، فَقَالَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کی طرح حلّہ پہنے ہوئے تھا' وہ پھر وہ مدینہ میں اپنے گھر والوں کے پاس آیا تو کہا کہ نبی کریم ﷺ نے مجھے حکم دیا ہے کہ اے اہل بیت! میں چاہتا ہوں کہ میں تم کو اس پر مطلع کروں' انہوں نے عرض کی: ہم سے رسول اللہ ﷺ نے وعدہ لیا ہے' وہ بے حیائی کا حکم نہیں دیتے ہیں۔ اس نے کہا: انہوں نے اس کے لیے ایک گھر تیار کیا اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی طرف ایک نمائندہ بھیجا اور آپ کو بتایا' تو آپ نے حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو فرمایا: دونوں جاؤ! اگر تم اس کو زندہ پاؤ تو دونوں اس کو قتل کر دو' پھر اس کو آگ میں جلاؤ اور اگر تم دونوں اس کو پاؤ کہ وہ جل رہے ہیں تو اس کو مزید جلاؤ۔ پس دونوں بزرگ آئے' تو انہوں نے اس حالت میں پایا کہ وہ آدمی رات کو پیشاب کرنے کے لیے نکلا ہے تو اس کو سانپ نے ڈسا اور وہ مر گیا' سو انہوں نے اس کو آگ میں جلا دیا' پھر دونوں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ

2091- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه148 .

النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

میں واپس آئے اور آپ کو خبر دی۔ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا' اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا وُهَيْبٌ، وَلَا عَنْ وُهَيْبٍ إِلَّا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو طَلْحَةَ

یہ حدیث عطاء سے صرف وہیب اور وہیب سے صرف احمد بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوطلحہ اکیلے ہیں۔

2092 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْغِفَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا عُرِجَ بِي إِلَى السَّمَاءِ، مَا مَرَرْتُ بِسَمَاءٍ إِلَّا وَجَدْتُ فِيهَا اسْمِي: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ مِنْ خَلْفِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب مجھے معراج کروائی گئی تو میں جس آسمان کے پاس سے بھی گزرا مگر اس میں' میں نے اپنا نام محمد رسول اللہ ﷺ پایا اور میرے پیچھے ابوبکر صدیق کا نام تھا۔

2093 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو الرَّبِيعِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَارِثِيُّ قَالَ: نَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَاءُ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: پانی کو کوئی شے ناپاک نہیں کرتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمِقْدَامِ إِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث مقدام سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں۔

2094 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، قَالَ نَا جَابِرُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم

2092- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه44 .

2093- أخرجه البزار جلد1صفحه132 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه217 .

2094- اخرجه مسلم في المساجد جلد1صفحه414' وأبو داؤد في الصلاة جلد2صفحه85 رقم الحديث: 1512' والترمذي في الصلاة جلد2صفحه95 رقم الحديث: 298' والنسائي في السهو جلد3صفحه58

كُرْدِيّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ مِنَ الصَّلَاةِ قَالَ: اللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ، وَمِنْكَ السَّلَامُ، تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز سے سلام پھیرتے تھے تو آپ یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ، وَمِنْكَ السَّلَامُ، تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ اِلَّا قَيْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث مقدام بن شریح سے صرف قیس سے روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن اسحاق اکیلے ہیں۔

2095 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عَدِيٍّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَخْلَى فِي حُشَّانٍ، فَجَاءَ رَجُلٌ ضَعِيفُ الصَّوْتِ، فَسَلَّمَ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، فَفَتَحْتُ، فَاِذَا اَبُو بَكْرٍ، فَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَجَلَسَ، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ، فَسَلَّمَ، فَقَالَ. ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، فَفَتَحْتُ، فَاِذَا عُمَرُ، فَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ، فَسَلَّمَ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ بَعْدَ بَلَاءٍ يُصِيبُهُ، فَفَتَحْتُ الْبَابَ، فَاِذَا عُثْمَانُ، فَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ جَلَسَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے باغوں میں پاخانہ فرمایا کہ ایک آدمی آیا جس کی آواز کمزور تھی' اس نے سلام کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو اجازت دو اور جنت کی خوشخبری دو پس میں نے دروازہ کھول دیا تو وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے' میں نے آپ کو جنت کی خوشخبری دی' آپ نے اللہ کی حمد کی اور بیٹھ گئے۔ پھر دوسرا آدمی آیا' اُس نے بھی سلام کیا' آپ نے فرمایا: اس کو اجازت دو اور جنت کی خوشخبری دو' میں نے دروازہ کھولا تو وہ حضرت عمر تھے' تو میں نے آپ کو جنت کی خوشخبری دی۔ پھر دوسرا آیا' اس نے بھی سلام کیا' آپ نے فرمایا: اس کو جنت کی خوشخبری دو' آزمائش کے ملنے کے بعد جو اسے پہنچے گی۔ پس میں نے دروازہ کھولا تو وہ حضرت عثمان تھے' میں نے ان کو

(باب الذكر بعد الاستغفار)' وابن ماجه في الاقامة جلد 1 صفحه 298 رقم الحديث: 924' والدارمي في الصلاة جلد 2 صفحه 358 رقم الحديث: 1347' واحمد في المسند جلد 6 صفحه 70 رقم الحديث: 24392 .

2095- اخرجه البخاري جلد 13 صفحه 52 رقم الحديث: 7097' ومسلم فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1869 .

جنت کی خوشخبری دی تو انہوں نے اللہ کی تعریف کی پھر بیٹھ گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عِمْرَانَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ

یہ حدیث اسماعیل بن عمران سے صرف سعید بن ابی عروبہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2096 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اجْتَمَعَتْ قُرَيْشٌ فِي دَارِ النَّدْوَةِ، فَذَكَرُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: سَاحِرٌ، قَالُوا: لَيْسَ بِسَاحِرٍ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: كَاهِنٌ، قَالُوا: لَيْسَ بِكَاهِنٍ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: مَجْنُونٌ، قَالُوا: لَيْسَ بِمَجْنُونٍ، قَالُوا: يُفَرِّقُ بَيْنَ الْحَبِيبِ وَحَبِيبِهِ، فَصَدَرَ الْمُشْرِكُونَ عَلَى ذَلِكَ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَزَمَّلَ فِي ثِيَابِهِ، وَدَثَّرَ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ، يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قریش دارالندوہ میں جمع ہوئے' نبی کریم ﷺ کے متعلق گفتگو کرنے لگے' بعض اُن میں سے کہنے لگے: جادوگر ہے' بعض کہنے لگے: جادوگر نہیں ہے' بعض کہنے لگے: کاہن ہے۔ بعض کہنے لگے: وہ کاہن نہیں ہے۔ بعض کہنے لگے: مجنون ہے' بعض کہنے لگے: مجنون نہیں ہے' کہنے لگے: وہ دوست اور دوست کے درمیان تفریق کرتا ہے' مشرکین بھی یہ بات کرتے تھے کہ یہ بات نبی کریم ﷺ تک پہنچی' آپ نے اپنی چادر اوڑھی ہوئی تھی' تو اللہ عزوجل نے یہ سورتیں نازل فرمائیں: ''يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ' يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَقِيلٍ إِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَلَّى

یہ حدیث ابن عقیل سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں معلّٰی اکیلے ہیں۔

2097 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ أَبُو يُوسُفَ الْقُلُوسِيُّ قَالَ: نَا بَكْرُ بْنُ الْأَسْوَدِ قَالَ: نَا خَبَّابٌ، مَوْلَى بَنِي لَيْثٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! میرا تم پر حق ہے' اور ائمہ قریش کا بھی تم پر حق ہے' جب تک وہ تین کام کریں: جب اُن سے رحم مانگا جائے تو وہ رحم کریں' جب فیصلہ کریں تو عدل کریں' جب وعدہ کریں تو وعدہ پورا کریں'

2096- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحہ133 .

2097- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحہ218-219 .

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ لِي عَلَيْكُمْ حَقًّا، وَلِلْأَئِمَّةِ مِنْ قُرَيْشٍ عَلَيْكُمْ حَقًّا، مَا أَقَامُوا ثَلَاثًا: إِذَا اسْتُرْحِمُوا رَحِمُوا، وَإِذَا حَكَمُوا عَدَلُوا، وَإِذَا عَاهَدُوا وَفَوْا، فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذَلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ

جواُن میں سے یہ کام نہ کرے تو اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو اس سے اس کا فرض ونفل قبول نہیں کیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ إِلَّا خَبَّابٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَكْرُ بْنُ الْأَسْوَدِ

یہ حدیث لیث سے صرف خباب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بکر بن الاسود اکیلے ہیں۔

2098 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي هَوْذَةَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَخِيهِ عِيسَى، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، فَرُبَّمَا أَخَّرَ ذَلِكَ حَتَّى يَجْتَمِعَ عَلَيْهِ صَوْمُ السَّنَةِ، وَرُبَّمَا أَخَّرَهُ حَتَّى يَصُومَ شَعْبَانَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہر ماہ تین روزے رکھتے تھے' بسا اوقات آپ مؤخر کرتے یہاں تک کہ ایک سال کے جمع کر لیتے' اور بسا اوقات اسے مؤخر کرتے حتیٰ کہ آپ شعبان کے روزے رکھتے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرٌو

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں عمرو اکیلے ہیں۔

2099 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا حُبَيْشُ بْنُ الْوَرْدِ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کیا' اور ان کی آزادی کو ان کا مہر قرار دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ

یہ حدیث ایوب سے صرف حماد بن زید ہی روایت

2098- انظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه195 .

2099- أخرجه ابن ماجه في النكاح جلد1 صفحه629 رقم الحديث: 1958 .

زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ

کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یونس بن محمد اکیلے ہیں۔

2100 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ كَثِيرٍ الْهَمْدَانِيُّ الْكُوفِيُّ، اَنَّ الْحَكَمَ بْنَ عُتَيْبَةَ، حَدَّثَهُ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِي لَيْلَى حَدَّثَهُ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُكَيْمٍ الْجُهَنِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَيْهِمْ بِاَرْضِ جُهَيْنَةَ: اَلَّا تَنْتَفِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بِاِهَابٍ وَّلَا عَصَبٍ

حضرت عبداللہ بن عکیم الجہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اُن کی طرف خط لکھا سرزمین جہینہ میں (اس خط میں لکھا تھا) کہ تم ہرگز مردار کے پٹھوں اور کھال سے نفع نہ اُٹھاؤ۔

استاذی المکرم شیخ الحدیث وتفسیر مفتی محمد عبدالغفار سیالوی زید مجدہٗ جنہوں نے اس کتاب کے مکمل مسودے کو ایک بار پڑھا اور جہاں احقر سے کوئی کمی کوتاہی رہ گئی تھی اُس کو پورا کیا۔

احقر نے اپنی اس کتاب میں اپنی سمجھ کے مطابق اور اپنے پڑھنے والوں کی آسانی کے لیے اس کی فہرست کو فقہی طور پر بھی ترتیب دیا ہے۔ اس کتاب میں قارئین کو دو طرح کی فہرست پڑھنے کو ملے گی:

(1) حروفِ تہجی کے لحاظ سے

(2) جدید عصری مسائل کے مطابق فقہی ترتیب کے لحاظ سے

اگر قارئین اس میں کوئی اچھائی دیکھیں تو میرے رب اور اس کے حبیب ﷺ کے صدقے سے ہے اور اگر کوئی کمی دیکھیں تو وہ احقر کی کم علمی کی وجہ سے ہے۔

خوشخبری: قارئین کے لیے یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فضل وکرم سے اس کی باقی جلدوں پر کام جاری ہے جو کہ بہت جلد آپ کے ہاتھوں میں ہوں گی اور اُن کی فہرست بھی اسی طرح فقہی ترتیب سے ہوگی۔

☆☆☆☆☆

2100- اخرجه ابو داؤد في اللباس جلد4صفحه66 رقم الحديث: 4128 .

صحیح ابن خزیمہ

اوّل تا سوم

المُسمّٰی

المختصر المختصر من المسند الصحیح عن النبی ﷺ

تالیف

إمام الأئمة أبي بكر محمد بن إسحاق بن خزيمة السلمي النيسابوري
ولد سنة ۲۲۳ھ وتوفي سنة ۳۱۱ھ
رحمہ اللہ تعالیٰ

مترجم:

ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795